ABID KENT METRIA MEDICA GUIDE

POCKET

PDFBOOKSFREE.PK

# عابد کینٹ
# میٹریا میڈیکا

مرتب:
• ڈاکٹر عابد
• ڈاکٹر مسعود حفیظ

عثمان پبلی کیشنز

پاکٹ

# عابد کینٹ میٹیریا میڈیکا گائیڈ


مصنف

ڈاکٹر مسعود حفیظ رفاعی ایم۔اے

نظرثانی

حکیم و ڈاکٹر عابد

ڈاکٹر احمد مسعود ایم۔اے



ناشر

عثمان پبلی کیشنز

غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور

042-7640094.

سیل پوائنٹ

جلال دین ہسپتال بلڈنگ اردو بازار لاہور

فون نمبر

موبائل: 0333-4275783


www.pdfbooksfree.pk

# اِنتساب

امراض کی یلغار سے دُکھی انسانیت کے

محسنِ عظیم

سیموئیل ہنیمن

کے نام

www.pdfbooksfree.pk

# فہرست مضامین



| مضمون | صفحہ | مضمون | صفحہ |
|---|---|---|---|
| حرف اول | ۹ | ایپومنا | ۴۲ |
| کچھ اس میٹریا میڈیکا کے بارے میں | ۱۲ | اناکارڈیم ۴۵ اوپیم | ۴۷ |
| آرسینکم البم | ۱۵ | ۱۰ ایپس میلیفیکا | ۵۰ |
| آرسینکم آئیوڈائیڈ | ۱۸ | ایپو سائنم | ۵۳ |
| آرجنٹم نائیٹریکم | ۲۰ | ایسافوٹیڈا | ۵۵ |
| آرم میٹیلکم | ۲۲ | ایسڈ پکیرک | ۵۷ |
| آرم میور | ۲۴ | ایسڈ سلف | ۵۹ |
| آرنیکا مانٹ | ۲۶ | ایسڈ فاس | ۵۹ |
| آسٹرس ورس | ۲۸ | ایسڈ نائٹرک | ۶۴ |
| آئیوڈیم | ۲۹ | ایسڈ ہائیڈروسیانک | ۶۸ |
| ابراٹینم | ۳۱ | ایسکولیس ہپ | ۷۰ |
| اپیکاک | ۳۳ | ایکونائٹ | ۷۲ |
| اگاریسی موسا | ۳۵ | اگنس کاسٹس | ۷۶ |
| اگنیشیا | ۳۷ | ایلو | ۷۸ |
| اگیریکس | ۴۰ | ایلیم سیپا | ۸۲ |



www.urdubooksfree.pk

| مضمون | صفحہ |
|---|---|
| ایمبراگریشیا | ۸۳ |
| ایمونیم کارب | ۸۶ |
| اینٹی مونیم ٹارٹ | ۸۹ |
| اینٹی مونیم کروڈ | ۹۲ |
| بپٹیشیا | ۹۵ |
| برائی اونیا | ۹۸ |
| بربرس ولگرس | ۱۰۳ |
| بریٹا کارب | ۱۰۵ |
| بلاٹا اوری | ۱۰۷ |
| بوریکس | ۱۰۸ |
| بیلاڈونا | ۱۰۹ |
| پاڈوفائیلم | ۱۱۳ |
| پٹرولیم | ۱۱۶ |
| پلاٹینا | ۱۱۸ |
| پلساٹیلا | ۱۲۰ |
| پلمبم میٹیلیکم | ۱۲۴ |
| تھوجا | ۱۲۶ |
| ٹوبرکیولینم | ۱۳۰ |
| ٹوبیکم | ۱۳۲ |
| ٹیرنٹولا | ۱۳۴ |
| ٹیری ڈیتھیا | ۱۳۷ |
| جسٹیشیا | ۱۴۰ |
| جلسی میم | ۱۴۱ |
| چائنا | ۱۴۴ |
| چینی نم سلف | ۱۴۷ |
| چیلی ڈونیم | ۱۴۹ |
| چیو نفتھس | ۱۵۱ |
| ڈائسکوریا | ۱۵۳ |
| ڈروسرا | ۱۵۶ |
| ڈلکامارا | ۱۶۰ |
| ڈیجی ٹیلس | ۱۶۳ |
| رس ٹاکس | ۱۶۶ |
| روٹا | ۱۶۹ |
| روڈوڈینڈرن | ۱۷۰ |
| ریٹینھیا | ۱۷۲ |
| رینن کولس بلب | ۱۷۴ |
| ریومیکس | ۱۷۵ |
| ریوم | ۱۷۷ |
| زنجبیر | ۱۷۹ |
| زنکم میٹیلیکم | ۱۸۰ |
| سبابل سیرولاٹا | ۱۸۳ |


www.pdfbooksfree.pk

| مضمون | صفحہ | مضمون | صفحہ |
| --- | --- | --- | --- |
| سارسا پریلا | ۱۸۴ | سیپیا | ۲۱۸ |
| سائٹرس بجینیم | ۱۸۶ | سیکیل کار | ۲۲۰ |
| سائیکیوٹا | ۱۸۷ | سیلینیم | ۲۲۲ |
| سائنا | ۱۸۹ | سینی کولا | ۲۲۳ |
| سباڈیلا | ۱۹۱ | فاسفورس | ۲۲۵ |
| سیانا | ۱۹۳ | فائٹولاکا | ۲۲۷ |
| سپانجیا | ۱۹۴ | تھائی سوسٹگما | ۲۲۹ |
| سپائی جیلیا | ۱۹۶ | فلورک ایسڈ | ۲۳۰ |
| سانی سنگریا | ۱۹۸ | فیرم میٹیلیکم | ۲۳۲ |
| سٹانم | ۲۰۰ | کاربالک ایسڈ | ۲۳۴ |
| سٹرامونیم | ۲۰۲ | کاربو انیمالس | ۲۳۵ |
| سفلینم | ۲۰۴ | کاربو ویج | ۲۳۷ |
| سلفر | ۲۰۶ | کاسٹیکم | ۲۳۹ |
| سلیشیا | ۲۰۸ | کالی بائیکروڈا | ۲۴۱ |
| سمبوکس نائیگرا | ۲۱۰ | کالیکم | ۲۴۲ |
| سمفائٹم | ۲۱۲ | کالمیا | ۲۴۳ |
| سمی سی فیوگا | ۲۱۳ | کالن سونیا | ۲۴۵ |
| سنگونیریا | ۲۱۳ | کالوسنتھ | ۲۴۶ |
| سورینم | ۲۱۵ | کالو فائلم | ۲۴۷ |
| سیانوتھس | ۲۱۷ | کالی بائیکرامم | ۲۴۸ |


www.pdfbooksfree.pk

| مضمون | صفحہ |
|---|---|
| کالی برومیٹم | ۲۵۰ |
| کالی کارب | ۲۵۲ |
| کروٹن ٹگ | ۲۵۴ |
| کروکس سٹائیوا | ۲۵۵ |
| کریازوٹ | ۲۵۶ |
| کریٹے گس | ۲۵۸ |
| کلکیریا آرس | ۲۶۰ |
| کلکیریا فاس | ۲۶۱ |
| کلکیریا کارب | ۲۶۲ |
| کوکا | ۲۶۴ |
| کوکولس | ۲۶۶ |
| کونیم | ۲۶۸ |
| کیپسیکم | ۲۷۰ |
| کیکٹس | ۲۷۲ |
| کیلنڈولا | ۲۷۵ |
| کیلیڈیم | ۲۷۸ |
| کیمفر | ۲۸۰ |
| کیموملا | ۲۸۳ |
| کینابس انڈیکا | ۲۸۵ |
| کینابس سٹائیوا | ۲۸۷ |
| کینتھرس | ۲۸۹ |
| کیوپرم میٹیلکم | ۲۹۲ |
| گریفائٹس | ۲۹۵ |
| گلونائن | ۲۹۷ |
| گوسی پیم | ۲۹۹ |
| لائی سین | ۳۰۱ |
| لائیکوپوڈیم | ۳۰۳ |
| لیلیم ٹگ | ۳۰۵ |
| لوبیلیا | ۳۰۸ |
| لیڈم پال | ۳۱۰ |
| لیکے سس | ۳۱۲ |
| ماسکس | ۳۱۴ |
| مرکیوریس | ۳۱۶ |
| مرکیوریس بن آئیوڈائیڈ | ۳۱۸ |
| مرکیوریس پروٹو آئیوڈائیڈ | ۳۱۹ |
| مرکیوریس سال | ۳۲۰ |
| مرکیوریس سائی | ۳۲۲ |
| مرکیوریس کار | ۳۲۳ |
| ملی فولیم | ۳۲۵ |
| میڈورینم | ۳۲۶ |


www.pdfbooksfree.pk

| مضمون | صفحہ | مضمون | |
|---|---|---|---|
| مزریریم | ۳۲۸ | ویریٹرم ورائیڈ | ۳۴۸ |
| ملی لوٹس | ۳۲۹ | ویریولینم | ۳۵۰ |
| میورکس | ۳۳۰ | ہائپریکم | ۳۵۱ |
| ناجا | ۳۳۲ | ہائیڈرسٹس | ۳۵۲ |
| نکس موسکاٹا | ۳۳۳ | ہائیڈروکوٹائیل | ۳۵۴ |
| نکس وامیکا | ۳۳۵ | ہائیوسیامس | ۳۵۵ |
| نیٹرم سلف | ۳۳۸ | ہیپرسلف | ۳۵۷ |
| نیٹرم میورد | ۳۴۰ | ہیکلالاوا | ۳۶۰ |
| نیکالیم | ۳۴۲ | ہیمامیلس | ۳۶۱ |
| ورلسکم | ۳۴۴ | یوپے ٹوریم پرف | ۳۶۲ |
| ویریٹرم البم | ۳۴۶ | یوفریشیا | ۳۶۶ |


www.pdfbooksfree.pk

# حرفِ اوّل

ہومیو پیتھی، جیسا کہ ہر ہومیو پیتھ کو بخوبی علم ہے، علاج بالمثل ہے یعنی جس دوا کی بیشتر علامات (خواص کر مخصوص علامات) مریض کی اپنی علامات سے مطابقت رکھتی ہوں، وہی دوا اس مریض کے لیے شفا بخش ہوگی۔ اس حقیقت کے پیش نظر یہ تسلیم کرنا پڑے گا کہ صرف اور صرف ہومیو پیتھک میٹریا میڈیکا (خواص الادویہ) کا پورا علم مکمل ہومیو پیتھک معالج بنانے کا ضامن ہو سکتا ہے۔

جب سے ہومیو پیتھک طریق علاج کی عظیم دریافت منظر عام پر آئی ہے اس وقت سے اب تک ہومیو پیتھک خواص الادویہ پر بے شمار ان گنت میٹریا میڈیکا معرض وجود میں آ چکے ہیں۔ نہ صرف انگریزی زبان میں بلکہ اردو میں بھی ایسی متعدد کتب موجود ہیں۔ بلاشبہ ہر مصنف نے بڑی ہی جانفشانی اور پوری پوری قابلیت سے اپنی اپنی تصانیف ترتیب دی ہیں اور ان جملہ علمی خدمات کا اعتراف اور ان کی قدر کرنا ہمارا فرض ہے۔

تو پھر سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ زیرِ نظر میٹریا میڈیکا پیش کرنے کی ضرورت کیوں پیش آئی۔ وجہ جواز کے طور پر چند ایک معروضات پیش خدمت کرنے کی اجازت چاہتا ہوں۔

www.pdfbooksfree.pk

عام طور پر جو ہومیوپیتھک میٹریا میڈیکا دستیاب ہیں۔ ان میں ایک خصوصیت مشترک طور پر نظر آئے گی۔ وہ یہ کہ ہر دوا (خاص کر اہم ادویہ) کی علامات کا پھیلاؤ کچھ زیادہ ہی وسیع ہوتا ہے۔ ہر مصنف کی بالعموم یہی کوشش ہوتی ہے کہ وہ ادویہ کی زیادہ سے زیادہ علامات بلکہ تادم تحریر دریافت شدہ تمام تر علامات کو متعلقہ دوا کے ضمن میں بیان کر دے اس میں کوئی شک نہیں کہ یہ کوشش اپنی جگہ نہایت اہم اور مستحسن ہوتی ہے کہ دوا کے خواص کا پورا علم حاصل کرنے میں اس سے مدد حاصل ہوتی ہے لیکن اس صورتحال سے جو قباحتیں پیدا ہوتی ہیں ان سے بھی انکار ممکن نہیں۔

ایک تو یہ کہ علامات کی وسیع بھرمار سے ایک عام ہومیوپیتھ کو کئی ایک مختلف ادویہ میں یکسانیت محسوس ہونے لگتی ہے اور اس کے لئے مریض کی بالمثل دوا جاننا بسا اوقات دشوار ہو جاتا ہے۔ دوسری دقت یہ پیش آتی ہے کہ علامات کی بہتات کے باعث ایک عام ہومیوپیتھ کے لئے ادویہ کے خواص کو ذہن نشین کرنا کافی محال ہو جاتا ہے۔

زیر نظر میٹریا میڈیکا میں پوری کوشش کی گئی ہے کہ ادویہ کی عام علامات جو بیک وقت کئی ایک ادویہ میں مشترک ہوتی ہیں، سرے سے نظرانداز نہ ہوں بلکہ مناسب طریق پر اختصار سے پیش کر دی جائیں اور ساتھ ہی ساتھ ہر دوا کی مخصوص علامات کچھ ایسے انداز سے تحریر کر دی جائیں کہ وہ بآسانی قاری کے ذہن نشین ہو سکیں اور ان ہی علامات فارقہ کی روشنی میں وہ مختلف ادویہ کے فرق کو بخوبی یاد رکھ سکے۔

میٹریا میڈیکا کی بڑی بڑی ضخیم اور مفصل کتب کا بھی اپنا ایک اہم مقام ہے۔ ہم ان کی ضرورت سے بے نیاز نہیں ہو سکتے بلاشبہ ریفرنس بکس

www.pdfbooksfree.pk

یعنی حوالہ دیکھنے کی کتب کے طور پر ان کی اپنی ایک مستقل اہمیت ہے۔ لیکن ذہن نشین کرنے کے لئے خواص الادویہ کی ایک ایسی کتاب کی ہی ضرورت ہوتی ہے جس میں اگرچہ اختصار سے کام لیا گیا ہو لیکن ساتھ ہی ساتھ اہم اور ضروری نکات کو نظر انداز بھی نہ کیا گیا ہو۔

زیر نظر تصنیف میں راقم الحروف نے اسی ضرورت کو پورا کرنے کی مقدور بھر کوشش کی ہے۔ ہمیں یقین ہے کہ یہ پیشکش اہل فن حضرات کے لئے بیحد ممد و معاون ثابت ہوگی۔ بایں ہمہ اگر کسی وقت کسی دوست کو اس سلسلہ میں کوئی خامی یا کوتاہی محسوس ہو تو ہمیں اس سے ضرور آگاہ کریں۔ تاکہ آئندہ اشاعتوں میں اس کا تدارک کیا جا سکے۔

منظور حفیظ رفاعی

www.pdfbooksfree.pk

## کچھ اس

# میٹریا میڈیکا

## کے بارے میں

اس میٹریا میڈیکا کا اولین مقصد چونکہ یہی ہے کہ آسانی کے ساتھ ایک عام ہومیوپیتھ کے ذہن نشین ہوسکے اس لئے روایتی انداز سے ہٹ کر اس کی ترتیب و تدوین کچھ ایسے انداز میں کی گئی ہے کہ دوا کے استعمال کا ہر پہلو حافظہ میں محفوظ ہوتا چلا جائے۔

کسی دوا کی اگر کوئی بہت ہی مخصوص علامت ہے تو اس کا ذکر بالکل ابتداء میں کر دیا گیا ہے۔ (۲)

ہومیوپیتھی میں اگرچہ امراض کے نام کوئی اہمیت نہیں رکھتے۔ ہومیوپیتھی میں تو براہ راست مریض کی مجموعی علامات کا علاج کیا جاتا ہے لیکن عام رجحان یہی پایا جاتا ہے کہ مرض کے نام کے لحاظ سے متعلقہ ادویہ فوری طور پر ذہن میں آسکیں۔ اس طریق کار کے مستحسن یا غیر مستحسن ہونے سے قطع نظر یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ مرض بھی آخر چند ایک علامات کا ہی مجموعہ ہوتا ہے اور مرض کا نام آتے ہی اس سے متعلقہ علامات بھی مجموعی طور پر ذہن میں آجاتی ہیں۔ لہٰذا یہ مناسب سمجھا گیا ہے کہ دوا کی عام علامات کی تفصیل بیان کرنے سے پہلے شروع میں ان چیدہ چیدہ امراض

کا ذکر کر دیا جائے جن میں وہ دوا عام طور پر استعمال ہوتی ہے۔

(۷) دواؤں کی علامات کے بیان میں یہ بات ملحوظ رکھی گئی ہے کہ نمونہ علامات کے دوران اگر اس دوا کی کوئی مخصوص علامت بھی آگئی ہے تو اس کو خاص طور پر خط کشیدہ کر دیا گیا ہے۔ لہٰذا اگر کسی علامت کے نیچے آپ لکیر کھینچی ہوئی پائیں تو اسے دوا کی مخصوص علامت سمجھیں یا علامات کی تفصیل کے دوران اگر کوئی ایسی خاص علامت آگئی ہے جو اس دوا کے علاوہ مشترک طور پر کسی مزید ایک دوا یا ایک سے زائد ادویہ میں پائی جاتی ہو تو اس علامت کے فوراً بعد بریکٹوں یعنی واوین میں ان مزید ادویہ کا ذکر کر دیا گیا ہے۔ مثال کے طور پر پاڈوفائلم میں سر کی علامات کے دوران ایک علامت آتی ہے "بچہ دانت نکلنے کے زمانہ میں اپنا سر ادھر ادھر جھٹکتا اور سر تکیہ میں دھنساتا ہے" یہ علامت چونکہ صرف پاڈوفائلم میں ہی نہیں بلکہ ایپس اور بیلاڈونا میں بھی پائی جاتی ہے اس لئے علامت کے ساتھ ہی بریکٹوں میں ان مزید دو ادویہ کا بھی ذکر کر دیا گیا ہے۔ اس کا مقصد یہ ہے کہ صرف اس ایک علامت کی بنا پر ہی پاڈوفائلم مریض کو نہیں دی جا سکتی بلکہ دیکھنا یہ ہوگا کہ پاڈوفائلم، ایپس اور بیلاڈونا تینوں میں کس دوا کی دیگر بیشتر علامات مریض کی علامات سے مطابقت رکھتی ہیں۔ تینوں میں سے جس دوا کی زیادہ تر علامات مریض کے بالمثل ہوں گی وہی دوا مریض کے لئے پوری طرح سودمند ہوگی۔

دوا کے انتخاب میں تمام جسمانی علامات کے علاوہ ایک تو مریض کی ذہنی کیفیات اور دوسرے علامات کو گھٹانے اور بڑھانے

www.pdfbooksfree.pk

والے عوامل بھی بہت زیادہ اہمیت رکھتے ہیں اس لئے ہر دوا کے متن میں ان امور کو بھی شامل کیا گیا ہے۔

علاوہ بریں ایک ہومیو پیتھ کے لئے یہ جاننا بھی ضروری ہوتا ہے کہ کسی دوا کا دیگر ادویہ کے ساتھ کیا تعلق ہے یعنی کسی دوا سے پہلے یا بعد میں کون سی ادویہ کا استعمال موزوں ہے اور کن ادویہ کا استعمال غیر مناسب ہے۔ نیز یہ کہ مریض پر استعمال شدہ کسی دوا کا اثر اگر کسی ضرورت کے تحت زائل کرنا مقصود ہو تو مصلح کے طور پہ کون سی ادویہ استعمال ہوں گی علاوہ بریں یہ کہ کوئی دوا عام طور پر کن کن طاقتوں میں مستعمل ہے۔ ایسے جملہ امور بھی جہاں جہاں ضروری سمجھے گئے۔ اس میٹریا میڈیکا میں شامل کر دیئے گئے ہیں۔ غرضیکہ آپ اس میٹریا میڈیکا کو دوسری ضخیم کتب کے مقابلہ میں کسی لحاظ سے تشنہ نہ پائیں گے۔ بلکہ اختصار کے باوجود اسے ایک جامع میٹریا میڈیکا پائیں گے۔

www.pdfbooksfree.pk

# آرسینکم البم

ARSENICUM ALBUM

## خصوصی علامات

۱۔ پیاس بار بار لگے لیکن پانی تھوڑا تھوڑا ہی پیا جائے۔
۲۔ بیحد کمزوری، قوتِ حیات یعنی طاقت کے جلد جلد سلب ہونے کیساتھ
۳۔ دماغی بے چینی، لیکن جسمانی طور پر اس قدر کمزور ہو کہ ہل نہ سکے خصوصاً رات کو۔
۴۔ مریض سمجھے کہ تکلیف لاعلاج ہے، موت کا خوف۔
۵۔ جلن دار درد، ماؤفہ حصص آگ کی طرح جلیں لیکن گرماہٹ سے ہی افاقہ ہو۔
۶۔ لیٹ نہ سکے کیونکہ لیٹنے سے دم گھٹنے کا خدشہ ہو۔
۷۔ غذا کی خوشبو یا غذا کی صورت برداشت نہ کر سکے (کالچیکم، سیپیا)

## عام استعمال

یہ دوا جسم کے جملہ آلات اور ساختوں پر گہرا اثر کرنے والی ہے۔ ذرا سی محنت سے تکان ہو جائے، سمندر کے کناروں کے عوارض، چیلوں کے بعد کے نقصانات اس کے زیرِ اثر آتے ہیں۔ شراب یا تمباکو سے جو عوارض پیدا ہوئے ہوں، جسم کے زہریلے مادوں سے خون خراب ہو گیا ہو، خراب گوشت یا

پھل وغیرہ کے استعمال سے پیدا ہونیوالے عوارض، ایسے امراض جو ہر سال لوٹ لوٹ کر آتے ہوں، خون کی کمی، سبز جس، ملیریا کی کمزوری، جلدی عوارض سخت اور مہلک لاغری، یرقان، سل، جلد پہ جھریاں پڑ جانا، استسقاء اور سوجن اور ہر قسم کے جریان خون وغیرہ میں مستعمل ہے۔ اسقاط حمل کا خطرہ ہوتے ہی اس کی صرف ایک خوراک بسا اوقات اسقاط کو روکنے کی ضامن ہوتی ہے۔

## عمومی علامات

رنج، بے چینی، موت کا ڈر، تنہائی کا خوف، ایک بستر سے دوسرے بستر کو جانا چاہے لیکن کسی طرح قرار نہ ہو۔

دورہ سے آنے والا درد سر (صرف یہ ایک ایسی علامت ہے جس میں ٹھنڈک سے کمی ہوتی ہے۔ آرسینکم البم کی دیگر علامات گرماہٹ سے ہی کم ہوتی ہیں اور ٹھنڈک سے بڑھتی ہیں)

آنکھوں میں ورم، کھجلی، سرخی، پپوٹوں کا سوجنا، پپوٹوں کا چپک جانا، آنسو بہنا، جلن۔

ناک میں زہریلا زخم، کینسر، سخت جلن، زکام میں جلتا ہوا پانی ناک سے بہے، مکان میں یا گرمی سے کم ہو جاتے۔ سردی سے زیادہ ہو۔ کھانے کی خوشبو برداشت نہ ہو۔

چہرہ اترا ہوا، زرد، ڈراؤنا، سبز چہرہ، ناک نیلی، ہونٹ سوجے ہوئے، خون بہتا ہوا، سیاہ خشک ہونٹ جس کو تر کرنے کے لئے بار بار زبان پھیرتا ہے۔

دانت میں شدید درد جیسے کوئی شدید جھٹکے مارتا ہے، بستر میں یا

www.pdfbooksfree.pk

کڑواہٹ سے کم ہو، مسوڑھے سوجے ہوتے نیلے اور جلن دار، زبان نیلی سفید

جو یا سیاہ، حلق میں جلن

تمام کھانے پینے کی چیزوں کا ذائقہ کڑوا، نہایت سخت پیاس لیکن

تھوڑا تھوڑا پانی پینے سے تسکین ہو جائے، کھانے پینے کے بعد قے ہو جانا

(کھانے کے خیال سے متلی ہو تو کالچیکم اور کھانے کی بُو سے متلی ہو تو

سیپیا دوا ہوتی ہے)

دست آنا، گہری سبز آؤں، سیاہ پانی کا پتلا، بدبودار پاخانہ، انتڑیوں

میں مروڑ، پاخانہ جلن دار

کھانے پر ایسا محسوس ہو کہ سینہ میں دھواں بھر گیا ہے (رچ گیا) بلغم کم

بعض دفعہ خون کی چھینٹ بھی ہو۔ سانس چھوٹا خاص کر سیڑھیاں چڑھنے

پر اور رات کو لیٹنے میں۔ دم گھٹنے کے ڈر کی وجہ سے لیٹ نہ سکنا، خشک

اور تنگ کرنے والی کھانسی، رات کو دورہ سے آئے۔ سینہ میں کمزوری

اور جلن، دھڑکن خاص کر رات کو چت لیٹنے پر۔

بے خوابی، برابر بے قراری اور گھبراہٹ۔

بخار بہت تیز ہو، باری سے یا وقفے سے آنے والا بخار، عفونتی یا

جراثیمی بخار جس کے ساتھ شدید کمزوری، بے چینی اور جلن کا احساس ہو،

مرض جو آدھی رات کے بعد شدت اختیار کرے۔

زیادتی :- مرطوب موسم میں، آدھی رات کے بعد، ٹھنڈک سے، ٹھنڈے
پانی سے یا ٹھنڈی غذا سے، سمندر کے کنارے، داہنی جانب

کمی :- گرمی سے، سر کو اٹھائے رکھنے سے، گرم چیزوں کے
پینے سے۔

www.pdfbooksfree.pk

معاون :- کاربوویج ، فاسفورس ۔
مصلح :- چائنا ، گریفائٹس ، ہیپر سلفر ، اپیکاک ، نکس وامیکا ، ورٹیرم البم ۔
طاقت :- ۶ سے ۲۰۰ تک نیز بڑی طاقتیں بھی مستعمل ہیں ۔

---

# آرسینکم آیوڈائیڈ

ARSENICUM IODIDE

## خصوصی علامات

۱۔ تمام اخراج خراش دار اور بدبودار ۔
۲۔ سل اور دق کی سی علامات ، ازحد کمزوری ، نبض تیز اور شوریدہ بار بار نمودار ہونے والا بخار ، شب کے پسینے ۔

## عام استعمال

انفلوئنزا ، بخار ، پرانے نزلہ زکام اور نزلہ اذن میں مفید ہے ، جن میں اخراج خراشدار ہوتے ہیں ۔ علاوہ بریں ناک کی اندرونی ساختوں کا سوج جانا ، بہرا پن ، بوڑھوں کے دل کی سوزش ، قلب پر چربی چھا جانا ، نبض کا جھٹکے دار تیزی سے چلنا اور فوطوں کی سوزش نیز بالخصوص سل اور دق میں مستعمل ہے ۔

www.pdfbooksfree.pk

# عمومی علامات

سر چکرائے اور ساتھ ہی سر کانپتا ہوا محسوس ہو بالخصوص بوڑھے افراد میں، ناک سے پانی کی طرح پتلا، خراش دار، جلانے والا اخراج اندرونی اور بیرونی نتھنوں سے گرے۔ چھینکیں آتی ہوں، بے فیض یعنی بخار کا ہی، مزمن نزلہ، ناک سوجی ہوئی، بکثرت گاڑھی زرد رنگ کی رطوبت خارج ہوتی ہو، ناک میں زخم ہوں، جھلیاں دکھتی اور چھلی ہوئی ہوں، چھینکنے سے مرض میں زیادتی ہو، حنجرہ میں جلن، لوزتین سوجے ہوئے، ہونٹوں کی جھلیاں موٹی ہو گئی ہوں، سانس بدبودار آتا ہو، غدود ماؤف ہوں، خناق ہو۔

خنازیری رمد چشم، درد گوش کے ساتھ بدبودار، جلانے والی رطوبت خارج ہو، کان کا پردہ سخت ہو گیا ہو، جلن دار تیز زکام ہو۔

معدہ میں درد ہو اور کلیجہ جلتا ہو، کھانا کھانے کے ایک گھنٹہ بعد قے آجاتی ہو، تکلیف دینے والی متلی ہو، پیاس شدید ہو اور پانی پینے سے فوراً قے ہو جائے۔

خفیف، بجنے والی کھانسی کے ساتھ نتھنے خشک اور بند ہوں، نمونیا جو اچھا ہونے میں نہ آئے، برانکو نمونیا جو بخار کے بعد ہو جائے، آواز بالکل بیٹھ گئی ہو۔

بخار بار بار چڑھ جاتا ہو اور پسینے آتے ہوں، رات کو پسینے کی وجہ سے کپڑے تر بتر ہو جائیں، نبض تیز، کمزور اور بے قاعدہ چلے، سردی لگے مگر سردی کی برداشت نہ ہو۔

جلد خشک ہو، جھوسی اترتی ہو، خارش ہوتی ہے، جلد پر تڑے ٹڑے

www.pdfbooksfree.pk

کھرنڈ اترتے ہوں، جن کے نیچے کچی جگہ نمودار ہو، چھیلکی طرح کے چھلکے جسم سے اترنے کا مرض، خنازیری غدود کا بڑھ جانا، آتشکی گلٹیاں، داڑھی کا اگزیما جس سے پانی کا سا مواد نکلے، خارش ہو، دھونے سے تکلیف بڑھے، چنبل میں بھی مفید ہے۔

طاقت :- ۳x سے ۳۰ تک اور اوپر

---

# ارجنٹم نائٹریکم

ARGENTUM NITRICUM

## خصوصی علامات

۱- غیر معمولی یا مسلسل دماغی محنت سے ہونے والی حاد یا مزمن تکلیفات۔

۲- آنکھوں میں سرخی جیسے گائے کے کچے گوشت کا رنگ ہوتا ہے۔

۳- معدہ کی مختلف تکالیف کے ساتھ ریاح کے اخراج کی زیادتی۔

۴- دست کٹے ہوئے باریک گھاس کی طرح کے، کچھ دیر پڑا رہنے پر سبز ہو جائے۔

۵- جماع کے بعد شرمگاہ سے سیلان خون۔

## عام استعمال

اس دوا کا اثر دماغ اور حرام مغز پر نہایت واضح ہوتا ہے

www.pdfbooksfree.pk

حرام مغز میں مضمحل اور بے حس ہونے کا احساس ہو، سر میں گرانی، ہاتھ پاؤں میں درد، میٹھی اشیاء بکثرت کھانے کی رغبت کیا ہے نظام انہضام میں نفخ اور ریح کی کثرت ہو اور ریح بلند آواز سے خارج ہو تو اس دوا کا استعمال نافع ہوتا ہے۔

## عمومی علامات

کام کرنے کو جی نہ چاہے، خودکشی کرنے کو طبیعت چاہے، مایوسی۔

سر چکرائے، کان میں جھنجھناہٹ، سر کی طرف دوران خون اور کنپٹیوں میں تپکن، درد سر جو کہ چاکس کر باندھنے سے کم ہو، کان بند معلوم ہوں۔

پپوٹوں میں سرخ کستھرو پڑے ہوئے، کھجلی اور جلن ہو، پپوٹے سوجے ہوئے اور موٹے، آنکھ کے اندر کی سفیدی کی سوجن، آشوب چشم بکثرت کیچڑ والا۔

صبح کو منہ سے بدبو آئے، زبان کی نوک سرخ اور دانے ابھرے ہوئے، زبان کے بیچ میں سرخ لکیر۔

منہ کا ذائقہ میٹھا، کسیلا، شکر کھانے کو بہت جی چاہے (ساتانا)۔ ہر دفعہ کھانے کے بعد ڈکار آتے اور ریاح کی وجہ سے معلوم ہو کہ پیٹ پھٹ جائے گا۔ آئس کریم کھانے کے بعد سارے پیٹ میں پھیل جانے والا درد، گڑگڑاہٹ۔

پاخانہ سبز، بدبودار آؤں اور آواز کے ساتھ ریاح خارج ہوں، پھٹ پھٹ کی آواز پیدا ہو، ریاح بہت زور سے خارج ہو۔

پیشاب سرخ، سیاہی مائل، اس کے نیچے یورک ایسڈ کے ذرے بیٹھ

www.pdfbooksfree.pk

جائیں، پیشاب خود بخود ہو جائے، رات کو پیشاب نہ لگے۔

مردوں میں نامردی، عضو سکڑا ہوا، سوزاک، مستورات میں مباشرت کے وقت درد اور اندام نہانی سے خون کا اخراج۔ رحم کا باہر نکل پڑنا، رحم کی گردن میں گھاؤ، حیض بے قاعدہ خواہ بہت جلد خواہ بہت دیر کو، خواہ کثیر المقدار خواہ قلیل ہو لیکن ہمیشہ گاڑھا جلتا ہوا خون نکلے، سیلان رحم زرد اور چھیلنے والا بکثرت ہو۔

آواز سے زیادہ کام لینے والوں میں حلق کے ورم کا مرض، آواز بند کرنے سے کھانسی آئے، حلق میں دکھن، خراش، دھڑکن، متلی۔

زیادتی:۔ کسی قسم کی گرمی سے، رات کو ٹھنڈی غذا سے، میٹھی اشیاء سے، کھانے کے بعد حیض کے وقت، جذبات کی شدت سے اور بائیں جانب۔

کمی:۔ ڈکاروں سے، تازہ ہوا سے، ٹھنڈک سے، دبانے سے۔

مصلح:۔ نیٹرم میور

طاقت:۔ ۳ سے ۳۰ طاقت تک مستعمل ہے۔

---

www.pdfbooksfree.pk

# آرم میٹیلیکم

# AURUM METALLICUM

## خصوصی علامات

۱۔ ہڈیوں کا بھربھرا پن
۲۔ رات کو ہڈیوں میں درد
۳۔ کھوپڑی ، ناک اور تالو کی ہڈی کا زوال پذیر ہونا ۔

## عام استعمال

دل کی دھڑکن اور سوزش ، پارے کے اثرات بد ، جنسی امراض ، خنازیری حالتیں ، دق ، گنٹھیا اور ورم مفاصل ، ناک میں سونگھنے کی قوت کا زوال ، قوت مردمی کی کمی ، شریانوں کی سختی ، بلڈ پریشر کی زیادتی ، جگر کا چھوٹا ہو جانا ، سینہ میں درد جس میں رات کے وقت زیادتی ہو ، ان کیفیات میں عام طور پر مستعمل ہے ۔ مالیخولیا شدید جس میں مریض خودکشی پر تلا ہے ، یہ دوا بیحد مفید ہوتی ہے ۔

## عمومی علامات

بیحد مایوسی ، زندگی سے بیزاری ، ہمہ وقت خودکشی کے خیالات مگر موت کا خوف بھی ہو ۔

جسم کے مختلف حصوں کی ہڈیاں دھیرے دھیرے آتشک کی مانند گل سڑ

www.pdfbooksfree.pk

رہی ہوں یا ان میں ورم اور درد محسوس ہو۔ جگر یا خوطوں میں اجتماع خون، آنکھوں کے لئے روشنی ناقابل برداشت ہو۔ ایک کے دو نظر آئیں یا چیز کا صرف نیچے کا حصہ نظر آئے اور اوپر کا حصہ دکھائی نہ دے، کانوں یا ناک سے بدبودار مواد کا اخراج، غدود گلو درد کرتے ہوں، تالو گل سڑ گیا ہو۔ معدہ میں جلن اور گرم ڈکار، غدود جنگاسہ سوجے ہوئے اور پیپ دار، خصیوں میں پرانا ورم یا خصیوں میں پانی بھر گیا ہو۔ دل بڑھ گیا ہو۔ نبض کی رفتار تیز، کمزور اور بے قاعدہ، رات کے وقت تنفس کی تنگی۔

**زیادتی :-** ٹھنڈے موسم میں، ٹھنڈ لگ جانے سے، موسم سرما میں، غروب آفتاب سے طلوع آفتاب تک۔

**مصلح :-** بیلاڈونا، کیوپرم، مرکیوریس، نکاکولس، سپائی جیلیا، پلسا ٹیلا۔

**طاقت :-** ۳۰ اور اوپر

---

## آرم میور

## AURUM MUR

### خصوصی علامات

۱. رحم میں ٹیومر یعنی بتوڑی

۲. نظام عصبی کے بگاڑ کی وجہ سے بلڈ پریشر بڑھ جائے۔

۳. آتشکی مادہ کے زہر سے پیدا شدہ دوران خون کی رکاوٹ۔

www.pdfbooksfree.pk

## عام استعمال

اس دوا کا اثر خاص طور پر مستورات کے اعضاء پر ہوتا ہے ڈاکٹر برنیٹ کا تجربہ ہے کہ رحم کے ٹیومر کے لئے اس سے زیادہ مؤثر کوئی دوا نہیں۔

## عمومی علامات

آتشکی مادہ کے زہریلے پن سے نیچے کے جبڑے کی ہڈی میں ورم، انگشتین میں سوجن، نظام عصبی کے بگاڑ کی وجہ سے بلڈ پریشر کی زیادتی یا رگوں میں دوران خون کی رکاوٹ، مزمن وجع المفاصل اور گنٹھیا کا درد، جگر میں ورم اور سختی، ورم گردہ، رحم کی گردن میں ورم، پیڑو میں سردی اور ٹھنڈک، مزمن ورم یا خروج رحم، بچہ دانی اور اندام نہانی میں زخم، سیلان رحم اور اس کے ساتھ دفعتاً رحم میں تشنج اور تنگی، نلوں میں ورم، ببخیۃ الرحم میں رطوبت اور استسقار، ببخیۃ الرحم کا ٹیڑھا پن۔ رحم میں ٹیومر (رسولی)

**مصلح :۔** سلفر کے چھینٹے

**طاقت :۔** ۱ × سے ۳۰ طاقت تک

www.pdfbooksfree.pk

# آرنیکا مانٹ

ARNICA MONT.

## خصوصی علامات

۱۔ تمام جسم میں پھوڑے کا سا درد، چوٹ کا سا احساس، جیسے جسم کو مارا پیٹا گیا ہے۔ ہر چیز جس پر لیٹا جائے سخت اور تکلیف دہ محسوس ہو۔

۲۔ جسم کا اوپر کا حصہ گرم اور نیچے کا ٹھنڈا

۳۔ بچوں کی کلائیوں میں مردہ کی سی ٹھنڈک، سر میں پانی کے اجتماع کے ساتھ۔

## عام استعمال

چوٹ یا حادثہ کی وجہ سے جسم میں کہیں کچلاہٹ یا ٹوٹ ہو جائے جو زخم جلد کے کٹے بغیر ہو تو یہ دوا بہت کارگر ہوتی ہے۔ چوٹ کے علاوہ موچ آنا اور بل کھا جانا بھی اس کے دائرہ اثر میں ہے۔ علاوہ بریں سکتہ دماغی تپ محرقہ مسلسل بخاروں، خون کے زہریلے ہو جانے، خون میں پیپ مل جانے، دل کے عوارض جو زیادہ محنت کی وجہ سے ہوں، ذات الجنب کالی کھانسی، دوران سر، جوڑوں کی تکالیف، استسقاء سر اور خصیہ اور عرق النساء وغیرہ میں بھی مستعمل اور مفید ہے۔

www.pdfbooksfree.pk

# عمومی علامات

طبیعت گری رہنا، چڑچڑاپن، تشویش، بیہوشی یا سرسامی حالت سر جلنے اور گرم ہو نیچے کا دھڑ سرد ہو۔ ناک سے خون جاری ہونا، کپ کا سوجنا، ڈکار کے ساتھ گندا سڑے ہوئے انڈے جیسا بدبودار پانی منہ میں آجائے، گوشت اور شوربے سے نفرت، کھانے کے بعد متلی، وضع حمل کے بعد اعضاء متعلقہ کی دکھن۔

کالی کھانسی کے دورے، بخار، لرزہ اور پیاس کے ساتھ، صرف چہرہ میں جلن اور باقی جسم سرد۔ اندرونی لرزہ بیرونی گرمی (آرسنک، نکس وامیکا) بخار میں ذرا بھی کپڑا ہٹانے یا بستر میں حرکت کرنے سے جاڑا معلوم ہو (ارسٹا نکس)

زیادتی :- ذرا سا چھونے سے، حرکت سے، آرام سے، شراب اور مرطوب سردی سے۔

کمی :- لیٹ جانے سے یا سر کو نیچا رکھنے سے

معاون :- ایکونائیٹ، ورٹیرم، اپیکاک

مصلح :- ایکونائیٹ، آرسنیکم البم، کیمفر، چائنا، اگنیشیا، اپیکاک

طاقت :- ا سے ۳۰ طاقت تک مستعمل ہے۔ پرانی چوٹوں کے لئے ۲۰۰ طاقت بھی استعمال کی جاتی ہے۔

www.pdfbooksfree.pk

# آئرس ورس
IRIS VERS.

## خصوصی علامات

قے یا دستوں کی صورت میں ترشی، خراش پیدا کرنے والے اور جلن دار اخراج، کھانا کھانے کی نالی میں جلن

## عام استعمال

معدہ اور انتڑیوں کے عوارض متلی، قے، دست وغیرہ نیز ہیضہ میں کارآمد ہوتی ہے۔

## عمومی علامات

پست ہمتی اور مغموم و متفکر رہنا۔

زبان جلتی ہوئی محسوس ہو (امینیا، اسکیولس، پلاٹینا، پلسا ٹیلا، سیپیا) رال بکثرت بہے (مرکیوریس، نائٹرک ایسڈ) بھوک نہ ہو، ڈکاروں کی کثرت، متلی، قے، فم معدہ میں جلن، پتلے پاخانے جو جلن کے ساتھ آتے ہیں قے کھٹی اور گلے میں خراش پیدا کرنے والی، بچوں کا ہیضہ، پیٹ کی خرابیوں کے ساتھ پیٹ، حلق اور زبان میں جلن، غذا کی نالی میں جلن، بعض اوقات کڑوی قے۔

جگر کی خرابی سے ہر صبح کو ہونے والا درد، عرق النسا یعنی لنگڑی کا درد۔

www.pdfbooksfree.pk

مصلح :- نکس وامیکا

زیادتی :- شام کو، رات کو، آرام کرنے سے

کمی :- مسلسل حرکت سے

طاقت :- تجربہ سے ۳۰ طاقت تک اور اوپر۔

---

IODIUM

# آئیوڈیم

## خصوصی علامات

۱. جسم کا گوشت پوست گھٹتا جائے، لاغری جو مسلسل بڑھتی چلی جائے۔

۲. بھوک ہر چند گھنٹہ بعد محسوس ہو، کھانا کھانے کے بعد بہتر محسوس کرے۔

۳. گٹھیا سخت

## عام استعمال

اس کا خاص اثر غدودوں اور لطیف نسیج پر ہوتا ہے۔ شروع میں ان کے فعل میں زیادتی پیدا کرتا ہے بعد میں کمزوری، لاغری اور [illegible] ہوتی ہے۔ خنازیری مادہ کے لئے یہ دوا بہت مفید ہے۔ علاوہ بریں ذات الجنب، گٹھیا، سل اور جوڑوں کے درد میں بیحد مؤثر و کارآمد ہے۔

www.pdfbooksfree.pk

# عمومی علامات

خنازیری مزاج، انتہائی کمزوری، لاغری، آہستہ آہستہ زہریلے پن کا اثر کرنا، وجہ معلوم ہوئے بغیر بے حد کمزوری محسوس ہو، زینہ پر چڑھنے سے سانس پھولے۔

بھوک بار بار محسوس ہو لیکن مریض بہت کچھ کھانے کے باوجود لاغر ہوتا جائے۔ کھانا کھانے کے بعد مریض بہتر محسوس کرے۔

خواتین میں پستانوں کی سختی اور درد، رحم سے خون کا بکثرت اخراج، رحم میں زہریلا زخم، مرض سیلان الرحم جس میں کہ رطوبت بکثرت اور تیزاب کے مانند جاری ہو جو کپڑوں تک میں سوراخ کر دے۔

ذات الجنب (پسلی) سانس لینے میں جھنجھناہٹ۔ آرا چلنے کی سی آواز، بھونکنے والی کھانسی خاص کر بچوں کی، کھانستے ہوئے بچہ گلے کو پکڑ لے گھنگھیا، سل، جوڑوں کے درد (وجیع المفاصل)

زیادتی:۔ چپ چاپ بیٹھنے سے، گرم مکان میں، داہنی جانب، بھوک کے وقت (معدہ خالی ہونے کے دوران)

کمی:۔ ادھر ادھر چلنے پھرنے سے، کھلی ہوا میں، کھانا کھانے کے دوران یا کھانے کے بعد

معاون:۔ ٹیڈیاگا، لائیکوپوڈیم

مصلح:۔ انٹیم مونیم آرسنک، ایپس، آرسینکم البم، بیلاڈونا، کیمفر، حجاٹا سلف، کافیا، فیرم، گریفائیٹس، اگریشیولا، ہیپر سلف، آیوڈیم، فاسفورس، سپیجیلیا، تھوجا۔

www.pdfbooksfree.pk

طاقت :۔ ۳ طاقت سے ۳۰ طاقت تک اور اوپر۔

# ابراٹینم

ABROTANUM

## خصوصی علامات

ناطاقتی اور لاغری خصوصاً نچلے دھڑ کی، مرض سوکھے کی سی۔

## عام استعمال

بچوں میں سوکھے کے مرض کے لئے عام استعمال ہوتی ہے۔ ہاضمہ درست ہونے کے باوجود دبلا پن بڑھتا جائے، دستوں کے بند ہونے پر لاحق ہونے والا جوڑوں کا درد۔ ایسے امراض جو اپنی اصل جگہ سے دور کسی دوسری جگہ ظاہر ہوں، سرطان، گنٹھیا کے مریضوں میں بیماری کے دب جانے کی وجہ سے پیدا شدہ خرابی، ذات الجنب میں پردہ یا بارلطیون کی سوزش جبکہ مواد بہتا ہو اور دیگر اعضائی کیفیتوں میں چھاتی میں پیپ یا پانی بڑھ جانے کا اندیشہ، اپریشن کروانے کے بعد متاثرہ مقام پر مسلسل بوجھ کا احساس، انفلوئنزا کے بعد کی کمزوری، خونی بواسیر جو گنٹھیا کو افاقہ ہونے پر بڑھ جائے، بچوں کا مرض سوکھا نیز بچوں کو نکسیر آنا یا فوطوں میں پانی بھر جانا وغیرہ تکالیف میں مفید ثابت ہوتی ہے۔

www.pdfbooksfree.pk

# عمومی علامات

مزاج غصیلا، چڑچڑا، فکرمند، پست ہمت۔

چہرہ سرد، خشک زرد، جھریوں بھرا، آنکھوں کے گرد نیلے حلقے۔

منہ کا ذائقہ پھیکا، بھوک اچھی، لیکن کمزوری بڑھتی جاتی ہے، غذا بغیر ہضم ہوئے، معدہ سے نکل جاتی ہے، پیٹ میں درد جو رات کو زیادہ ہو، ایسا احساس کہ پیٹ میں پانی تیرتا ہے، ٹھنڈا معلوم ہو، بھوک کے باعث معدہ میں کمزوری کا احساس، بدہضمی کی کثرت بدبودار رطوبت والے دست، ناف کے نیچے سخت گولہ محسوس ہو، پیٹ پھولا ہوا، کبھی قبض، کبھی دست، بواسیر بار بار پاخانہ کی حاجت، خون ملا پاخانہ، بادی کا درد اچھا ہو جانے پہ پاخانہ کی تکلیف بڑھ جائے، کیڑے گریں، ناف سے رطوبت نکلے ایسا معلوم ہو کہ انتڑیاں بھنچی جاتی ہیں۔

سینے میں خراش، سانس میں رکاوٹ، خشک کھانسی، سینہ میں درد۔

کمر کا درد جو فوطوں تک پہنچے، بواسیر کے ساتھ ریڑھ کے نچلے حصہ کی کڑیوں میں درد ہو۔

زیادتی:۔ ٹھنڈی ہوا سے اور خارج کے اخراجات کے بند ہو جانے سے۔
کمی:۔ حرکت سے

طاقت:۔ ۳ طاقت سے ۳۰ طاقت تک

www.pdfbooksfree.pk

# اپیکاک IPECACUANHA

## مخصوصی علامات

۱۔ کسی بھی بیماری میں مسلسل اور لگاتار متلی۔
۲۔ معدہ ڈھیلا محسوس ہو جیسے نیچے لٹک رہا ہے۔
۳۔ چمکدار سرخ خون کا سیلان جسم کے کسی بھی مخرج سے۔
۴۔ کالی کھانسی میں بچہ سانس کھو بیٹھے۔

## عام استعمال

معدہ میں تشنجی اثر سے متلی اور پھیپھڑوں میں تشنجی اثر سے کھانسی یا سانس پھولنے کی تکلیف لاحق ہو، معدہ میں خون کے حرکت کرنے سے خون کی پیچش یا خون کا اسہال اور پھیپھڑوں میں خون کے حرکت کرنے سے قے ہوتی ہو یا منہ سے خون آتا ہو تو یہ دوا مستعمل و مفید ہوتی ہے۔ نیز کچے یا باسی پھل کھانے سے جو عوارض ہوتے ہیں ان کے لئے نافع ہے۔

## عمومی علامات

سر میں ایک جانب کا درد متلی اور قے کے ساتھ، سر چکرائے، چہرہ زرد ہو، سخت متلی اور قے ہو، پیٹ میں درد، خون کی قے، ناف کے گرد سخت درد، سبز گھاس جیسی آنوں ملی پیچش، مروڑ کے ساتھ خون ہو یا شیرہ کے

www.pdfbooksfree.pk

مانند سیاہ ہو مگر دورے کے ساتھ پیشاب خون کا ہو۔

خواتین میں حیض بہت قبل از وقت اور کثیر مقدار میں، سرخ خون کا لوتھڑے خارج ہوں۔

سینہ میں بلغم بھرا ہوا محسوس ہو جو کھانسنے سے خارج نہ ہو، پھیپھڑوں کی اندر والی نالی ہوا کی نالیوں میں غرغراہٹ۔ بیدم کرنے والی کھانسی۔ کھانسنے میں بلغم کی قے ہو جائے۔ منہ سے خون آ جانا۔

نزلہ یا بخار سے، جو گرم کمرے میں یا بیرونی گرمی سے زیادہ ہو، پانی پینے سے یا کھلی ہوا میں سردی کم ہو۔

تمام جسم میں تپ عموماً زیادہ دیر تک رہنے والی متلی اور قے، سانس لینے میں تکلیف، خشک کھانسی، کمرہ میں جانے سے ایک دم پسینہ آ جائے، بدبودار پسینہ اور گندا پیشاب۔

زیادتی:۔ حرکت سے، سرد خشک موسم میں، رات کو گرم کمرہ میں۔
کمی:۔ آرام کرنے سے، آنکھ بند کرنے سے۔
معاون:۔ کیوپرم، نکس وامیکا، پلساٹیلا
مصلح:۔ آرنیکا، آرسینکم البم، چائنا
طاقت:۔ عموماً ۳ طاقت سے ۳۰ طاقت تک مستعمل ہے۔

www.pdfbooksfree.pk

# اکٹیا ریسی موسا ACTAEA RACEMOSA

## خصوصی علامات

۱۔ عفونتی مزاج میں مریضہ کو احساس جیسے اس پر سیاہ بادل چھا گیا ہے، اور دماغ کو گھیر لیا ہے۔

۲۔ حمل میں متلی اور جھوٹے درد زہ۔

۳۔ وضع حمل کے پہلے درجہ میں لرزہ۔

## عام استعمال

یہ مستورات کے عوارض کی خاص ادویہ میں سے ایک دوا ہے۔ ہسٹیریا، (اختناق الرحم) عفونتی یا ہسٹیریائی مراق، حیض کی خرابیاں، سیلان الرحم اور زمانہ حمل اور وضع حمل سے متعلقہ عوارض نیز وجع المفاصل وغیرہ اس کے دائرہ اثر میں آتے ہیں۔

## عمومی علامات

دماغی سستی، خودکشی کی طبیعت، چڑچڑاپن، بات بات پر غصہ، تنہائی کی خواہش، یہ کہے کہ پاگل ہو جائے گا۔

سر چکرائے اور بھاری اور بڑا محسوس ہو، ماتھے میں میٹھا درد، سر کے بائیں حصہ میں درد، سر اور آنکھ کے ڈھیلے میں سخت درد، آنکھوں کے

www.pdfbooksfree.pk

سامنے سیاہ دھبے۔
رخسار کی ہڈی میں درد، حرارت کو موقوف ہو جائے۔ کان میں موسیقی کی آواز محسوس ہو۔ ذرا سے شور سے بھی تکلیف ہو۔
منہ اور حلق گرم اور خشک جس کی وجہ سے کھانسی آئے۔ تانبے کے ذائقہ کا کسیلا بلغم خارج ہو۔
سبز رنگ کی قے، پیٹ میں برچھی لگنے کا سا درد
رحم کے قریبی اعضاء نہایت ذکی الحس ہوں، حیض بہت قبل از وقت بکثرت جس میں لوتھڑے خارج ہوں۔ پیٹ کے آر پار سخت درد جو دہرا کر دے، درد زہ کے سے درد، وجع مفاصل کا درد ایام حیض میں جس کے باعث مریضہ چلائے اور روئے۔ سیلان الرحم میں ایسا محسوس ہو کہ رحم میں بوجھ ہے۔ زمانہ حمل میں درد زہ کا سا درد ہو، نفاس رک جائے یا بند ہو جائے۔

سینہ میں دائیں جانب درد ہو، چت لیٹ جائے، سینے کو دونوں ہاتھوں سے دبائے، حوالی دل میں درد اٹھ کر سینہ میں ہو کر بائیں بازو کے نیچے تک جائے، دل کی دھڑکن، ہاتھوں میں سرد پسینہ، بایاں بازو سن ہو جائے۔ ایسا محسوس ہو کہ پہلو میں بندھا ہوا ہے۔
گردن جکڑی ہوئی، یہاں تک کہ ہاتھ ہلانے سے بھی پیٹھ اور گردن میں درد ہو، ریڑھ ذکی الحس ہو جائے خاص کر گردن کے مہروں میں پیٹھ سے لے کر کولہے تک اور ران تک سخت درد ہو۔
زیادتی:۔ دوران حیض میں جس قدر زیادہ مقدار میں حیض ہوگا اسی قدر زیادہ تکلیف ہوگی۔

www.pdfbooksfree.pk

کمی :۔ گرمی سے، کھانے سے۔

طاقت :۔ مدر ٹینکچر سے ۲۰۰ طاقت تک استعمال ہوتا ہے۔ ۳۰ طاقت زیادہ مستعمل ہے۔

---

# اِگنیشیا

IGNATIA

## خصوصی علامات

۱۔ یہ دوا ضدین (اگھڑی میں تولہ، گھڑی میں ماشہ یعنی ایک بات یا ایک کام پہ قائم نہ رہ سکیں) کی بہت بڑی دوا ہے۔

۲۔ وہ انسان جو دیرینہ غم و اندوہ سے دماغی اور جسمانی طور پہ کمزور اور نحیف ہو چکے ہوں۔

۳۔ مریض از خود آہیں بھرتا ہے۔

۴۔ تمباکو برداشت نہ کر سکے۔

۵۔ قبض جس میں بیجا حاجت جو شکم کے اوپری حصہ میں محسوس ہو۔

۶۔ تیز سوئیاں چبھنے کا سا درد مبرز میں جو اوپر تک جائے۔

۷۔ جاڑا پیاس کے ساتھ، صرف جاڑے کے دوران پیاس۔

۸۔ بخار بغیر پیاس کے جو کپڑا اوڑھنے سے بڑھ جائے۔

www.pdfbooksfree.pk

# عام استعمال

درد معدہ، تشنج اور تشنجی درد، اینٹھن، ہسٹیریا یعنی باؤ گولہ (اختناق) امراض گردہ و مقعد، نوبتی بخار، قبض بوجہ کمزوری، امعاء، خروج مقعد یعنی کانچ نکلنا میں عام طور پر مستعمل ہے۔ علاوہ بریں پلیگ کے لئے بطور حفظ ما تقدم اور شافی مرض ایک کارآمد دوا ہے۔

# عمومی علامات

مزاج نہایت مغموم، ہر چیز کی طرف سے لاپروائی، گفتگو کرنے سے جی چرانا، متغیر ہونے والا مزاج، کبھی مذاق، کبھی قہقہہ، کبھی چیخنا چلانا، عاشق مزاجی۔

سر کھوکھلا معلوم ہو، بھاری معلوم ہو (اوپیم) درد سر جو جھکنے سے زیادہ ہو۔ پیشانی میں چھٹنے والا درد، چت لیٹنے سے کم ہو، درد والے پہلو لیٹنے سے آرام ہو (عموماً میں اسی قسم کا درد گدی میں ہوتا ہے) ناک کی جڑ میں اینٹھن کا درد۔

آنکھوں میں ریت بھری محسوس ہو، روشنی کی چکا چوند برداشت نہ ہو، آنکھ کے سامنے سفید چمکتی ہوئی لہر معلوم ہو، ایسا محسوس ہو کہ آنکھ کا ڈھیلا باہر نکل پڑے گا۔

سامنے کے دانت میں چھیدنے والا درد جو کہ حقہ یا قہوہ پینے سے زیادہ ہو، دانت میں ایسا درد کہ گویا دانت پھیل کر ٹکڑے ٹکڑے ہو گئے۔ دانت کا درد جو کھانا کھانے کے دوران یا دونوں کھانوں کے وقفہ میں زیادہ ہو۔

www.pdfbooksfree.pk

بعض اوقات غذا منہ کو آجاتے اور اس کے ساتھ کڑواہٹ ہو، جو
غذا شام کو کھائی جائے وہ رات کو قے ہو جائے۔ منہ میں رال زیادہ پیدا
ہو۔ معدہ میں تشنجی درد، معدہ میں جیسے سوئی چبھتی جاتی ہے ارشاکس
معدہ میں تنسپکن (ایلو، سینگوئیریا)

پاخانہ کے وقت مقعد میں تنگی اور رکاوٹ، پاخانہ ہونے سے بعد
درد، کھڑے ہونے اور چلنے میں درد، بیٹھنے میں آرام، بواسیر خونی یا بادی
پاخانہ ہونے کے بعد تکلیف زیادہ ہو، بواسیر میں درد اور تکلیف اس
وقت اور زیادہ ہو جبکہ پاخانہ پتلا ہو۔

پیشاب صاف جلانگ کا مقدار میں زیادہ ہو۔ ہسٹیریا میں اکثر ہوتا ہے
حیض تھوڑی مقدار میں سیاہ اور بدبودار، حیض کے دوران نہایت
کمزوری، غشی اور پیٹ اور پیڑو میں درد، رحم میں تشنج، حیض کثیر مقدار
میں اور جلد جلد ہو۔ ہسٹیریا کے دورے۔

حلق میں رکاوٹ محسوس ہو جیسے دھواں بھرا ہے (آرسنک، چائنا)
حلق خشک، تشنجی کھانسی، دن اور رات زکام بہتا ہوا، سینہ میں بائیں
طرف کونچن، دل میں دھڑکن اور کونچن۔

شانے کے جوڑ پر درد جیسے اکھڑ گیا ہو۔ اٹھنے پر گھٹنے کے جوڑ
چٹخنے ہوئے محسوس ہوں اور آواز دیں (کوئنم) تمام جوڑ آواز دیں (کالی
بائیکرام) پیر کا بھاری پن۔

بخار زیادہ لرزہ اور پیاس کے ساتھ اور زیادہ مقدار میں پانی پیا جائے
ہلا دینے والا لرزہ، چہرہ سرخ، شام کے وقت گرم کمرہ یا انگیٹھی کی گرمی

سے آرام

www.pdfbooksfree.pk

بخار بغیر پیاس کے سہ پہر کو تمام جسم میں گرمی مگر پیاس نہ دارد، جلد خشک بیرونی گرمی اور سرخی ہو لیکن اندرونی گرمی بالکل نہ ہو، تمام جسم پر پتی اچھلے۔

زیادتی:۔ تمباکو، قہوہ، برانڈی سے، چھونے سے، حرکت کرنے سے تیز بو سے، دماغی جذبات، رنج وغیرہ سے، ٹھنڈی ہوا سے۔

کمی:۔ گرمی سے، زیادہ دبانے سے، چت لیٹنے سے۔

معاون:۔ نیٹرم میور، اسپنڈولس، پلساٹیلا، سیپیا۔

متضاد:۔ کافیا، نوکس وامیکا، نکس وامیکا۔

مصلح:۔ ایسیٹک ایسڈ، آرنیکا، کیمفر، کیمومیلا، کوکولس، کافیا، نکس وامیکا، پلساٹیلا۔

طاقت:۔ ۶ سے ۲۰۰ طاقت تک

# اگیریکس مسکیریس

# AGARICUS

## خصوصی علامات

۱۔ عیاشی کے اثرات بد۔

۲۔ بوائیاں جن میں ناقابل برداشت خارش اور جلن ہو۔

۳۔ از خود حرکات عالم بیداری میں۔

۴۔ درد کمر کے مقام میں، دن کے وقت محنت کے دوران جب بیٹھا ہو (زخم)

www.pdfbooksfree.pk

## عام استعمال

اعصابی فتور، پٹھوں کے درد، جرائم معترض کی سوزش اور جلدی امراض خاص کر جو شدید سردی لگ جانے سے لاحق ہوں وغیرہ میں عام طور پر مستعمل اور مفید ہے۔

## عمومی علامات

منہ سے تیز بو آئے، ذائقہ بے حد خراب ہو، خالی ڈکاریں آئیں، پیٹ میں بوجھ، جگر اور تلی میں درد، آنتوں میں گڑگڑاہٹ، صبح بیدار ہونے پر اسہال ہوں، اور پیٹ میں گڑگڑاہٹ ہو، پیچ بغیر بو کے کثیر مقدار میں خارج ہو۔

نظام عصبی میں کو نحین محسوس ہو، آنکھوں اور پپوٹوں کی تشنجی حرکات رعشہ، نیند کی حالت میں حرکات بند ہو جاتیں، طوفان آنے سے پیشتر علامات میں شدت ہو، دیئے کو چھوا نہ جا سکے، ہر حرکت درد انگیز ہو۔

چہرہ سکڑا ہوا، چہرہ میں خارش، اور جلن، لبوں پہ اجار ہوں، تالو میں آبلے نظر آئیں، پیاس زیادہ ہو، حلق میں خراش ہو، سونے کے بعد کھانسی اور سانس لینے میں تکلیف۔

جلد میں جلن، خارش، سرخی جیسے شدید سردی لگ گئی ہو، سرد ہوا سے تکلیف بڑھے، نسیں پھول ہوتی ہوں۔

زیادتی:۔ ٹھنڈی کھلی ہوا میں، کھانے کے بعد، جماع کے بعد سرد موسم میں، بادل کی گرج سے قبل۔

www.pdfbooksfree.pk

کمی :۔ ریڑھ پہ دباؤ سے ازخود منفی، آہستہ آہستہ ادھر ادھر حرکت کرنے سے۔

مصلح :۔ کیمفر، کافیا، پیساٹیلا، ریسٹاکس

طاقت :۔ ۳ طاقت سے ۳۰ تک نیز ۲۰۰ طاقت بھی مستعمل ہے۔

# الیومنا ALUMINA

## خصوصی علامات

۱۔ آلو موافق نہ آئیں۔

۲۔ قبض جس میں نہ تو پاخانہ کی حاجت ہو اور نہ پاخانہ کو خارج کرنے کی طاقت، تاوقتیکہ بڑی مقدار میں جمع نہ ہو جائے۔

۳۔ مبرز میں اتنی ناطاقتی کہ نرم پاخانہ بھی بمشکل خارج ہو۔

۴۔ سیلان الرحم (لیکوریا) تیز سوزش پیدا کرنے والا مقدار میں اتنا زیادہ کہ ایڑیوں تک بہہ جائے۔

۵۔ حیض کے بعد دماغی اور جسمانی طور پہ کمزوری کا احساس۔

## عام استعمال

قبض، حلق کی سوجن، لیکوریا (سیلان الرحم)، خون حیض قبل از وقت خفیف اور زردی مائل اگر بند ہو جائے جو مریض کو بہت کمزور کر دے۔

www.pdfbooksfree.pk

نخاع کے اعصاب میں نقص واقع ہو جاتے جس کے باعث ٹانگوں کے افعال میں باقاعدگی نہ رہے، مریض لڑکھڑا جاتا ہو۔ کھانسی خاص کر جو صبح کو آئے، نیز نشاستہ، کھڑیا مٹی، چاک، کوئلہ وغیرہ کھانے کی رغبت وغیرہ میں یہ دوا کارگر اور مفید ہوتی ہے۔

## عمومی علامات

عقل زائل ہوتی ہوئی محسوس ہو، پست سمجھتی ہو، وقت کاٹے نہ کٹے مزاج یکساں نہ رہے، جیسے جیسے دن چڑھے ویسے ویسے طبیعت اچھی ہوتی جائے۔ نشتر یا خون دیکھ کر خودکشی کرنے کو جی چاہے۔

درد سر حلق اور کنپٹی والا جو صبح کو زیادہ ہو مگر کھانے سے کم ہو جائے۔ تشنج میں ساقط ہو، سر چکرائے، بالوں کا گرنا، چاند پہ کھجلی چیزیں زرد دکھائی دیں۔

چلنے کی نااہلیت، ذرا سی بے خیالی ہونے پہ لڑکھڑائے اور گر جائے (آرجنٹم نائٹریکم، جلسی میم)

معمول سے زیادہ بھوک لگے، نشاستہ، چاک، مٹی، کوئلہ، لونگ قہوہ، کھٹی اور ثقیل چیزوں کی نہ رکنے والی خواہش (سائیکیوٹا، سورینم) آلو موافق نہ آئیں۔

منہ سے بدبو نکلے، دانتوں پہ میل، مسوڑھوں میں دکھن اور ان سے خون نکلے، حلق خشک اور چپ درد۔

پاخانہ خشک، سدوں والا، پاخانہ کی خواہش نہ دارد، مقعد سوجی ہوئی خشک اور چپ درد، مبرز پہ کھجلی اور جلن، نرم پاخانہ بھی دقت سے نکلے،

www.pdfbooksfree.pk

پیشاب کرنے کے لئے بھی زور لگانا پڑے۔
مرد میں جماع کی خواہش زیادہ ہو، پاخانہ کے وقت زور لگانے پہ مذی کا اخراج یا مذی خارج ہو۔ مستورات میں حیض بہت جلد جلد قلیل مقدار میں اور زرد رنگ کے۔ خراش پیدا کرنے والا شفاف ڈرے کا سا بکثرت سیلان الرحم جلن کے ساتھ جو کہ دن میں اور حیض کے بعد زیادہ ہو اور ٹھنڈے پانی سے دھونے سے کم۔
جلد خشک ہو، ناخن نازک جو جلد ٹوٹ جائیں۔ رات کو بستر پہ لیٹتے ہی انتہا کھجلی ہو، یہاں تک کہ کھجلاتے کھجلاتے خون نکل آئے اور بعد میں درد ہو، ناخن کے اوپر کی کھال اکھڑے۔

**زیادتی :۔** بعد دوپہر، آلو کھانے سے، صبح بیدار ہونے پہ، گرم مکان میں۔

**کمی :۔** کھلی ہوا میں، ٹھنڈے پانی میں نہانے سے، شام کو اور ہر تیسرے دن مرطوب موسم میں۔

**معاون :۔** برائی اونیا، فیرم۔

**مصلح :۔** برائیونیا، کیمفر، کیموملا، ایپکاک، پلساٹیلا

**طاقت :۔** ۶ طاقت سے ۳۰ طاقت تک اور اونچی طاقتیں۔

www.pdfbooksfree.pk

# اناکارڈیم

ANACARDIUM

## خصوصی علامات

۱۔ یکایک حافظہ کا جاتے رہنا۔

۲۔ گالی دینے اور قسمیں کھانے کی نہ رکنے والی خواہش۔

۳۔ مسلسل دعائیں مانگے۔ (سٹرامونیم)

۴۔ درد سر جو کھانا کھانے پر جاتا ہے۔

۵۔ پاخانہ کی بیحد خواہش لیکن جونہی پاخانہ جائے پاخانہ آئے بغیر ہی حاجت جاتی رہے۔

## عام استعمال

جب فکر و تردد کی زیادتی، نسیان اور دماغی کمزوری کے باعث ذہنی فتور واقع ہو تو اس دوا کو فراموش نہ کرنا چاہیے۔ مریض کا حافظہ کمزور ہو جائے اور وہ معمولی نام بھی یاد نہ رکھ سکے۔ اسے ہر شے خواب و خیال محسوس ہو۔ مریض خود کو دو خیال کرے یا دو ارادوں کا مالک محسوس کرے جو ایک دوسرے سے یکسر مختلف ہوں۔ چلتے وقت خیال کرے کہ کوئی اس کے تعاقب میں ہے۔ ہر شے کو شک کی نگاہ سے دیکھے۔ بھوت پریت کا خوف رہے۔ نہایت غصیلا اور بدی کی طرف مائل ہو۔ قسمیں کھائے اور دعا ہی کرتا ہی بکے۔ زہر آمیزی کا وہم ہو اور وہ کھانے

www.pdfbooksfree.pk

پینے سے انکار کرے۔ مردوں اور قبروں کے خوفناک خواب دیکھے تو یہ دوا کارگر اور مفید ہوتی ہے۔

# عمومی علامات

سر میں شدید گہرا درد جیسے میخ ٹھونک دی گئی ہے، کھانے پینے سے افاقہ ہو جائے لیکن دماغی محنت سے پھر عود آئے۔

خانۂ چشم میں دبانے والا درد، نزدیک کی چیزیں دور دکھائی دیں بصارت میں کمزوری۔

سماعت میں فرق آ جائے۔ کان میں کوئی شے ٹھونکی ہوئی محسوس ہو۔

قوتِ شامہ یعنی سونگھنے کی صلاحیت جاتی رہے، بار بار چھینکیں آتی ہیں، نزلہ زکام مع اختلاجِ القلب۔

اختلاج قلب یا پردۂ دل متورم ہونے کے باعث متواتر درد کی ٹیسیں رہتی ہوں تو یہ دوا مفید ہوتی ہے۔

معدہ خالی ہو تو پیٹ میں درد رہے لیکن کھانا کھانے پر جاتا رہے۔

مردوں میں خواہشِ جماع کی زیادتی، آلۂ تناسل کے اندر جھنجھناہٹ۔

عورتوں میں سیلان الرحم جس کے ساتھ دکھن اور کھجلی ہو۔

جلد میں شدید کھجلی، جلن جس کے ساتھ دماغی علامات بھی موجود ہوں نار فارسی۔

زیادتی :۔ گرم پانی لگانے سے

کمی :۔ کھانا کھانے سے

مصلح :۔ کالمیا، رسٹاکس

www.pdfbooksfree.pk

طاقت ۔ ۶ سے ۳۰ طاقت تک استعمال کیا جاتا ہے ۔

---

# اوپیم

OPIUM

## خصوصی علامات

۱۔ تمام تکلیفات جن کے ساتھ غنودگی بہت ہو، تمام تکلیفات بغیر درد کے جن میں مریض کسی بات کی بھی شکایت نہ کرے، مریض کچھ نہ چاہے ۔

۲۔ خراٹے دار سانس کے ساتھ نیند، چہرہ سرخ، آنکھیں آدھی بند ۔

۳۔ جلد پہ گرم پسینہ آئے ۔

۴۔ بستر اتنا گرم محسوس ہو کہ اس پہ لیٹ نہ سکے ۔

۵۔ پاخانہ سیاہ، متعفن مقعد کے فالج کے ساتھ ۔

## عام استعمال

دماغی سکتہ، دماغی جریانِ خون، ہذیانِ خمری، قبض، قولنج سیسہ، حاد بخار، جن کے ہمراہ غشی ہو، ذیابیطس، بچوں کا ہیضہ، پاخانہ کی قے، شدید درد قولنج، انتڑیوں کا الجھ جانا، خوف یا غصے کے برے اثرات، بچوں کی لاغری، شیرخوار بچوں کی خون کی قے جبکہ چھاتی گرم اور اطراف سرد ہوں، بچوں کا ہیضہ، محرقہ بخار کے اسہال، نمونیہ اور نوبتی بخار میں حسب علامات مستعمل ہے ۔

www.pdfbooksfree.pk

# عمومی علامات

ذہنی طور پر لاپرواہ، گھبرایا ہوا، بے چین، دہشت زدہ، چونک چونک پڑے۔ یہ خیال کرے کہ گھر میں نہیں ہے، آنکھیں کھلی ہوئی اور ہذیان بکے، چہرہ سرخ اور پھولا ہوا، بالکل بے ہوش، حافظہ بالکل زائل ہو جائے آدھی آنکھیں کھلی اور آدھی بند، پتلیاں سکڑی ہوئی، زور سے خراٹے، گفتگو بے تکی ہو۔

مریض نشہ کا متوالا معلوم ہو، احمق سا نظر آئے، سر چکرائے، سکتہ کی سی حالت، اٹھنے سے چکر آئے، لیٹ جائے، سر کسا ہوا معلوم ہو، سر کی شریان (رگیں) تپکتی ہوئی معلوم ہوں۔

آنکھیں سرخ اور سوجی ہوئی، آنکھیں ٹکٹکی لگی ہوئی، آدھی کھلی آدھی بند، اوپر کو چڑھی ہوئی نگاہ، پتلیاں پھیلی ہوئی، نگاہ دھندلی۔

چہرہ سرخ، سیاہی مائل، سوجا ہوا، بھرا بھرا ہوا، چہرے کے پٹھے (عضلات) خود بخود حرکت کریں۔ چہرہ کی رگیں پھول ہوئی، نیچے کا جبڑا لٹکا ہوا۔

- منہ میں رال بکثرت ہو، حلق خشک، کچھ نگلا نہ جا سکے، زبان مفلوج پیٹ میں درد قولنج، قے اور تشنج، خون کی قے ہو، منہ سے غلیظ اور پیشاب کی سی قے ہو، پیٹ میں گرانی، بھوک کم۔

بہت پرانی قبض، چھوٹی چھوٹی سیاہ گولیاں سی پاخانہ میں نکلیں، دہشت کے بعد خود بخود پاخانہ ہو جائے، بچوں کا ہیضہ جس کے ساتھ غفلت ہو۔

www.pdfbooksfree.pk

پیشاب میں رکاوٹ، پیشاب قلیل المقدار ہو۔

سینہ میں تنگی معلوم ہو اور سانس لینے میں تکلیف ہو، آواز بھاری، منہ کھول کر خراٹے لے، کھانسی خشک رات کو، پانی پینے سے کم ہو۔

نیند معلوم ہو مگر سو نہ سکے، نہایت غنودگی ہو، مخبوط الحواس افراد کی سی نیند، آنکھیں آدھی کھلی آدھی بند، زور سے خراٹے، سونے میں بستر پر کوئی چیز ٹٹولے، سونے میں بھی ذرا کھٹکے سے جاگ اٹھے۔

بخار لرزہ کے ساتھ پیاس کے بغیر، سر گرم اور گہری نیند ہو، نیند میں سر کے گرد بہت پسینہ۔

**زیادتی:۔** پسینہ سے، رات کو، صبح کو، سونے کے درمیان اور بعد

**کمی:۔** سردی سے، حرکت سے دن کو اور شام کو

**مصلح:۔** آرجنٹم نائٹریکم، بیلاڈونا، کیمفر، کیموملا، اپیکاک، نکس وامیکا، سلفر، سارساپریلا۔

**طاقت:۔** ۳ طاقت سے ۲۰۰ طاقت تک

www.pdfbooksfree.pk

# APIS MELLIFICA
# ایپس میلیفیکا

## خصوصی علامات

۱۔ آنکھوں کے نیچے تھیلی کی سی پھیلاوٹ

۲۔ درد، جلن دار، ڈنک لگنے سے، پھوڑے کے سے۔

۳۔ دست از خود ہر حرکت پر جیسے مقعد کھلی پڑی ہے۔ (فاسفورس)

۴۔ نوبتی بخار ہمیشہ پیاس کے ساتھ

## عام استعمال

اعضا کی سوجن اور پھول جانا۔ استسقا، سرخ گلابی رنگت ڈنک لگنے سے درد، دکھن گرمی ناقابل برداشت ہو اور دوپہر کے بعد شدت سرخ باد کی طرح کی سوزش۔ گردوں کی شدید سوزش جیسے چھوت سے سخت تکلیف ہو یا عام جسمانی تکلیف ایسا معلوم ہو کہ کچھ اندر پھنسا ہوا ہے یا جسم کے اندر کوئی شے چھٹی جا رہی ہے وغیرہ تکالیف میں مستعمل و مفید ہے۔

## عمومی علامات

ذہنی طور پر خیالات میں یکسوئی نہ ہو، چھپاک وغیرہ کے دب جانے سے سرسام ہو گیا ہو۔

سر چکرائے، متلی، درد سر، بھاری پن کے ساتھ درد پیشانی اور کنپٹی

www.pdfbooksfree.pk

میں جو کہ لیٹنے اور بستر کی گرمی سے زیادہ ہو۔ دبانے سے آرام ملے گا، گدی میں درد جس سے مریض دفعتاً چیخ اٹھے، بچے لیٹے سر میں پانی اتر آئے، یکایک چیخ ماریں۔

آنکھوں کا آشوب، روشنی برداشت نہ ہو، اوپر کے پپوٹے سوجے ہوئے ہوں اور چہرہ زرد ہو۔

ہونٹ سوجے ہوئے ہوں۔ خاص کر اوپر والا ہونٹ۔ حلق میں جلن، نیش زنی کا سا درد، حلق کے غدود ورم کئے ہوئے ہوں، زبان خشک سوجی ہوئی ہو، کوئی چیز نگل نہ سکے، گردن پر کسی چیز کا چھونا برداشت نہ ہو سکے۔

ورم معدہ جس کے باعث قے ہو جاتی ہو، معدہ میں گویا آگ جلے مگر پیاس بالکل نہ ہو۔ سخت درد اور معدہ ذکی الحس ہو جائے۔ پیٹ میں ایسا محسوس ہو کہ اگر پاخانہ کے لئے زور لگایا جائے گا تو کوئی چیز جو کسی ہوئی ہے ٹوٹ جائے گی، پیٹ میں دکھن۔

پاخانہ سبزی مائل، زردی مائل، بھینی آؤں یا زرد پانی ایسا بلا درد کے، اسہال صبح کو زیادہ ہوں۔ اکثر اسہال شام کو بھی ہوتے ہیں۔ خود بخود پاخانہ بند ہو جائے گویا مبرز کھلا ہوا ہے۔ بواسیر میں نیش زنی کا سا درد، خروج مقعد یعنی کانچ نکلنا۔

پیشاب سیاہ رنگ کا اور کمی کے ساتھ، رات کو پیشاب نہ روک سکے، خاص کر کھانستے وقت اور خود بخود نکل جائے۔

مردوں کے اعضائے تناسل میں ورم اور ٹیس، عورتوں میں داہنے خصیۃ الرحم میں سوجن، ورم اور پانی اتر آنا۔ تیز کاٹنے والا اور نیش زنی

www.pdfbooksfree.pk

کا سا درد ہو۔ دائیں خصیۃ الرحم میں ورم ہو تو کریاٹینس دوا ہوتی ہے۔ استقاطِ حمل، ہر قسم کی گرمی سے علامات میں زیادتی۔ علاوہ بریں حیض نہ ہونے رکاوٹ سے، دباؤ سے، رات کو یا جھکنے کی حالت میں زیادتی۔

رطوبات کا جمع ہونا، سینہ میں، دماغ کی جھلی میں، پھیپھڑے کی جھلی میں، مفاصل یعنی جوڑوں میں۔

صبح کے وقت آواز بھاری ہو، سینہ میں دکھن، سونے کے بعد کھانسی آنا، تیز درد کے ساتھ سانس آئے، لیٹنے سے زیادتی ہو۔

ہاتھ نیلگوں، سردی کی طرف مائل، ٹانگیں سرد، ٹانگوں، گھٹنے اور پیر کی سوجن۔

بخار ہمیشہ پیاس کے ساتھ، جو گرم کمرہ میں اور بیرونی گرمی سے زیادہ ہو دورہ ۳ بجے سہ پہر کو یا ۳ بجے سے ۴ بجے سہ پہر تک ہو۔

سینہ میں جلن، مریض بجھانے کی کوشش کرے، آگ کی گرمی برداشت نہ کر سکے۔

پسینہ شاذ و نادر ہو۔

جلد پر سرخ چکتے جن میں جلن اور نیش زنی کا سا درد ہو۔ ایسے چکتے جو مثل بھڑ کے کاٹے کے ہوں، پتی اچھلنے کے سے چکتے۔

زیادتی:۔ رات کے آخری حصہ میں، دن کے تین بجے، گرم کمرہ میں، گرم مشروبات سے، بیٹھنے سے، چھونے سے، دبانے سے، نیند کے بعد دائیں جانب، تر ہو جانے سے، ورزش سے، نیز دن کے تین اور پانچ کے دوران

کمی:۔ دن کے وقت، سیدھا بیٹھنے پر، کھلی ہوا میں، سرد غسل سے، بالعموم ہر قسم کی سردی سے، نیند کے دوران، چلنے اور کروٹ بدلنے سے۔

www.pdfbooksfree.pk

معاون :۔ نیٹرم میور

مصلح :۔ ایپس ، ایپکاک ، یکے سس ، لیکٹک ایسڈ ، پلاٹینا ، نمک میٹھا تیل۔

طاقت :۔ ۳ طاقت سے ۳۰ طاقت تک ۔ استسقائی حالتوں میں چھوٹی طاقتیں۔

---

# اپوسائنم APOCYNUM

## خصوصی علامات

۱۔ استسقاء جس کے ساتھ پیاس ہو۔

## عام استعمال

یہ دوا عام طور پر استسقاء اور پیشاب کی تکالیف خاص کر پیشاب رک جانے کے عوارض میں مستعمل و مفید ہے۔ شدید عرق النساء میں بھی تسکین بخش ہے۔

## عمومی علامات

ذہنی طور پر مریض الجھا ہوا ، پریشان ، پژمردہ ، مایوس اور کم ہمت ہوتا ہے۔ بڑھتے ہاتھ پیروں کی غشی میں جبکہ دل کا فعل باقاعدہ نہ ہو اور پیٹ

www.pdfbooksfree.pk

میں بھی شور ہو۔ اس دوا کا استعمال اکثر اچھے نتائج پیدا کرتا ہے۔ قوت حافظہ کمزور ہو، ناک میں سوزش ہو، جلد زکام لاحق ہو جاتا ہے۔

جی متلاتے، غنودگی ہو، قے زیادہ ہو، استسقاء اور مقامی ورم جب پیشاب مثانہ میں اکٹھا ہو، جلد پھولی ہوئی اور چمکتی ہوئی، نبض کمزور ہو، قبض اور فم معدہ میں گراوٹ محسوس ہو رہی ہو، پیاس شدید ہو لیکن پانی پینے کو جی نہ چاہے۔ اگر پی لیا جائے تو فوراً قے ہو جاتے یا درد پیدا کرنے کا باعث ہو۔ اگر گردے صحیح سالم ہوں تو استسقاء میں اس کا استعمال شفاء ہے بصورت دیگر یہ عارضی طور پر مسکن دوا ہے۔ ایسے استسقاء میں جبکہ دل کمزور ہو گیا ہے اور خون کا دباؤ کم ہو یا استسقائے لحمی کے آخری درجوں میں اس کے استعمال سے حوصلہ افزا نتائج پیدا ہوتے ہیں۔

نمونیہ کا آخری درجہ جبکہ سانس میں دقت ہو، ورم شش اور دل کمزور ہو، ورم جو پھیپھڑوں میں سوجن کا باعث ہو، خشک کھانسی، مریض لمبا سانس لے،

پتلے اسہال ہوں، مبرز میں دکھن ہو۔

مثانہ پھولا ہوا، درد کا احساس، پیشاب کی نالی میں جلن اور قوت واضعہ کی کمزوری۔

عورتوں میں قلت حیض، پیٹ پھولا ہوا، کمی خون، کمزوری اور غشی ہو۔

**زیادتی:۔** سرد موسم میں، سرد اشیاء کے استعمال سے یا جسم سے کپڑا اتارنے پر۔

**طاقت:۔** زیادہ تر مدر ٹنکچر ہی مستعمل ہے۔ بعض اوقات دیگر طاقتیں بھی استعمال ہوتی ہیں۔

www.pdfbooksfree.pk

# ایسافوٹیڈا

ASAFOETIDA

## خصوصی علامات

۱۔ ریاحی نفخ جس کا رخ نیچے کی بجائے اوپر کی طرف ہو۔

۲۔ ہسٹیریائی دورے۔

## عام استعمال

معدہ اور آنتوں میں ریح کا اجتماع ہو یا خواتین میں ہسٹیریا کے دورے ہوں تو اس کا استعمال مفید ثابت ہوتا ہے۔ علاوہ بریں آنکھوں اور کانوں کی سوزش تکالیف میں نیز ہڈیوں کی بھربھراہٹ ہو اور ان میں درد ہو تو ان عوارض میں بھی یہ دوا کارآمد ہوتی ہے۔

## عمومی علامات

معدہ میں ہوا، معدہ پھولا ہوا، انتڑیاں ہوا سے بھری ہوئی اور ان کی حرکات میں بے قاعدگی۔ ڈکار آنے میں تکلیف ہو، ڈکار کے ساتھ حلق میں پانی آئے، فم معدہ میں تپکن ہو، پیٹ میں تیز درد ہو، ریاح کی گڑگڑاہٹ جو کہ بعد میں زور کی ڈکار کے ساتھ باہر نکلے۔

آتشک کی وجہ سے ہونے والا آنکھ کی سیاہ پتلی کا ورم، آنکھ کا درد جو رات کو زیادہ ہو۔

www.pdfbooksfree.pk

کان میں درد ہو اور بدبو نکلے، یا بدبودار پیپ خارج ہو، ناک میں آتشک کے مادہ کی وجہ سے نہایت بدبودار مواد ہو اور ساتھ ناک کی ہڈی بھی متاثر ہسٹیریا کے درد سے، جس سے گلے کی بندش کا احساس ہو، ایسا محسوس ہو کہ کوئی گولہ گلے میں آکر اٹک گیا ہے۔ اور ایسا احساس ہو کہ انتڑیاں الٹے رخ حرکت کر رہی ہیں اور خوراک کی نالی معدہ کی طرف سے کھینچ کر گلے کی طرف آ رہی ہے۔

پیٹ اور معدہ میں ہوا کے اجتماع سے تکلیف، تشنگی اور بے چینی خوراک کا معدہ میں اوپر کی جانب اچھلنا، تناؤ کے ساتھ معدہ میں دھڑکن کا احساس، زوردار ڈکار آئیں، شدید درد معدہ، معدہ اور پیٹ و چھاتی کے درمیان کی جھلی میں درد و بے چینی، پیٹ میں ہوا کے چلنے سے آنتوں میں گڑگڑاہٹ۔

غیر حاملہ مستورات کے پستانوں میں دودھ کی موجودگی، حاملہ میں دودھ کی کمی اور ساتھ درد کا احساس۔

مقعد تنگ ہونا اور درد والی، شدید قبض، سینوں میں درد، سینہ میں گھٹن، ایسا احساس کہ پھیپھڑے پوری طرح پھیل نہیں رہے، شدت کی دھڑکن۔

ہڈیوں میں شدید درد اور بھربھراہٹ، ہڈیوں کے سرے درد کریں، سوزش اور بڑھے ہوئے، ایسے پھوڑے جو ہڈیوں تک پہنچے ہوں اور جن سے رقیق زرد رنگ کا مواد خارج ہوتا ہو، گویا کہ اسفنج کو پانی میں گھول دیا گیا ہے۔

جلد خارش کرنے والی، کھجلانے سے آرام ملے، چھوٹے جن کے کنارے

www.pdfbooksfree.pk

شدید طور پر درد کریں اور امراضِ جلد کے دبنے سے پیدا ہونے والے عصبی عوارض۔

زیادتی :- رات کے وقت، چھونے سے، بائیں پہلو لیٹنے سے، آرام کرنے سے، گرم ٹکور سے۔

کمی :- کھلی ہوا میں، حرکت سے، دباؤ سے۔

مصلح :- کیمفر، مرکیوریس، کاشکیم، چائنا، پلساٹیلا، ویلیریانہ۔

طاقت :- ۲ طاقت سے ۳۰ تک مستعمل ہے۔

---

# ایسڈ پکرک

ACID PICRIC

## خصوصی علامات

۱۔ عصبی نقاہت (نیوریستھینیا) اور اس کے باعث پیدا ہونیوالے عوارض۔

۲۔ دماغی تھکن لکھنے پڑھنے والوں کی۔

۳۔ دردِ سر گدی یا گردن کے مقام میں جس کی زیادتی ذرا سی دماغی محنت سے ہو جائے۔

۴۔ ریڑھ کے مہروں کے ساتھ ساتھ جلن

۵۔ تمام جسم میں تھکاوٹ اور بھاری پن۔

www.pdfbooksfree.pk

## عام استعمال

اس دوا سے قوائے جسمانی جو مضمحل ہوگئے ہوں اور موجودہ دور کی طرز معاشرت کے باعث قوت سلب ہوگئی ہو اور از سر نو اپنی اصلی حالت پر آجاتے ہیں، خراب جس جو بتدریج بڑھ رہا ہو، سوزاک، انجیر کی طرح مسے، شدید عصبی نقاہت اور اس سے متعلقہ عوارض، خفقان، درد گردہ، اور بادگولہ (ہسٹیریا) میں مستعمل و مفید ہے۔ اس کا ایک فیصدی محلول خارجی طور پر استعمال کرنا جل جانے اور احراق کے لئے نافع ہے۔

## عمومی علامات

ذرا سی محنت سے تکان معلوم ہو، اس کے ساتھ ایسا محسوس ہو کر تمام جسم تنگ ہوگیا ہے، کسی سے گفتگو کرنے، کوئی کام کرنے کو جی نہیں چاہتا، ہر ایک امر سے بے توجہی، جسم کے کسی حصہ کا سُن اور بے حس ہو جانا، جسمانی ریاضت کرنے کی طبیعت نہ چاہے، تھوڑا سا لکھنے پڑھنے سے طبعی تکان واضح ہو جائے۔ مطالعہ کرنے یا خیالات کو یکجا کرنے کی اہلیت معدوم ہو گئی۔ عصبی نقاہت واضح ہو، پٹھے کمزور ہوں۔ لکھنے والوں کا فالج، حافظہ کمزور اور قوت شہواتی بڑھی ہوئی، کمی خون جو روز بروز بڑھتا جائے، پیشاب مکمل طور پر بند ہو جانے کے باعث پیشاب کا زہریلا پن پیدا ہو جائے۔ دماغی محنت کی وجہ سے سر درد کرنا ہو، بڑھنے مرض کی وجہ سے ایستادگی بلا شہوت ہوتی ہو۔ چھوٹے چھوٹے پھوڑے جسم کے مختلف مقامات پر نکل آئیں۔ بالخصوص بیرونی کان

www.pdfbooksfree.pk

کی نالی میں، ریڑھ کے ساتھ ساتھ جلن ہو، ریڑھ کے ستون اور کمر میں بوجھ کمزوری ہو، حرام مغز نرم پڑ گیا ہو، غدہ قدامیہ بڑھ گیا ہو۔

**زیادتی :۔** خفیف محنت سے، خاص کر دماغی محنت سے، سونے کے بعد، مرطوب موسم کے بعد۔

**کمی :۔** ٹھنڈی ہوا سے، ٹھنڈے پانی سے، دباؤ سے۔

**طاقت :۔** ۶ نمبر سے ۳۰ طاقت تک عام طور پر مستعمل ہے۔

---

# ایسڈ سلف ACID SULPH

## خصوصی علامات

۱۔ باوجود نہلانے کے بچے سے کھٹی بو آئے۔

۲۔ کھٹی ڈکاریں جس کے باعث دانت تک کھٹے ہو جائیں (دبینیا)

## عام استعمال

ہاضمہ کی کمزوری، محرک اغذیہ کھانے کو جی چاہے، رعشہ، لرزہ اور عام کمزوری، مریض عام طور پہ جلد باز ہوتا ہے، چہرہ پہ مردنی، جسم میں حرارت کا احساس جس کے بعد پسینہ سے شرابور ہو جائے، چوٹ لگ جانے کے بعد کسی زخم کے مردار ہو جانے کا اندیشہ، سیسہ کے اثرات بد، لکھنے والوں کے ہاتھوں کا رعشہ یا تشنج وغیرہ عوارض میں عام طور

www.pdfbooksfree.pk

پر مشتمل ہے۔

## عمومی علامات

ذہنی طور پر مریض جلد باز ہوتا ہے، سوالات کا جواب دینے کو جی نہ چاہے۔

سر میں داہنی طرف درد، ایسا احساس کہ سر میں دماغ ڈھیلا ڈھالا ہوگیا ہے۔ اور ادھر ادھر لڑھک رہا ہے۔

منہ آیا ہوا، منہ سے بدبو آئے، مسوڑھوں سے خون نکلے۔

معدہ اور سینہ میں جلن، کھٹی ڈکاریں آئیں، دانت کھٹے ہو جائیں، شراب پینے کی خواہش ہو، پانی پینے سے پیٹ میں ٹھنڈک ہوتی ہے۔ معدہ ڈھیلا ڈھالا معلوم ہو، قہوہ کی بو سے نفرت ہو، کھٹی قے ہو، تازہ کھانا کھانے کو جی چاہے، ہچکیاں آئیں، ایسا محسوس ہو کہ بائیں طرف کی آنت اتر آئے گی

بواسیر میں کچھ رطوبت کا اخراج، ایسا محسوس ہو کہ مقعد میں بڑے گیند کی طرح کچھ اٹکا ہے۔ اسہال سیاہ، بدبودار پاخانہ، اس کے ساتھ جسم سے کھٹی بو آئے اور پیٹ خالی ہو۔

مستورات میں حیض جلد اور بکثرت آئے، جلن والا اور خارش پیدا کرنے والا سیلان الرحم، اس کے ساتھ اکثر خون آمیز رطوبت کا اخراج ہو۔ سن رسیدہ عورتوں کے رحم کی گردن میں خارش ہو۔

ہاتھ یا بازو میں تشنج ہو، لکھنے کے وقت انگلیاں پھڑکیں، اسٹینم، کاسٹیکم، سائیکلامن۔

جلد پہ بیرونی ضرب وغیرہ سے تکلیف ہو، سرخی جس پر کھجلی محسوس ہو

www.pdfbooksfree.pk

کسی عضو سے سیاہ خون کا اخراج۔

زیادتی :۔ زیادہ گرمی یا زیادہ ٹھنڈک سے، سہ پہر کو اور شام کو۔

کمی :۔ گرمی سے اور مقام تکلیف کے پہلو لیٹنے سے۔

معاون :۔ پلسا ٹیلا

طاقت :۔ ۶ طاقت سے ۳۰ طاقت تک عموماً مستعمل ہے۔

---

# ایسڈ فاس

ACID PHOS.

## خصوصی علامات

۱۔ رطوبات زندگی کے ضائع ہو جانے کے باعث کمزوری۔

۲۔ مریض لاپروا، بے توجہ، زندگی کے کاروبار سے بے پروا۔

۳۔ غم و الم سے کمزور شدہ مریض ان اشیاء کی طرف سے بھی لاپروا اور بے توجہ ہو جائے جن سے قبل ازیں اسے خاص لگاؤ رہا ہو۔

۴۔ چاند پر کھیلنے والا دزن۔

۵۔ دست سفید رنگ کے اور بغیر درد کے جن سے کمزوری پیدا نہ ہو۔

۶۔ پیشاب مقدار میں زیادہ بغیر رنگ کے پانی کا سا خصوصاً رات کو۔

۷۔ انزال، بار بار، مقدار میں زیادہ کمزور کرنے والے۔

۸۔ مریض غمگین اور شفا سے مایوس ہو۔

۹۔ دماغی ٹائیفائڈ یا ٹائیفس میں مکمل لاپروائی اور غنودگی۔

www.pdfbooksfree.pk

## عام استعمال

کمزوری، عصبی تکان، خاص کر ایسی کمزوری جو رطوبات زندگی کے ضائع ہو جانے کے بعد پیدا ہو، محبت میں مایوسی کے اور غم واندوہ سے پیدا شدہ خراب نتائج۔ ایسے نوجوان افراد جو بہت جلد تیزی سے بڑھ گئے ہوں اور جسمانی یا دماغی کام بہت کرتے ہوں، شام کے قریب یادرات کو پسینہ کی زیادتی، ہڈیوں کے عارض، ہڈیوں کے پردوں کی سوزش، ہڈیوں کا سوکھ جانا، لڑکھڑاتی چال، بلا درد اسہال، بچوں کا زرد اور بیمار نظر آنا، محرقہ بخار میں جریان خون کا خطرہ وغیرہ ہو تو اس کا استعمال مفید ہوتا ہے۔ جریان، نامردی اور ذیابیطس میں بھی نافع ہے۔

## عمومی علامات

ذہنی طور پر لاپرواہ، گفتگو کرنے کو جی نہ چاہے، خاموش اور غمگین رہے، سرسام، غنودگی غفلت، آئندہ کے لیے تشویش ہو۔

بہت زیادہ غمگین رہنے کے بعد چاند میں شدید درد ہو جیسے دماغ کچلا گیا ہے۔

آنکھیں متورم، اوپر کے پپوٹے پر گوہانجنی، چمکیلی اشیاء کی طرف دیکھنے سے چکا چوند، پپوٹے اندر کی طرف سرد معلوم ہوں۔

کانوں میں گنگناہٹ ہو، شور برداشت نہ ہو سکے۔

مسوڑھے دانتوں کو چھوڑ دیں، دکھن ہو اور خون بہتا ہو۔ رات کو آگے کے دانتوں میں جلن کا درد، لیسدار بلغم زبان پر، زبان اور

www.pdfbooksfree.pk

حلق خشک مگر پیاس نہ لگے۔

معدہ میں بوجھ معلوم ہو، ایسا محسوس ہو کہ معدہ اوپر نیچے ہم وزن ہے، حوالی جگر میں بوجھ۔

پاخانہ کثیر المقدار پتلا پانی کا سا، بلا درد کے اسہال جن میں کمزوری نہ ہو، دودھ کی طرح پیشاب اس میں قوام کی طرح خون آمیز لوکڑے اور گردہ میں درد، رات کو کثیر المقدار پیشاب بلا رنگ کا ہو، ذیابیطس۔

اعضائے تناسل میں کھجلی ہو، حشفہ میں، فوطوں میں کھجلی گویا کوئی کاٹتا ہے، منی کا اخراج خاص کر جلق کے بعد۔

حیض بہت قبل از وقت اور بہت دیر تک قائم رہنے والا، حیض درد جگر کے ساتھ، رحم کا زخم جس سے کثیر المقدار گندی خون آمیز پیپ، درد اور کھجلی کے ساتھ خارج ہو۔

گلے کا بھاری پن، کھانسی جو کہ گلے اور کوڑی کے پاس خراش ہونے سے پیدا ہو اور صرف صبح کو بلغم آئے، کھانسی اور اس کے ساتھ مواد والا بدبودار بلغم آئے۔

نیند دن کے وقت بہت آئے، رات کو بےخوابی، پریشان کن خوابوں کی کثرت۔

بخار لرزہ کے ساتھ بغیر پیاس کے، اس کے بعد اتنا شدید بخار کہ مریض بیہوش ہو جائے، ٹائیفائیڈ بخار، نوبتی بخار جو رات کو آئے، (باری والا بخار) پسینہ میں پیاس، صبح کو زیادہ پسینہ آئے۔

تمام بدن کی جلد پر چھتے جن میں کھجلی کی وجہ سے جلن زیادہ ہو کھجاتے ہوئے زخم ہو جائے جس سے گندا مواد نکلے۔

www.pdfbooksfree.pk

زیادتی :۔ دماغی بیماری سے، رطوبات زندگی خاص کر منی ناگی بجنب جلق سے ، کثرت جماع سے، بات کرنے سے سینہ میں کمزوری معلوم ہو۔

کمی :۔ حرکت سے ، گرمی سے ، مرطوب موسم میں۔

معاون :۔ جاگنا ، پسینے ، دست اور کمزوری کی حالت میں قبل یا بعد۔
کھانے کے بعد کمزوری کی حالت میں نکس وامیکا کے بعد۔
ٹائیفائڈ میں رسٹاکس کے بعد۔

مصلح :۔ کیفر، سٹافی سیگریا ، کافیا۔

طاقت :۔ پہلی طاقت سے ۲۰۰ طاقت تک اور اوپر۔

---

# ایسڈ نائٹرک ACID NITRIC

## خصوصی علامات

۱۔ جسم تکلیف دہ اثرات کو بہت جلد قبول کرے۔
۲۔ درد چبھنے کے سے، پھانس لگنے کے سے۔
۳۔ احساس پھانس کا ماؤف حصص میں۔

www.pdfbooksfree.pk

۴۔ مقعد میں پاخانہ کے بعد شدید کاٹنے والے درد جو بہت دیر تک قائم رہیں درد ٹیسیں یا سلفی
۵۔ پیشاب مقدار میں کم، سیاہی مائل بھورا، بہت تیز بو والا۔
۶۔ پیشاب خارج ہوتے وقت ٹھنڈا محسوس ہو۔
۷۔ زخم میں پھانس کا سا درد۔

## عام استعمال

یہ دوا متعدد امراض میں کام آتی ہے۔ پارہ کے اثرات بد ہوں بدبودار پیشاب آتا ہو، اور آتشک وغیرہ کے باعث ہونے والے امراض جلد، ہڈیوں اور غدودوں کے عوارض، پرانی سنگرہنی، مسوڑھوں، دانتوں، زبان اور دہن کے عوارض جو پارہ کے غلط استعمال سے لاحق ہوں، ناک کا ٹونٹیر یا تپ دق (میں کلکیریا کارب کے بعد)، خنازیر، شدید خنازیری رمد چشم، بچوں کا رمد چشم، سوزاکی رمد چشم، گلٹیوں کی سوجن، سوزاک، پیچش پھیپھڑوں سے جریان خون، بلغم خراب، خونی سیال خارج ہوتا ہو، تو اس دوا کا استعمال حسب علامات مفید ہوتا ہے۔

## عمومی علامات

ذہنی طور پر مریض غمگین، رنجیدہ، ناامید، موت سے خوف زدہ ہوتا ہے، کام کرنے کی رغبت نہیں ہوتی، حافظہ کمزور ہوتا ہے۔
درد سر یا چکر صبح اور شام کو جس کی وجہ سے مجبوراً لیٹنا پڑے۔
آنکھوں میں ٹیسیں، ورم، اور پھوڑے کا فالج، آنکھوں کے

سامنے سیاہ دھبے گھومتے محسوس ہوں۔ آنکھوں سے پانی جاری ہو، روشنی میں آنکھیں چندھیا گئیں۔

کانوں میں گھڑگھڑاہٹ، مواد خارج ہو، بہراپن، کان بند ہوجائیں چھونے سے ٹیس اور جلن ہو۔

ناک سے خون جاری ہو، بدبودار ہوا ناک سے نکلے، گندا زرد بلغم خارج ہو، جلن ہو، پپڑیاں پڑیں، بہت شدید زکام ہو۔

چہرے کا رنگ زرد ہو، مہاسے نکلیں، ہونٹوں میں زخم ہو، گال کی ہڈی میں درد ہو۔

دانت زرد اور ڈھیلے ہوں، تسکین خاص کر رات کو یا سونے کے وقت ہو، بوسیدہ دانتوں میں درد ہو، منہ سے گندی بدبو نکلے، رال بہے، منہ میں خشکی اور بہت پیاس ہو، مسوڑھے سفید، سوجے ہوتے خون دیتے ہوں، آتشک یا پارہ کی وجہ سے منہ اور حلق میں زخم ہوں، حلق میں ورم اور ایسا درد ہو کہ گویا چھل گیا ہے، گندہ دہن ہو، رال میں خون آئے۔

اکثر متلی اور قے کرنے کو جی چاہے، ذائقہ تلخ اور خاص کر کھانا کھانے کے بعد، صبح اٹھتے ہی شدید پیاس ہو، کھٹی ڈکاریں، ہاضمہ کی خرابی جو کہ گاڑی پہ سوار ہو کر گھومنے یا چلنے پھرنے سے درست ہو، جگر کے قریب درد ہو، ران کی گلٹیوں میں ورم ہو اور مواد ہو، پیٹ میں ریاح زیادہ اور بدبودار جمع ہوں۔

پاخانہ کبھی کبھار ہی خشک اور سخت ہو، عموماً پتلا، بار بار ہو، مقعد میں کھجلی، بواسیر کے مسوں میں ورم اور ان سے رطوبت یا خون جاری ہو، مہرہ کے کنارے کھنچے ہوئے، میعادی بخار میں پاخانہ میں خون آئے، پیچش جس

www.pdfbooksfree.pk

میں خون آئے اور سوزش ہو۔

پیشاب روکنا دشوار ہو، پیشاب میں گھوڑے کے پیشاب جیسی ناقابل برداشت بدبو ہو، خون آئے، پیشاب کے سوراخ پہ ورم ہو، پیشاب کرنے میں درد ہو۔

مردوں پہ سپاری پہ زخم اور ٹیس کا درد ہو، فوطوں میں ورم، ایستادگی اور خواہش مباشرت غائب، عورتوں میں حیض جلد اور بکثرت، ایسا معلوم ہو کہ شرمگاہ کے راستے سے ہر ایک چیز باہر نکل پڑے گی، سیلان الرحم سخت بدبودار اور بھورے رنگ کا ہو، پستان کی گتھلی میں پھوڑا ہو، فرج کے اندر زخم ہو۔

سینہ میں چبھن، سانس لینے میں تکلیف، دل کی دھڑکن، خاص کر زینہ چڑھنے پر، خشک ہو نکنے والی کھانسی، لیٹنے پہ سانس لینے میں بلغم کی آواز پیدا ہو۔

بخار لرزہ کے ساتھ شام کے وقت لیٹنے سے قبل، کپڑا ڈھکنے سے تکلیف زیادہ ہو، پاؤں اور پنڈلیاں گھٹنوں تک سرد جس کے باعث نیند نہ آسکے بخار میں کپڑا اوڑھنے سے نفرت، گرمی کے دورے، بار بار کسی ایک عضو پہ یا کل جسم میں پسینہ، سارے جسم پہ کھانا کھانے کے بعد پسینہ، پسینہ کے ساتھ ہاتھ ٹھنڈے، ناخن نیلے، پسینہ مثل گھوڑے کے پیشاب کے بدبودار ہو، تلووں میں پسینہ بکثرت، پاؤں کے انگوٹھے اور ان کے نیچے تلوے دکھنے لگیں، ایسا معلوم ہو کہ سوئیوں پہ چلتے ہیں۔

جلد پہ کھجلی ہو، مسامات خشک ہوں، سیاہ بھورے سرخی مائل دھبے زخم جو آسانی سے خون دے دیں، مسّے — پاؤں میں گٹھے کے باعث

درد ۔!

زیادتی :۔ شام کو، رات کو، چھونے سے، موسم کی تبدیلی سے، جاگنے سے، بیٹھے ہوئے اٹھنے سے۔

کمی :۔ گاڑی پر سوار ہونے سے (برعکس کاکیولس کے) نیز ٹھنڈک سے

معاون :۔ آرسینکم البم، کیلیڈیم

مصلح :۔ کلکیریا، کونیم، ہیپرسلفر، مرکیوریس، نیٹریم، پٹیلا، سلفر۔

یاد رہے کہ لیکسس کے بعد نائٹرک ایسڈ ہرگز استعمال نہ کرنا چاہیے۔

---

# ایسڈ ہائیڈروسیانک ACID HYDROCYANIC

## خصوصی علامات

۱۔ ہسٹیریا اور مرگی کے دورے۔

۲۔ اعصاب کا فعل معطل ہو (فالج)

۳۔ غشی جو کہ پھیپھڑوں کے تعطل کا باعث ہو۔

۴۔ ہیضہ کی سی علامات (آرسینکم البم، ویریٹرم)

## عام استعمال

گلے کی بندش، چھاتی کی تنگی، دل کی دھڑکن، نبض کی کمزوری اور

www.pdfbooksfree.pk

بے قاعدگی وغیرہ کے ساتھ ہونے والے عوارض میں حسب علامات مستقل مفید ہے۔

## عمومی علامات

ذہنی طور پر غشی اور بے ہوشی کا میلان، سرسام، خیالی تکالیف کا خوف، ہر ایک چیز سے خطرے کا احساس، گھوڑوں اور گاڑیوں سے ڈر، مکان کے گر جانے کا اندیشہ، موت کی دہشت۔

سر میں شدید درد، احساس جیسے دماغ میں آگ لگ رہی ہے، آنکھ کی پتلیوں میں حرکت مفقود یا پتلیاں چھپی ہوتی، کن پٹیوں کے پاس شدید درد اور ران کے آس پاس چہرہ سرخ۔

جبڑوں کا دوروں کی صورت میں جکڑ جانا، منہ سے جھاگ کا اخراج، ہونٹ زردی مائل نیلے، زبان سرد۔

پانی پینے پہ غذا کی نالی میں، گلے میں اور معدہ میں گڑگڑاہٹ پیدا ہو۔ معدہ میں درد، جو معدہ خالی ہو تو شدید صورت اختیار کرے، چھاتی اور معدہ کے درمیان شدید دھڑکن والی درد۔

سانس تیز، زبردست اور شور کرنے والا، خشک، گلا بند کرنے والی شدید کھانسی، دمہ جس سے گلے میں بندش کا احساس ہو، کالی کھانسی، پھیپھڑوں کا فالج، پھیپھڑوں کی سوجن، دمہ، کالی کھانسی۔

شدید دھڑکن، نبض کمزور اور بے قاعدہ، ہاتھ اور پاؤں ٹھنڈے، چھاتی میں شدید درد، شدید ورمِ قلب رسپائی جیلیا، انگرائک الیسلم

مصلح :۔ کیمفر، کانبیا، اپیکاک، نکس وامیکا، اوپیم، ویلیٹرم البم۔

www.pdfbooksfree.pk

طاقت :- عام طور پر ۳x ، ۳۰ یا ۳۰ طاقت ہی مستعمل اور مفید ہے بڑی طاقتیں بہت کم استعمال ہوتی ہیں۔ خارش اور چھپاکی میں مدرٹنکچر خارجی طور پر استعمال کی جائے۔

---

# ایسکیولس ہپ AESCULUS HIPP.

## خصوصی علامات

۱۔ مختلف حصص میں بھراؤ کا احساس۔
۲۔ بے حد چڑچڑا پن (اکیموملا)
۳۔ مبرز میں خشکی اور حدت محسوس ہو جیسے چھوٹی چھوٹی لکڑیاں بھری ہیں۔
۴۔ قبض جس کے ساتھ کمر میں شدید درد ہو۔
۵۔ پاخانہ کے بعد مبرز میں بوجھ ، بھراؤ اور شدید درد ، جو گھنٹوں قائم رہے (ایلو ، اگنیشیا ، میوریٹک ایسڈ ، سلفر)
۶۔ کمر کی ہڈیوں کے جوڑوں میں شدید درد۔
۷۔ بحالت حمل محسوس ہو جیسے کمر جواب دے گئی ہے۔

## عام استعمال

خصوصی طور پر بواسیر کے معالجہ میں مستعمل ہے۔

www.pdfbooksfree.pk

# عمومی علامات

متواتر میٹھا میٹھا کمر کا درد، کمر لے اور نشست گاہ کی ہڈی تک ہو، جو چلنے یا جھکنے سے زیادہ ہو۔

مقعد لکڑی کے ٹکڑے سے بھرے ہوئے محسوس ہوں، مقعد میں کانٹے چبھیں، مقعد میں ریت بھری ہوئی معلوم ہو (کالف سونیا)

دل کی ایسی دھڑکن جس کی تپکن ہاتھ پیروں تک ہو اور سوتے میں اور دن کو بھی سنائی دے۔ دماغی چڑچڑاپن زیادہ ہوتا ہے۔ چپا چپیلا اور کالی کارب کی طرح ایک جگہ سے دوسری جگہ بھاگنے والا درد، پھاڑنے والا درد، پھاڑنے والا درد بھی اس دوا کے خواص میں ہے۔

سر کے پیچھے یعنی گدی میں درد ہوتا ہے اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ سر کھلا جائے گا۔ سر اور ماتھے میں بھراؤ محسوس ہو۔

مقعد کی رگوں میں انجماد خون (بواسیر)، آنکھوں کی رگوں میں خون کا انجماد جس سے آنکھیں سرخ ہوں، آنسو آتے ہوں، جلن ہوتی ہو ان کے ساتھ درد خواہ ہوتا ہو خواہ نہ ہوتا ہو۔

ہاضمہ کی خرابی، جیسے ہی مریض کھانا کھائے ویسے ہی سینہ میں جلن اور کھانا منہ کو آنے لگے جس طرح کہ فاسفورس، فیرم اور آرسنکم میں ہوتا ہے۔

کمر میں درد جو کولہے اور نشست گاہ کی ہڈی تک جاتے خاص کر وضع حمل کے بعد کے فوری دنوں میں (زمانہ حمل میں ایسا درد ہو تو بھی یہ دوا مفید ہوتی ہے)

گنٹھیا (بائی کا درد) جو کہ شانے سے ہاتھ تک ہو۔

www.pdfbooksfree.pk

مقعد اور پیڑو میں تناؤ اور خشکی۔

بواسیر کے مسّے بڑے، نیلگوں اور ایسے محسوس ہوتے کہ پاخانہ کے راستہ کو بند کیے ہوئے ہوں۔ ان میں سخت برچھی مارنے یا کاٹنے کا سا درد ہو جو کہ اوپر آنت تک چڑھ جاتا ہو۔ مقعد میں سکارٹ، بھرا معلوم ہونا، درد، خشکی، کھجلی، چبھنے والی، اینٹھن، کانچ باہر نکلنا، درد اس قدر زیادہ کہ مریض نہ لیٹ سکے نہ بیٹھ سکے، ایسا محسوس ہو کر کوئی ادھر ادھر چاقو چلا رہا ہے۔ انتہائی درد والی بواسیر

زیادتی:۔ صبح کو بیدار ہونے پر، حرکت سے، پاخانہ کرتے وقت، کھانا کھانے کے بعد، شام کے وقت، کھڑا ہوتے وقت۔

کمی:۔ تازہ کھلی ہوا میں۔

مصلح:۔ نکس وامیکا، بواسیری علامات میں۔

طاقت:۔ مدر ٹنکچر ۳ طاقت سے ۳۰ طاقت تک

---

# ایکونائیٹ

# ACONITE

## خصوصی علامات

۱۔ جاداور تازہ تکلیفات خصوصاً نوجوان لڑکیوں میں جن کے اندر خون کی زیادتی ہو اور جو زیادہ وقت بیٹھ کر کام کرتی ہوں۔

۲۔ تکلیفات جو ٹھنڈی خشک ہوا سے پیدا ہوں۔

www.pdfbooksfree.pk

۳۔ ڈر، خوف اور قلبی پریشانی
۴۔ چہرے پر خوف، زندگی خوف کے باعث وبال بن جائے۔
۵۔ دماغی اور جسمانی پریشانی اور بے چینی۔
۶۔ نوجوان موٹی تازی لڑکیوں میں حیض تک رک جائے خوف کھا جانے کے بعد۔
۷۔ بخار میں جلد گرم اور خشک ہو۔
۸۔ بخار میں جلن اور پیاس، ٹھنڈے پانی کی زیادہ مقدار کے لیے۔
۹۔ بخار میں انتہا درجے کی بے چینی، جاں کنی کی سی حالت میں ادھر ادھر کروٹیں بدلے۔
۱۰۔ کھانسی سانس باہر نکالنے پر اکا کھانسی۔
۱۱۔ کھانسی ٹھنڈی خشک ہواؤں سے یا ہوا کے جھونکے سے۔

## عام استعمال

حاد اور شدید اچانک حملہ کرنے والے قریباً سبھی امراض میں یہ فوری اور پہلی دوا ہوتی ہے بشرطیکہ جسمانی اور دماغی مخصوص علامات موجود ہوں۔ مثلاً بے چینی، فکر، تشویش اور گھبراہٹ دماغی اور جسمانی جس کی وجہ سے تڑپنا، ٹھنڈی سانسیں بھرنا، پہلو بدلنا، موت کا ڈر موت کے دن کی پیش گوئی، ذرا سی تکلیف میں بھی گھبراہٹ موجود ہو، کسی طرح تسکین نہ ہو۔

ایکونائیٹ ہر بخار میں اندھا دھند دینا بہت غلط ہے، یہ صرف ان بخار میں دیا جا سکتا ہے بشرطیکہ گھبراہٹ ضرور ہو۔

www.pdfbooksfree.pk

ٹائیفائڈ بخار کے آغاز میں ایکونائیٹ ہمیشہ مضر ہوتا ہے بشرطیکہ بخار میں کوئی تحریک کن جذبہ سابقہ نہ ہو۔

## عمومی علامات

ذہنی طور پر مریض خوف زدہ ہو، شدید بے چینی، اعصابی تکلیف موت کا ڈر بے چینی، گھبراہٹ، تڑپنا، درد برداشت نہ کر سکتا ہو، چھونے کی برداشت نہ ہو، کپڑے کو اتارنا برداشت نہ کر سکے، کبھی رونا کبھی گانا، سرسام، خاص کر رات کو دماغ میں چکر، ایسا محسوس ہو کر کوئی ادھر ادھر ہلائے جا رہا ہے۔ خاص کر بیٹھے بیٹھے ایک دم اٹھنے سے سر درد کے مارے بیٹھا پڑے، خیالات پراگندہ، موت کا ڈر، حافظہ کمزور، سر میں درد تپکن کے ساتھ، کن پٹی میں بھاری پن، اندر سے ہوا باہر کو بیٹھا پڑے، خاص مقام پر درد مثلاً پیشانی میں یا کن پٹی میں یا آنکھوں میں یا اوپر کے جبڑے میں، سر درد ہلنے سے یا جھکنے سے یا شور و غل زیادہ ہو، آرام کرنے سے کم ہو، سر اور چہرہ گرم، خاص کر اندر اور اوپر گرم پسینہ نکلے۔

حاد آشوب چشم، آنکھوں میں جلن اور درد ہو، پپوٹوں پر بھاری پن، آفتاب کی روشنی سے گھبرائے، پپوٹوں کا ورم شدید اور سرخی مائل۔

کانوں میں سخت درد ورم اور بھاری پن کے ساتھ

ناک سے خون جاری ہونا، سونگھنے کی طاقت تیز ہو۔

چہرہ سوجا ہوا، سرخ اور گرم، اٹھنے پر چہرے سرخی زردی میں بدل جائے، بائیں طرف چہرے کا درد۔

www.pdfbooksfree.pk

ہونٹ خشک ، چپکے ہوئے ، منہ اور زبان خشک ، پیاس زیادہ ، ذرا سی ٹھنڈی ہوا سے تکلیف ، حلق میں بخار کے ساتھ ورم۔

پانی کے علاوہ ہر چیز کا ذائقہ کڑوا معلوم ہو ، بھوک نہ ہو ، شدید پیاس جو بجھ نہ سکے ، ٹھنڈے پانی کی خواہش ، متلی اور قے۔

معدہ میں کھانے کے بعد سخت درد ، ورم جگر ، حوالی جگر میں بھاری پن ، کوڑی کے پاس سرد پتھر رکھا ہوا محسوس ہو (کالچیکم) ، پیٹ میں جلن ، پیڑو چھونے اور دبانے کو برداشت نہ کر سکے۔

پاخانہ پانی جیسا پتلا ، بعض دفعہ سبز رنگ کا ، درد اور نفخ کے ساتھ قبض ، بعض اوقات پیچش میں کم پاخانہ مروڑ کے ساتھ ، مقعد سے ساتھ ایسا محسوس ہو کہ گویا گرم پانی خارج ہوتا ہے۔

پیشاب کم ہونا ، سرخ ہونا ، گردہ میں اینٹھن ، مثانہ کی گردن میں جلن اور مروڑ۔

مردوں کے فوطوں میں درد ، پیشاب کرتے وقت درد ہو ، عورتوں میں خصیۃ الرحم کا ورم اور حیض کثرت سے اور زیادہ دنوں تک آئے یا پھر ڈر کی وجہ سے حیض بند ہو جائے۔

نرخرہ کا ورم ، ذات الجنب کا پہلا درجہ ، خشک کھانسی یا خشک سانس ، چھینکنے میں زور سے آواز نکلے ، کھانسی کے دورے میں بچہ اپنا گلا پکڑے (کیونکہ درد ہوتا ہے) ، ذات الصدر (نمونیا) یا ذات الجنب مع بخار کے زیادہ پیاس ، خشک کھانسی اور گھبراہٹ کے ساتھ پھیپھڑوں میں گرمی ، سینہ میں چبھن ، دل دھڑکنا اور گھبراہٹ۔

نیند کا نہ آنا ، نہایت بے چینی ، یا پھر نیند ہے مگر سو نہ سکے۔

www.pdfbooksfree.pk

ڈراؤنے خواب نظر آئیں، بے چینی، کبھی سردی، کبھی گرمی لگنا، پیاس اور رنج۔

بخار میں نبض تیز اور بھری ہوئی، کبھی سردی کبھی گرمی، گرم خشک جلد، درد، جلن اور جھنجھناہٹ کے ساتھ جلد کی خشکی اور کھجلی زیادتی :۔ شام کے وقت یا رات کو درد ناقابل برداشت، گرم کمرہ میں، بستر سے اٹھنے پر، تکلیف والے پہلو کروٹ لینے پر،

کمی :۔ دن میں، کھلی ہوا میں، آرام کرنے سے، بستر میں نہیں پسینہ کے بعد۔

معاون :۔ ایسٹک ایسڈ، بیلاڈونا، بربرس ولگ، سلفر

مصلح :۔ آرنیکا (زخموں میں چوٹوں یا خراشوں کی صورت میں)

طاقت :۔ ۳ سے ۳۰ طاقت تک مستعمل ہے۔

# ایگنس کاسٹس

AGNUS CASTUS

## خصوصی علامات

۱۔ دماغ غیر حاضر، سوچنے کی اہلیت میں کمی

۲۔ قبل از وقت بڑھاپا

۳۔ مکمل نامردی

۴۔ لیکوریا (سیلان الرحم) جس میں رطوبت غیر محسوس طور پر ڈھیلے

www.pdfbooksfree.pk

ڈھالے اعضائے متعلقہ سے نکلا کرے۔

## عام استعمال

یہ دوا زیادہ تر آلات تناسل پر اثر انداز ہوتی ہے۔ مردوں اور عورتوں پر اس کا اثر یکساں ہے، مگر مردوں میں زیادہ وضاحت سے ہوتا ہے۔ کثرتِ جماع کی وجہ سے مریض قبل از وقت بوڑھا نظر آئے سوزاک کئی بار ہو چکنے کی وجہ سے نامردی کا عارضہ ہو، موچ آ جانے، جوڑ اتر جانے کے لئے بھی موثر دوا ہے۔ جسم کے تمام حصوں میں کاٹنے والی کھجلی ہو، بالخصوص آنکھوں میں تو یہ دوا موثر و مفید ہوتی ہے۔

## عمومی علامات

مالیخولیا، موت کا خوف، غمگینی کے ہمراہ جلد مر جانے کا خیال ہو، خالی الذہن، جلد بھول جائے، ارادے پست ہوں، مریض سے کستوری یا بہرنگ مچھلی کی بو آتی ہے، طبیعت گری گری اور اداس ہے۔

آنکھوں کی پتلیاں پھیلی ہوئی، آنکھوں میں خارش، روشنی ناقابل برداشت۔ تل میں سوجن اور دکھن، پاخانے نرم ہوں اور بدقت خارج ہوں، اندر کی طرف لوٹ جاتے محسوس ہوں، گہرا اشتقاق مقعد، ابکائیوں کے ہمراہ ایسا محسوس ہو کہ انتڑیاں نیچے کو دبائی جا رہی ہیں۔ آنتوں کے نچلے حصہ کو پکڑتا جاتا ہے۔

مردوں میں پیشاب کی نالی سے زرد رطوبت خارج ہو، ایستادگی بالکل نہ ہو، نامردی، عضو ٹھنڈا اور سکڑا ہوا، خواہش مفقود، سیلنیم،

www.pdfbooksfree.pk

کونیم، ہیبل سیپرولاٹا)

بلا ابت دگی تھوڑی سی منی خارج ہو جاتی ہو، قرحہ ہو، خصیے لٹکے ہوئے ہوں، سوجے ہوئے سخت ہوں اور درد کریں۔

عورتوں میں حیض مقدار میں کم، جماع سے سخت نفرت ہو، اندام نہانی خشک ہوتی اور سیلان الرحم ہو، چھاتیوں میں درد شدید ہو، متلی رہتی ہو، بانجھ ہو، زرد رنگ نے پر شفاف سیلان الرحم جاری ہو۔

**معاون :۔** آلاتِ تناسل کی کمزوری یا نامردی میں اگنیس کاسٹس کے بعد کیلیڈیم اور سیلینیم بہتر کام کرتے ہیں۔

**طاقت :۔** ۲x سے ۱۲x تک اور ۲۰۰ طاقت۔

---

# ایلو

ALOE

## خصوصی علامات

۱۔ لیس دار بلغم کے ٹکڑے حلق یا مبرز سے گریں یا ان میں پیدا ہو جائیں۔

۲۔ دست جس کے لئے کھانے اور پینے کے فوراً بعد پاخانہ کو بھاگنا پڑے (کروٹن ٹگ)

۳۔ مبرز کی نالی پر بالکل اعتبار نہ ہو، صبح سویرے بستر سے اجابت کے لئے بھاگنا پڑے (سورینم، رومیکس، سلفر)

www.pdfbooksfree.pk

۴۔ درد شکم پاخانہ سے پہلے اور اس کے دوران۔
۵۔ درد شکم اور مروڑ کے دوروں سے قبل قبض کی شکایت ہو۔
۶۔ پاخانہ سے قبل مبرز میں بھاری پن محسوس ہو۔

## عام استعمال

یہ دوا جسمانی طاقتوں کو بحال کرنے کے لئے، جبکہ کثرتِ استعمال ادویہ کی وجہ سے دوا اور مرض کی علامات مل جلی ہوں، نہایت اعلیٰ ہے اس سے بڑھ کر دوسری کوئی ایسی دوا نہیں جس میں جگر کی طرف خون لے جانے والی وریدوں میں اجتماع خون کی اس قدر علامات ہوں اور اس قدر عمدہ نتائج حاصل ہوتے ہوں، اسی لئے بواسیر کی بہترین ادویہ میں یہ دوا بھی شامل ہے۔ مبرز اور پاخانہ کے دیگر عوارض میں بھی مستعمل و مفید ہے۔

## عمومی علامات

پاخانہ زرد خون ملا ہوا یا شفاف توام کی طرح آؤں ملی ہوئی۔ بعض اوقات آؤں اتنی زیادہ ہوتی ہے کہ لوتھڑے غیر محسوس طور پر مقعد سے نکل پڑتے ہیں۔ بعض اوقات پیشاب کرتے وقت یا ریاح خارج کرتے وقت خود بخود پاخانہ ہو جاتا ہے، بواسیری انگور کے گچھے کی طرح سے مقعد سے نکل آئیں اور ان کو سرد پانی سے آرام ہو۔ ایسا معلوم ہو کہ مقعد کے اوپر کسی بھاری چیز کا بوجھ ہے اور اگر مقعد کو سکوڑا جائے تو گر پڑے۔ ریاح کے ساتھ پاخانہ ہو جانا (آلینڈر، میوریٹک ایسڈ)

پیٹ میں پاخانہ کے قبل بہت گڑگڑاہٹ ہونا اور سرپڑ اور مقعد

www.pdfbooksfree.pk

میں بوجہ معلوم ہونا، انگور کے گچھوں کی طرح کا نیچے نکل آنا، سرد پانی سے آرام ہونا (میوریاٹک ایسڈ میں گرم پانی سے آرام ملتا ہے)

ایلو اور میوریاٹک ایسڈ دونوں میں بواسیر ہوتی ہے۔ ایلو میں کمزوری زیادہ ہوتی ہے لیکن میوریاٹک ایسڈ میں دکھن زیادہ ہوتی ہے حتیٰ کہ بستر سے اور چھونے سے بھی تکلیف ہوتی ہے۔ ایلو میں بواسیر کے مسّے انگور کے گچھوں کی طرح باہر نکل آتے ہیں اور ان کو سرد پانی سے آرام ہوتا ہے۔

یہ ایک تعجب کی بات ہے کہ مبرز کی کمزوری قبض میں بھی معلوم ہوتی ہے اور بستہ پاخانہ بھی خود بخود نکل جاتا ہے۔ پاخانہ کی خصوصیت یہ ہے کہ علی الصبح قریب پانچ بجے کے حاجت کی وجہ سے جاگ پڑے اور بمشکل تمام جلدی سے پاخانہ جا سکے۔ ایسی حالت میں سلفر، گمبوجا اور براٹیونیا کا مقابلہ کرنا چاہیے۔

کروٹن ٹگ میں بھی صبح کو دست آتے ہیں، ہلکا زرد پتلا پانی کا ایسا بلا درد کے اور کثیر مقدار میں ایک دم زور سے پاخانہ ہونا ضروری ہے جس کی وجہ سے نہایت کمزوری ہو۔ سلفر کے دست میں آؤں والا پاخانہ پتلا بلا درد کے یا غیر منہضم غذا پاخانہ میں خارج ہو اور مریض اٹھ کر صبح کو پاخانے جانے کے لئے بھاگے۔ گمبوجا میں زرد پاخانہ زبردستی نکل پڑے اس کے ساتھ ریاح بھی خارج ہوں۔ براٹیونیا میں سیاہ اور گندا سڑے ہوئے پنیر کی طرح بدبودار پاخانہ ہو اور کچھ دور چلنے کے بعد پاخانہ زور کرے یعنی سو کر اٹھنے کے فوراً بعد نہیں آتا ہے بلکہ کچھ دیر کے بعد۔

لیکن ایلوز میں ایک عجیب حالت معلوم ہوتی ہے کہ گویا مقعد میں شدید کمزوری ہے خاص کر مبرز میں اور مریض محسوس کرتا ہے کہ باوجود

www.pdfbooksfree.pk

رکنے کے بعد بھی پاخانہ نکل پڑے گا۔ حتی کہ مریض پاخانہ نکل جانے کے اندیشہ سے پیشاب کرنے اور ریاح خارج کرنے سے بھی ڈرتا ہے ایسا محسوس ہو کہ اعضائے تناسل اور مقعد کے درمیان کسی نے کیل ٹھونک دی ہے

(بیربلف، تھوجا، کالیکم)

میٹھا میٹھا دردِ سر، الجھن اور بھاری پن کے ساتھ، پیشانی سے لیکر ناک کی جڑ تک ہو جس کی وجہ سے مریض آنکھیں بند رکھنا چاہے اور اپنے خیال کو یکسو قائم کر سکے۔

ایلو کا دردِ سر جاڑے کے موسم میں زیادہ ہوتا ہے اور دست گرمی کے موسم میں۔ جاڑے کے موسم کی خرابیاں، کاربوویج، سباڈیلا، سلفر اور نکس وامیکا میں بھی ہوتی ہیں۔

ضعیف افراد کا پیشاب نہ رک سکنا بھی ایلو سے درست ہوتا ہے۔

زیادتی:۔ علی الصبح گرم خشک موسم میں، کھانے یا پینے کے بعد۔

کمی:۔ ٹھنڈک، کھلی ہوا میں۔

معاون:۔ سلفر

مصلح:۔ ایکم

طاقت:۔ تیس طاقت سے ۲ طاقت تک

www.pdfbooksfree.pk

# ایلیم سیپا

ALLIUM CEPA

## خصوصی علامات

۱۔ زکام، مقدار میں زیادہ پانی کا سا اور ناک سے تیز سوزش پیدا کرنے والی رطوبت۔

۲۔ نرخرے حنجرے کے ورم سے کھانسی، ایسا محسوس ہو کر کھانسی گلے کو پھاڑ ڈالے گی۔

۳۔ پاؤں میں رگڑ سے چھوٹے کا سا درد ہو۔

## عام استعمال

ناک یا آنکھ سے پانی کی سی خارش پیدا کرنے والی رطوبتوں کے اخراج ہوں تو یہ دوا مستعمل و مفید ہے۔

## عمومی علامات

زکام جس کے ساتھ درد سر ہو خاص کر پیشانی میں، گرم کمرہ میں اور شام کو زیادہ، چہرہ میں ڈورے کی لکیر کے مانند درد ہو۔

آنکھ یا ناک پر سرخی اور جلن، آنسو بہیں، روشنی کی طرف دیکھنے سے تکلیف ہو، چھینکیں آئیں، خاص کر گرم کمرہ میں آنے سے ناک سے بہت پانی بہے، ناک کی جڑ پر کوئی چیز اٹکی ہوئی معلوم ہو، زور کا

www.pdfbooksfree.pk

کا بہتا ہوا زکام۔ درد سر، کھانسی، آواز بھاری۔

معدہ میں ریاح کی گڑگڑاہٹ، بدبودار ریاح خارج ہوں اسہال نہایت بدبودار۔

آواز بھاری، ٹھنڈی ہوا کی سانس لینے میں ہک ہک کرنے والی کی نسی آنے، حلق میں خراشش، ایسا معلوم ہو کہ حلق چھل گیا ہے۔ سانس لینے میں تکلیف۔

زیادتی:۔ شام کو، گرم کمرے میں

کمی:۔ کھلی ہوا میں اور ٹھنڈے کمرے میں

معاون:۔ فاسفورس، پلسا ٹیلا، سارسا پریلا، تھوجا

مصلح:۔ آرنیکا، کیمومیلا، کاٹنیا، نکس وامیکا، تھوجا، ورٹیرم

طاقت:۔ پہلی طاقت سے ۳۰ طاقت تک۔

---

# ایمبر اگریسیا

AMBRA GRISEA

## خصوصی علامات

۱۔ دوسروں کی موجودگی یہاں تک کہ نرس کی موجودگی میں پاخانہ نہ کر سکے۔

۲۔ سیلان الرحم ریشہ دار گاڑھا، سبزی مائل سفید آنول کا سا۔

www.pdfbooksfree.pk

## عام استعمال

اس دوا کا اثر نازک مزاج اور بیمار صورت اشخاص پر ہوتا ہے، جن کو ٹھنڈ آسانی سے لگ جاتی ہو۔ یعنی ایسے بچوں یا جوان لڑکیوں پر جو کہ عصبی طبیعت کے ہوں اور کمزور ہوں اور جن کو جلدی طیش آجاتا ہو یا ان عمر رسیدہ مردوں پر جن کے اعصاب کمزور ہو چکے ہوں اور جن کو جھٹکے آتے ہوں، سخت قبض ہو اور جو کہ ہر کام جلد بازی سے کرتے ہوں اور ان کے خیالات میں وقت بہت آہستہ گزرتا ہو۔

کھانسی میں بھی یہ دوا مفید ہے جو کہ عصبی اور تشنجی قسم کی ہو کہ کھانسی کے ساتھ گلا بھی بیٹھ گیا ہو۔ دیگر اشخاص کی موجودگی میں یا گفتگو کرنے اور پڑھنے سے کھانسی کا زور ہو جاتا ہے اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ حلق میں کچھ رکا ہوتا ہے۔

یہ دوا اس وقت بھی مفید ہوا کرتی ہے جبکہ خفیف سی بات پر مثلاً لمبا سفر کرنے یا سخت پاخانہ کے آنے سے خون حیض جاری ہو جاتا ہو، حیض قبل از وقت آتے ہوں اور دوران وقفہ کے لیکوریا یا سیلان الرحم بر رنگ نیلگوں آیا کرتا ہو۔ اندام نہانی میں دکھن اور سوجن ہو اور ساتھ ہی خارش بھی ہوتی ہو۔

## عمومی علامات

ذہنی طور پر مریض مردم بیزار ہوتا ہے۔ تنہا رہنا چاہتا ہے۔ گانا سننے سے رونا آئے، مایوسی، زندگی سے نفرت، شرمیلا ہو، بے چین رہے اور

www.pdfbooksfree.pk

واہی تباہی بکے۔

سر چکرائے، سر میں کمزوری، دماغ کے اوپر کے نصف حصہ میں پھیلنے والا درد ہو، کھانا کھانے کے وقت دماغ کی طرف دوران خون ہو، سنائی کم دینے ہو گیا ہے۔

ڈکاریں آئیں، اس کے ساتھ تشنجی کھانسی، سینہ میں جلن، آدھی رات کے بعد پیٹ اور پیٹرو پھول جائے، پیٹ میں ٹھنڈک معلوم ہو، اعصابی تشنجی کھانسی، اس کے ساتھ آواز جاری اور ڈکاریں جو کہ صبح کو چلنے پر آئیں، دوسرے کے سامنے شکایت زیادہ ہو۔ تشنجی صبح نکلنے والی کھانسی، دھڑکن معہ سینہ کے بوجھ کے، ایسا معلوم ہو کہ سینہ میں کچھ اڑا ہے، اپنی نبض خود معلوم ہوتی ہو، کھلی ہوا میں دل دھڑکے۔

مثانہ اور مقعد میں ساتھ ساتھ درد اور جلن، پیشاب میں ایسا معلوم ہو کہ چند قطرے پیشاب کے رک گئے ہیں، پیشاب کرنے کے وقت پیشاب کی نالی میں جلن اور کھجلی، پیشاب کی دھار بھی گندی معلوم ہو۔
عورتوں کو کثرت مجامعت کا مذاق، عورتوں کے پیشاب اور پاخانہ کے مقام کے درمیان سوجن، دکھن اور کھجلی، حیض بہت جلد، کثیر المقدار نکلیں، رات کو سیلان الرحم زیادہ ہو۔ ایام حیض کے درمیان ذرا سی کچھ بات ہونے پر بھی خون جاری ہو جاتے۔

فوطوں میں سخت کھجلی ہو، گو اوپر سے سن ہوں لیکن اندر جان ہو، بہت زور سے ایستادگی ہو۔

ہاتھ، پیر، انگلیوں اور ٹانگوں میں تشنج ہو، تفکر کی وجہ سے نیند نہ آئے، اٹھ کر بیٹھنا پڑے، متوحش خواب دیکھے، جلد میں کھجلی اور دکھن،

www.pdfbooksfree.pk

خاص کر اعضائے تناسل میں۔

زیادتی :۔ گرم اشیاء کے پینے سے ، گرم کمرہ میں ، موسیقی سے ، لیٹنے سے پڑھنے سے یا آواز بلند بولنے سے ، دیگر اشخاص کی موجودگی میں جاگنے سے۔

کمی :۔ کھانا کھانے کے بعد ، ٹھنڈی ہوا میں ، ٹھنڈی خوراک سے ، ٹھنڈی اشیاء پینے سے ، بستر میں اٹھ کر کھڑے ہونے سے۔

مصلح :۔ کیمفر ، کافیا ، نکس وامیکا ، پلساٹیلا ، سٹافی سگیریا۔

---

# امونیم کارب AMMONIUM CARB.

## خصوصی علامات

۱۔ نکسیر جب صبح کو منہ ہاتھ دھوتا ہو (آرنیکا ، میگنیشیا کارب)

۲۔ نکسیر کھانا کھانے کے بعد

۳۔ ناک کا بند ہو جانا خصوصاً رات کے وقت ، منہ کے راستے سانس لینا پڑے۔

۴۔ شیر خوار بچے سو نہ سکیں کیونکہ بندش کے باعث ناک کے ذریعہ سانس نہ آئے۔

۵۔ حیض کے آغاز پر ہیضہ کی سی علامات (بووسٹا ، ورٹیرم)

۶۔ حیض کے دوران تھکاوٹ محسوس ہو

www.pdfbooksfree.pk

# عام استعمال

یہ مضبوط اور گٹھیلے بدن والی عورتوں کی خاص دوا ہے۔ بشرطیکہ وہ جلدی تھک جاتی ہوں، جلدی زکام قبول کر لیتی ہوں، اور ایام ماہواری سے قبل ان میں حیض کے مشابہ علامات پائی جائیں۔ اور عام طور پہ بیٹھنے کی عادی ہوں۔ چلتی پھرتی کم ہوں اور ان کا دل کمزور ہو اور عام امونیا سونگھنے کی عادی ہوں۔ جنہیں ایام ماہواری قبل از وقت اور زیادہ مقدار میں آتے ہوں۔ اس دوا کا اثر حلق اور آلاتِ تنفس پہ خاص طور پر ہوتا ہے۔

موٹے آدمی جن کے دل کمزور ہوں، سانس تنگی سے آئے اور گلے کی بندش محسوس کریں صحیح معنوں میں اس دوا کے مریض ہوتے ہیں، ایسے افراد کو ٹھنڈی ہوا میں جاتے ہی زکام لگ جاتا ہے۔ ان لوگوں کو انیونیوں کی طرح پانی سے ڈر لگتا ہے اور اس کو ہاتھ لگانے سے بھی کانپتے ہیں اور اس کی شکل سے ہی ڈر جاتے ہیں۔ خون میں پیشاب کے زہر کا سرایت کر جانا، تمام اعضاء میں بھاری پن۔ اس کا مریض گندی عادتوں والا اور گندہ رہنے والا ہوتا ہے، جسم کے کسی عضو میں سوجن، غدودوں کی سوجن اور تیزابی مواد کا اخراج بھی اس دوا کے زیر اثر آتا ہے۔

# عمومی علامات

ذہنی طور پہ مریض بدمزاج، چڑچڑا، زودرنج اور بہت جلد بھول جانے والا ہوتا ہے۔ اس میں فاسد مادوں کی بھرمار ہوتی ہے۔ خاص کر طوفانی موسم میں یہ علامات زیادہ واضح ہوتی ہیں۔

www.pdfbooksfree.pk

دماغ میں ورم ہو، جسم سرد اور نبض کمزور ہو، ماتھے میں دھڑکن ہو، آنکھوں کے لئے روشنی ناقابل برداشت ہو، جلن ہو، زیادہ دیر تک نظر جما کر نہ دیکھ سکے۔

نزلہ جس میں ناک بند ہو اور مریض دم گھٹنے کے باعث بیدار ہو جائے۔ سوزش نزلہ جس کے ہمراہ حلق میں جلن ہو، منہ دھونے وقت نکسیر پھوٹے۔

چہرہ پہ پھنسیاں ہوں، جن میں دکھن اور جلن محسوس ہو، منہ خشک ہو، دانتوں میں درد ہو، زبان پہ آبلے ہوں، ذائقہ کڑوا ہو، ہونٹ نیلگوں ہوں، خشک کھانسی، سینہ میں جلن، شدید اختلاج قلب ہو، دم گھٹ کر آئے اور حرکت سے غشی لاحق ہو۔

پیٹ میں درد اور گڑگڑاہٹ، مقعد میں خارش ہو، بواسیر اپنے دورے کے وقت نہایت تکلیف دہ ہو، بواسیر کے مسّے باہر نکلتے رہتے ہوں، پیشاب کی بار بار حاجت ہو۔

جلد پہ شدید خارش، جلن دار آبلے، بالخصوص اعضائے تناسل اور دھڑ کے قریب۔

**زیادتی:۔** سرد مرطوب موسم میں، ترا شیا ہ کھانے سے، ۳ بجے سے ۴ بجے صبح تک ایام حیض میں اور نہانے سے۔

**کمی:۔** شام کے وقت، معدہ کے بل لیٹنے سے، داہنی کروٹ پہ لیٹنے سے، اوندھے کروٹ لیٹنے سے، بیرونی دباؤ سے، گرم کمرے میں، خشک ہوا میں۔

**مخالف:۔** لیکے سس

www.pdfbooksfree.pk

مصلح :- آرنیکا، کیمفر

طاقت :- چھوٹی ہی طاقتیں زیادہ تر مستعمل و مفید ہیں۔

# انٹی مونیم ٹارٹ ANTIMONIUM TART.

## خصوصی علامات

۱۔ جب مریض کھانستا ہو تو پھیپھڑے کی نالیوں میں بلغم کی بہت بڑی مقدار جمع معلوم ہوتی ہے۔

۲۔ چہرہ، ٹھنڈا، نیلا، پیلا، ٹھنڈے پسینہ میں تر (انگوریکم)

۳۔ سیب کھانے کی غیر معمولی خواہش۔

۴۔ قے کے بعد غنودگی اور نقاہت۔

۵۔ دم گھٹنے، غنودگی اور بے ہوشی کے ساتھ بعید غنیدیا نیند کی نہ رکنے والی خواہش۔

## عام استعمال

اس کا استعمال آلاتِ تنفس کے امراض میں اکسیر ثابت ہوتا ہے۔ بلغم کا چھاتی میں غرغراہٹ اور کثرت سے خارج ہونا اس کی مخصوص علامات ہیں۔ غنودگی، کمزوری اور پسینہ آنا ایسی علامات ہیں کہ جہاں پر یہ دوائی استعمال کی جائے وہ کم و بیش ضرور موجود ہوتی

www.pdfbooksfree.pk

چاہئیں، شراہیوں کی اور نقرسی افراد کے فتور انہضام، ہیضہ، رنگوں میں سردی محسوس ہونا، تمام بدن کا نپنا، سخت کمزوری، غشی اور درد کمر کے لئے بہت مفید ہے۔

## عمومی علامات

ذہنی طور پر مریض میں ہذیان کی کیفیت ہو، اپنے آپ ہی باتیں کرے، اکیلا رہنے کا خوف، ذرا ذرا سی بات سے خائف ہو، شام کے وقت کچھ زیادہ ہی خوشی طاری ہو، طبیعت سست، خائف اور بے قرار، بڑبڑائے بغیر کسی کو اپنا آپ چھونے نہ دے۔

زبان سفید ہو، جیسے مشا میل ہو، کنارے سرخ، بعض دفعہ صرف بیچ میں سرخ اور خشک۔

چہرہ سرد اور نیلگوں، زرد، چہرہ پہ سرد پسینہ، ٹھوڑی اور نیچے کا جبڑا متواتر کانپتا ہوا۔

رقیق چیز آسانی سے حلق سے نہ اترے، بجز داہنی کروٹ لیٹنے کے کسی دوسرے پہلو لیٹنے پر تے ہو جائے۔ متلی، ابکائی اور تے خاص کر کھانا کھانے کے بعد، تے آنے کے بعد غشی ہو، ٹھنڈے پانی کی زیادہ پیاس۔

سینہ میں بلغم آواز دے، کھنکھارنے سے بہت کم نکلے، سینہ میں جلن جو حلق تک پہنچے، پانی تھوڑا اور بار بار پیئے، تشنجی قولنج ریاح کی زیادتی، پیٹ میں دباؤ، خاص کر آگے جھکنے سے، ہیضہ، ضیق النفس (سانس کی تکلیف) جلد جلد سانس لے، سانس لینے

www.pdfbooksfree.pk

میں تکلیف، ایسا معلوم ہو کہ دم گھٹ جائے گا۔ اٹھ کر بیٹھنا پڑے دم بدم کھانسی اور سانس کے لئے منہ پھیلاتے، پھیپھڑوں، ہوا کی نالیوں میں بلغم خوب بھرا ہوا، کھانے سے کھانسی زیادہ ہو اور سینہ اور حلق میں درد ہو، پھیپھڑوں کے مفلوج ہونے کا اندیشہ ہو، دھڑکن اور سینہ میں گرمی، نبض تیز اور کمزور۔

کمر میں سخت درد، خفیف حرکت کرنے سے (اٹھنے سے) بھی متلی ہو اور سرد پسینہ آئے، نشست گاہ کی ہڈی میں بوجھ ہو اور معلوم ہو کہ نیچے کی طرف کھینچتی ہے۔

چیچک ہو، مواد بھرے ہوئے دانے نکلیں اور ان کے اچھے ہونے پہ سرخ اور نیلگوں نشان بن جائیں۔

ہر تکلیف میں بے حد غفلت اور غنودگی کی کیفیت ہو، بہت نیند معلوم ہو۔

بخار میں جس میں پیاس بھی زیادہ ہو اور پسینہ بھی زیادہ ہو اور مریض پر غفلت طاری رہے۔

زیادتی :- شام کے وقت، رات کو لیٹنے سے، گرمی سے، مرطوب ٹھنڈے موسم سے۔ تمام کھٹی چیزوں اور دودھ سے۔

کمی :- سیدھا بیٹھنے سے، ابکائی اور بلغم کے اخراج سے۔
کھلی ہوا میں دائیں کروٹ لیٹنے سے۔

معاون :- فاسفورس

مصلح :- ایسافوٹیڈا، کوکولس انڈیکا، چائنا، کونیم، رسٹاکس، اپیکاک، لاروسیراسس، مرکیورلیس، اوپیم، پلساٹیلا، سیپیا۔

www.pdfbooksfree.pk

طاقت:- ۲ سے ۳۰ طاقت تک۔

(نوٹ:- چھوٹی طاقتیں تکالیف کو بڑھاتی ہیں)

---

# اینٹی مونیم کروڈ

ANTIMONIUM CRUD.

## خصوصی علامات

۱- بچوں اور نوجوان افراد میں موٹا ہونے کا میلان۔

۲- بچے چڑچڑے، چھوا جانا یا اپنی طرف دیکھنا جانا برداشت نہ کر سکیں۔

۳- بیحد غمگینی

۴- ہاضمہ کی تکالیف زیادہ کھانے سے

۵- زبان پہ موٹی دودھ کی سی سفید میل کی تہہ (یہ نشان اس دوا کا نہایت قیمتی ہے۔)

۶- بلغمی رطوبت مقعد سے تیز سوزش پیدا کرتی ہوئی رستی ہے۔

۷- بلغمی بواسیر ہو۔

۸- پاؤں کے تلوؤں میں بڑے بڑے گٹے ہوں چلتے وقت بہت درد کریں۔

۹- سورج کی گرمی برداشت نہ ہو سکے۔

۱۰- موسم گرما میں تھکا ہوا اور کمزور محسوس کرے۔

www.pdfbooksfree.pk

# عام استعمال

معدہ اور آنتوں کے امراض کے لئے مفید ہے (خاص طور پر بچوں میں)

ہر قسم کی کھانسی مع کالی کھانسی کے ابتدائی درجہ میں مستعمل ہے، جبکہ ساتھ زبان پر سفید میل بھی ہو۔ سب ہضمی اور بسیار خوری سے ہونے والی قے کے لئے خاص دوا ہے۔ بچوں کے خناق، اسہال، آنتوں کے کیڑے اور دودھ الٹنے کے عوارض میں بھی استعمال ہوتی ہے۔ کرم خوردہ دانتوں کے درد میں بھی نافع ہے۔ پرانے آتشک میں جو ہڈیوں تک سرایت کر چکا ہو یہ خاص دوا ہے۔ خشکی سے منہ کے کنارے یا نتھنے پھٹے ہوئے ہوں اور دکھیں یا ناخن کے پھٹے ٹکڑوں میں بڑھیں تو یہ دوا مفید ثابت ہوتا ہے۔

# عمومی علامات

ذہنی طور پر مریض زود رنج ہو، پاگل پن کی طرف مائل نظر آئے۔ زندگی سے نفرت ہو، جی چاہے کہ اپنا سر پھوڑ کر بھیجا نکال ڈالے یا ڈوب مرے۔ بچہ یہ نہ برداشت کرے کہ کوئی اس کو چھوئے یا اس کی طرف دیکھے یا اس سے بات کرنے پر چیخے (سلیشیا) یا اگر چھوا جائے تو چلائے (سانٹا، سٹائی سیگریا، کیمومیلا، نکس وامیکا)

سر میں الجھن، متوالا پن، چکر اور اس کے ساتھ متلی ہو۔ نہانے سے درد سر ہو جاتے، سر میں اجتماع خون سے کمزوری، معدہ کے بگاڑ سے درد سر۔

www.pdfbooksfree.pk

آنکھ کے پپوٹے سرخ، سوجے ہوئے آشوبِ چشم ان میں جلالانے کا سا درد ہو۔ کوؤں میں کھچاؤ ہو۔

کان میں بھنبھناہٹ، کم سنائی دے، ایسا معلوم ہو کہ کان پر کسی نے پٹی باندھ دی ہے۔

نتھنوں کا کٹا پٹا اور پھیلا ہوا ہونا، سانس لینے میں ناک سرد معلوم ہو، دردِ سر کے بعد ناک سے خون بہنا، نتھنوں میں پپڑی جمی ہوئی ہو۔

منہ کے گوشے پھٹے ہوئے اور دکھن، سڑے ہوئے دانتوں میں درد، دانتوں میں کیڑے لگ جائیں، دانتوں اور مسوڑھوں سے خون نکلے، دانت کا درد، ٹھنڈی سانس لینے سے زیادہ ہو، منہ خشک، زبان پر سفید دبیز سا میل جما ہوا، ذائقہ کڑوا۔

پیٹ پھولا ہوا اور بھرا ہوا معلوم ہو خاص کر کھانا کھانے کے بعد، ڈکار میں کھانے کا ذائقہ معلوم ہو، زیادہ کھانے کی وجہ سے بگاڑ۔ فمِ معدہ میں مروڑ کا درد اور پیٹ میں کاٹنے والا درد، سخت متلی اور صفراوی قے ہو، معدہ خالی ہو، ایسی زبردست متلی ہو کہ کسی چیز سے نہ رکے، پیٹ میں ریاح جمع ہوں جن کی وجہ سے گڑگڑاہٹ ہو۔

پاخانہ سخت ہو اور دقت سے خارج ہو یا بہت پتلا پاخانہ پانی کا سا اس کے ساتھ پیٹ میں درد، پاخانہ میں زرد آؤں نکلے، ایسا معلوم ہو کہ بہت پاخانہ ہوگا مگر صرف ریاح خارج ہو اور آخر میں سخت پاخانہ ہو

پیشاب اکثر بکثرت ہو، پیشاب میں جلن، کھانسنے میں بے اختیار پیشاب خطا ہو جائے۔

لرزہ کے ساتھ بخار جس میں پیاس نہ ہو، لرزہ کے بعد پسینہ ہو اور

www.pdfbooksfree.pk

پسینہ کے بعد بخار ہو اور کسی حالت میں پیاس نہ ہو۔
منہ کے کنارے یا انگلیوں کے ناخن کٹے پھٹے۔
بواسیر جس سے متواتر رطوبت خارج ہوا کرتی ہے۔

زیادتی:۔ شام کو، کھانے کے بعد، ٹھنڈے پانی سے نہانے سے، آگ یا دھوپ کی گرمی سے، زیادہ سردی یا گرمی سے۔
کمی:۔ آرام سے، کھلی ہوا میں، مرطوب گرمی سے یا گرم پانی کے ساتھ نہانے سے۔
معاون:۔ سکوکیلا۔
مصلح:۔ کلکیریا، ہیپر سلف، مرکیوریس۔
طاقت:۔ ۳ طاقت سے ۳۰ طاقت تک اور اوپر

---

# بپٹیشیا BAPTISIA

## خصوصی علامات

۱۔ تمام رطوبات اور اخراج متعفن ہوں۔
۲۔ مریض صرف رقیق اشیاء نگل سکے (ایبرنیا کارب)
۳۔ حلق کا پکنا بغیر درد کے، گلے کے غدودوں کا متورم ہونا۔
۴۔ مریض جس وضع سے بھی لیٹے اور جس کروٹ بھی دراز ہو وہ تھکی ہوئی محسوس ہو اور درد کرے (پائیروجینیم اور آرنیکا سے مقابلہ کریں)۔

www.pdfbooksfree.pk

# عام استعمال

اس دوا کا جسمانی کمزوری، مسلسل ہلکے بخاروں، خون کی زہریلی کیفیت، ملیریا کے زہر اور حصبہ سے زیادہ نقاہت پر گہرا اثر ہوتا ہے۔ جسم کے تمام حصص پر دباؤ ناقابل برداشت ہو، جس جانب مریض لیٹے وہ درد کرتے ہیں۔ تمام اخراج نہایت بدبودار ہوتے ہیں مثلاً سانس، پاخانہ، پیشاب، پسینہ وغیرہ، دائیں جانب زیادہ ماؤف ہوتا ہے۔

انفلوئنزا، بچوں کی مرض سمیت جیچک پاخانے اور منہ کا بدبودار کرتے ہوں تو یہ دوا مستعمل ہے۔ نچلی طاقت میں یہ دوا تپ محرقہ کے جراثیم کو فنا کرتی ہے اور مریض کے جسم میں ان کے خلاف قوت مدافعت پیدا کرتی ہے۔ اگر ٹائیفائڈ ویکسین کا ٹیکہ لگوانے پر ٹیکے کے بد اثرات ظاہر ہوتے ہوں تو اس دوا کو نہ بھولنا چاہیے۔ تپ محرقہ کے مریض کے اچھا ہونے پر بھی یہ دوا کچھ دیر تک دیتے رہنا چاہیئے تاکہ جراثیم پورے طور پر ختم ہو جائیں اور دوسروں تک نہ پھیلنے پائیں۔

عورتوں میں پرسوت کے بخار کے لیے بھی بپ ٹیشیا ایک لاجواب دوا ہے۔

# عمومی علامات

ذہنی طور پر مریض کے خیالات میں الجھن ہوتی ہے، غفلت اور سرسام، خاص کر رات کو کسی چیز پر خیال نہ جم سکے۔

سر بہت بھاری معلوم ہو۔ ہلکا ہلکا درد ہو۔ تشنج کا درد ہو ایسا

www.pdfbooksfree.pk

معلوم ہو کہ سر کے ٹکڑے ٹکڑے کر کے کسی نے بکھیر دیا اور وہ ان کو جمع کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔

چہرہ گرم جلتا ہوا اور تمتمایا ہوا۔

زبان، ایسا محسوس ہو کہ کھرچ دی گئی ہے، اس کے اوپر چپچپا، خشک میل ہو، خاص کر بیچ میں، خناق جس میں کہ زخم سیاہی مائل ہو اور سانس میں بدبو ہو۔

پاخانہ نہایت بدبودار اور کمزور کرنیوالا، اسہال، پاخانہ سیاہ اور پتلا پیچش میں پاخانہ، یا تو بالکل خون یا آؤں ملا ہوا۔ پاخانہ سے قبل تو لنج کا درد ہو اور درمیان اور بعد میں مروڑ ہو۔

پھیپھڑوں میں بلغم کا انجماد اور تنگی نفس (ضیق النفس)، بستر پر اٹھ کر بیٹھنے سے آرام نہ ہو، بلکہ تازہ ہوا کی غرض سے کھڑکی کے قریب جانا پڑے۔ آلات تنفس میں اس حد تک کمزوری کہ جی بھر کے سانس نہ لے سکے، سینہ میں رکاوٹ، داہنے پھیپھڑے میں درد اور ایسا معلوم ہو کہ سینہ بھر میں دل ہی دل ہے۔

جوڑوں میں جکڑن، ایسا معلوم ہو کہ موچ آگئی ہے، ایسا معلوم ہو کہ ہاتھ لمبے ہو گئے ہیں، پنڈلیوں میں کھنچاؤ کا درد، عضو کمزور ہو جاتیں اور کانپتیں۔

جسم کو دن بھر سردی محسوس ہوتی ہے، سارے جسم میں دکھن ہو، بخار کی حالت میں تمام جسم گرم اور خشک، اس کے بعد پسینہ، بدبودار مگر زیادہ نہ ہو، ٹائیفائڈ بخار، اس کے ساتھ سرسامی غفلت ہو کہ سر کے ٹکڑے ادھر ادھر بکھرے محسوس ہوں جن کو جمع کرنے کی کوشش کرے۔

www.pdfbooksfree.pk

زیادتی :- حرکت سے، مرطوب گرمی سے، کمرہ کے اندر، شور و غل سے دائیں جانب جھکنے سے۔

کمی :- آرام سے، کھلی ہوا میں۔

معاون :- نائٹولیکا، سینگونیریا، نیز ادوار خون میں اس کے بعد کروٹن، ہیما میلس، نائٹرک ایسڈ، پائروجن اور ٹیری بنتھنا مفید سمجھتے ہیں۔

مخالف :- ایمیس، آرنیکا، برائی اونیا، جیلیسی میم، ہائیو سیامس، کالی کارب، لیکیسس، مرکیوریس، میوریٹک ایسڈ، نائٹرک ایسڈ، نکس وامیکا، اوپیم اور رسٹاکس۔

طاقت :- مدر ٹنکچر سے ۱۲ طاقت تک۔

اس دوا کی چھوٹی طاقتیں ہی مفید و مؤثر ہوتی ہیں۔ خصوصاً ٹائیفائڈ میں ۳ طاقت سے اونچی طاقت استعمال کرنا لا حاصل ہے۔

---

# برائیونیا

BRYONIA

## خصوصی علامات

۱۔ گھٹیاوی یا بائی کے مزاج والے افراد جن کو صفرا کے دورے ہوتے رہتے ہوں

۲۔ درد، جن میں زیادتی حرکت سے، اندر سانس لینے سے، کھانسنے سے اور کمی بالکل چپ چاپ پڑے رہنے سے اور درد والی جانب لیٹنے سے ہو (پلیٹلیا، پیسا ٹیلا)

www.pdfbooksfree.pk

۳۔ بے حد خشکی تمام جسم کی بلغمی جھلیوں میں۔
۴۔ کھانسی خشک، سخت اور طویل۔
۵۔ پیاس شدید۔
۶۔ حیض کے دنوں میں شرمگاہ کی بجائے نکسیر کی صورت میں ناک سے خون آئے (فاسفورس)
۷۔ غصہ سے پیدا شدہ تکالیف۔
۸۔ غصہ کے بعد جاڑا محسوس ہو۔
۹۔ شکایات و تکالیف موسم گرما میں سردی لگ جانے سے یا گرم ہو جانے سے
۱۰۔ تکلیف کا شدید ہونا کسی حرکت سے اور سکون بالکل آرام سے چاہے وہ دماغی ہو یا جسمانی۔
۱۱۔ بے حد پیاس، زیادہ مقدار میں پانی پیئے لیکن لمبے وقفہ کے بعد۔
۱۲۔ درد سر کپڑوں کو استری کرنے سے یا ایسا ہی کوئی تپش والا کام کرنے سے (سیپیا)
۱۳۔ قبض آنتوں میں سستی اور کاہلی یا پاخانہ کی بالکل رغبت نہ ہو، پاخانہ بڑا، سخت، سیاہ، خشک، جیسے جلا ہوا۔
۱۴۔ دست، موسم کی شدید گرمی سے۔
۱۵۔ پستان بھاری ہوں، پستانوں کو سہارا دینا پڑے (فائٹولیکا)
۱۶۔ کھانسی، ابکائی اور قے کے ساتھ (کالی کارب)
۱۷۔ کھانسی، گرم کمرہ میں داخل ہونے پر۔

www.pdfbooksfree.pk

## عام استعمال

امراض ششں میں ایکونائیٹ کے بعد اس کا درجہ ہے۔ کھانسی، ہوا کی نالیوں کی کھانسی، پلورونمونیا، تپ محرقہ، پستانوں کے ورم، تپ مفاصل، اختناق کاذب، ورم پردہ ہائے دماغ، قبض، خون کی حیض کی بجائے نکسیر پھوٹنا، بچوں میں نمونیا، ذات الجنب صادق، خسرہ، وجع المفاصل، انفلوئنزا، دمہ، سرخ بخار، نقرس، یا ضرر، نزلی بخاروں، سوزش باریطون اور آنتوں کی سوزش وغیرہ میں مستعمل و مفید ہے۔

## عمومی علامات

ذہنی طور پر مریض بہت زیادہ غصیلا ہوتا ہے، ہر بات پر غصہ آئے۔ سرسام کے باعث رات کو اپنے کام کاج کے بارے میں بڑبڑائے، بستر پر سے اٹھ اٹھ کر جانا چاہے، کسی چیز کی خواہش کرنا مگر جب دی جائے تب نہ لینا، کوئی بھی تکلیف ہو، اس میں صبح کو بیدار ہونے کے کچھ دیر بعد ادھر ادھر چلنے پھرنے پر زیادتی ہو جاتی ہے (نکس وامیکا، نیٹرم میور، پاڈوفائلم نقد جا) سر چکرائے، متلی، غشی اٹھنے پر، سر میں بھاری پن، بیٹھنے سے اٹھنے پر چکر، مجبوراً پھر بیٹھ جائے، درد کی وجہ سے سر پھٹا پڑے، درد حرکت سے جھکنے سے آنکھیں کھولنے سے زیادہ ہو، دبانے سے کم ہو، درد سر صبح کو چلنے سے چاہتا ہوا اور کنپٹی سے لے کر گال کی ہڈی اور نیچے کے جبڑے تک، درد سر پیشانی سے لے کر گدی تک۔

آنکھوں کے چھوٹے چھوٹے ہوئے (ایضاً) داہنی آنکھ میں عموماً تکلیف

معمولی قاعدے کے خلاف برائیونیا میں گرمی سے آنکھ کی تکلیف زیادہ ہوتی ہے۔

نکسیر بہنا، بعض دفعہ حیض کی بجائے ناک سے خون جاری ہو۔

چہرہ زرد یا سرخ، گرم اور سوجا ہوا۔

ہونٹ خشک، سوکھے ہوتے، پھٹے ہوتے، منہ، حلق اور زبان میں خشکی، منہ میں آبلے پڑنا، زبان پر سفید یا زرد میل، زبان کھردری چٹختی ہوتی، مسوڑھے سیاہی مائل، دانت کا درد، منہ میں گرم چیز لینے سے زیادہ ہو، (مرکیوریس، پلسا ٹیلا، کلکیریا، ٹھنڈے پانی سے آرام (پلسا ٹیلا) معلوم ہو کہ دانت لمبے ہو گئے ہیں۔

بھوک زیادہ، کئی مرتبہ کھانا کھاتے، ذائقہ نہ معلوم ہو، تمام کھانا پینا کڑوا معلوم ہو، ذائقہ خراب، پانی زیادہ مقدار میں اور زیادہ دیر میں پیا جائے۔ کھانا کھانے کے بعد معدہ میں درد، بعد اس کے تمام معدہ میں ٹونی کے پاس اور پھر قے ہو جائے۔ حرکت کرنے سے درد زیادہ ہو، پت اور پانی کی قے ہو، حوالی جگر میں درد، جلن، ورم اور دکھن۔ جگہ میں کونچ جو کر دبانے، کھانسنے، سانس لینے سے زیادہ ہو۔

قبض ہے، پاخانہ خشک اور بہت سخت، موسم گرما میں اسہال آئیں۔

پیشاب سرخ بھورا اور کم مقدار میں، سفید مادہ نیچے بیٹھ جائے۔ پیشاب کرتے وقت پیشاب کی نالی میں سوزش۔

عورتوں میں حیض جلد اور مقدار میں زیادہ، یا پھر حیض کا رک جانا، جس کے ساتھ شدید درد سر ہو۔ عورت کے پستان پتھر کی مانند سخت ہوں۔

www.pdfbooksfree.pk

بلغم کے باعث سینہ میں گڑگڑاہٹ، کھلی ہوا میں کھانے پینے کے
بعد کھانسی زیادہ ہوتے ہو جائے ٹھنڈا پانی پینے سے آرام ہو، اسے
ایک گھونٹ ٹھنڈا پانی پینے سے آرام ہو (کاسٹیکم، کیوپرم) رات کو
بستر پر کھانسی کی وجہ سے مجبوراً سیدھا کھڑا ہونا پڑے، اور
دونوں ہاتھوں سے پکڑنا پڑے، سینہ کو پکڑنا پڑے (برائیونیا، سلفر) کھانسی
مع سینہ کی چبھن کے، لیسدار، سرخی مائل بلغم نکلے، سینہ کی کوچن کی وجہ
سے جلد جلد گھبراہٹ کے ساتھ مشکل سے سانس لی جائے۔ ذرا سی بھی
حرکت سے زیادہ ہو، کھانستے وقت انسان اپنے سینہ کی بیچ کی ہڈی کو
پکڑے، سینہ میں کوچن کی وجہ سے درد کے خوف سے سینہ کو پھیلا
نہ سکے۔

کمر میں جکڑن درد سر کے ساتھ، شانوں کی دونوں ہڈیوں کے بیچ میں
جلن۔

ہاتھ اور پیروں پہ چمکدار سرخی، وجع المفاصل والی سوجن، بازو کے اوپر
کے حصہ میں کوچن، پیر میں سوجن، گھٹنے میں درد اور جکڑن۔

بخار، لرزہ کے ساتھ، پیاس زیادہ مقدار میں ٹھنڈے پانی کے
لئے خواہش اور اس سے آرام ملے، کھانسی خشک مع سینہ کی کوچن کے،
لرزہ بعض اوقات صرف داہنی جانب، بعض دفعہ ہونٹ، ہاتھ اور پیر
کی انگلیوں کے سرے پہ سردی لگے، تپ مع پیاس اور کوچن کے۔
اعضاء میں درد حرکت سے زیادہ ہو، اندرونی گرمی گویا رگیں جل رہی ہوں
اور ان میں خون مثل کھولتے ہوئے سیسے کے دوڑ رہا ہے۔ گرمی سے
زیادہ کھلی ہوا سے آرام، بالکل خاموش بلا حرکت کے پڑے رہنے کو

www.pdfbooksfree.pk

بی جاتا ہے۔
چہرہ زرد، جلد زرد، یرقان، جوڑوں کا زہرباد۔

زیادتی:۔ حرکت سے، مشقت سے، چھونے سے، گرمی سے، گرم کھانا کھانے سے، رات کو، اخراج کو بند ہو جانے سے۔

کمی:۔ لیٹنے سے، خاص کر درد والے پہلو کی طرف دبانے سے، آرام سے، ٹھنڈک سے، ٹھنڈی چیزوں سے، دبانے سے، پسینے سے۔

معاون:۔ السیومنا، رسٹاکس، کالی کارب اور نیٹرم میورید۔

مخالف:۔ کلکیریا۔

مصلح:۔ اکونائٹ، السیومنا، کیمفر، ایفم ٹارٹ، چیلیڈونیم، کیمومیلا، کلیمیٹس، کافیا، اگنیشیا، نکس وامیکا، میوراٹک ایسڈ، پلساٹیلا، رسٹاکس۔

طاقت:۔ ۶ طاقت سے ۳۰ طاقت تک

# بربرس ولگرس
# BERBERIS VULGARIS

## خصوصی علامات

۱۔ گردوں کے مقام میں جلنا اور پھوڑے کا سا درد

۲۔ پتہ میں پتھری کے باعث درد

۳۔ بائیں گردے سے سوئیاں چبھنے کے سے درد گردے کی نالی میں سے

ہوتے ہوئے مثانہ اور مثانہ کی نالی تک جائیں (ڈیکم) دائیں گردے میں (لائیکو پیڈیم)

## عام استعمال

یہ دوا عام طور پہ گردوں اور مثانہ کے عوارض میں مستقل و مفید ہے علاوہ بریں پتہ، جگر اور بلغمی جھلی پہ بھی اس کا خاص اثر ہوتا ہے۔

## عمومی علامات

حوالی گردہ میں چبھن اور پھٹن، بزور دبانے سے درد زیادہ ہو کیونکہ گردہ کی گہرائی میں ہوتا ہے۔ یہ پھاڑنے والا درد پیٹ میں ہو کر پیشاب کی نالی میں ہوتا ہوا پیڑو کے اندر مثانہ تک آتا ہے۔ ایک خاص قسم کی جلن، چبھن، جھنجھنی کمر میں معلوم ہوتی ہے۔ پیشاب زرد اور گدلا اور بعض اوقات سفید تلچھٹ نیچے بیٹھ جاتے جو کہ بعد میں سرخ ہو جاتے، مقعد اور مبرز میں جلن، دکھن، پاخانہ کی بار بار حاجت معلوم ہو۔ یہ حالت اکثر بواسیر میں ہوا کرتا ہے۔

بواسیر میں سلیشیا، سلفر، اگنیشیا، کلکیریا اور کلکیریا فاس کا مقابلہ کرنا چاہیے۔

ایک خاص علامت بربرس کی یہ ہے کہ جلد کے اوپر بلبلے اٹھتے معلوم ہوتے ہیں۔ جگر سے لیکر گردہ تک پسلی کے نیچے نیچے درد ہوتا ہے جس سے کہ پتھری کا احتمال ہوتا ہے۔

زیادتی :۔ حرکت سے، کھڑے ہونے سے

www.pdfbooksfree.pk

معاون :- گلا بے گلابت لائیکوپوڈیم کی ایک خوراک اس کے اثر کو تیز کر دیتی ہے۔

مصلح :- بیلاڈونا، کیموملا، کیمفر۔

طاقت :- مدر ٹنکچر سے ۳۰ طاقت تک۔

---

# بریٹا کارب BARYTA CARB

## خصوصی علامات

۱۔ حافظہ کمزور۔

۲۔ بچے جسمانی اور دماغی ہر طور سے کمزور ہوں۔

۳۔ دیرینہ خنازیری مزاج خصوصاً جبکہ مریض فربہ ہو۔

۴۔ بوڑھے افراد کی تکالیف۔

۵۔ غدود دوں خصوصاً گردن اور گلٹیوں کے ورم اور سختی یا پکنے کا رجحان۔

۶۔ ایڑیوں میں متعفن پسینہ، پاؤں کے پسینے کے رک جانے کے بعد۔

## عام استعمال

یہ دوا بچوں اور بوڑھوں کے لئے مخصوص ہے۔ ایسے بچے جو اپنی اصل عمر سے بہت بڑے معلوم ہوں اور ایسا معلوم ہو کہ ان کی نشوونما نامکمل رہ گئی ہے یا پھر ایسے بوڑھے افراد جو کچھ زیادہ ہی

www.pdfbooksfree.pk

عمر رسیدہ معلوم ہوں اور نقاہت، غفلت اور بے خبری کے عالم میں پڑے رہتے ہوں ان کے لئے یہ دوا سود مند ہوتی ہے۔

## عمومی علامات

بچوں کے جسم لاغر، چہرہ پہ جھریاں، بوڑھے دکھائی دیں، حافظہ کمزور ہو، توجہ نہ دے سکیں اور احمق معلوم ہوں، جلد کھینا یا چلنا نہ سیکھیں تو یہ دوا کارگر ہوتی ہے۔

غدودوں کے عوارض جبکہ غدود بڑھے ہوئے اور متورم ہوں، گردن اور کنج ران کے غدود میں پیپ پڑنے کا اندیشہ ہو تو یہ دوا نافع ہوتی ہے، ورم لوزتین کے باعث اگر کان میں بھی ورم ہو گیا ہو تو یہ دوا مفید ہوتی ہے، بوڑھے افراد انتہائی پژمردہ تنہائی پسند ہوں، حافظہ کمزور ہو، غافل پڑے رہیں، دماغ سے خون گرنے کے بعد فالج ہو جائے، نبض کمزور ہو، قوت گویائی زائل ہو گئی ہو، خصیتین سخت ہو گئے ہوں اور قوت مردمی پیش از وقت جاتی رہے تو یہ دوا نافع ہوتی ہے

زیادتی :۔ سوچنے، نہانے سے، درد والی کروٹ لیٹنے سے

کمی : کھلی ہوا میں چلنے سے

معاون : ڈلکامارا، سلفر

مخالف : کلکیریا

مصلح :۔ انٹی مونیم ٹارٹ، بیلاڈونا، کیمفر، ڈلکامارا، مرکیوریس، زنک

طاقت : ۳ طاقت سے ۳۰ طاقت تک اور اوپر

www.pdfbooksfree.pk

# بلاٹا اوری

BLATTA ORI

## خصوصی علامات

۱۔ دم کشی

## عام استعمال

خاص طور پر دمہ کے لئے مستعمل و مفید ہے۔ علاوہ ازیں دق اور سل کی کھانسی اور سانس کی تنگی کے لئے بھی نافع ہے۔

## عمومی علامات

دمہ کا عارضہ ہو، یا عام کھانسی سے دم گھٹتا ہو۔ دق یا سل کی کھانسی سے دم کشی کی کیفیت ہو یا سانس کی نالیوں کی اندرونی جھلیوں کی سوزش سے ہونے والی کھانسی ہو تو یہ دوا مفید ہوتی ہے۔

خاص طور پر دمہ کے لئے یہ دوا اکسیر ثابت ہوتی ہے۔

موٹے اور تندرست تنومند افراد پر اس دوا کا اثر نہایت واضح ہوتا ہے۔

طاقت :۔ اس دوا کی چھوٹی طاقتیں مثلاً مدر ٹنکچر یا ۳x وغیرہ حملے کے دوران اور اونچی طاقتیں مثلاً ۳۰ طاقت اس کے بعد مناسب وقفوں سے دینا چاہیے

www.pdfbooksfree.pk

# بوریکس

BORAX

## خصوصی علامات

۱۔ قریب قریب تمام تکالیف میں نیچے کی جانب حرکت سے خوف ہو۔
۲۔ پریشانی زینہ اترتے وقت یا پہاڑی سے نیچے اترتے وقت۔
۳۔ بے حد اعصابی
۴۔ نوجوان مستورات میں ناک سرخ ہے۔
۵۔ منہ آنے کا عارضہ

## عام استعمال

آنتوں کی سوزش، منہ سے زیادہ لعاب کا اخراج، متلی، قے، قولنج اسہال، غشی، پیشاب میں البیومین کا اخراج، زنانہ کے امراض انفلوئنزا اور مرگی ایسے امراض ہیں جن میں یہ دوا مفید پائی گئی ہے۔ خاص طور پر منہ کی اندرونی جھلی کی سوزش میں نافع ہے۔

## عمومی علامات

منہ میں سفید آبلے ہوں، منہ میں بہت گرمی اور خشکی ہوتی ہے دودھ پیتے وقت بچہ روتا ہے اور پستان کو چھوڑ دیتا ہے، اسہال زردی

www.pdfbooksfree.pk

بال اور آنکھ نیز آؤں طے آتے ہوں ۔

مستورات میں بانجھ پن ہو ، رحم و اندام نہانی میں آبلے ہوں اور جگہ چھلی ہوئی ہو ۔ سیلان الرحم جس میں انڈے کی سفیدی کی مانند رطوبت کا اخراج ہو جیض دقت اور تکلیف سے آتا ہو ۔

زیادتی :۔ نیچے کی جانب حرکت کرنے سے ، نشو سے ، تمباکو نوشی سے ، موسم گرما میں ، حیض کے بعد

کمی :۔ دبانے سے ، شام کو ، ٹھنڈے موسم میں

مصلح :۔ کیمو ملا ، کافیا

طاقت :۔ پہلی طاقت سے ۳۰ طاقت تک

---

# بیلاڈونا

BELLADONNA

## خصوصی علامات

۱ ۔ احساسات اور حرکات میں تیزی ہو ۔

۲ ۔ درد عموماً چھوٹے چھوٹے دوروں کی صورت میں ، جو چہرہ اور آنکھوں میں سرخی پیدا کریں ۔

۳ ۔ خون کا زیادہ دوران سر اور چہرہ کی طرف

۴ ۔ درد سر ، سرگرمی ، چہرہ پہ سرخی ، دماغ اور گردن کی شریانوں میں تپکن کے ساتھ ( ملی ٹوٹس )

www.pdfbooksfree.pk

۵۔ جلد: صاف، چمکدار، سرخ رنگ

## عام استعمال

متعدد امراض میں کام آنے والی دوا ہے۔ دماغ اور اس کے پردوں کی سوزش، دماغی شرائن کی سوزش خواہ کسی سبب سے ہو، نظام عصبی کے متورم، تشنجی درد، ہذیانی دورے، دیوانگی اور پاگل پن، مرگی اور بیہوشی بخار، تشنج، سر کے عصبی درد، اجتماع خون، آنکھوں کی سوزش، خراش شانہ، شب کو پیشاب نکل جانا اور سوزش، سرخباد دموی، بخار ملیریا جن میں آکسیجن بکثرت خارج ہوتی ہو، الجھن ناٹ اثر نہ کرتا ہو اور آرسنک کی ضرورت نہ ہو تو بیلاڈونا کام آتا ہے۔ گرنے کی وجہ سے نظام عصبی کو چوٹ آجائے، دماغی بخاروں، چیچک، تپ محرقہ اور پیعونٹ کا بخار، خراش حلق، ورم لوزتین، رحم سے جریان خون، وجع المفاصل کھانسی، پھوڑوں کو پیپ پڑنے سے پہلے اچھا کرنے کے لئے، حنجرہ کی سوزش، اختناق الرحم، غذا کی نالی کی سوزش، شدید درد گردہ سوزش پستان، رحم کا پستان، قولنج اور بچوں کے اسہال، سکتہ دماغی وغیرہ میں مستعمل و مفید ہے۔

## عمومی علامات

ذہنی طور پر مریض تندرستی کی حالت میں خوش مزاج اور زندہ دل ہوتے ہیں اور بیماری کے دوران نہایت غصیلے اور اکثر ہذیانی کیفیت میں چلے جاتے ہیں۔

www.pdfbooksfree.pk

کاٹنے، تھوکنے، مارنے اور چیزوں کو توڑ پھوڑ دینے کی رغبت
ہنسی کے دورے اور دانت پیسے، تیمارداروں کو کاٹنا اور مارنا
چاہے (سٹرامونیم) بھاگ جانے کی کوشش کرے (ہیلی بورس)

توہمات، خیال کرے کہ وہ جن، بھوت، خوفناک شکلیں اور
مختلف کیڑے (سٹرامونیم) سیاہ جانور، کتے اور بھیڑیے وغیرہ دیکھتا ہے

سر میں بھاری پن کے ساتھ پیشانی میں درد جو تھوڑی دیر رک کر پھر
اور زیادہ شدت سے آئے، دورے کے ساتھ ۳ بجے سہ پہر کو آنے
والے اعصابی درد سر۔

آنکھوں کا آشوب، آنکھیں نہایت سرخ، سخت درد کے ساتھ۔
آنکھوں میں جلن، خشکی اور بعد میں خود بخود آنسو بہنا، صبح کو
پپوٹے کیچڑ سے بند ہو جاتے ہیں۔

کانوں کے اندر اور باہر ورم، کوچیں اور بہرا پن، مواد آنا
صبح و شام نکسیر بہنا، ناک کا سرخ ہو جانا۔

چہرہ تمتمایا ہوا، سرخ یا بالکل زرد، اوپر کا ہونٹ سوجا ہوا، ہونٹ
پر دانے نکلنا، اس پر پپڑی جم جائے، سخت درد ہو۔

دانت میں درد، جو کان سے دانت تک ہوتا ہو۔ منہ خشک
بغیر پیاس کے، مگر زبان تر، زبان گرم، کنارے سرخ اور درمیان میں
سفید، حلق میں جلن، غدود میں درد اور خشکی

کھانا بدذائقہ محسوس ہو، انتڑیوں میں دکھن، پیٹ میں مروڑ
کا درد، ناف کے گرد درد، گویا گولہ بن رہا ہے، سیدھی بڑی آنت
کا پھول جانا۔

www.pdfbooksfree.pk

پاخانہ پتلی سبز آؤں اور درد کے ساتھ، بعض اوقات آؤں اور خون والی پیچش، بعض اوقات زرد یا سفید کھڑیا کے مانند مع زیادہ پیشاب اور پسینہ۔

پیشاب کی حاجت زیادہ ہونا، مثانہ میں اینٹھن، پیشاب کم، بالکل بند، قطرہ قطرہ ہونا، خود بخود سوتے میں ہو جانا، زرد، صاف سرخ تلچھٹ نیچے بیٹھ جائے۔

ورم فوطہ، فوطے سخت اور اوپر کو چڑھے ہوتے، ورم خصیۃ الرحم سخت بوجھ، اعضائے تناسل کی طرف گویا نکل پڑے گا، احتلام ہو جانا، شہوت زیادہ، حیض جلد اور کثرت سے، اندام نہانی کی سرخی اور خشکی، سفید رنگ کی رطوبت مستورات کی اندام نہانی سے خارج ہو۔

نزلہ، حنجرہ اور ہوا کی نال میں ورم، کھانسی کالی، سانس دقت سے آئے۔

شانے کی ہڈی اور ریڑھ کی ہڈی کے درمیان جکڑن

بخار لرزہ کے ساتھ، پیاس نہ ہو، لیٹنے سے چہرہ زرد اور اٹھنے پہ سرخ۔ پاؤں برف کی مانند سرد اگرم نہ ہو سکیں۔ یا پھر بخار سخت پیاس کے ساتھ، ٹھنڈے پانی کی خواہش، پسینہ صرف سر پہ۔

جلد چمکدار سرخ، زہرباد، جلد اتنی گرم کہ ہاتھ کو جلتی ہوئی معلوم ہو۔

زیادتی: سہ پہر کو، تین چار بجے، چھونے سے، حرکت سے

www.pdfbooksfree.pk

شوروغل سے، ہوا کے تیز جھونکے سے، چمکدار چیز کی طرف دیکھنے سے، آدھی رات کو، پانی پینے سے، کپڑا اتارنے سے، گرمی میں، لیٹنے سے، بستر کے لمس سے۔

کمی :- آرام سے، سیدھے بیٹھنے یا کھڑے ہونے سے، گرم کمرہ میں۔

معاون :- کلکیریا اور ٹیوبر کیولینم اکثر شفا کی تکمیل کی راہ میں مدد دیتے ہیں۔

مصلح :- کافیا، ہیپر سلف، ہائیوسیامس، اوپیم، پلساٹیلا

مخالف :- ٹکساما

طاقت :- مدر ٹنکچر سے ۳۰ تک نیز ۲۰۰ طاقت تک مستعمل ہے۔

# پاڈوفائلم
## PODOPHYLLUM

## خصوصی علامات

۱۔ ہیضہ، درد شکم اور معدہ کی تکلیف کے بغیر
۲۔ بچوں میں دانت نکلنے کے زمانہ میں سر گرم ہو اور بچہ سر کو ادھر ادھر گھماتا ہے۔ (بیلا ڈونا)
۳۔ دست جو صبح سویرے ہوں۔

www.pdfbooksfree.pk

۴۔ بچوں کو دست آئیں جب ان کو نہلایا جا رہا ہو۔

۵۔ بچوں کو دست گندے پانی سے جو پوتڑے کے آر پار ہو جائیں (ہنزوتنگ ایسڈ)

۶۔ پاخانہ، پانی کا سا اور متعفن۔

۷۔ رحم کا اپنی جگہ سے گرنا، بوجھ اٹھانے یا زور لگانے سے۔

۸۔ مریض مسلسل جگہ سے مقام کو ہلاتا اور ہاتھ سے ملتا ہے۔

۹۔ بخار کا دورہ ۷ بجے صبح جاڑے اور گرمی کے دوران بعد باتونی پن کے ساتھ۔

## عام استعمال

اس دوا کا اثر جگر، امعاء، بادہ انگشتی آنت، صفراوی مزاجوں، حاملہ عورتوں، دانت نکالنے والے بچوں، رحم کے عوارض اور ہیضہ پر ہوتا ہے۔ علاوہ بریں بواسیر ہو، یرقان ہو، معدے میں پھیلی ہوئی ہوں تو بھی یہ دوا بعید نافع ہے۔

## عمومی علامات

ذہنی طور پر مریض بہت مضمحل ہوتا ہے، وہم ہوتا ہے کہ موت آنے والی ہے۔

سر جھکاتا ہے، صبح کے وقت دردِ سر ہوتا ہے، چہرہ تمتایا رہتا ہے، دانت نکالنے کے زمانہ میں بچہ اپنا سر ادھر ادھر ہلاتا ہے۔ سر تکیہ میں گھسائے (ایپس، بیلاڈونا) سر جھٹکائے کر تکیہ سے اٹھائے

www.pdfbooksfree.pk

(مرشاموخیم)

منہ سے رال بہے، سانس بدبودار، زبان پہ سفید میل، ذائقہ گندا، حلق میں درد، داہنی جانب سے شروع ہو (یہ لیسس کے برعکس ہے اور لائیکوپوڈیم کے مشابہ ہے)۔ رات کو دانت کٹکٹائے، گلے میں بلغم کھڑکھڑائے۔

ڈکار کے ساتھ غذا منہ کو آئے، بھوک زیادہ مگر تھوڑا کھانا کھانے سے طبیعت بھر جائے اور اس کے بعد متلی، قے اور پیاس ہو معدہ یا پیٹ میں جلن اور تپکن، کھٹی ڈکاریں آنا اور اس کے بعد قے۔ پیڑو اور سیدھی آنت میں درد جو ۳ بجے صبح کے وقت ہو اس کے بعد دست آئے۔ ڈکاریں گرم اور خشک، جگر کے اطراف میں بوجھ اور درد۔

دانت نکلنے کے زمانہ میں بچوں میں اسہال، جگر کی خرابی کے ساتھ اسہال، مزمن اسہال جو صبح کو زیادہ ہوں۔ سبز پانی کا سا دھار کی طرح نکلنے والا اسہال بعض دفعہ کھریا مٹی کی طرح نہایت بدبودار دست پیاس کے ساتھ، قے کم ابکائیاں زیادہ۔

بخار لرزہ کے ساتھ پیاس کے بغیر، بہت باتیں کرے، مگر الفاظ بھول جائے یا پھر بخار پیاس کے ساتھ، شدید درد سر، پسینہ کی کثرت، پسینہ میں نیند آئے، بخار کی شدت میں مریض بے ہوشی کی نیند سو جائے۔

زیادتی:۔ علی الصبح، گرمی کے موسم میں، دانت نکلنے کے زمانہ میں۔

کمی:۔ شام کے وقت، بیرونی گرمی سے، دبانے سے۔

معاون:۔ سلفر، اپیکاک، نکس وامیکا اور کلکیریا۔

www.pdfbooksfree.pk

مصلح :- کالوسنتھ، نکٹک ایسڈ، لیئنڈا، بکس وامیکا۔

طاقت :- مدر ٹنکچر سے ۶ طاقت تک بچوں کے دستوں میں ۲۰۰ اور ۱۰۰۰ بہترین ثابت ہوتی ہے۔

---

# پیٹرولیم

PETROLEUM

## خصوصی علامات

۱۔ مریض دوران نیند خیال کرے کہ کوئی دوسرا آدمی اسی کے بستر میں اس کے ساتھ لیٹا ہے (ڈیلیریا)۔

۲۔ چنبل خاص کر گدی میں۔

۳۔ چنبل بحری سفر میں ہونے والے چنبل جیسا۔

۴۔ درد سر گدی میں سیسہ جیسے بھاری پن کے ساتھ۔

۵۔ درد شکم، جب معدہ خالی ہو، سکون ہو مسلسل کھانے سے (اناکارڈیم، چیلیڈونیم، سیپیا)

۶۔ دست، ہمیشہ دن کے وقت۔

۷۔ ہاتھوں کی انگلیوں کی نوکیں کھردری، ہر موسم سرما میں۔

## عام استعمال

یہ دوا انگزیما اور پھنسیوں میں کام آتی ہے، خاص کر کانوں، پشت

www.pdfbooksfree.pk

سر اور ماتھوں پر یہ کیفیات زیادہ ہوا کرتی ہیں۔ مقام ماؤف چھیل کر کچا اور آگ کی مانند سرخ ہو جاتا ہے اور اس میں سے گاڑھا لیس دار مواد نکلتا ہے۔ شدید جلن اور خارش ہوتی ہے۔ علاوہ بریں بالوں کی جڑیں سوج جاتیں اور متورم ہو کر سخت ہو جاتیں، سمندری سفر کی بیماری، ایام حمل کی متلی اور قے، بغل و پاؤں کے بدبودار پسینہ میں بھی مستعمل اور نافع ہے۔

## عمومی علامات

ذہنی طور پر مریض کی کیفیت یہ ہوتی ہے کہ چلنے میں راستہ بھول جاتا ہے، ایسا محسوس کرتا ہے کہ بستر میں کوئی دوسرا بھی اس کے ساتھ لیٹا ہے۔ یا یہ کہ موت قریب ہے، ذرا ذرا سی بات پر غصہ آتا ہے۔

سر میں ٹھنڈی ہوا بری معلوم ہوتی ہے اگدی ایسی بھاری ہو جیسے سیسہ، اٹھنے پر ایسا چکر آئے جیسا کہ جہاز پر چڑھنے سے ہوتا ہے، چاند پر تر دانے جو کہ کان پر اور اس کے پیچھے زیادہ ہوں۔

آنکھوں کی پلکیں گری پڑی ہوں، نگاہ دھندلی، نتھنوں میں زخم، نتھنے کھنچے ہوئے اور جلیں، ناک کی نوک پر کھجلی۔ ناک سے مواد نکلے۔

پاخانہ جانے کے فوراً بعد بھوک لگے، معدہ خالی ہونے پر پیٹ میں درد ہو، اور کھانے سے آرام ہو، اسہال جو کہ صرف دن میں زیادہ ہوں۔ بند گوبھی کھانے سے اسہال ہوں۔

ہمیشہ جاڑے کے موسم میں انگلیوں کے سرے کھردرے اور کھنچے ہوئے ہوں، جلد خشک اور بہت کھردری، موٹی سبز پپڑی جس میں

www.pdfbooksfree.pk

جلن، کھجلی اور سرخی ہو۔

اس دوا کے جلد کے علامات گریفا ئیٹس سے ملتے جلتے ہیں۔ مگر فرق یہ ہے کہ پیٹرولیم کی بیماریاں عموماً جاڑے میں زیادہ ہوتی ہیں۔ اور یہ بات کسی دوسری دوا میں نہیں ہوتی۔ جاڑے کے موسم میں ہاتھ کی کھال ادھڑنے کے لئے یا لوانی کے لئے پیٹرولیم نہایت مفید ہے۔

زیادتی :۔ نمی سے قبل، طوفان کے درمیان، گاڑی پہ چڑھنے سے، جاڑے کے موسم میں۔

کمی :۔ گرم ہوا سے۔

معاون :۔ سیپیا۔

مصلح :۔ نکس وامیکا۔

طاقت :۔ عموماً ۳۰ طاقت مستعمل ہے۔ البتہ پرانی تکالیف میں ۲۰۰ طاقت بھی استعمال ہوتی ہے۔

---

# پلاٹینا

# PLATINA

## خصوصی علامات

۱۔ اعضائے تناسل حد سے زیادہ ذکی الحس، اعضاء پہ کپڑے کا چھونا بھی برداشت نہ ہو۔

۲۔ جنسی نشوونما حد سے زیادہ۔

www.pdfbooksfree.pk

۳۔ حیض سیاہ لوتھڑے دار ہو۔

۴۔ قبض جس میں پاخانہ چکنی مٹی کی طرح مبرز اور مقعد سے چپک جائے (ایلومنا)

## عام استعمال

رحمی فساد سے پیدا ہونے والے ذہنی اختلال نیز مردانہ اور زنانہ جنسی اعضاء کی بڑھی ہوئی حس سے پیدا شدہ عوارض میں یہ دوا عام طور پر استعمال ہوتی ہے۔

## عمومی علامات

ذہنی طور پر مریض بے حد مغرور ہوتا ہے۔ ہر چیز اور ہر شخص کو اپنے مقابلہ میں ناچیز اور حقیر سمجھے، چیزیں معمولی قد سے چھوٹی نظر آئیں (غرور کی علامت لائیکو پوڈیم میں بھی پائی جاتی ہے) چیزیں زیادہ وزنی معلوم ہوں، بھوت پریت وغیرہ کا وہم، مکان کے اندر جانے پر عورت کو چیزیں عجیب طرح کی معلوم ہوں، مریضہ کبھی بہت غمگین اور بعض وقت ہنسے اور چیخے۔

حیض جلد، بکثرت خون لوتھڑے کا سا، لوتھڑے اور اس کے ساتھ درد اور رحم پر بوجھ معلوم ہو کر کسی میں بھی سیاہ خون کے لوتھڑے استقاط حمل کی وجہ سے یا بلا استقاط حمل کے نکلتے ہیں۔ لیکن اس میں ایسا معلوم ہوتا ہے کہ پیٹ میں کچھ چلتا ہے یا بچہ پھڑکتا ہے، کیموملا میں سیاہ لوتھڑے بکثرت نکلتے ہیں لیکن اس کے دماغی علامات مختلف ہوتے ہیں۔

www.pdfbooksfree.pk

مردوں میں سن بلوغت سے قبل جلق لگانے سے جو خرابیاں پیدا ہوتی ہیں مثلاً لڑکوں کی آنکھوں میں بزدلی کی جھلک ہو، آنکھیں دھنسی ہوئی اور زرد ہوں، عضو کھنچے ہوئے اور ستے ہوئے ہوں۔

بلاٹیا میں سخت قبض، ایسا ہوتا ہے کہ یا تو پاخانہ ہوتا ہی نہیں یا پھر چکنی مٹی کی طرح میز سے چپٹنے والا پاخانہ ہوتا ہے۔

یہ دوا ورم رحم میں بھی کارآمد ہے۔

زیادتی :- بیٹھنے سے، کھڑے ہونے سے، شام کے وقت۔

کمی :- چلنے سے۔

معاون :- پیلیڈیم۔

مصلح :- بیلاڈونا، پلساٹیلا، کالچیکم

طاقت :- ۶ طاقت سے ۲۰۰ طاقت تک استعمال ہوتی ہے۔

---

# پلساٹیلا

# PULSATILLA

## خصوصی علامات

۱- مریضہ میں رو دینے کا بہت زیادہ میلان۔

۲- مستورات میں فربہی کا میلان، مقدار میں کم اور زیادہ دن تک رہنے والے حیض کے ساتھ (اگر یفا ٹیس)

۳- تمام بلغمی جھلیوں سے رطوبتیں گاڑھی، ملائم اور زردی مائل سبز۔

www.pdfbooksfree.pk

(کالی سلف، نیٹرم سلف)

۴۔ علامات ہمیشہ تبدیل ہوتی رہیں، ایک ہی جیسے حالات میں۔

۵۔ درد جو جلد جلد مقام تبدیل کریں یعنی ایک حصّہ سے دوسرے حصّہ میں پہنچ جائیں (کالی بائیکروم، لیک کینینم، میگنیشم فاسفورکم)

۶۔ قریب قریب ہر تکلیف میں پیاس نہ ہو۔

۷۔ دست صرف یا عموماً رات کے وقت، جن کی کیفیت میں تبدیلی ہوتی ہے۔

۸۔ حیض بہت دیر میں، کبھی رک جائے، کبھی بہنے لگے۔

۹۔ خون حیض دن کے وقت زیادہ ہے۔

۱۰۔ گوبھی، مرغن گوشت یا غذاؤں کے استعمال سے ہوں۔

## عام استعمال

عورتوں کے عوارض خاص کر حیض کی بے قاعدگیوں میں یہ دوا بہت زیادہ مستعمل ہے، بچوں کے مرض خسرہ کے لیے یہ دوا اکسیر کا درجہ رکھتی ہے۔ علاوہ بریں دیگر متعدد امراض میں حسب علامات مستعمل و مفید ہے۔

## عمومی علامات

ذہنی طور پر مریض رونے دھونے کی طرف مائل رہتا ہے، مایوسی اور چڑچڑا پن بھی مریض میں پایا جاتا ہے۔

۱۔ سر میں چکر خاص کر جھکنے سے، آنکھ اوپر اٹھانے سے، کھانے

www.pdfbooksfree.pk

کے بعد یا بیٹھنے اٹھنے پر، آدھے سر کا درد، ایسا درد سر جس کو دبانے سے آرام ہو۔

آنکھوں کے پپوٹے سوجے ہوئے، ان سے پانی بہے۔

کانوں میں کھجلی، سخت درد، بہرا پن، مواد بہنا (اس کے لیے عجیب دوا ہے)، کانوں میں مکھیوں کی بھنبھناہٹ۔

ناک سے نکسیر بہنا، خشک زکام، سبز یا بدبودار رطوبت نکلے۔

زبان پر لیس دار بلغم اور سفید میل کی تہ جمی ہوئی۔ زرد تہ حلق کی جڑ میں جمی ہوئی (مرکیوریس)، دانت کا درد جو ہر بار کھانے سے زیادہ ہو خاص کر کوئی گرم چیز منہ میں ڈالنے پر، ٹھنڈے پانی سے افاقہ ہو۔

زیادہ ثقیل اور مرغن چیزیں کھانے سے معدہ اور پیٹ کی خرابیاں۔ ناف کے قریب تشنجی درد۔ پاخانہ یا تو بمشکل کم مقدار میں آئے یا پتلا دست، رات کو آؤں اور خون پیچش میں، سبز آؤں کے دست رات کو۔ بادی بواسیر کھجلی، درد اور دکھن کے ساتھ۔

پیشاب کرنے میں تکلیف (کنیتھرس)۔ مثانہ پر بوجھ، خود بخود قطرہ قطرہ پیشاب رات کو کھانسنے میں زور کرنے پر ہو جائے۔ پیشاب بعض دفعہ صاف اور بکثرت اور بعض دفعہ کم اور سرخ، اس کے نیچے سرخ رنگ کا تلچھٹ بیٹھ جائے۔

حشفہ کے اوپر کی کھال میں اور فوطہ میں کھجلی، فوطے سوجے ہوئے اور لٹکے ہوئے ہوں اور درد کریں، تناؤ کے ساتھ پیشاب کی نالی سے مواد نکلے اور پیشاب کرنے میں جلن ہو۔ خواہش جماع زیادہ ہو۔ فتق و فوطہ میں پانی آنا اور سوزاک کی آرکائٹس (فوطہ کا ورم) اور ایپیڈیڈیمائٹس

www.pdfbooksfree.pk

سپانجیا، آرنیکا، بیلاڈونا) پیشاب میں خون آئے۔

حیض دیر سے یا مشکل سے کم مقدار میں یا بالکل غائب اور پیروں میں اینٹھن (اکونیم، ٹورنکا مارا، فاسفورس، سلفر) بہت جلد اور بہت کم مقدار میں (اکونیم، نیٹرم میور، فاسفورس، سلیشیا) بہت جلد اور بہت زیادہ مقدار میں (کاسٹیکم، آئیوڈیم) حیض کا رک جانا ٹھنڈک سے۔ رحم سے بجائے حیض کے سفید پانی جاری ہو، بے قاعدہ ہو، کبھی ٹھیک وقت پر نہ ہو، خون کے سیاہ لوتھڑے بدبودار نکلیں۔ حیض کا درد نہایت تیز؛

سیلان الرحم گاڑھی رطوبت مثل بالائی کے یا سفید گاڑھی رطوبت۔

حلق میں خشکی اور خراش، خشک کھانسی، خصوصاً رات کو تقویت۔

لرزہ کے ساتھ بخار کبھی پیاس کے ساتھ اور کبھی پیاس کے بغیر پسینہ صرف ایک جانب بائیں طرف یا دائیں طرف۔ چہرہ کا پسینہ رات کو زیادہ ہوتا ہے اور صبح جاگنے پر بند ہو جاتا ہے۔

خسرہ (چھوٹی چیچک) اور اس کے باعث دوسری تکالیف، زہر باد

زیادتی :۔ گرم بند کمرے میں، شام کو بائیں طرف، جدھر درد نہ ہو، دیر ہضم مرغن اغذیہ سے، حرکت کے آغاز پر، گرمی سے اور گرم چیزیں لگانے سے۔

کمی :۔ کھلی ہوا میں، درد کے عضو کی طرف لیٹنے سے، ٹھنڈے کمرے میں، ٹھنڈی چیز کھانے سے، ٹھنڈی چیز لگانے سے۔

معاون :۔ کالی میور، لائیکوپوڈیم، سلیشیا، سلفیورک ایسڈ، کالی بائیکرام، سیپیا۔

مصلح :۔ کیموملا، کافیا، اگنیشیا، نکس وامیکا، سٹینم۔

www.pdfbooksfree.pk

طاقت :۔ عموماً ۳ طاقت سے ۳۰ طاقت تک مستعمل ہے۔ الغرض حسب ضرورت ۲۰۰ طاقت اور اس سے اونچی طاقتیں بھی استعمال ہوتی ہیں۔

---

# پلمبم میٹیلکم

PLUMBUM METALLICUM

## خصوصی علامات

۱۔ بے حد اور بہت تیزی سے لاغری۔

۲۔ چہرہ پیلا، رنگ فق، راکھ کے رنگ کا، مردہ کا سا، رخسار اندر دھنسے ہوئے۔

۳۔ مسوڑوں کے کناروں کے ساتھ نمایاں نیلی لکیر۔

۴۔ شکم میں شدید درد جو جسم کے تمام حصص میں جائے۔

۵۔ شدید درد قولنج، احساس جیسے کہ شکم کی دیواریں ایک رسی سے ریڑھ کی ہڈی کے ساتھ کھینچ دی گئی ہیں۔

۶۔ قبض، پاخانہ سخت، بڑا، سیاہ، بکری کی مینگنی کی طرح (اوپیئم، پلاٹینم)

۷۔ مقعد میں تشنجی درد۔

www.pdfbooksfree.pk

## عام استعمال

الحاقی ریشہ جات کے اندرونی اورام، قولنج، اطراف شکم اور آنتوں میں سخت کھچاوٹ ہو اور سخت قبض ہو، مریض کو ہر شے میٹھی معلوم ہو، مزمن ورم گردہ، خصیوں میں تناؤ، ضعف باہ، عورتوں میں پستانوں کا ورم ہو تو یہ دوا نافع ہوتی ہے۔

## عمومی علامات

ذہنی طور پہ مریض قتل ہو جانے کے خوف میں مبتلا ہوتا ہے۔

خاموشی والا مالیخولیا، ہر بات دیر میں سمجھے، حافظہ کمزور، توہمات، دماغی کاموں سے نفرت، کبھی سر میں درد ہو اور کبھی پیٹ میں، ایسا محسوس ہو کہ ایک گولا گلے سے اٹھ کر دماغ کی طرف جاتا ہے۔

آنکھیں زرد، پتلیاں سکڑی ہوئی۔

مسوڑھے سوجے ہوئے زرد، مسوڑھوں کے کناروں پہ نیلی لکیر ہو، زبان کے کناروں پہ سرخی اور زبان کانپتی ہو۔

پیٹ، ناف، صفاق اور معدہ میں سکڑن، پیٹ میں درد، جو کہ تمام جسم میں پھیلے۔ ایسا معلوم ہو کہ معدہ کی دیوار سے لے کر ریڑھ تک ایک رسی لگی ہوئی ہے، ایک آنت کا حصہ کسی دوسری آنت میں چلا جائے ریاح رک جانے سے سخت درد ہو۔

قبض، پاخانہ سخت، مبرز میں اینٹھن ہو، مقعد میں اینٹھن، ایسا معلوم ہو کہ مقعد رکاوٹ کی وجہ سے اوپر کو کھنچتی ہے۔

www.pdfbooksfree.pk

پیشاب بار بار جس میں البیومن ہو، پیشاب کا وزن مخصوص کم ہو، ورم گردہ، پیشاب قلیل المقدار۔

مردوں میں ضعف باہ، فوطے اوپر کو کھنچے ہوتے، مستورات میں فرج کا سخت درد اور پستانوں میں ورم، سینہ میں کھنچن اور جلن، متواتر استقاطِ حمل۔

کسی ایک عضو کا فالج، عضلات میں درد، پیروں کی سوجن۔

زیادتی:۔ رات کے وقت اور حرکت کرنے سے۔

کمی:۔ ملنے سے، دباؤ ڈالنے سے اور جسمانی مشقت سے۔

مصلح:۔ پلاٹینم، الیم، پیٹرولیم۔

طاقت:۔ ۳ طاقت سے ۳۰ طاقت تک۔

---

# تھوجا

# THUJA

## خصوصی علامات

۱۔ جب مریض آنکھیں بند کرے (انفرینیڈن، ایپی سس)

۲۔ آنکھوں کے پپوٹوں پہ بڑے بڑے دانے مستوں یا آبلوں کی طرح۔

۳۔ قبض، پاخانہ تھوڑا سا باہر نکل کر پھر اندر کو چلا جائے (سینیکولا، سلیشیا)

www.pdfbooksfree.pk

۴- لوبیری سے متورم، درد شدید جب بیٹھا ہو۔
۵- دست، گڑگڑاہٹ کی آواز کے ساتھ جیسے مشک سے پانی خارج ہو۔
۶- چھالے بڑے بیج کے سے، جلد سے اٹھے ہوتے (رشانی سیکیا)
۷- پیشاب کے اختتام پہ شدید گھٹن (سارساپریلا)
۸- پسینہ صرف ان حصص پہ جو ڈھانپے نہ ہوں، یا تمام جسم پہ سوائے سر کے (برعکس سلیشیا) جب سوتا ہو پسینہ آئے اور جاگنے پہ رک جائے (برعکس سمبوکس)
۹- احساس جیسے جسم خصوصاً اعضاء شیشے کے بنے ہیں اور جلد ٹوٹ جائیں گے۔
۱۰- دبا ہوا سوزاک جس کے باعث گنٹھیا، وجع المفاصل ہو۔

## عام استعمال

یہ سوزاک اور چیچک کی خاص دوا ہے، پرانے اور دبے ہوئے سوزاک اور اس کے اثرات کے لیے عام طور پہ مستعمل ہے۔ علاوہ ازیں یہ دوا جلد، خون، معدہ، آنتوں، گردوں اور دماغ پہ اثرانداز ہونے کی صلاحیت رکھتی ہے، اس کا خاص اثر جلد، آلات بول اور بالخصوص پیشاب کی نالی پہ ہوتا ہے، جلد یا جھلیوں پہ مسوں کا پیدا ہونا بھی اس دوا کا خاصہ ہوتا ہے۔ اس دوا کا مریض چاندنی میں بے چین ہو جاتا ہے، بیشتر علامات دائیں طرف ہوتی ہیں۔

www.pdfbooksfree.pk

# عمومی علامات

ذہنی طور پر مریض مایوسی اور بے چینی کا شکار ہوتا ہے، خیالات میں یکسوئی کا فقدان ہوتا ہے، بات چیت کے وقت بمشکل الفاظ سوجھ پاتا ہے۔

سر میں اٹھ کر کھڑے ہونے پر کچھ محسوس ہوتا ہے، دماغ کا فالج، صبح کے وقت درد سر بھاری پن صبح کو خاص کر جاگنے کے بعد، سر میں ایسا درد جیسے کسی نے کیل ٹھونک دی ہو (اگنیشیا، اناکارڈیم)، آنکھوں میں بوجھ اور جلن، نگاہ دھندلی اور کمزور، کان میں سخت کونچن اور چبھن اور دھکنے والا درد، خشک زکام، ناک میں پپڑیاں۔

چہرے پر گرمی محسوس ہو، ہونٹوں میں اینٹھن، گال کی ہڈیوں میں ایسا معلوم ہو کہ کوئی کھرچ کر سوراخ کر رہا ہے۔

منہ آجانا، کمزوری دل بیٹھے، آواز آہستہ نکلے، کھانا کھاتے ہوئے حلق میں خراش، ذائقہ میٹھا، صرف رات کو یا صبح کو پیاس ہو۔

کھانا کھانے کے بعد غذا منہ کو آئے، پیٹ میں اینٹھن، کمر میں بوجھ، نفخ، الماس کی گلٹیوں میں ورم۔

تبض جو کئی دن تک قائم رہے، پاخانہ دقت سے ہو، سخت لمبا سدہ، خون میں لپٹا ہوا، مبرز پھٹی جائے اور درد کرے۔

پیشاب کرنے کے بعد ایسا محسوس ہو کہ ابھی کوئی قطرہ پیشاب کی نالی میں بہہ رہا ہے۔ پیشاب کرتے وقت پیشاب کی نالی میں جلن۔

مردوں میں عضو تناسل چھوٹا، سوزاک، سپاری اور خشفہ پر مسّے،

www.pdfbooksfree.pk

ایستادگی دیر میں ہو، احتلام ہو۔

مستورات میں حیض قلیل، رحم کے سوراخ پر مسّہ ہو، سیلان الرحم۔
کھانسی میں زرد بلغم نکلے، سینہ میں جھنجھناہٹ اور درد، کوئی سرد
چیز پینے کے بعد بہت شدید دھڑکن جو کہ باہر سنائی دے۔
پیٹھ میں زہریلا پھوڑا، سردی کے ایام میں صبح کے وقت انگلیوں
میں ورم اور درد ہو جائے، انگلیوں کے سروں میں سوجن۔
جلد پر مسّے۔ یہ دوا خصوصاً ملائم اور ریشہ دار کھڑے ہوئے
مثل گوبھی کے پھول کے مسّوں میں مستعمل ہے۔

زیادتی:۔ رات کو، بستر کی گرمی سے، تین بجے صبح اور ۳
بجے سہ پہر کو، سرد اور مرطوب ہوا سے اور نشہ آور چیزوں سے،

کمی:۔ مالش کرنے سے، کھجلانے سے۔

معاون:۔ آرسینکم البم، میڈورینم، نیٹرم سلف، سباینا، سلیشیا۔

مصلح:۔ کیمفر، کیمومیلا، کوکولس، کالیکیم، مرکیوریس، نکس وامیکا،
پلساٹیلا، سلفر، سٹافی سیگریا۔

طاقت:۔ مدر ٹنکچر سے ۳۰ طاقت تک نیز ۲۰۰ طاقت اور اوپر

www.pdfbooksfree.pk

# ٹوبرکیولینم

TUBERCULINUM

## خصوصی علامات

۱۔ جب خاندان میں دق کی ہسٹری ہو اور کسی مرض میں بہترین منتخب دوا سکون نہ دینے یا مکمل طور پر شفا دینے سے قاصر ہے۔

۲۔ علامات ہمیشہ تبدیل ہوتی رہیں (پلساٹیلا)

۳۔ نزلہ بہت جلد جلد حاصل کرے بغیر جانے بوجھے اس امر کے کہ کہاں اور کس طرح سے ہوا۔

۴۔ لاغری جلد جلد اور نمایاں طور پر آئے۔

۵۔ چھوٹے چھوٹے پھوڑوں کی فصلیں جن سے سبز اور متعفن مواد خارج ہو (سیکیل کارن)

## عام استعمال

مرض سل کے ابتدائی درجہ میں یہ دوا بہت زیادہ مستعمل و مفید ہے نیز ایسے افراد کے لیے موزوں ہوتی ہے جو کہ لمبے، دبلے ہوں، جن کی چھاتی چپٹی اور تنگ ہو، جن کے خاندان میں سل کا مادہ موجود ہو۔ علاوہ ازیں مرگی اور عصبی ضعف میں بھی مستعمل ہے۔

www.pdfbooksfree.pk

# عمومی علامات

ذہنی طور پر مریض تنگ مزاج ہوتا ہے خصوصاً جاگنے پر، بہت بہت کتوں اور جانوروں سے خوف زدہ ہو، بدزبان ہو، بہت قسمیں کھائے۔

سر میں گہرا درد خصوصاً عصبی نوعیت کا، سرسام۔

کان کے پردہ میں سوراخ ہو، کان متواتر بہتا ہے۔

معدہ بھوک کے مارے ڈوبتا محسوس ہو، گوشت سے نفرت، ٹھنڈے دودھ کی رغبت۔

علی الصبح یکایک دست آئے (سلفر) یا پاخانے کا رنگ سیاہ، پانی نما، بدبودار اور بہت زور کے ساتھ خارج ہوں، سل بطنی ہو۔

پستانوں میں سولیاں، حیض کثیر مقدار میں وقت سے پہلے آئے اور دیر تک آتا ہے۔ یا پھر عسر الطمث ہو، خون حیض کے جاری ہونے کے ساتھ دردیں تیز ہو جائیں۔

سخت خشک کھانسی نیند کے دوران ہوتی ہو، موٹی بلغم بآسانی خارج ہو، سانس چھوٹا ہو، تازہ ہوا کی خواہشات کے باوجود دم گھٹتا ہو، ٹھنڈی ہوا کی خواہش ہو۔

گردن اور حرام مغز کا نچلا حصہ تنا ہوا، کندھوں کے درمیانی مقام میں یا کمر کے اوپر کے حصہ میں ٹھنڈک ہو۔

جلد جسم پر پانی پھنسیاں، خارش شدید ہو، درد ہو، نیز خسرہ اور چنبل میں بھی مستعمل ہے۔

زیادتی: حرکت کرنے سے، راگ رنگ سے، طوفان سے پہلے

www.pdfbooksfree.pk

کمرے تپنے سے، تندی سے، ہوا کے جھونکے سے، علی الصبح اور نیند کے بعد۔

کمی:- کھلی ہوا میں۔

معاون:- کلکیریا، کلکیریا آیوڈائڈ، کلکیریا فاس، اسٹیفلاسٹس، سلفر، پلساٹیلا، تھوجا۔

مصلح:- نکس وامیکا

طاقت:- ۲۰۰ سے بہت اوپر تک

---

# ٹوبیکم

TABACUM

## خصوصی علامات

۱۔ جسم کی جلد پر ٹھنڈا پسینہ۔

۲۔ بچہ جسم کے ساتھ مردہ کا سا پیلا پن ہو۔

۳۔ بچہ آنکھیں کھولنے پہ۔

۴۔ قے، شدید ٹھنڈے پسینے کے ساتھ، جوں ہی حرکت کرنا شروع کرے۔

۵۔ بحری قے جس میں کہ جہاز کے بالکل بالائی تختہ پر بیٹھی کھلی، تازہ اور ٹھنڈی ہوا میں ہو۔

۶۔ فم معدہ میں کمزور، کلیجہ ڈوبنے کا شدید احساس۔

۷۔ بچہ اپنا پیٹ ننگا رکھنا چاہے۔

www.pdfbooksfree.pk

۸۔ دست، متلی، قے، کمزوری اور ٹھنڈے پسینے کے ساتھ۔

## عام استعمال

یہ دوا اس وقت کام آتی ہے جبکہ ابکائیاں غضب کی آتی ہوں اور قے بھی ساتھ ہو، جسم سرد اور پسینے آتے ہوں، نبض رک رک کر چلتی ہو، دل کے مقام میں تکلیف محسوس ہوتی ہو۔

سمندری سفر کی بیماری (چکر، متلی اور قے) میں بھی یہ دوا مستعمل و مفید ہے۔

## عمومی علامات

ذہنی طور پر مریض اپنے کو بدقسمت تصور کرتا ہے، مایوسی، نسیان، طبیعت میں قناعت نہ ہو، آنکھیں کھولنے میں چکر معلوم ہو، صبح کو دردِ سر، سخت متلی، یکایک دردِ سر جیسے کسی نے ہتھوڑے مارے ہوں۔

نظر دھندلی ہو، موتیا بند، چہرہ زرد، نیلگوں، چہرہ پر سرد پسینہ، حلق اور ناک کے درمیانی راستہ میں ورم، صبح کو کھانسی ہو، سگریٹ پینے والوں کی کھانسی۔

متواتر متلی ہو، تمباکو کی بو سے زیادہ ہو، خفیف حرکت کرنے پر بھی قے ہو جائے، حمل کے زمانہ میں متلی اور قے، تھوک بہت آئے، کوڑی کے پاس ایسا معلوم ہو کر دھنسا جاتا ہے۔ دل کے قریب درد اٹھ کر بائیں بازو تک آئے۔ پیٹ ٹھنڈا، پیٹ کو ڈھکنے سے، کیونکہ کھلا رکھنے سے متلی اور قے میں کمی ہوتی ہے۔

www.pdfbooksfree.pk

قبض، مقعد مفلوج، خروج مقعد، یکایک پتلا اسہال، بشمول اور ٹھنڈا پسینہ، درد گردہ، پیشاب کی اس نالی میں درد جو گردہ سے باہر کی طرف آتی ہے۔

بائیں کروٹ لینے سے دھڑکن، نبض بے قاعدہ اور کمزور، سانس لینے میں تکلیف، کھانسی خشک تکلیف دہ، گھونٹ بھر پانی پینے کی ضرورت ہو، سانس کی تکلیف اس کے ساتھ بائیں کروٹ لیٹنے میں بائیں بازو میں جھنجھناہٹ ہو۔

ہاتھ پاؤں برف کی طرح سرد، اعضاء میں لغزش، سکتہ کے بعد فالج، دل بھیل جانے کی وجہ سے نیند نہ آئے، سرد اور چپچپا پسینہ اور گھبراہٹ۔

زیادتی، آنکھیں کھولنے سے، شام کے وقت، انتہائی گرمی اور سردی میں کمی، کپڑا اتار ڈالنے سے، کھلی تازہ ہوا میں

**مخالف:۔** اگنیشیا

**مصلح:۔** آرسینکم البم، اگنیشیا، سیپیا، لائیکوپوڈیم، نکس وامیکا، کاڈیم، پلاٹینگو، فاسفورس، جلسیمیم، ایپکاک۔

www.pdfbooksfree.pk

# ٹیرنٹولا

TARANTULA

## خصوصی علامات

۱۔ بے چینی، کسی بھی وضع میں آرام سے نہ رہ سکے۔

۲۔ چلنے پھرنے کی بہت رغبت لیکن اس سے تکلیفات بڑھ جائیں، (برعکس ریشاکس، روٹا)

۳۔ دُنبل، جس میں ماؤف حصص نیلگوں رنگ کے ہوں دیکھیے سس، اور شدید جلندار درد (انتھراکسین، آرسینکم البم)

۴۔ بیہری کا درد نزع کی سی کیفیت طاری کرے۔

۵۔ دردِ سر جس میں زیادتی شور سے، چھونے سے اور تیز روشنی سے ہو۔

## عام استعمال

یہ دوا تعفنی امراض میں کام آتی ہے جبکہ نقاہت شدید ہو، متاثرہ مقامات کا رنگ ارغوانی ہو اور ان میں جلن و ڈنک مارنے کا سا درد ہو۔ کاربنکل میں بھی یہ دوا سودمند ہوتی ہے جبکہ ماؤف مقامات ارغوانی رنگ کے ہوں، ان میں سڑاند پیدا ہو گئی ہو اور جلن دار ڈنک مارنے کا سا درد ہو۔ موت کے آخری لمحوں کی تکلیف کو کم کرنے کے لئے یہ دوا بہت

www.pdfbooksfree.pk

خناق وبائی کی یہ ایک اعلیٰ دوا ہے۔ آلات تناسل کے آس پاس کھجلی کے لئے بھی نافع ہے۔

# عمومی علامات

ذہنی طور پہ مریض بے حد اعصابی طبیعت والا ہوتا ہے۔ بے حد ذکی الحس ذرا سی تکلیف سے غصہ آ جائے، جس کے بعد بے حد گلگینی ہو۔

دردِ سر، شدید، جیسے دماغ میں لاکھوں سوئیاں چبھوئی جا رہی ہوں یا عصبی دردِ سر جس میں زیادتی شور سے، چھونے سے اور تیز روشنی سے ہو اور کمی سہلانے سے اور سر کو تکیہ پہ رگڑنے سے۔

ریڑھ کے ستون کو ذرا سا چھونے سے سینہ اور قلب کے مقام پر اینٹھن والے درد۔

صفراوی تکالیف جن کے ساتھ تمام جسم یا داہنا بازو اور بائیں ٹانگ ماؤف ہو یا بایاں بازو اور داہنی ٹانگ میں یہ علامت اگریکس کی ہے، مسلسل حرکات ٹانگوں کی، بازوؤں کی، اوپری حصہ جسم کی، کسی بھی کام کے کرنے کی نا اہلیت کے ساتھ جھٹکے اور عضلات میں اینٹھن ہر حیض پہ حلق، منہ اور زبان پہ بے حد خشکی خصوصاً جب مریضہ سوتی ہوتی ہو (جیسی نوسکامش)

شہوانی تحریک دیوانگی کی حد تک، رحم میں درد، فرج پہ ناقابل بیان خارش۔

دنبل، پھوڑے، پھنسیاں

فاسد زخم، سرطان، انگاربنکل، فاسد پھوڑے۔

www.pdfbooksfree.pk

زیادہ تر علامات نوٹ ہوتی ہوں۔

زیادتی :۔ حرکت سے، چھونے سے، ماؤف حصے کو کسی کے ساتھ لگنے سے، شعاع سے، موسم کی تبدیلی سے۔

کمی :۔ کھلی ہوا میں، رگڑنے سے، ماؤف حصے کو سہلانے سے۔

مصلح :۔ بووسٹا، کاربو ویج، جلیڈونیم، کیموم، سلیکم، پلساٹیلا، جلسی میم، ناکس، میگنیشیا کارب۔

طاقت :۔ ۳۰ طاقت اور اونچی طاقتیں۔

---

# ٹیری بنتھینا

TEREBINTHINA

## خصوصی علامات

۱۔ پیشاب میں بنفشہ کے پھلتے ہوئے جوشاندہ کی سی بو۔

۲۔ زبان ہموار، چمکیلی اور سرخ۔

۳۔ پیٹ میں بے حد تناؤ۔

۴۔ دست بار بار، مقدار میں زیادہ، متعفن اور خون آمیز، جلن کے ساتھ۔

۵۔ پاخانہ کے بعد کمزوری اور غشی کی سی کیفیت۔

۶۔ پیشاب میں خون اچھی طرح ملا ہوا۔

۷۔ پیشاب بادل کے سے رنگ کا، دھوئیں کا سا، البیومن ملا، مقدار

www.pdfbooksfree.pk

میں زیادہ، گہرے رنگ کا یا سیاہ، بے درد کا۔

۸۔ جریانِ خون آنتوں سے۔

۹۔ گردہ، مثانہ اور پیشاب کی نالی میں شدید جلن دار اور کھینچنے والے درد۔ (ایپس، کینتھرس، کینتھریس)

## عام استعمال

یہ دوا عام طور پر گردہ، مثانہ اور پیشاب کی نالی کے اورام میں جن کے ساتھ تقطیر البول یا پیشاب میں رکاوٹ موجود ہو یا جب پیشاب خون آمیز آئے، اکثر مفید ہوتی ہے۔ پیشاب مقدار میں کم اور گہرے سرخ رنگ کا ہو، پیٹ میں نفخ ہو، امعاء سے خون جاری ہو یا ان میں خراش پائی جائے تو بھی یہ دوا مستعمل ہے اور نافع ہوتی ہے۔

## عمومی علامات

زبان چمکدار، سرخ اور چکنی ہو، مثل آگ کے جلے اور دکھن ہو، پیٹ میں ہیجان ہو، آنتوں میں زخم اور ان سے جریانِ خون ہو، رقیق متعفن، خون آمیز اور سبزی مائل اسہال آئیں، اکرم شکم اور سر پاخانہ کے بعد غشی لاحق ہو، کمزوری انتہائی درجہ کی نمایاں ہو، مقعد و عجز میں جلن ہو، مزمن اسہال روکنے کی لاجواب دوا ہے۔

پیشاب کی نالی کا ورم، تقطیر البول، خون آمیز پیشاب رک رک کر آئے۔

رحم میں ورم اور سخت جلن ہو، بکثرت حیض، ورم مثانہ

www.pdfbooksfree.pk

نبض کمزور، باریک اور بے قاعدہ ہو، تنفس کی تنگی، پھیپھڑوں سے خون آئے، پھیپھڑے پھولے ہوئے محسوس ہوں۔

گردے متورم ہوں اور ان کے گرد درد اور جلن کا احساس ہو اور یہ درد کولہے تک جائے۔

جلد پہ خارش، نیلاہٹ نمودار ہو، لال سنجارہ۔

سرسامی بخار میں تشنج ہو، شدت کی گرمی اور پیاس محسوس ہو، ٹھنڈا لیس دار پسینہ بکثرت آئے، مریض بے ہوش ہو، سرسام کی علامات واضح ہوں۔

زیادتی :۔ چھونے سے، بائیں طرف لیٹنے سے، بیٹھنے سے، حرکت سے، کھلی ہوا میں چلنے سے، رات کے وقت، ایک سے تین بجے صبح تک، مرطوب جگہ رہنے سے۔

کمی :۔ جھکنے سے، ریاح کے اخراج سے۔

مصلح :۔ فاسفورس

طاقت :۔ ۶ طاقت سے ۲۰۰ طاقت تک

www.pdfbooksfree.pk

# جسٹیشیا

JUSTICIA

## خصوصی علامات

۱۔ دمہ

۲۔ کالی کھانسی

## عام استعمال

یہ دوا خاص طور پر سینہ کے بلغمی امراض بالخصوص دمہ اور کالی کھانسی میں مستعمل و مفید ہے۔

## عمومی علامات

ذہنی طور پر مریض چڑچڑا ہوتا ہے، سر گرم، بھاری زکام کے ساتھ آنسو بہیں، چھینکیں آئیں، سونگھنے کی قوت زائل ہو جائے، زکام کے ساتھ کھانسی، حلق اور منہ خشک، تھوک نگلنے میں درد، سینہ میں خشک بلغم، آواز بھاری، دورے کے ساتھ کھانسی۔

ضیق النفس (دمہ) سینہ میں رکاوٹ، دمے کے دورے ہوں، کالی کھانسی

یہ دوا ایلیم سیپا اور یوفریشیا کی درمیانی حالت کے لیے مستعمل و نافع ہے۔ کھانسی یا دمہ جو بہت تر ہو اس کو خشک کرنا مقصود ہوتا ہے۔ اس مقصد کے لیے یہ دوا پلساٹیلا کی نسبت زیادہ مفید ہوتی ہے

www.pdfbooksfree.pk

پیاسا ٹیاس سے بلغم اگرچہ خشک ہو جاتا ہے لیکن نکلنا دشوار ہو جاتا ہے اور تنفس زیادہ ہوتا ہے اس کے برعکس جسٹیشیا سے تنفس کی تکلیف دور ہو جاتی ہے۔

زیادتی:۔ گرم کمرہ میں، بند کمرہ میں۔

کمی:۔ کھلی ہوا میں۔

طاقت:۔ مدر ٹنکچر یا ۳x یا ۶x تک۔ اونچی طاقتیں شاذونادر ہی استعمال ہوتی ہیں۔

---

# جیلسی میم

GELSEMIUM

## خصوصی علامات

۱۔ دھوپ یا موسم گرما سے پیدا شدہ عام کمزوری۔

۲۔ کمزوری اور لرزہ کسی عضو کا یا پورے جسم کا۔

۳۔ چکر گدی سے شروع ہو (سلیشیا)

۴۔ عضلات میں ہم آہنگی اور توازن نہ ہو، توازن منتشر ہو جائے۔

۵۔ دردِ سر، گردن کی پشت میں دریڑھ سے شروع ہو۔

۶۔ ٹھنڈک کمر میں تیزی سے لہر کی طرح کمر سے گدی تک نیچے اوپر آئے جائے۔

www.pdfbooksfree.pk

## عام استعمال

لے رزنے والی دوا کہا جائے تو بیجا نہ ہوگا۔ تمام عضلاتی نظام ازرگ اور پٹھے، ایسے کمزور ہو جائیں کہ قابو میں نہ رہیں اور اعضاء حسب مرضی کام کرنے سے جواب دے جائیں مثلاً چلنے کی کوشش پر ٹانگیں، ہاتھ، زبان سب کانپیں اور کانپنے کی یہ کیفیت کچھ زیادہ ہی بڑھ جائے۔ علاوہ ازیں حسب علامات مختلف قسم کے بخاروں، انفلوئنزا، فم رحم کی سختی، پرسوتی تشنج، وقت حیض کسی ایک عضو کا فالج، جوڑوں کے درد، زمانہ حمل یا زچگی کے عوارض، بچوں میں دانت نکالنے کے زمانہ کی تکالیف وغیرہ میں بھی نافع ہے۔ خسرہ میں ابھاروں کو باہر نکالنے میں بھی ممد ہوتا ہے۔

## عمومی علامات

ذہنی طور پہ مریض الجھن کا شکار رہتا ہے، خیالات منتشر ہوتے ہیں۔ مریض نہایت غصیلا ہوتا ہے۔ اول حسیّ و تیزی اور بعد میں پست ہمتی ہوتی ہے۔

سر میں چکر جس کے ساتھ نشہ والوں کی سی لڑکھڑاہٹ ہو، چہرہ میں گرمی ہو اور رگیں خون سے بھر جائیں۔ کھانے کے بعد گدی میں میٹھا میٹھا درد ہو، سر ہلانے اور جھکانے سے درد زیادہ ہو، درد سر، چکر، غشی اور گردن کے درد کے ساتھ ہو۔

پپوٹوں میں ایسی گرانی معلوم ہو کہ جیسے آنکھیں جھکی رہیں، آنکھیں کھولنے میں دقت ہو، دھندلاپن، پتلیاں پھیلی ہوئی، روشنی سے نفرت ہو

www.pdfbooksfree.pk

ہونٹ خشک گرم اور زبان پر سفید مائل بہ زردی میل جما ہوا، سانس
سے بدبو آتی ہو، منہ میں ایسی جلن جو بڑھ کر حلق اور پیٹ تک جاتی ہو
ایسا معلوم ہو کہ حلق کے اندر کچھ اٹکا ہوا ہے، حلق بھرا ہوا معلوم ہو۔
کھٹی ڈکاریں آئیں (نائٹرک ایسڈ) معدہ خالی معلوم ہو اور جھکنے
پاخانہ نرم بھی مشکل سے خارج ہو، ایسا معلوم ہو کہ مبرز سکڑ گیا ہے
دفعتاً خوف، رنج، خراب چیز سے دست آنے لگیں (یہ حالت
اگنیشیا، اوپیم اور پلساٹیلا میں بھی ہوتی ہے) پاخانہ زرد صفراوی یا
سفید، مبرز کا مفلوج ہو جانا۔

مردوں میں بلا ایستادگی خود بخود منی خارج ہو جائے جس سے
نہایت سستی اور کمزوری معلوم ہو۔

مستورات میں رحم کی گرانی، حبس حیض تشنج کے ساتھ، ایام حیض
میں رحم میں سخت درد ہو، پھر سستی آ جائے۔

حلق میں ایسا تشنج ہو کہ جس سے دم گھٹنے کا اندیشہ، حلق میں خراش
ایسی معلوم ہو کہ زخم پڑ گئے ہیں۔ سینہ کے نیچے کے حصہ میں رکاوٹ
معلوم ہو، حوالی دل میں کوسٹنگی ہو، ایسا معلوم ہو کہ اگر چلنا پھرنا بند
ہو جائے گا تو دل کی حرکت بند ہو کر موت ہو جائے گی۔ ڈیجی ٹیلیس
میں خفیف حرکت کرنے سے دل میں کمزوری معلوم ہوتی ہے اور تکلیف
بڑھ جاتی ہے مگر جلسیمیم میں حرکت کرنے سے راحت ہوتی ہے۔

بخار لرزہ کے ساتھ پیاس کے بغیر، سردی پیر سے کہ جو تمام مغز
پر ہوتی ہوئی اوپر کو چڑھے اور گردن تک جاتے۔ بخار بغیر پیاس کے
حلق نہایت زیادہ ہو، پسینہ مع پیاس کے پسینہ آنے سے آرام ہو۔

www.pdfbooksfree.pk

زیادتی :۔ تر موسم میں ، بادل کی گرج سے قبل ، دفعتاً جذبات سے خراب چیز سے ، تمباکو پینے سے ، اپنی بیماری کے خیال سے اپنے نقصان سے ذکر سے ۔

کمی :۔ ٹھنڈی کھلی ہوا میں ۔

معاون :۔ ہیپ ٹینشیا ، اپیکاک ۔

مصلح :۔ چائنا ، کافیا ، نیٹرم میور ۔

طاقت :۔ مدر ٹنکچر سے ۳۰ طاقت تک ہی عام طور پر مستعمل ہے ۔

---

# چائنا

CHINA

## خصوصی علامات

۱۔ مریض مردہ دل ، لاپرواہ ، کم سخن ( فاسفورک ایسڈ )

۲۔ تکلیفات رطوبات زندگی کے ضائع ہو جانے سے ، خصوصاً خون کے اخراج سے ، یا زیادہ وقت تک دودھ پلانے سے یا زیادہ پیپ بہہ جانے سے ( چائنا سلف )

۳۔ درد سر جیسے کھوپڑی پھٹ جائے گی ۔

۴۔ درد سر سیلان خون یا کثرت جماع کے بعد ۔

۵۔ بے حد کمزوری ، ذکی الحس چھونے سے ، درد سے ، ہوا کے جھونکوں سے

www.pdfbooksfree.pk

۶۔ سیلانِ خون بہت مدت کا یا بہت عرصہ تک جاری رہے۔
۷۔ نوبتی بخار جو حرارت کے وقت نہ ہو۔

## عام استعمال

یہ دوا خون اور رطوبات کے زائل ہونے سے لاحق ہونے والی کمزوری کے علاوہ کمی خون، جریانِ خون، جگر اور تلی کے عوارض، یرقان، بغیر درد کے اسہال، مختلف قسم کے بخاروں، تپِ دق، بچوں میں ہاضمہ کے عوارض وغیرہ وغیرہ میں حسبِ علامات مستعمل و مفید ہے۔

## عمومی علامات

ذہنی طور پر مریض کم ہمت اور ہر قسم کی مشقت سے عاری ہوتا ہے۔ دماغ اور سر کمزور، سر میں بھاری پن، جھک کر سر اٹھانے پر تیکن کا درد، سر جو ہوا سے یا ذرا سا بھی چھونے سے زیادہ ہو مگر زیادہ زور سے دبانے سے کم ہو۔

پڑھتے وقت الفاظ ایک دوسرے میں گڈ مڈ ہوتے نظر آئیں، سر میں گرمی اور جلن، کان میں گڑگڑاہٹ، سنسناہٹ، بھنبھناہٹ، اونچا سننا، بہرا پن، زکام، نکسیر بہنا، چہرہ زرد، کمزور، آنکھوں کے گرد نیلے حلقے پڑے ہوئے، چہرہ کا درد چھونے سے زیادہ ہو۔

دانت کا درد چھونے سے زیادہ ہو، دبانے سے آرام ہو، زبان پر موٹا گندا میل، ہونٹ خشک۔

ریاح کی وجہ سے کل معدہ میں ابھار، نفخ، کھانے کے بعد معدہ پھولا ہوا۔

www.pdfbooksfree.pk

جگر میں ورم اور درد۔ انتہا کمزور۔ دودھ سے معدہ خراب ہو جائے کھانے کے بعد کڑوی ڈکار۔

دست غیر منہضم شدہ پانی جیسے سفید، زرد یا سیاہی مائل، نہایت کمزور کرنے والا نرم پاخانہ بھی مشکل سے خارج ہو، پیشاب گندہ کم مقدار میں، پیشاب کی نالی میں کھنچن۔

جلنے میں اعضائے تناسل میں بھاری پن، حلق کی وجہ سے احتلام حیض کثیر المقدار (زیادہ) سیاہ لوتھڑے، اسقاط حمل کے بعد ادرار خون کمزور کرنیوالا، قبل حیض سفید رطوبت خارج ہو۔

کھانسی گویا گلے میں دھواں بھرا ہوا ہے، ہنسنے بولنے یا پینے سے زیادہ ہو۔ پھیپھڑے سے خون آنا، لیٹنے سے سینہ میں بوجھ معلوم ہو داہنے گھٹنے کا گرم ورم، پیر کا ورم، ایک ہاتھ سرد اور دوسرا گرم، ایک پیر گرم اور دوسرا ٹھنڈا (لائیکو پوڈیم، چیلیڈونیم اور ڈیجی ٹیلیس) بخار لرزہ کے ساتھ اور پیاس کے بغیر، لرزہ آتے ہی پیاس بند ہو جائے کل جسم میں سردی، پانی پینے سے زیادہ ہو، سردی اور لرزہ کھلی ہوا میں، ۵ بجے شام کو، گرمی میں آنے سے غائب ہو جائے۔ پیاس لرزہ سے پہلے یا بعد مگر دوران لرزہ نہ ہو، بخار بغیر پیاس کے، کل جسم گرم ہو، درد سر کپڑا کھولنے کی خواہش، لیکن کپڑا ہٹانے سے سردی لگے، عرصہ تک قائم رہنے والا بخار، بخار جس میں نیند آ جائے پسینہ کے ساتھ، پسینہ کمزور کر دینے والا، کھلی ہوا میں چلنے سے بھی پسینہ آئے۔

زیادتی:- پینے سے، حرکت سے، عضو کو پھیلانے سے، فراغت چھونے سے، ہوا کے جھونکے سے، ہر دوسرے دن، رطوبات زندگی

www.pdfbooksfree.pk

سے ضائع ہو جانے سے، رات کو کھانے کے بعد اونگھنے سے۔

کمی :۔ دوہرا ہو جانے سے، زور سے دبانے سے، کھلی ہوا میں

گرمی میں۔

معاون :۔ نیٹرم میوریٹکم، کلکیریا فاس

مخالف :۔ ڈیجی ٹیلس، کریازوٹ، سیلینیم، لیڈم۔

مصلح :۔ آرسینکم البم، آرنیکا، بیلاڈونا، کاربوویج، اپیکاک،

مرکیورس، پلسا ٹیلا، سیپیا، سلفر۔

طاقت :۔ مدر ٹنکچر سے ۳۰ طاقت تک نیز ۲۰۰ طاقت بھی مستعمل ہے۔

---

# چینی نم سلف CHININUM SULPH.

## خصوصی علامات

۱۔ سردی سے لرزہ اور اس کے دوران کمی رگوں کا درد کرنا اور پھول جانا۔

۱۔ لرزہ گرم کمرہ میں بھی کم نہ ہو۔

۲۔ خون کے سرخ ذرات میں کمی۔

۴۔ پیشاب کا زیادہ مقدار میں آنا اور البومین کا اخراج۔

## عام استعمال

یہ دوا ملیریا کے ٹیسٹ ہوتے مانے کو اچاٹ نے کے لئے بہت کارگر

www.pdfbooksfree.pk

ہے علاوہ بریں وجع المفاصل، گنٹھیا اور مزمن ورم گردہ میں بھی مستعمل ہے اس کا زیادہ تر استعمال ملیریا بخار کے لئے ہوتا ہے۔

# عمومی علامات

پیشانی پر، بھنوؤں کے اوپر اور کن پٹیوں پر درد جو کہ دوپہر کے وقت بڑھے، اس کی ابتداء ملیریا بخار سے ہوتی ہے۔ ساتھ ہی سر چکرانا، دوران جو کہ بائیں جانب شدید صورت میں ہو، مریض کو جھکے آئیں، کھڑا نہ ہو سکے کانوں میں زور کی آوازوں کا آنا، کانوں کا بجنا اور سننے کی قوت میں کمی۔

آنکھوں کے نیچے نسوں کا درد شروع ہو کر ارد گرد پھیل جائے، درد باقاعدہ دوروں کی صورت میں آئے، دباؤ سے تسکین ہو۔

ریڑھ کے مہروں کا شدید طور پر درد کرنا، دبانے سے درد میں زیادتی، یہ درد گردن اور سر کی طرف رخ کرتا ہے۔

پیشاب خون آمیز، گاڑھا، مٹی کے رنگ کا اور اس کے نیچے رنگتی تلچھٹ کا جمع ہو جانا، پیشاب زیادہ مقدار میں آئے اور اس کے ساتھ البیومن کا اخراج۔

جلد پر خارش، سرخ پھنسیاں، چھپاکی، پتیاں، آبلے، پھوڑے اور ہر قسم کی سوزش درد کرنے والی، جھریوں والی جلد۔

بخار سردی اور لرزہ کے ساتھ اور اس کے ساتھ کئی رگوں کا درد کرنا اور پھول جانا، گرم کمرہ میں بھی کانپنے جانا، بے چینی، پسینہ آنا اور پیاس کا بڑھنا، اعضاء میں شدید لرزہ، نبض کمزور، درجہ حرارت بے حد زیادہ،

www.pdfbooksfree.pk

بعض حالتوں میں نارمل سے بھی کم ہو۔

طاقت :- عام طور پر ۳ طاقت سے ۳۰ طاقت تک اور بعض اوقات اس سے اونچی طاقتیں استعمال ہوتی ہیں۔

# چیلیڈونیم CHELIDONIUM

## خصوصی علامات

۱۔ مسلسل درد داہنے نچلے شانہ کے زاویہ کے نیچے (کالی کارب، مرکیوریس)۔

۲۔ نہایت گرم اشیاء پینے کی خواہش۔ ٹھنڈی چیزوں کی ڈائمس

۳۔ آنکھوں کے گرد صدوں کا نوبتی اعصابی درد جس میں آنسو پنالے کی طرح بہیں (رشاکس)۔

۴۔ قبض، پاخانہ سخت گول سدوں کی صورت میں۔

۵۔ جلد کا رنگ سلیٹی مائل زرد، جلد پر آب۔

## عام استعمال

یہ دائیں طرف کی دوا ہے، جگر کی خرابی میں عام استعمال ہوتی ہے خاص کر صفراوی امراض یرقان، پتہ کی پتھری، تمدد، صفراوی پتھری، درد جگر، ورم جگر، جگر کی خرابی سے پیدا ہونے والے نسوں اور پھوڑوں

www.pdfbooksfree.pk

کے یا دیگر درد نیز کالی کھانسی، دورہ والی کھانسی، صفراوی نمونیہ بچوں کی کھانسی اور برانکائٹس وغیرہ عوارض اس کے زیر اثر آتے ہیں۔ اس دوا کے درد برائیونیا سے مشابہ ہوتا ہے البتہ پاخانہ بڑا ہیں سخت اور صوبا ہوتا ہے اور چیلیڈونیم میں مٹی کے رنگ کا ہوتا

# عمومی علامات

دوران سر جو بستر سے اٹھنے، بیٹھنے، آنکھ بند کرنے سے زیادہ ہو اور مریض کو ایسا معلوم ہو کہ وہ آگے کی طرف گر پڑے گا۔ ایسے دوران سر میں عموماً یرقان اور صفراوی قے بھی موجود ہوتی ہے۔ سر کے دائیں جانب درد، دائیں رخسار، کان، آنکھ اور جگر میں ناخوشگوار احساس اور درد ہو، گردن اکڑی ہوئی۔

درد شکم، زبان چوڑی اور میل آلود ہو، ذائقہ کڑوا اور طبیعت متلی ہو، بعض دفعہ قے بھی ہو جاتی ہے، درد پیٹھ اور شانہ کی ہڈی تک چلے۔ کھانے سے عارضی فائدہ ہو، یرقان، آنتوں کا فعل سست ہو، جگر کا بڑھ جانا، صفراوی پتھری، زرد اسہال، صفراوی قے۔

برانکائٹس (سانس کی نالیوں کی اندرونی جھلیوں کی سوزش)، برانکو نمونیا، کھانسی شدت سے ہو، سینہ میں بلغم کھڑکھڑائے، کالی کھانسی، کثیر بلغم آئے، لیکن اس کا اخراج مشکل سے ہو، کھانسی کے ہمراہ مقام جگر میں کھینچنے والا درد ہو، سانس کی تنگی۔

گردوں میں سوزش ہو، پیشاب کف دار، کثیر المقدار اور زردی مائل گدلا۔

www.pdfbooksfree.pk

جگر کی خرابی سے باعث گھٹنوں میں مفاصلی درد، کولہوں اور رانوں میں درد، ایڑیاں سخت اور مفلوج ہوں، عضلات میں سختی۔

زیادتی: دائیں جانب حرکت سے، تبدیلی موسم سے صبح سویرے

کمی: شام کے وقت، گرم اشیاء پینے سے، خصوصاً دودھ پینے کی بہت خواہش ہو۔

معاون: لائیکوپوڈیم، برائیونیا۔

مصلح: کیمومِلا

طاقت: چھوٹی طاقتیں زیادہ تر مستعمل ہیں۔

---

# چیونَنتھس

CHIONANTHUS

## خصوصی علامات

۱۔ ماتھے پر آنکھوں سے اوپر درد۔

۲۔ ناک کی جڑ پر دباؤ کا احساس۔

۳۔ یرقان جس کے ساتھ ایام ماہواری بھی بند ہو جائیں۔

۴۔ دوروں کی صورت میں آنے والا درد معدہ و شکم۔

## عام استعمال

یہ جگر کے لئے ایک خاص دوا ہے، صفراوی امراض میں عام طور پر

www.pdfbooksfree.pk

مستعمل ہے۔ درد سر، درد شقیقہ، دیگر اعصابی درد، قبض، یرقان، تی کا بڑھ جانا، پتہ کی پتھری، ذیابیطس شکری وغیرہ عوارض اس کے زیر اثر آتے ہیں۔

# عمومی علامات

سر بھاری سے چبھنے، ماتھے پر آنکھوں کے اوپر شدید اعصابی درد، جو کہ خاص طور پر ناک کی جڑ کے اوپر ہو اور کن پٹیوں تک پہنچتا ہو، درد جھکنے پر یا حرکت سے بڑھتا ہے۔ آنکھ کا سفید حصہ زرد ہو جاتا ہے یرقان۔

منہ میں خشکی کا احساس جو کہ پانی پینے سے بھی دور نہ ہو، علاوہ بریں لعاب دہن کی کثرت کے باوجود منہ کی خشکی کا قائم رہنا۔

ناف کے مقام پر درد اور بھاری پن، معدہ پر بندش کا احساس گویا کہ رسی سے باندھ دیا گیا ہے اور اسے کبھی ڈھیلا کیا جاتا ہے اور کبھی کس دیا جاتا ہے۔ پیٹ درد کرنے والا، پھولا ہوا، ساتھ یرقان اور قبض، جگر کی بندش اور خون میں صفرا کی ملاوٹ، پاخانہ کا رنگ سفید بعض دفعہ پتلا، زرد، چپکنے والا پاخانہ۔ زبان پر میل کی بھاری تہہ، بھوک کی کمی، صفراوی قولنج، جگر کے مقام پر درد۔

پیشاب گاڑھا اور بھاری مقدار میں، بار بار پیشاب کرنے کی حاجت، پیشاب میں صفرا اور شکر، پیشاب کا رنگ سیاہی مائل۔

جلد نم دار اور زرد، یرقانی۔

طاقت :- مدر ٹنکچر سے ۲ طاقت تک عام طور پر مستعمل ہے۔

www.pdfbooksfree.pk

# ڈائسکوریا

DIOSCOREA

## خصوصی علامات

۱۔ درد قولنج جو آگے کی طرف جھکنے سے اور لیٹنے سے بڑھ جائے۔

## عام استعمال

درد قولنج میں عام طور پر استعمال ہوتی ہے اس کے علاوہ احتلام اور بہری میں بھی مستعمل و مفید ہے۔

## عمومی علامات

مریض کی ذہنی کیفیت کچھ ایسی ہوتی ہے کہ چیزوں کے نام غلط سلط لیتا ہے۔

سر کی دونوں کن پٹیوں میں تیز کاٹنے والے درد، دبانے سے اس میں افاقہ ہو مگر بعد میں پھر تیزی اختیار کر جائے۔ سر میں آوازوں کا آنا۔

معدے سے بدبودار گیس کے ڈکاروں کا آنا، معدہ کا درد، معدہ میں نیچے کی طرف دباؤ کا احساس، چھاتی کے درمیان درد، جو کہ بازوؤں تک پہنچتا ہو، کھٹی اور کڑوی ڈکاروں کا آنا اور ساتھ ہچکی، فم معدہ میں شدید درد جو کہ کھڑا ہونے سے افاقہ پائے۔

۔ پیٹ میں درد جو اچانک ایک جگہ سے دوسری جگہ تبدیل ہوتا ہے۔

www.pdfbooksfree.pk

اس کے علاوہ پیٹ سے چل کر جسم کے دوسرے اعضا میں نمودار ہو اور ہاتھ کی انگلیوں اور پاؤں کے نیچے تک جاتا ہو، پیٹ میں گڑگڑاہٹ پیٹ سے ہوا کا اخراج، مروڑ اور معدہ وامعاء میں وقفہ وقفہ سے آنے والا درد، قولنج جس میں چلنے سے افاقہ ہو۔ درد پیٹ سے چل کر کمر چھاتی اور بازوؤں تک پہنچتا ہے، جو کہ آگے جھکنے اور لیٹنے سے شدت اختیار کرتا ہے۔ پتہ کا درد، جگر کے مقام پہ شدید درد جو کہ پستانوں تک پہنچتا ہو۔ پتہ سے درد شروع ہو کر چھاتی تک پہنچتا ہو، کمر اور بازوؤں تک جاتا ہو، گردہ دل کا درد جو کہ ٹانگوں اور بازوؤں تک جاتا ہو۔

بواسیر جس کے ساتھ جگر میں بھی شدید درد ہو، بواسیر کے مسّے جو انگور کے گچھوں کی طرح ہوں اور پاخانہ کے بعد مقعد سے باہر نکل آئیں اور ساتھ ہی مقعد میں درد ہو، اسہال جو کہ صبح کے وقت شدت اختیار کریں، اسہال زرد جن کے بعد شدید کمزوری لاحق ہو، گرم پیچ اور گرم پاخانہ کا اخراج۔

دل میں درد، چھاتی کے پچھلی طرف درد جو کمر تک پہنچتا ہو اور بازوؤں تک جاتا ہو، سانس کی تنگی سے آئے، دل کمزور ہو، خاص طور پہ دل پہ ہوا کے زور کے باعث اور ساتھ چھاتی میں درد۔

مردانہ اعضائے تناسل ڈھیلے، مقعد اور گردوں سے درد شروع ہو کر خصیوں تک جائے، نلوں اور خصیوں پر تیز بودار پسینہ، منی کا حالت خواب میں خارج ہو جانا، گھٹنوں میں شدید درد۔

مستورات میں رحم کے اندر درد، رحم سے درد شروع ہو کر دوسر

اعضا میں جائیں، خوابوں کا آنا۔

تمام چھاتی پہ گھٹن اور دباؤ کا احساس، خاص طور پہ جھکنے کی صورت میں اور سانس لیتے وقت ایسا محسوس ہو کہ سینہ پھولتا نہیں، سانس چھوٹا چھوٹا آتا ہے۔

کمر کے اندر درد اور لڑکھڑانا، جو کہ جھکنے سے زیادہ شدت اختیار کرے، نستوں اور پٹھوں کا درد جو کہ رانوں تک پہنچتا ہو اور دائیں طرف شدت سے ہو اور آرام کی صورت میں تکلیف پاتا ہو۔

ناخن بھر بھرے، ہاتھ کی انگلیوں اور پاؤں کی انگلیوں میں تشنج

زیادتی:۔ شام کو، رات کے وقت، لیٹنے سے، آگے کی طرف جھکنے سے۔

کمی:۔ سیدھا کھڑا ہونے سے، کھلی ہوا میں پھرنے سے، دباؤ سے۔

مصلح:۔ کیموملا، کیمفر

طاقت:۔ مدر ٹنکچر یا 3x زیادہ تر مستعمل ہے۔

www.pdfbooksfree.pk

# ڈروسیرا

DROSERA

## خصوصی علامات

۱۔ کھانسی جس کی زیادتی لیٹ جانے کے بعد، آدھی رات کے بعد ہو۔
۲۔ کالی کھانسی
۳۔ حنجرہ کی سل جو کالی کھانسی کے بعد ہوتی ہو۔
۴۔ نوجوانوں کی سل میں شب کی کھانسی کے ہمراہ خونی یا سیال بلغم آتی ہو۔

## عام استعمال

ڈروسیرا کالی کھانسی کی مخصوص ترین دوا ہے۔ اس کے بارے میں ہانیمن اپنے "میٹریا میڈیکا پیورا" میں رقم طراز ہیں:

"اس دوا کی ۳۰ طاقت کی صرف ایک ہی خوراک وبائی کالی کھانسی کے پورے شفائے کلی کی ضامن ہوتی ہے۔ سات یا آٹھ روز میں مریض شفایاب ہو جاتا ہے۔ پہلی خوراک کے فوراً بعد دوسری خوراک ہرگز نہ دیں۔ اس سے نہ صرف یہ کہ پہلی خوراک کے عمل میں رخنہ پڑے گا بلکہ دوسری خوراک الٹی مضر بھی ثابت ہو گی۔"

کالی کھانسی کے علاوہ یہ دوا خسرہ، برانکائٹس، سانس کی نالی کی

www.pdfbooksfree.pk

(اندرونی جھلیوں کی سوزش) سے پیدا شدہ کھانسی، تشنجی کھانسی، حنجرہ کی سل، سل ریوی وغیرہ میں بھی مفید و مستعمل ہے۔

سل کے ابتدائی درجہ میں یہ دوا مدر ٹنکچر کی صورت میں چار سے بیس قطرے تک چوبیس گھنٹوں میں دینا مفید ہے۔

# عمومی علامات

ذہنی طور پر مریض بے خیالی کا شکار ہوتا ہے، جب کتاب پڑھتا ہے تو کسی ایک مضمون کی طرف راغب نہیں رہتا، کبھی ایک کبھی دوسرا دیکھتا چلا جاتا ہے، حیران اور احمق نظر آتا ہے۔ حافظہ خراب ہوتا ہے۔

کھلی ہوا میں چلنے سے سر چکرائے، آنکھیں بند کر کے کھڑے ہونا دشوار ہو جیسے پیچھے کی جانب گر پڑے گا۔

آنکھوں کی پتلیاں پھیلی ہوئی ہوں یا سکڑی ہوئی ہوں، بائیں آنکھ کے ڈھیلے کے نیچے جلن اور بے چینی ہو۔

چہرہ گرم اور سرخ، پھولا ہوا اور زرد، چہرہ گرم اور ہاتھ سرد ہوں۔

منہ چھوٹا اور گول، زبان کے درمیان بلا درد سوجن ہو، زبان کے نیچے پھیلی ہوتی ہو۔ بائیں رخسار میں ایسا محسوس ہو جیسے سرخ مرچ کھائی ہوئی ہو، تھوک پانی کی طرح بہت زیادہ۔

حلق میں خراش اور کھردرا پن، تالو اور حلق میں خشکی کا احساس ہو جس کی وجہ سے کھانسی شروع ہو جائے۔

جی متلائے، ترش اشیاء سے نفرت اور نقصان ہو، مریض غذا کو دیکھنا پسند کرے، معدہ کی خرابی ہو، آدھی رات سے لے کر صبح تک تکلیف زیادہ ہو، ترش

www.pdfbooksfree.pk

غذا کے بعد پیٹ درد کرتا ہو۔

پاخانے نرم، سیال، سفید مٹیالے پانی کی طرح بغیر بو کے، پیشاب بغیر بو کے ہو، پاخانہ کے بعد بھی لگاتار پاخانے کی حاجت رہے۔

پیشاب کے لئے بار بار زور لگانا پڑے، پیشاب تھوڑی مقدار میں آئے، متواتر ایک ایک قطرہ ہو کر یا بار بار زیادہ مقدار میں پیشاب آتا ہو۔

تشنجی کھانسی خشک کالی کھانسی کی طرح، دورے ایک دوسرے کے بعد بہت جلدی جلدی آتے ہوں، مشکل سے سانس لے سکے۔ دم گھٹتا ہو، کھانسی بہت کھردری اور گہری، آدھی رات کو زیادہ ہو، زرد بلغم خارج ہو، نکسیر چھوٹے اور منہ سے خون آئے، جی متلائے۔ آواز بھاری اور گہری ہو، گلا بیٹھ گیا ہو، سوزش حنجرہ، تالو اور حلقوم میں کھردراپن اور چھل جانے کا احساس ہو۔ حنجرہ میں کوئی شے رینگتی ہوئی محسوس ہو جس کے باعث کھانسی شروع ہو جائے۔ معلوم ہو کہ حلق میں کوئی نرم شے رکھی ہے، کھانسی شب کو ہو۔ شام کو فوراً لیٹنے پر، دو بجے صبح کو مریض جاگ پڑے، کھانسی کے ہمراہ سیال یا خونی بلغم آتی ہو، حنجرہ کی سل کے ہمراہ کمزوری بہت ہو، حلق خشک ہو، آواز بھاری ہو، زور لگا کر بات کر سکے۔ جب بات کرے تو دم گھٹنے کی شکایت ہو، جب کوئی لفظ نکالے تو حلق سکڑ جاتا ہو، سینہ کے عضلات میں تیکھن ہو جیسے دبانے سے آرام آتا ہو۔

کولہے اور جنگاسے کی ہڈیوں اور جوڑوں میں درد ہوتا ہو، پاؤں کے جوڑ سخت ہوں۔

www.pdfbooksfree.pk

تمام بازو مفلوج اور بستر سخت معلوم ہو۔

جلد میں کھجلی اور چبھن کی سی شکایت ہو جسے کھجلانے سے اٹھنے سے یا سہلانے سے آرام محسوس ہو۔ خسرہ کی طرح کے ابھار نکل آئیں ابھاروں کے ساتھ درد ہو اور ڈنک مارنے کی تکلیف ہوتی ہو۔

مریض کو متواتر جمائیاں آتی ہوں، نیند سے بار بار چونک پڑتا ہو، بدخوابی ہو۔

بخار میں جسم کے اندر کپکپی ہو، چہرہ کی گرمی کے ہمراہ کپکپی، ہاتھ سرد ہوں اور پیاس نہ ہو، بستر میں بھی سردی محسوس ہوتی ہو۔

زیادتی :۔ آدھی رات کے بعد، لیٹنے پر، بستر میں گرم ہونے پر، پانی پینے سے، گانے سے اور ہنسنے سے۔

کمی :۔ جھکنے سے، سر کو ہاتھوں پر رکھنے سے، چھونے سے،

معاون :۔ نکس وامیکا، سلکیریا کارب، نیٹرم میور، ملیسیا، پلسٹیلا۔

مصلح :۔ کیمفر

طاقت :۔ بالعموم 1x یا 2x سادہ کھانسی میں مستعمل ہے اور کالی کھانسی میں ۳۰ طاقت کی صرف ایک خوراک۔

---

www.pdfbooksfree.pk

# ڈلکامارا

# DULCAMARA

## خصوصی علامات

۱۔ پیشاب کی تراوش کا بند ہو جانا، ٹھنڈے پانی میں ننگے پاؤں گھومنے سے۔

۲۔ پیشاب از خود نکل جائے، پیشاب پر قابو نہ ہو۔

۳۔ موسم (درجہ حرارت) کی یکدم تبدیلی سے لاحق ہونے والی یا شدت اختیار کرنے والی تکالیف۔

## عام استعمال

موسم کی تبدیلیاں سے جسم کو لاحق ہونے والے عوارض، چھپا کی اور نار فارسی، اسہال، نزلہ، موسم خزاں کے عوارض، داد، مزمن عضلاتی بالا کے درد، قولنج، بوڑھوں کی کھانسی، پارہ کی وجہ سے تھوک بکثرت آنا، کثرت شہوت، پھیپھڑوں کے مفلوج ہو جانے کا خوف، گردوں کے درد جو سرخ بخار، ملیریا یا کسی اور شدید مرض کے بعد ہو گئے ہوں، مریض کو سردی لگ جاتی ہو، سردی لگ جانے کی وجہ سے مزمن پیچش وغیرہ عوارض اس دوا کے زیر اثر آتے ہیں۔

www.pdfbooksfree.pk

# عمومی علامات

ذہنی طور پر مریض جھگڑالو ہوتا ہے اور غصہ کے بغیر ہی دوسروں کو لعنت ملامت کرتا رہتا ہے۔

سر میں پراگندگی ہو، گردن کے سر سے اوپر کی جانب پچھلی طرف درد ہو، درد سر، سر کے پچھلے حصہ میں کپکپی اور دھکن ہو، سرد موسم میں کھوپڑی میں داد ہو، سر گنجا ہو، موٹے زرد چھلکے اتریں، کھجلانے پر خون خارج ہو۔

سردی ہر دفعہ جب آنکھوں میں لگ جائے تو آنکھوں میں ٹھہر جائے، گاڑھی زرد رطوبت خارج ہوتی ہو، چھوٹے دانہ دار اور بخار میں پانی کی مانند رطوبت خارج ہو، کھلی ہوا میں شدت ہو، پتلیاں بہت پھیلی ہوئی ہوں۔

کانوں میں درد ہو، کانوں میں شور و غل، جھنجھن اور سوزش ہو، کان کے اندر سے رطوبت نکلتی ہو۔

نکسیر چھوٹتی ہو، گرم اور صاف خون خارج ہو، ناک کے اوپر بوجھ محسوس ہو۔ منہ سے لیس دار تھوک صابون کی طرح آتا ہو، زبان خشک اور کھردری ہو، حلق میں کھردراپن اور خراشش ہو، حلق میں بلغم بہت ہو، سردی کے باعث ورم لوزتین۔

منہ کا ذائقہ کڑوا۔ سفید لیس دار رطوبت کی قے ہو، سردی لگنے سے قولنج ہو، ناف کے قریب کاٹنے والے درد ہوتے ہوں۔

پاخانے سفید، پتلے، سبزی مائل، مٹیالے پانی کی طرح، شب کو

www.pdfbooksfree.pk

زیادہ، تر موسم میں ان کی کیفیت میں رد و بدل ہوتا ہے، دست سفید، پیلے، سبز کھٹی بو والے آتے ہوں۔

سردی لگنے کی وجہ سے پیشاب کا بار بار آنا، پیشاب کرتے وقت درد، پیشاب کے نیچے گاڑھی تلچھٹ کا جم جانا، ننگے پاؤں سردی میں چلنے سے پیشاب کا بار بار آنا یا بند ہو جانا۔

سردی کی وجہ سے حیض یا دودھ آنا بند ہو جائے، بوقت حیض کے ساتھ تمام بدن پر ابھار نکل آئیں، پستان دکھتے ہوں۔

سردی لگنے کی وجہ سے سانس دقت سے آتا ہو اور بلغم جمع ہو جائے۔

گردن اکڑی ہوئی، سردی لگ جانے سے کمر میں یا رانوں میں یا پنڈلیوں کی ہڈیوں میں درد، ہاتھوں پر مسے ہوں، شدید جلدی ابھاروں کے بعد مفاصل علامات نمودار ہوں۔

جلد گرم اور خشک ہو، بغل، گردن یا جنگاسہ میں گرہیں پڑ گئی ہوں۔ کھجلی ہمیشہ سرد و تر موسم میں زیادہ ہو، پھنسیاں، آبلہ دار اجانے چپکی سے۔

زیادتی:۔ شب کو، سکون سے، سرد ہوا سے، تر اور سرد موسم میں، موسم دفعتاً سرد ہو جانے سے، لیٹنے سے اور بیرا اٹھ کھڑے ہونے سے۔

کمی:۔ نشست سے اٹھنے پر، حرکت سے، گرم خشک موسم میں چلنے پھرنے سے، گرم ہوا سے۔

معاوف:۔ بیلاڈونا، کارب۔

مصلح:۔ کیمفر، اپیکاک، کیوپرم، مرکیوریس۔

www.pdfbooksfree.pk

طاقت :- ۳ طاقت سے ۳۰ طاقت تک۔

# ڈیجی ٹیلیس
DIGITALIS

## خصوصی علامات

۱۔ احساس جیسے ذرا سی حرکت کرنے پر قلب کی دھڑکن بند ہو جائے گی (دکوکین)

۲۔ نبض بھری ہوئی، بے قاعدہ، بہت مدھم اور کمزور، ہر تیسری، پانچویں یا ساتویں ضرب چھوڑ دے۔

۳۔ جسم کی جلد نیلی۔

## عام استعمال

اس دوا کا خاص اثر پہلے دوران خون پر اور بعد ازاں دوسرے اعضا پر ہوتا ہے۔ دل کے عوارض میں خاص طور پر مستعمل ہے۔

## عمومی علامات

ذہنی طور پر مریض بے حد فکر مند اور پریشان ہوتا ہے خاص کر شام کے وقت لاپرواہی، بات چیت کرنے کو جی نہ چاہے۔

سر میں چکر اور کمزوری، کن پٹی اور پیشانی میں کو نیں، تناؤ کی کیفیت

www.pdfbooksfree.pk

سے ماتھے کے بائیں طرف ٹیس ہو، بائیں کن پٹی میں چمک ہو، داہنے ابرو میں جلن کے ساتھ درد، نگاہ دھندلی جیسے آگے کوئی پردہ ہے۔

آنکھوں کے ڈھیلوں میں ٹیس ہو، بہت زیادہ آنسو بہتے ہوں، تیز روشنی سے اور زیادہ ہوں، پپوٹے آپس میں چمٹ جائیں اور کیچڑ بہت نکلے، چیزیں سبز یا زرد نظر آئیں۔

چہرہ زرد، ہونٹ اور پپوٹے نیلے، منہ میں خشکی، میٹھی اور بدبودار رال، ایسی نکلے کہ زبان اور مسوڑھوں کو چھیل دے، زبان نیگوں، ذائقہ کڑوا، بھوک بالکل ندارد۔

متلی، اُلٹی کرنے کو طبیعت چاہے، بار بار ابکائی، صبح کو بلغمی قے آئے، غذا قے میں نکل جائے، معدہ میں بہت کمزوری محسوس ہو، پیٹ میں گرانی، جلن اور مروڑ۔

پاخانہ سفید، کھریا یا راکھ کے مانند، پتلے دست آؤں ملے، پانی کا دست، یرقان کے عارضہ میں دست آئیں۔

پیشاب رک جائے، پیشاب کی تکلیف ہو، مثانہ کی گردن پر ورم ہو۔

کھانسی میں خون آئے، پھیپھڑوں سے بلغم خون ملا ہوا نکلے، چلنے میں سانس پھولے، ذرا سی حرکت سے دل دھڑکنے لگے، ایسا معلوم ہو کہ دل کی حرکت بند ہو جائے گی۔ دل کی حرکت زیادہ ہو جائے۔ دل کے اطراف میں کوچنی۔

خصیوں کا ورم، خواہش جماع بہت زیادہ اور راتوں کو اور احتلام ہو۔

www.pdfbooksfree.pk

رات کو داہنا ہاتھ مع انگلیوں کے سوج جائے اور تین گھنٹہ سوجن رہے، گھٹنے میں پانی اتر آئے، نیچے کے دھڑ میں بہت کمزوری معلوم ہو، پیر کی سوجن رات کو کم ہو جائے۔

رات کو نیند خراب، خیالوں کی وجہ سے اچاٹ جائے، یہ خواب دیکھے کہ اونچے سے پانی میں گر پڑا ہے اور چونک کر جاگ پڑے۔

نبض سست اور بے قاعدہ، اندر سردی اور اوپر گرمی یا اوپر سردی اندر گرمی، پسینہ بکثرت آئے اور آرام نہ ملے۔

زیادتی :۔ درد سر بڑھ جائے، لیٹنے سے، گرم کمرہ میں بیٹھنے سے، خاص کر سیدھے بیٹھنے سے، کھانے سے گانے سے۔

کمی :۔ خالی معدہ ہونے سے، کھلی ہوا میں۔

معاون :۔ بیلاڈونا، برائیونیا، کیموملا، لائیکوپوڈیم، نکس وامیکا، اوپیم، فاسفورس، پلساٹیلا، سیپیا، سلفر اور ویریٹرم البم۔

مصلح :۔ ایپس، کلکیریا، کیمفر، نکس وامیکا، اوپیم۔

طاقت :۔ ۳ طاقت سے ۳۰ طاقت تک۔

نوٹ :۔ ڈیجی ٹیلس کے بعد کونین یا چائنا یا اس کا کوئی مرکب ہرگز نہ دینا چاہیے، بعید مضر ثابت ہو سکتا ہے۔

---

www.pdfbooksfree.pk

# رسٹاکس

RHUS TOX

## خصوصی علامات

۱۔ بے چینی حد سے زیادہ

۲۔ بے حد ذکی الحس کھلی ہوا سے

۳۔ درد سر، بیئر شراب کے استعمال سے

۴۔ زبان خشک جس کی نوک سرخ مثلث سے مشابہ ہو۔

۵۔ دست محرقہ کے آغاز کے ساتھ از خود سخت کمزوری کے ساتھ۔

۶۔ زہر باد بائیں سے دائیں کو آبلے کا سا۔

## عام استعمال

یہ دوا وجع المفاصل کے مزاج والوں کے لئے زیادہ موزوں ہے، تر ہو جانے کی وجہ سے خاص کر گرمی کے بعد تر ہو جانے سے لاحق ہونے والی تکالیف کے لئے مستعمل ہے نیز تکالیف جو کہ موچ سے یا کسی ایک عضو کو زور دینے کی وجہ سے مثلاً کسی چیز کو زیادہ دیر اٹھانے سے یا زیادہ زور آزمائی سے پٹھے چڑھ جانے کے لئے بھی نافع ہے۔ علاوہ بریں ٹائیفائڈ اور دیگر بخاروں میں بھی استعمال ہوتا ہے۔

www.pdfbooksfree.pk

# عمومی علامات

ذہنی طور پر مریض بیحد بے چین ہوتا ہے۔ متواتر پہلو بدلتا ہے، شام کو متفکر ہونا، رونے کی طرف میلان طبیعت، خاص کر شام کو تنہائی کی خواہش۔

کھڑے ہونے پر یا چلتے ہوتے سر میں چکر لیٹنے پر زیادہ ہو، چلنے میں تھرتھرائے جو فالج کا نتیجہ ہو۔ ترتیب بھرے ہوئے والے سر پر جس پر پپڑی بنی ہوتی ہو۔ بال گرتے جاتے۔ بدبودار کھجلی رات کو ہو۔

آنکھ میں جلن، کھجلی، درد اور سرخی، پانی بہنا، بعض دفعہ پپوٹے بھاری یا مفلوج ہو جائیں جس کے باعث کھل نہ سکیں (جلسی میم یو پیٹوریم)

چہرہ پر ہر بار کے چھالے جن میں جلن اور درد ہو۔

دانتوں اور مسوڑھوں میں درد، ٹھنڈا ہاتھ لگانے سے آرام ہو، پانی پینے کے باوجود منہ خشک، زبان سرخ اور پھٹی ہوئی، زبان کی نوک مثلث کی شکل میں سرخ ہو، جبڑوں میں تشنج، ہر بار چلانے پر جبڑا آواز دے۔

پاخانہ پتلی سرخ آؤں والا پانی کا سا، کبھی آؤں خون آمیز ہو، مبرز میں کھجلی اور جلن (بادی بواسیر)

خون ملا پیشاب قطرہ قطرہ ہو، برف کے مانند سفید، تلچھٹ نیچے بیٹھ جائے۔

بارش میں بھیگ جانے سے رحم کے فعل میں بگاڑ، کوئی وزن وغیرہ اٹھانے سے استقاط حمل اور خروج رحم ہو۔

www.pdfbooksfree.pk

خشک کھانسی شام سے آدھی رات تک اور صبح جاگنے پر، بائیں
گردن اور پیٹھ کی جکڑن، چلنے سے کم ہو، منہ چلانے میں دونوں شانوں
کے بیچ میں درد ہو۔

عضلاتی بائی کے درد، عرق النسا، بائیں جانب (کالوسنتھ) درد بائیں
بازو میں، قلبی تکلیفات کے ساتھ۔

حاد بیماریاں محرقہ کی صورت اختیار کر لیں۔

دست محرقہ کے آغاز کے ساتھ از خود سخت کمزوری کے ساتھ،
دوران پاخانہ ٹانگوں کے پچھلے حصہ میں اوپر سے نیچے تک پھاڑنے
والے درد۔

فالج ماؤف حصص میں سن ہونے کے ساتھ، مرطوب جگہ پر لیٹے
رہنے کے بعد، بھیگ جانے سے، وضع حمل، کثرت جماع، نوبتی بخار،
تپ محرقہ کے بعد، اعضاء کا فالج، پپوٹوں کا فالج۔

زہرباد بائیں سے دائیں کو، آبلے، زرد آبلے، بے حد متورم، جلن،
خارش، ڈنک لگنے کے سے درد۔

زیادتی :۔ طوفان سے قبل، سرد موسم میں، رات کو، خاص کر
آدھی رات کو، سرد چیزوں سے۔

کمی :۔ گرمی سے، گرم خشک موسم میں، ڈھک لینے سے، گرم چیز
سے، دست آنے سے، پہلو بدلنے سے، ماؤف عضو کو ہلانے سے

معاون :۔ برائیونیا

مصلح :۔ بیلاڈونا، برائیونیا، کیمفر، سلفر، کالانیا

طاقت :۔ ۳۰ طاقت سے تک نیز ۲۰۰ طاقت بھی مستعمل ہے

## خصوصی علامات

۱- آنکھیں جلیں، درد کریں اور تھکی ہوئی محسوس ہوں، گرم شش انگارہ کے۔

۲- کانچ نکلے فوراً پاخانہ کرنے پر۔

۳- مثانہ پہ پیشاب کرنے کے بعد بھی بوجھ قائم ہے۔

## عام استعمال

یہ دوا آنکھوں کے عوارض نظر کی کمزوری وغیرہ کے علاوہ ہڈیوں، جوڑوں، رحم، مثانہ اور مقعد کے بعض عوارض میں بھی مستعمل و مفید ہے۔

## عمومی علامات

سر میں کسی چیز کے چبھ جانے کی طرح درد ہو، شراب خوری کے بعد درد اٹھے، ہڈیوں میں دکھن ہو۔

نظر کا زیادہ استعمال کرنے سے بصارت کمزور ہو جائے، پڑھنے سے آنکھوں میں تھکن ہو، ڈھیلے درد کریں۔ آنکھیں بوجھل اور جلن دار۔

معدہ میں قولنج کا سا درد ہو، پسلیوں میں ورم، شکم تنی کے ساتھ قولنج اور قے ہو، مقعد پر اس دوا کا خاص اثر ہوتا ہے۔ ناقابل جراحی ناسور جو مقعد کے اندر ہوں، اس دوا کے استعمال سے اچھے ہو جاتے ہیں۔

www.pdfbooksfree.pk

پاخانہ مشکل سے خارج ہو۔ بعد وضع حمل پاخانہ کرنے پر کانپ جانا۔
قبض ہو یا آؤں آمیز اسہال آئیں، جھٹکنے سے خروج مقعد ہو۔
رحم سے جریان خون جس کے ساتھ علامات میں اور بازو گرد کے
درد سے ہوں۔

زیادتی :۔ لیٹنے سے، ٹھنڈک اور تر موسم میں

معاون :۔ کلکیریا فاس۔

مصلح :۔ کیمفر

طاقت :۔ پہلی طاقت سے ۶ طاقت تک نیز ۳۰ طاقت مستعمل ہے

---

# روڈوڈینڈرن

RHODODENDRON

## خصوصی علامات

۱۔ اعصابی افراد جو آندھی اور طوفان سے خوف زدہ ہو جاتے ہیں۔
۲۔ دانت کا درد جس میں زیادتی موسم کی تبدیلی سے، آندھی گرج
یا ہوا دار موسم میں ہو۔
۳۔ مختلف اعضاء میں پھاڑنے والے، کھینچنے والے ایسے درد جن میں
زیادتی آرام کے وقت، مرطوب ٹھنڈے موسم میں اور ہوا دار موسم
میں ہو (ریناٹکس)

www.pdfbooksfree.pk

## عام استعمال

وجع المفاصل کی قسم کے درد خصوصاً عصبی مزاج افراد میں ہوں تو یہ دوا مستقل و مفید ہوتی ہے۔ نقرس میں نافع ہے، وجع المفاصل اور سوزاک کے باعث ورم خصیہ اور سوزش خصیہ میں جبکہ خصیے کچلے جانے کا احساس ہو، یہ دوا کارآمد ثابت ہوتی ہے۔ ایسے مفاصلی دردوں میں خاص طور پر مفید ثابت ہوتی ہے جو آرام کرنے اور طوفان کی آمد سے پہلے شدت اختیار کر لیتے ہیں لیکن طوفان کے بعد انہیں سکون ہو جاتا ہے۔

## عمومی علامات

سر میں شدید درد بالخصوص بائیں کن پٹی میں، درد بدحواس کر دے آنکھوں میں یا کانوں میں عضلاتی کمزوری، آنکھ کے ڈھیلے میں درد ہو۔ کانوں میں گھنٹی سی بجتی ہو، کانوں میں آواز کم سنائی دے۔

چہرہ میں عصبی درد ہو، دانت کے عصب ماؤف ہوں اور شدید درد ہو، مرطوب موسم میں دانت کا درد۔

صبح و شام خشک کھانسی، چھاتی میں ہلکا درد

ورم و سوزش خصیہ، اینٹھن حبدات کو پیٹر تک اور نیچے ران تک جائے

تمام جوڑ متورم ہوں، نقرسی اور مفاصلی درد ہو۔

زیادتی:۔ طوفان یا آندھی سے پہلے، مرطوب موسم میں زیادتی

www.pdfbooksfree.pk

اور صبح کے وقت ۔

کمی :۔ طوفان کے بعد اگرمی پہنچانے یا کچھ کھانے سے

طاقت :۔ پہلی طاقت سے ۶ طاقت تک نیز ۳۰ طاقت کا مستعمل ہے۔

---

# رٹینھیا

RATANHIA

## خصوصی علامات

۱۔ حمل کے ابتدائی مہینوں میں دانت کا شدید درد جو لیٹنے سے بڑھ جائے۔

۲۔ قبض جس میں اجابت کے لیے بہت ہی زور لگانا پڑے اور مقعد میں جلن ہو۔ (سلفر)۔

۳۔ مقعد میں شقاق ہوں یعنی مقعد کٹی پھٹی۔

۴۔ مقعد میں تکلیف جیسے وہاں کانچ کے ٹکڑے پڑے ہوں۔

## عام استعمال

خاص طور پر بواسیر میں حسب علامات مستعمل ہے۔ علاوہ بریں مذکورہ ذیل دیگر تکالیف میں بھی کارآمد ہے۔

www.pdfbooksfree.pk

# عمومی علامات

حمل کے ابتدائی ایام میں دانت میں شدید درد ہو، دانت لمبا معلوم ہو، لیٹنے سے درد زیادہ ہو، مریضہ اٹھ کر چلنے پھرنے پر مجبور ہو جائے تو یہ دوا کارگر ہوتی ہے۔

قبض جس میں پاخانہ بہت سخت آتا ہو اور کونتھنا بہت پڑتا ہو بواسیری مسے باہر نکل آتے ہوں اور مقعد میں جلن اور درد بہت دیر تک رہے (سلفر) انتڑیاں بے حس ہو جاتی ہوں، پاخانہ آنے کے بعد ایسے درد ہوں گویا شیشے کے ٹکڑے مقعد و مبرز میں چبھ رہے ہیں۔ پاخانہ جانے کے گھنٹوں بعد تک جلن و کونتھن بنی رہتی ہو اور درد ہو، پیچھا چھوٹے تو یہ دوا کارآمد ہوتی ہے۔

مقعد کے پھٹ جانے کے لئے بھی یہ ایک مفید دوا ہے جب کہ مبرز ذکی الحس ہو، دودھ پلانے والی عورتوں کی بھٹنی پھٹ جائے تو اس کے لئے یہ ایک اعلیٰ دوا ہے (گریفائٹیس، سیپیا)

شدید ہچکی میں بھی یہ دوا مستعمل و مفید ہے۔

اس دوا (رٹینہی) کی مرہم کی ایک اونس مقعد میں خارجی طور پر لگانا مفید ہوتا ہے۔

زیادتی:۔ کھلی ہوا میں چلنے سے، رات کے وقت

طاقت: ۳ طاقت سے ۳۰ طاقت تک عام طور پر مستعمل ہے۔

www.pdfbooksfree.pk

# رینن کولس بلب RANUNCULUS BULB

## خصوصی علامات

۱۔ شراب نوشی کے نتائج بد۔

۲۔ سینہ کی دیواروں میں اعصابی، عضلاتی استخواں کے یا بال کے سوئیاں چبھنے کے سے، تیز اور گولی لگنے کے سے درد۔

۳۔ پلیوریسی یا نمونیا کے گرم سرد ہو جانے کی وجہ سے (ایکونائٹ، آرنیکا)

۴۔ سینہ کی پسلیوں کے درمیانی گوشت میں بال کے درد، سینہ میں پھوڑے کا سا درد، چوٹ کا سا درد، جس کی زیادتی چھونے سے حرکت سے یا جسم کو موڑنے سے ہو (برائیونیا)

## عام استعمال

سینہ اور پسلیوں کے درد میں عام طور پر مستعمل و مفید ہے۔

## عمومی علامات

اس دوا کا اثر گوشت کے ریشہ جات، جلد اور سینہ کی دیواروں پر ہوتا ہے۔ شراب نوشی سے پیدا شدہ خرابیوں کو دور کرتا ہے۔

دماغ: آنکھوں سے مکروہ ذرے سے، آنکھوں کے سامنے دھواں سا

www.pdfbooksfree.pk

معلوم ہو، داہنی آنکھ پر درد، روشنی برداشت نہ ہو سکے، آنسو بہیں مختلف قسم کے درد اور دکھن، سینہ کی بیچ کی ہڈی دھنسی ہوئی معلوم ہو، پسلیوں کے بیچ کے گوشت میں درد، سینہ میں شانوں کے بیچ میں کوچمن، سانس لینے میں، حرکت کرنے سے زیادہ ہو، سینہ میں بائیں کا درد۔

جلد میں کھجلی، جلن، دانے، نیلگوں آبلے، ہتھیلیوں میں کھجلی۔

زیادتی :۔ حرکت سے، چھونے سے، مرطوب اور طوفانی موسم سے، کھلی ہوا میں، شام کے وقت۔

کمی :۔ آرام کرنے سے

مصالح :۔ اناکارڈیم، برائیونیا، کیمفر، کلیمیٹس، کروٹن ٹگ، پلسٹیلا، رسٹاکس۔

طاقت :۔ ۳ طاقت سے ۳۰ طاقت تک عام طور پر مستعمل ہے۔

---

# ریومیکس
RUMEX

## خصوصی علامات

۱۔ کھلی ہوا سے بے حد ذکی الحس

۲۔ خشک مسلسل اور تھکا دینے والی کھانسی جس میں زیادتی ہوا یا منکا کو سہلانے سے ہو۔

www.pdfbooksfree.pk

۳۔ خشک مسلسل اور تھکا دینے والی کھانسی جس میں زیادہ تر ٹھنڈی ہوا میں ذرا سا سانس لینے سے ہو۔ مریض اپنے سر کو بستر میں چھپا لیتا ہے، تاکہ ہوا کو گرم کر سکے۔

۴۔ جلد کے مختلف حصص میں خارش، جب کپڑے اتارتا ہو، جسم ننگا کرتا ہو یا ٹھنڈی ہوا لگے۔

## عام استعمال

یہ دوا سرد مزاج والوں کو موزوں تر ہوا کرتی ہے جن کو ٹھنڈی ہوا موافق نہ آتی ہو۔ حلق میں خراش سے پیدا شدہ کھانسی نیز ایسی کھانسی جو حلق کو ذرا سا چھو لینے سے آتے نیز ہوا کی خفیف ٹھنڈک بھی کھانسی پیدا کرنے کا موجب ہو تو یہ دوا کارآمد ہوتی ہے۔

## عمومی علامات

زبان کے کنارے دکھیں، زبان پر میل، ام معدہ پر کوئی سخت چیز لگی ہوئی محسوس ہو۔ ہچکیاں، قے، گوشت کھانے سے بہت ڈکاریں اور کھٹی۔

کھانسی، ناک اور ہوا کی نالی سے بلغم نکلے، ٹھنڈی سانس اندر جانے سے کھانسی زیادہ ہو، پتلا بلغم کثرت سے نکلے۔

پاخانہ صبح، پتلا، صبح کا اسہال، بستر سے پاخانہ کے لئے بھاگ پڑے۔

جلد پر بہت زیادہ کھجلی خارش کرنے کے دھڑ میں جو کپڑا آتا نہ

www.pdfbooksfree.pk

سے زیادہ ہو۔

زیادتی :۔ شام کے وقت، ٹھنڈی ہوا میں سانس لینے سے، کپڑے اتارنے سے۔

کمی :۔ گرم ماحول میں، بستر میں منہ سر ڈھانپنے سے۔

مصلح :۔ بیلاڈونا، کیمفر، کونیم، فاسفورس، ہیپرسلفر، لیکیسس۔

طاقت :۔ ۲ طاقت سے ۳۰ طاقت تک مستعمل ہے۔

---

# ریوہم

# RHEUM

## خصوصی علامات

۱۔ بچے کے تمام جسم سے کھٹی بو جو نہلانے کے بعد بھی قائم رہے۔
۲۔ درد شکم، مروڑ کھٹے دست کے ساتھ۔

## عام استعمال

یہ دوا بچوں کے امراض میں خاص طور پر کام آتی ہے جبکہ وہ دانت نکال رہے ہوں، بچوں کو دست آتے ہوں ساتھ ہی مروڑ اور درد شکم کی شکایات لاحق ہوں تو یہ دوا مفید ہوتی ہے۔

www.pdfbooksfree.pk

# عمومی علامات

بچہ کو کھٹی بو والے پاخانے آئیں، بچہ بے صبرا اور چڑچڑا ہو، کئی چیزوں کے لئے ضد کرے اور رد کرے، چہرے پر پسینہ، رال کی زیادتی، پیٹ میں قولنجی درد، ریاح سینہ کی طرف بڑھیں، مختلف چیزوں کی خواہش کرے مگر پھر کھائی نہ جا سکیں۔ پاخانہ کے قبل قولنجی درد، پاخانہ کے بعد پیٹڑو میں کاٹنے کا سا درد۔

زیادتی:۔ کھانا کھانے کے بعد حرکت کرنے سے، کپڑا اتارنے سے، رات کے وقت، صبح سونے کے بعد، کپڑا اتارنے سے، سردی سے، پاخانے سے پہلے، دوران میں اور بعد میں۔

کمی:۔ کپڑے پہننے سے، گرمی سے۔

معاون:۔ میگنیشیا کارب، ایپکاک۔

مصلح:۔ کیمفر، کیموملا، کالی سونیا، رسٹاکس، نکس وامیکا، پلساٹیلا۔

طاقت:۔ ۳ طاقت سے ۳۰ طاقت تک مستعمل ہے۔

www.pdfbooksfree.pk

# زنجبیر

ZINGIBER

## خصوصی علامات

۱۔ معدہ کے عوارض اگر وہ تربوز کھانے سے یا خراب پانی پینے سے ہوں
تیزابیت، ریاح کی زیادتی۔

۲۔ دمہ جس میں بے چینی نہ ہو اور جس میں زیادتی صبح کے وقت ہو۔ حلق کے
نچلے حصہ میں خراش۔

## عام استعمال

یہ دوا ضمہ بڑھانے کے لئے، مردمی کمزوری اور امراض تنفس میں مفید ہے۔

## عمومی علامات

نصف سر کا درد، سر میں الجھن اور خالی پن معلوم ہو، جبڑوں پہ درد۔
ناک خشک، ناقابل برداشت کھجلی ہو، سرخ مہاسے ناک پہ ہوں۔
کھانے کا ذائقہ دیر تک محسوس ہوتا ہے۔ معدہ میں تیزابیت۔ تولنج
اسہال، گندا اور خراب پانی پینے سے اسہال، اس کے ساتھ نفخ اور کاٹنے والا
درد، مزمن اسہال، مبرز سرخ اور سوجی ہوئی، بواسیر گرم، دکھیں اور درد کریں۔
بار بار پیشاب کی حاجت، پیشاب کے سوراخ میں جلن اور نمیش زنی
کا سا درد، پیشاب کرنے کے بعد بھی قطرہ قطرہ پیشاب خارج ہو، ملاپ تیغا بند ہو جاتا

www.pdfbooksfree.pk

کے بعد پیشاب بالکل بند ہو جائے۔

حلق سے نیچے گھٹن، سانس لینے میں تکلیف، درد جس میں گھبراہٹ نہ ہو، صبح کو زیادتی، حلق میں خراش، کھانسی، صبح کو بلغم نکلے۔

مردوں میں سپاری کی خارش، خواہش نفسانی زیادہ، ایستادگی درد کے ساتھ، احتلام۔

جوڑوں میں کمزوری، پیٹھ میں درد، ہتھیلی اور تلووں میں تشنج۔

زیادتی:۔ چھونے سے، لیٹنے سے، حرکت سے، شام کو، رات کو، ٹھنڈے مرطوب موسم میں، روٹی سے، تربوز اور خربوزے سے، انجیر، باسی پانی سے۔

کمی:۔ کپڑے اتارنے سے۔

مصلح:۔ نکس وامیکا۔

طاقت:۔ پہلی طاقت سے ۶ طاقت تک۔

---

## زنکم میٹیلیکم

## ZINCUM METALLICUM

### خصوصی علامات

۱۔ قوت حیات کی کمی، دماغی یا اعصابی طاقت نہ ہو۔

۲۔ پاؤں یا ٹانگوں میں رعشہ اور کانپنے کا مسلسل اور شدید احساس، ان کو مسلسل حرکت دے۔

www.pdfbooksfree.pk

۳۔ حیض کا ادرار شروع ہوتے ہی مریضہ اپنی تکلیفوں میں کمی محسوس کرے۔

۴۔ بچوں میں دانت نکلنے کے زمانہ میں تشنجی دورے۔ چہرہ میں پیلا پن یا سفیدی کے ساتھ، گرمی نہ لاروہ۔

۵۔ کتے کی سی بھوک۔

۶۔ ریڑھ کی تمام لمبائی میں جلن جس میں بیٹھنے سے زیادتی ہو۔

# عام استعمال

بچوں کے عوارض میں یہ دوا بالخصوص مفید ہے۔ نیز دماغی اور جسمانی کمزوری اور پژمردگی میں بھی یہ دوا نافع ہے۔

# عمومی علامات

حافظہ کمزور، بات چیت اور کام کاج کو جی نہ چاہے، مستورات کے عوارض میں بیقراری اور گھبراہٹ۔

بائیں جانب سر گرنے کا احساس ہو، گدی میں درد اور کھوپڑی میں بوجھ کا احساس ہو۔ پیشانی سرد ہو لیکن سر کا پیندا گرم ہو۔

ناخونہ، موتیا بند، ضعف بصر، پپوٹے گریں۔

ہونٹ زرد، منہ کے گوشے پھٹے ہوئے، چہرے کی ہڈیوں میں درد۔

بھوک شدید لیکن کھانے سے تسکین نہ ہو، معدہ میں درد، تشنج، ریاحی تشنج، پیٹ میں گڑگڑاہٹ، جگر میں دکھن، ہچکی، متلی اور صفراوی قے، پیشاب پیچھے کی طرف جھک کر بیٹھنے سے آئے، ہسٹیریا کے باعث پیشاب میں رکاوٹ، کسی قسم کی حرکت جسم سے پیشاب خارج ہو، سخت

www.pdfbooksfree.pk

پاخانہ تھوڑا تھوڑا خارج ہو، بچوں کا ہیضہ، اسہال کی بندش سے سر سام یا دماغی عوارض۔

خصیے متورم، اوپر کو کھنچے ہوئے، انتشار، احتلام، موئے زہار گر جائیں، خبیثۃ الرحم میں درد، حیض دیر سے آئے یا کم ہو، پستان متورم، حرام مغز کی سوزش اور پاؤں کی بیقراری۔

سینہ میں کھچاوٹ اور درد، کوڑی کے نیچے جلن درد اور شیریں اشیا کھانے سے کھانسی میں زیادتی۔

زیادتی :۔ حیض کے دوران، چھونے سے، شراب پینے سے، شام کو یا صبح کے کھانے کے بعد۔

کمی :۔ کھانا کھانے کے وقت اور رطوبت کے اخراج سے۔

معاون :۔ کلکیریا فاس۔

مخالف :۔ کیمومیلا، نکس وامیکا۔

مصلح :۔ کیمفر، ہیپر سلف، اگنیشیا۔

طاقت :۔ ۶ طاقت سے ۳۰ طاقت تک اور اوپر

www.pdfbooksfree.pk

# SABAL SERRULATA سابل سیرولاٹا

## خصوصی علامات

۱۔ غدود مذی کے بڑھ جانے سے پیشاب کے اخراج میں رکاوٹ۔

۲۔ خواتین میں پستانوں کی نشو و نما بہت کم رہ جائے خصیۃ الرحم بڑھے ہوئے ہوں اور چھونے سے درد کریں۔

## عام استعمال

خواتین اور مردوں کے جنسی اعضاء کے غدودوں کے عوارض کے علاوہ یہ دوا ضعفِ باہ اور عام جسمانی کمزوری میں بھی مفید ہے۔ قوتِ نشو و نما میں مدد دیتی ہے اور جسمانی ساختوں کی تعمیر میں مدد ہوتی ہے۔

## عمومی علامات

سر الجھن بھرا محسوس ہو، جکڑ درد سر کے ساتھ، کمزور مریضوں کو درد سر ہو اور ناک سے لے کر ماتھے کے بیچ تک۔

مردوں میں مذی کے غدود کی تکالیف مذی کا خارج ہونا، خصیوں کے بیٹھے سکڑ جاتیں اور قوتِ مردانگی کم ہو جائے۔ مباشرت میں درد ہو اور اخراج جلد ہو۔

مستورات میں خصیۃ الرحم میں درد، پستان سکڑے ہوئے، خواہش

www.pdfbooksfree.pk

جماع بالکل غائب۔
پیشاب کرنے کی حاجت رات کو متواتر ہے، پیشاب بستر پر خطا ہو جاتا ہے۔ مزمن سوزاک، پیشاب کرنے میں تکلیف ہو۔
ابکائیاں آئیں، کھٹے ڈکار، سینہ میں جلن، دودھ پینے کی خواہش بلغم بکثرت، نزلے کے ساتھ، مزمن کھانسی۔

مصلح :۔ سلیشیا، پلساٹیلا

طاقت :۔ مدر ٹنکچر ۱۰ سے ۳۰ قطرے تک ایک خوراک ہے، علاوہ بریں ۳ طاقت بھی مستعمل ہے۔

---

# سارساپریلا

SARSAPARILLA

## خصوصی علامات

۱۔ پیشاب کے خاتمہ پر شدید اور قریب ناقابل برداشت درد۔
۲۔ پیشاب خون آمیز، چھوٹی چھوٹی کنکریاں یا پتھری نکلے مثانہ میں پتھری۔
۳۔ پیشاب مقدار میں کم، چپچپا، جس میں چھوٹے چھوٹے تار ہوں، جس میں ریت ہو، مقدار میں زیادہ، بغیر احساس کے نکل جائے۔
۴۔ پیشاب قطرہ قطرہ ٹپکتا ہے جب مریض بیٹھا ہو۔
۵۔ خواتین میں پستانوں کی گھنڈیاں اندر دھنس جائیں۔

www.pdfbooksfree.pk

# عام استعمال

دردگردہ اور سنگ مثانہ اور پیشاب کے مختلف عوارض میں اکثر مستعمل ہے۔ علاوہ بریں خون کی خرابیاں سے پیدا شدہ جلدی امراض میں بھی بیحد مفید ہوتی ہے۔ نیز گنٹھیا اور آتشک میں بھی مستعمل ہے۔

# عمومی علامات

صدردرد یا ہڈیوں کے پردوں میں دردوں کے لئے جبکہ ان کا باعث پارہ کا استعمال ہو یا آتشکی وسوزاکی مادہ ہو۔

آتشک میں پارہ کا بیجا استعمال کرنے کے باعث تمام جسم پر سفید پھوڑے اور پھنسیاں نکل آئیں۔

خارش کی مانند خراش دار خشک پھنسیاں جو کہ موسم بہار میں عموماً اور کھلی ہوا میں رہنے سے نکل آیا کرتی ہیں اور پھر پپڑیاں سی بن جاتی ہیں سوزاک مرطوب ٹھنڈے موسم سے یا پارہ کے استعمال سے دب گیا ہو اور اس کے بعد وجع المفاصل کا عارضہ ہو گیا ہو۔

پھوڑے پھنسیوں دانگنے یا اور ٹیکہ کے بعد کی پھنسیوں کے لئے یہ ایک بیش قیمت دوا ہے۔

زیادتی :۔ رات کو، مرطوبیت سے، پیشاب کرنے کے بعد، جماہی لیتے وقت، موسم بہار میں، حیض سے قبل۔

معاون :۔ ایلیم سیپا، سرکیوریس، سیپیا۔

مخالف :۔ ایسٹک ایسڈ

www.pdfbooksfree.pk

طاقت :- پہلی طاقت سے ۳۰ طاقت تک مستعمل ہے۔

# سائزیجیم

SYZYGIUM JAMB.

## خصوصی علامات

۱- پیشاب میں شکر کا اخراج

## عام استعمال

یہ دوا عام طور پہ ذیابیطس یعنی پیشاب میں شکر آنے کے عارضہ میں ہی مستعمل ہے۔

## عمومی علامات

پیشاب میں شکر کے اخراج کو کم کرنے اور اس اخراج کو روکنے کے لئے یہ دوا ایک ممتاز ترین دوا ہے۔

جسم کے بالائی حصّہ پہ گرمی دانے نکلنا، چھوٹے چھوٹے سرخ دانے جن میں بے انتہا کھجلی ہو۔

بے حد پیاس اور ساتھ ہی کمزوری، پیشاب مقدار میں زیادہ خارج ہو جس کا وزن مخصوص زیادہ ہو۔

جلد پہ پرانے زخم یا ذیابیطس کے باعث ہونیوالے زخم

www.pdfbooksfree.pk

طاقت ۲۰ ۔ یہ دوا جامن کی گٹھلی کے مغز سے تیار ہوتی ہے ۔ اگر اس مغز کا سفوف ہی دس گرین فی خوراک کے حساب سے دن میں تین مرتبہ استعمال کیا جائے تو بہت مفید ہوتا ہے ۔

مدر ٹنکچر کی صورت میں بھی مستعمل ہے ۔

---

# سائیکیوٹا

CICUTA

## خصوصی علامات

۱۔ تشنجی دورے ، خوفناک بدوضعی اور اینٹھن کے ساتھ ۔

۲۔ عفونتی (زچگی) کے تشنجی دورے ، سانس رک جائے اور مردہ معلوم ہو ، جسم کا اوپری حصہ زیادہ تر ماؤف ہو جائے ، وضع حمل کے بعد دورے جاری رہیں ۔

۳۔ مٹی اور ناقابل ہضم اشیاء کی بے حد خواہش ۔

## عام استعمال

بچوں میں دانت نکالنے کے زمانہ میں تشنجی دوروں ، گردن توڑ بخار ، مرگی اور بے ہوشی سے تشنج کے لئے یہ دوا مستعمل و مفید ہے ۔

www.pdfbooksfree.pk

# عمومی علامات

مستورات میں مرگی اور رعشہ کے تشنجی دورے، دانت نکلنے کے زمانہ میں یا پیٹ کے کیڑوں کے باعث بچوں میں تشنجی دورے۔
پڑھتے وقت حروف متحرک محسوس ہوں یا نظروں سے غائب ہوتے محسوس ہوں۔
بچہ دانت نکلنے کے زمانہ میں دانتوں کو یا مسوڑھوں کو بھینچے، جبڑے بھینچ جائیں۔
جسم کے مختلف حصوں میں جھٹکے پیدا ہوں، سر گرم۔
دماغ یا ریڑھ کی چوٹوں کے پرانے اثرات ہر کے باعث تکالیف خصوصاً تشنج، گوشت کے اندر پھانس لگ جانے سے کمزوری دورے۔
سائیکوٹک مادہ کے باعث آبلے یا اکوتہ جن پر زرد کھرنڈ بن جاتا ہے ابھاروں کے دب جانے سے ذہنی تکالیف۔
زیادتی :۔ تمباکو کے دھوئیں سے (انگیٹھیا) چھونے سے، ہوا کے جھونکے سے، چوٹ سے۔

مصلح :۔ آرنیکا، کالنیا، ارینیم، اکیوپریم، ایسی ڈیکم۔
طاقت :۔ ۶ طاقت سے ۲۰۰ طاقت تک۔

www.pdfbooksfree.pk

# سائنا CINA

## خصوصی علامات

۱۔ کتوں کی سی بھوک، پیٹ بھر کھانے کے بعد بھی جلد بھوک لگ جائے

## عام استعمال

یہ دوا بچوں کے امعاء کی خارش میں مفید پڑتی ہے، نیز پیٹ کے کیڑے اور اس کے ساتھ دیگر عوارض، چڑچڑاپن، بھوک کی زیادتی، دانت پیسنا، تشنج، چلانا، رونا، ہاتھوں اور پیروں میں زور کے جھٹکے لگنا وغیرہ۔

## عمومی علامات

بچہ نہایت ضدی ہو، اور یہ چاہے کہ کوئی اسے گود میں لے کر گھومتا رہے (کیمومیلا)

سر پر گرانی، سُن ہو جانے کے ساتھ، درد سر جھکنے سے کم ہو۔

پتلیاں پھیل جاتی، اشیاء زرد نظر آتی ہوں، امعاء کی خارش کے باعث بھینگا پن۔

مریض مسلسل ناک کو کھجلائے، چہرہ زرد۔

دانت میں درد جو کہ ٹھنڈے پانی سے یا ہوا لگنے سے زیادہ ہو۔

www.pdfbooksfree.pk

پیاس زیادہ، پورا کھانا کھانے کے بعد بھی بھوک لگی ہوئی ہو۔ میٹھا کھانے کی رغبت، فضلے میں بلغم اور کیڑے نکلیں، بچہ ماں کا دودھ نہ پئے۔ پیٹ میں ناف کے پاس چٹکی لینے کا سا درد، بچوں کا پیٹ پھولا ہوا اور سخت ہو، ہچکیاں آئیں، ایسا محسوس ہو کہ پیٹ میں کوئی کاٹتا ہے۔

سفید پانی کا سا دست جس میں کیڑے نکلیں، مبرز میں کھجلی۔

پیشاب رات کو خود بخود بستر میں ہو جائے، تھوڑی دیر رکھے رہنے سے پیشاب دودھیا ہو جائے۔

خشک کھانسی، کالی کھانسی، ضیق النفس، صبح اور شام کو تکلیف زیادہ

بخار لرزہ کے ساتھ اور پیاس کے بغیر اور کبھی پیاس کے ساتھ جس میں پسینہ زیادہ تر چہرہ اور سر میں آئے۔

زیادتی :۔ صبح و شام، چھونے سے، کھانے کے بعد، کھلی ہوا میں چلنے، دبانے سے، گرم موسم میں، دھوپ سے۔

کمی :۔ حرکت سے، پیٹ کے بل لیٹنے سے۔

مصلح :۔ کیمفر، کیپسی کم، چائنا، مرکیوریس۔

طاقت :۔ پہلی طاقت سے ۳ طاقت تک عام استعمال ہوتی ہے نیز ۳۰ سے ۲۰۰ تک بھی مستعمل ہیں۔ ڈاکٹر نیش ۲۰۰ طاقت کو کرم اسقاط کے لئے زیادہ مفید خیال کرتے ہیں۔

---

www.pdfbooksfree.pk

# سباڈیلا
# SABADILLA

## خصوصی علامات

۱۔ ڈفتھیریا، مریض گرم غذا زیادہ آسانی سے نگل سکے۔

۲۔ درد سر بہت زیادہ سوچنے سے۔

۳۔ خشکی تالو اور حلق میں۔

## عام استعمال

بخار کاہی اور انفلوئنزا میں جبکہ کھلی ہوا میں جانے سے بکثرت چھینکیں آئیں اور آنکھوں سے پانی جاری ہو، یہ دوا بہت مفید ہے، نیز حلق کے غدود اور لوزتین متورم ہوں، مستورات کی غشی جو ان وہم سے پیدا ہو کہ وہ کسی لاعلاج مرض میں مبتلا ہے یا حاملہ ہے۔ علاوہ ازیں اعصابی عوارض میں جو کہ کرم شکم کے باعث پیدا ہوں۔ یہ دوا اکثر اچھے نتائج پیدا کرتی ہے۔

## عمومی علامات

بچوں میں کیڑوں کی تکلیفات (اسہال، سلیشیا، سیانگ جیسا)

دوران سر، آنکھوں کے سامنے سیاہی، ہر قسم کی بو بہت تیز محسوس ہو۔

یکایک چھینکیں آئیں اور آنکھوں اور ناک سے پانی بہے۔

حلق کے غدود کا ورم جو کہ بائیں طرف شروع ہو، حلق میں دکھن

www.pdfbooksfree.pk

بہت لیسدار بلغم۔

منہ کا ذائقہ میٹھا، پیاس نہ ہو، میٹھی چیزوں کی رغبت، پیٹ میں ٹھنڈک معلوم ہو۔ رال بہے۔

حیض بہت دیر میں ہو، حیض ٹھہر ٹھہر کر ہو۔

جلد خشک، ناخن سخت۔

بخار، سردی زیادہ محسوس ہو، سر، منہ، ہاتھ، پیر ٹھنڈے، آنسو بکثرت نکلیں، پیاس نہ ہو۔

زیادتی:۔ ٹھنڈک سے، ٹھنڈی چیز کے پینے سے، پورا چاند ہونے پر۔

کمی:۔ گرم کھانے سے، گرم چیز سے، لیٹنے سے۔

معاون:۔ سیپیا۔

مصلح:۔ کیمفر، کونیم، پلساٹیلا۔

طاقت:۔ ۳ طاقت سے ۳۰ طاقت تک مستعمل ہے۔

---

## سبائنا

## SABINA

### خصوصی علامات

۱۔ راگ اور گانا ناقابل برداشت ہو۔

۲۔ کمر میں کھینچنے والے درد چوتڑ کی ہڈی سے پیڑو تک۔

۳۔ تکلیفات استقاط حمل یا قبل از وقت وضع حمل کے بعد، درد چوتڑ

www.pdfbooksfree.pk

کی ہڈیوں سے پیڑو کو جاتی۔

۴۔ حیض جس میں درد چوتڑ کی ہڈی سے پیڑو تک ہو۔

## عام استعمال

یہ دوا جریانِ خون کو روکنے کے لئے جبکہ خون قدرے غلیظ اور قدرے رقیق ہو نہایت کامیاب ثابت ہوتی ہے۔ علاوہ بریں عادتی اسقاطِ حمل، سیلانِ ابیض، مشکل سے پیشاب آنا، حاد مفاصلی اور اعصابی درد اور سوزشی سوزاک وغیرہ عوارض میں بھی مستعمل و مفید ہے۔

## عمومی علامات

حیض جلد آئے، بکثرت ہو اور ایام دیر تک رہیں، خون قدرے غلیظ اور رقیق ہو، کمر سے لے کر پیڑو تک درد، درد نیچے سے اوپر کو اٹھے، اندامِ نہانی میں ٹیسیں مارتے والے درد ہوں، حیض کے دنوں کے علاوہ بھی خون آئے، تیسرے مہینے اسقاطِ حمل کا میلان۔

مردوں میں سوزشی سوزاک، حشفہ میں جلن، دکھن، مثانہ اور پیشاب کی نالی میں سوزش ہو، خون آمیز پیشاب آئے، پیشاب کے لئے بہت زور لگانا پڑے۔

مقعد بھری بھری معلوم ہو، قبض ہو، بواسیر جس میں بکثرت خون آئے، نقرسی اور مفاصلی عوارض بالخصوص ایسی عورتوں میں جو رحمی عوارض میں مبتلا ہوں، جوڑوں میں سوزشی درد۔

زیادتی: گانے بجانے سے، حرکت سے، گرمی اور گرم ہوا سے

www.pdfbooksfree.pk

کمی :۔ ٹھنڈی ہوائیں ۔

معاون :۔ تھوجا ۔

مصلح :۔ کیمفر ، پلساٹیلا ۔

طاقت :۔ ۳ طاقت سے ۳۰ طاقت تک مستعمل ہے ۔

---

# سپانجیا ٹوسٹا

SPONGIA TOSTA

## خصوصی علامات

۱۔ مریض دق کے مزاج والا ہو ۔

۲۔ کھانسی خشک ، ہر چیز مکمل طور پر خشک ، بلغم کی کہیں آواز نہ ہو ۔

۳۔ کھانسی خشک ، سنسناہٹ کی آواز ، سخت لکڑی میں آرہ کشی کی سی آواز ، زیادتی میٹھی چیزوں سے ، ٹھنڈی چیزیں پینے سے ۔

۴۔ کروپ میں سیٹی کی سی آواز ، زیادتی سانس اندر لینے سے ۔

## عام استعمال

دل کے کواڑوں کی بیماریاں ، کھانسی جو قلبی عارضہ کی وجہ سے ہو ، گلہڑ ، کروپ ، برانکاوی کھانسی ، دمہ ، نمونیہ ، ذات الجنب ، ورم حجاب القلب اور سوزش بار یطون میں حسب علامات مستعمل اور مفید ہے ۔

www.pdfbooksfree.pk

# عمومی علامات

تمام ہوائی نالیاں از حد خشک ہوں، آواز بھاری، حنجرہ خشک، جلتا ہوا، رکا ہوا، کھانسی خشک، جھنجھنے والی، ختناق، کھانسی کچھ پینے کے بعد کم ہو جاتی ہے۔

تنفس دقت سے چلے جیسے حنجرہ میں کوئی شے پھنسی ہوئی ہے تھائرائڈ گلینڈ کا تمام سخت محسوس ہو، شب کو اچانک نیند کھل جاتی ہو، اس کے ہمراہ شدید کھانسی ہوتی ہو، جی بہت گھبرائے، سانس دقت سے آتا ہو، سر کو نیچا کر کے لیٹ نہ سکتا ہو، دورے کے دوران نیند آجاتی ہو۔

سپرمیٹک کارڈ (منی کی نالی) سوجی ہوئی اور درد کرے، خصیتین میں درد اور سوجن ہو۔

زیادتی:۔ اونچائی پر چڑھنے سے، آندھی سے، آدھی رات سے قبل، سرد خشک مغربی ہواؤں سے، تمباکو سے، گرم کمرہ میں، میٹھی اشیاء سے۔

کمی:۔ اترنے سے، سر کو نیچا کر کے لیٹنے سے، کھانے کے بعد۔

مصلح:۔ ایکونائیٹ، کیمفر۔

طاقت:۔ مدرٹنکچر سے ۳۰ طاقت تک ۔ ۲۰۰، ۱ طاقت گروپ میں، اونچی طاقتیں قلبی عوارض میں اور چھوٹی طاقتیں عام امراض میں مفید ہیں۔

www.pdfbooksfree.pk

# سپائی جیلیا

SPIGELIA

## خصوصی علامات

۱۔ جسم ذکی الحس ہونے کے باعث چھونے سے درد کرے۔ جسم کو چھونے سے جالا محسوس ہو۔

۲۔ آنکھوں کے ڈھیلوں میں ناقابل برداشت، دبانے والا درد۔

۳۔ آنکھوں میں چھونے سے ذکی الحسی

۴۔ چہرہ کا عصبی درد، صبح سے غروب آفتاب تک۔

۵۔ دانت کا درد تمباکو نوشی سے جس میں کمی کھانے کے دوران ہو (پلانٹیگو)

۶۔ دھڑکن شدید، آنکھ سے دکھائی دے اور خود مریض کو سنائی دے۔

## عام استعمال

آنکھوں، دل اور تمام عصبی پٹھوں پر اس دوا کا اثر نہایت واضح ہوتا ہے۔

انیمیا، مزمن اعصاب کے عصبی درد میں بیحد مفید ہے۔ خصوصاً کمزور اور کمی خون کے شکار مریضوں کے لئے مفید ہے۔ ایسے مریض جن کو وجع المفاصل ہوتا ہو اور ان میں خنازیری مادہ موجود ہو۔ برچھی لگنے کے سے درد ہوتے ہیں۔ قلبی دھڑکن اور عصبی درد ہوتے ہیں۔ چھونا ناقابل برداشت ہو، اعضاء کو سردی محسوس ہو، تمام بدن میں سرد لہریں دوڑیں۔ کرم اسکارس کی وجہ سے پیدا

www.pdfbooksfree.pk

شدہ عوارض وغیرہ میں مستعمل اور مفید ہے۔

# عمومی علامات

مریض ذہنی طور پر تیز نوکیلی چیزوں، آل پن، سوئیوں وغیرہ سے خوف زدہ ہوتا ہے۔

بائی کی تکالیف قلب کی (الیڈیم، ناجا)۔ دل کے اوپری حصہ میں دل کے سکڑنے کی آواز۔

اعصابی درد سر نوبتی، صبح کے وقت دماغ میں شروع ہوکر تمام سر میں پھیل کر بائیں کن پٹی، ابرو میں سے ہوتے ہوئے بائیں آنکھ میں مجتمع ہو جاتے۔ (داہنی جانب، اسنگوئیریا، سلیشیا) درد تکنے والے، شدید درد سر سورج نکلتے ہی شروع ہوں، دوپہر تک بڑھ جائیں اور غروب آفتاب تک جاتے رہیں (ٹو بیکم)

چہرہ کا عصبی درد بائیں جانب کا، نوبتی، آنکھ کے گڑھے کا، آنکھوں کا، جبڑے کی ہڈی کا، دانتوں کا، صبح سے غروب آفتاب تک۔

کینسر کا زخم منہ میں جس میں ناقابل برداشت درد ہو (الیومن)

زیادتی:۔ حرکت سے، شوروغل سے، چھونے سے، آنکھوں کو حرکت دینے سے، سر پر چوٹ آنے سے، اندر سانس لینے سے، ٹھنڈک سے۔

کمی:۔ آرام سے، سر اونچا کرکے اور داہنی کروٹ لیٹنے سے

مصلح:۔ ادرم، کیمفر، کوکولس، پلساٹیلا

طاقت:۔ درد تکنے سے ۲۰۰ طاقت یکہ عصبی عوارض میں ۲ طاقت سے ۳ طاقت

نگر سوزشی علامات کیلئے اونچی علامتیں عموماً عصبی درد لعاب (نیورلجیا) میں ۳۰ طاقت زیادہ

www.pdfbooksfree.pk

# سٹافی سیگریا

# STAPHISAGRIA

## خصوصی علامات

۱۔ عمل جراحی کے بعد کی تکالیف۔

۲۔ گوہانجنیاں پپوٹوں پہ یا اوپری پپوٹوں پہ ایک کے بعد دیگرے ابھر آئیں بعد سخت گلٹیاں جیسے چھوڑ جائیں (کونیم، تھوجا)

۳۔ دانت کا درد، حیض کے دوران، دانت کھانے پینے کی چیز لگنے سے درد کریں۔

۴۔ دانت کناروں پہ بوسیدہ ہو جائیں۔

۵۔ تمباکو کی بے جا خواہش

۶۔ پیشاب کی نالی میں جلن جب پیشاب نہ کر رہا ہو۔

۷۔ بوڑھے افراد میں غدہ مذی کے عارضے کے باعث پیشاب کر چکنے کا بعد درد۔

۸۔ جریان، مریض کی نگاہوں میں شرمیلا پن اور خطاواری۔

۹۔ کھانسی جس میں تحریک تمباکو کے دھوئیں سے ہو۔ (سپنجیا)

## عام استعمال

یہ دوا غصہ اور اس کے برے نتائج کو دور کرتا ہے، غصہ کی وجہ سے پیٹ درد کو دور کرتا ہے۔ نیز مشت زنی کے برے اثرات، احتلام

www.pdfbooksfree.pk

جریانِ منی، کثرتِ مجامعت کے برے اثرات وغیرہ کے لئے نافع ہے۔

## عمومی علامات

ذہنی طور پر مریض کا حافظہ کمزور ہو، کوئی کام طبعی نہ کر سکتا ہو، غصہ کے برے اثرات، بے قراری، بے چینی، اپنے آپ پر قابو نہ ہو۔

زیریں جبڑے کے غدود سوجے ہوئے، دانتوں سے پیپ آئے، آنکھ کی پتلی میں آتشکی سوزش، گلوما گنجی۔

مردوں میں قوت باہ کمزور ہو، جریان، احتلام، مشت زنی کے نتائج بد، خصیتین ناکارہ اور سوجے ہوئے جن میں جلن اور ڈنک مارنے کے سے درد ہوں۔

مستورات میں خصیۃ الرحم میں درد، خونِ حیض بے قاعدہ، دیر سے اور زیادہ مقدار میں آتا ہو، فرج میں خارش اور ڈنک مارنے کے سے درد۔

کھانسی صرف صبح کے وقت یا کھانا کھانے کے بعد، گوشت کھانے کے بعد زیادتی، تاسف یا تھکن کے بعد، دانت صاف کرنے کے بعد۔

زیادتی:۔ چھونے سے، بوجھ سے، دبانے سے، حرکت سے، کھانے پینے سے، غصہ سے، جذبات سے، پیشاب کرنے کے بعد اور پیشاب نہ کرتے وقت۔

معاون:۔ کاسٹیکم، کالوسنتھ۔

مخالف:۔ ریٹنم، کوکس، بلب۔

www.pdfbooksfree.pk

طاقت :- ۳ طاقت سے ۲۰۰ طاقت تک اور اوپر۔

---

# سٹانم

STANNUM

## خصوصی علامات

۱- مریض غمگین، اداس، تمام وقت رونے کی سی حالت محسوس کرے۔
۲- کمزوری اور غشی سی خصوصاً زینہ اترتے وقت۔
۳- درد سر یا عصبی درد آہستہ آہستہ بڑھیں اور آہستہ آہستہ کم ہوں۔
۴- رحم کا اپنی جگہ سے گرنا، مریضہ اس قدر کمزور کہ وہ بجائے بیٹھنے کے کرسی میں گر پڑے۔
۵- سینہ میں بے حد کمزوری، اس قدر کمزوری کہ باتیں نہ کر سکے۔
۶- کھانسی، سینہ میں خالی پن کا احساس۔
۷- بلغم میٹھا یا نمکین

## عام استعمال

نظام عصبی میں انتہائی درجہ کی کمزوری ہو، جسم نیم جان خستہ و ماندہ ہوں، ہوائی نالیوں اور پھیپھڑوں میں کمزوری اور درد آہستہ آہستہ بڑھتے اور گھٹتے ہوں۔

# عمومی علامات

ذہنی طور پر مریض اداس، پژمردہ، مائل بہ گریہ لیکن رونے سے تکالیف اور بڑھ جاتی ہیں۔ مستورات کو زینہ اترنے میں کمزوری محسوس ہو لیکن چڑھنے سے تکلیف نہ ہو۔

مزمن سوزش ہوا نکادی، دق کے آخری درجوں میں جبکہ چھاتی میں بیحد کمزوری ہو، ناتوانی کے سبب بولنا، گانا، ہنسنا یا بلند آواز نکالنا دشوار ہو، کھانسی بلند آواز والی، بلغم بکثرت خارج ہوتا ہے۔ بلغم شیریں، نمکین، کھٹا یا بدبودار، زرد اور سبز پیپ خارج ہوتی ہے۔ کھانسے اور بلغم پھینکنے سے حلق کی خشکی کو آرام محسوس ہو۔

انگلیوں میں تشنج، رعشہ، فالج۔

زیادتی:۔ دائیں جانب لیٹنے سے، گرم اشیاء پینے سے۔

کمی:۔ دبانے سے، کھانسے سے اور اخراج بلغم سے۔

معاون:۔ پلساٹیلا۔

مصلح:۔ پلساٹیلا۔

طاقت:۔ ۳ طاقت سے ۳۰ طاقت تک مستعمل و مفید ہے۔

www.pdfbooksfree.pk

# سٹرامونیم

# STRAMONIUM

## خصوصی علامات

۱- مریض مسلسل دعائیں، التجائیں اور منتیں وسماجتیں کرے۔

۲- خواہش کرے روشنی کی اور ساتھیوں کی، اکیلا رہنا برداشت نہ ہو۔ (بسمتھ) - زیادتی اندھیرے میں اور تنہائی میں۔

۳- آنکھیں بالکل کھلی ہوں، چمکدار، پتلیاں بہت پھیلی ہوں گی۔

۴- لکنت۔

۵- قے، جوں ہی سر تکیے سے اٹھائے۔

۶- بہت سی تکلیفات کے ساتھ درد نادارد۔ درد کا نہ ہونا اس دوا کا مخصوص نشان ہے۔ (اوپیم)

## عام استعمال

نظام عصبی اور دماغی عوارض میں عام طور پر مستعمل ہے۔

## عمومی علامات

دیوانگی، مریض متواتر ہذیان بکتا اور شور مچاتا ہے، خطرناک بیہوشی عجیب غریب وہمی اشیاء سے خائف رہتا ہے۔

خوراک کا ذائقہ گھاس کا سا محسوس ہو، پیاس کی شدت، صفراوی

www.pdfbooksfree.pk

اور ہلکی تھے۔

حبس البول، اشارہ خالی ہو۔

مردوں میں خواہش جماع حد سے زیادہ ہو اور فحش خیالات میں غرق ہے۔ عورتوں میں پیسوتی جنون جبکہ نفاس کم خارج ہو مختلف قسم کے وہم آئیں، اعصابی اکتاہٹ و بیقراری۔

دماغ جیسے اعصاب متورم ہوں۔

مرضیات جس میں دماغی علامات واضح ہوں، تپ محرقہ حبس البول ہو۔ پسینہ بکثرت، لیکن بخار میں تخفیف۔

زیادتی:۔ چھونے سے، ہلانے سے، حرکت سے، ہوا سے، ٹھنڈک سے، شام کے وقت، اندھیرے میں، چمکدار چیزیں دیکھنے سے، دھوپ میں، اکیلے ہونے پر۔

کمی:۔ گرمی سے، روشنی میں۔

مخالف:۔ کافیا۔

مصلح:۔ بیلاڈونا، کیمفر، نکس وامیکا، اوپیم، پلساٹیلا۔

طاقت:۔ ۶ طاقت سے ۳۰ طاقت تک۔

www.pdfbooksfree.pk

# سفلینم

SYPHYLINUM

## خصوصی علامات

۱۔ غروبِ آفتاب سے طلوعِ آفتاب تک درد۔
۲۔ تمام تکلیفات یا علامات رات کے وقت بڑھ جائیں (مرک)
۳۔ سیلان الرحم، مقدار میں زیادہ کپڑوں سے بہہ نکلے۔
۴۔ سر کے بال گریں۔
۵۔ بے جا خواہش شراب کی اسی ہی شکل ہیں۔

## عام استعمال

آتشکی زہر سے ہونے والے امراض کے علاوہ دیگر متعدد عوارض میں حسب علامات مستعمل ہے۔

## عمومی علامات

حافظہ کمزور، کتابوں، اشخاص اور جگہوں کے نام بھی یاد نہ رہیں حساب کے سوالات حل کرنا مشکل ہو۔

درد سر، سر کی ہڈیوں میں درد، سرسام، بال گریں۔

روشنی برداشت نہ ہو، آنکھوں سے پانی بہے، رات کو درد میں زیادتی۔

www.pdfbooksfree.pk

ناک کی ہڈی میں سڑن، تالو میں سوراخ، زبان میں شگاف، لال بکثرت عرق النسا، جو رات کو زیادہ ہو، شانہ کے جوڑوں یا انگلیوں کی گانٹھوں میں مفاصلی درد۔

خواتین میں فرج کے لبوں پہ زخم، سیلان رحم بکثرت، پتلا، پانی کا سا، اس کے ہمراہ ہڈیوں الرحم میں درد۔

موسم گرما میں مزمن دمہ زور کرے، خشک کھانسی رات کو زیادہ ہو۔

جلد پہ سرخ، پھوڑے بدبو دار دانے۔

زیادتی:- رات کو، گرمی میں، ساحل سمندر پہ۔

کمی:- دن میں، آہستہ گھومنے پھرنے سے، خشکی پہ پہاڑوں پہ۔

طاقت:- ۲۰۰ طاقت سے ہزار طاقت عام طور پہ مستعمل ہے۔ اونچی طاقت ہی مفید ثابت ہوتی ہے اور اس کی خوراکیں بار بار دہرانی نہیں چاہئیں۔

---

www.pdfbooksfree.pk

# سلفر

SULPHUR

## خصوصی علامات

۱۔ کھڑے ہونا سلفر کے مریض کے لئے ایک بدترین وضع ہے، سلفر کے مریض کھڑے نہیں ہو سکتے۔

۲۔ میلے کچیلے لوگ۔

۳۔ تکالیف میں ہمیشہ غسل کے بعد زیادتی۔

۴۔ بچے نہلایا جانا یا منہ ہاتھ دھویا جانا پسند نہ کریں۔

۵۔ جب بہترین منتخب شدہ ادویہ اپنا تسلی بخش اثر دکھانے سے قاصر رہیں۔

۶۔ تکالیف مسلسل بار بار عود کر آئیں۔

۷۔ احساس جلن کا جسم کے مختلف حصص میں۔

۸۔ مسلسل حدت اور گرمی چاند میں، رات کے وقت تلووں میں جلن کے ساتھ۔

۹۔ دست صبح سویرے بستر سے جگا دیں (الیو، سورینم)

۱۰۔ قبض، پاخانہ بڑا اور درد بھرا، بچہ درد کی وجہ سے پاخانہ چھوڑنے سے ڈرے۔

۱۱۔ پیشاب اور پاخانہ جہاں سے گذریں ان حصص پر درد ہو۔

۱۲۔ مقعد کے گرد سرخی اور جلن، جسم کے تمام مخارج بہت سرخ

www.pdfbooksfree.pk

## عام استعمال

سب سے بڑی وافع جربیہ دوا ہے۔ اس کا استعمال امراض کو اندرون جسم سے باہر سطح پر لاتا ہے۔ یہ جسم کے ہر رگ و ریشہ پہ اثر کرتی ہے اور متعدد امراض میں استعمال ہوتی ہے۔ اس کے زیر اثر اخراج خراش پیدا کرنے والے ہوتے ہیں۔ اعصاب پہ اثر کرنے سے نمو بے قاعدہ ہوتا ہے۔ یہ خاص کر ان مزمن امراض میں مفید ہوتی ہے جن کا آغاز گلٹیوں سے ہوتا ہے۔

## عمومی علامات

ذہنی طور پر مریض کم ہمت، بد مزاج اور رونے کی طرف مائل ہوتا ہے۔
سر میں چکر، بعض وقعہ کل سر میں بوجھ، عموماً رات کو زیادہ۔ درد سر ہر ہفتہ یا دوسرے ہفتہ ہوا کرے۔
آنکھوں میں گرمی، جلن اور سرخی، پپوٹے متورم۔
نکسیر، ناک میں خشک زخم یا پپڑیاں۔
زبان سفید، کنارے اور نوک سرخ، حلق میں رکاوٹ۔
معدہ میں کمزوری، خالی پن یا بیٹھنے کا احساس قبل دوپہر۔
قبض بہت جلد جلد، مقدار میں زیادہ اور زیادہ دنوں تک رہے۔
پھوڑے پکنے کے بعد دیگرے نکلیں، خارش جو بستر میں بڑھے۔
بواسیر جس کا علاج خارجی مرہموں سے ہوا ہو۔
بری کیفیات اندرونی یا بیرونی مختلف حصص کی۔

www.pdfbooksfree.pk

زیادتی:۔ آرام سے، جب کھڑا ہو، بستر کی گرمی سے، نہانے سے، موسم کی تبدیلیوں سے (رسٹاکس)

کمی:۔ خشک گرم موسم میں، داہنی جانب لیٹنے سے۔

معاون:۔ ایکونائیٹ، نکس وامیکا، پلساٹیلا۔

مصلح:۔ ایکونائیٹ، کیمفر، کیموملا، چائنا، مرکیوریس، پلساٹیلا، رسٹاکس، سیپیا، سلیشیا، تھوجا۔

طاقت:۔ مدر ٹنکچر سے ۳۰ طاقت تک نیز ۲۰۰ طاقت اور اوپر۔

(نوٹ:۔ کلکیریا کے بعد سلفر نہیں دینا چاہیے)

---

# سلیشیا SILICEA

## خصوصی علامات

۱۔ غدودی مزاج وہ بچے جن کے سر بڑے ہوں، تالو کھلے ہوئے اور پیٹ پھولا ہوا۔

۲۔ دیرینہ درد سر گردن کی پشت سے شروع ہو کر چاند کو جائے۔

۳۔ قبض ہمیشہ حیض کے قبل اور دوران حیض۔

۴۔ پاخانہ مشکل سے ہو جیسے مبرز کی نااہلیت سے ہو۔

۵۔ پاخانہ کا کچھ حصہ باہر نکل کر پھر اندر سرک جائے (تھوجا)

۶۔ شرمگاہ کی نالی سے خون کا سیلان ہر مرتبہ جب بچہ پستان منہ میں لے

www.pdfbooksfree.pk

۷۔ ہاتھوں، پاؤں کی انگلیوں، پاؤں اور بغل کا بدبودار پسینہ۔

۸۔ علامات میں نئے چاند کے دوران زیادتی ہو۔

## عام استعمال

پیپ والے عوارض میں عام مستعمل ہے۔ چھوٹی طاقتیں پیپ کو جلد پکا کر خارج کرتی ہیں اور اونچی طاقتیں پیپ کو خشک کر کے اندمال میں مددگار ہوتی ہیں۔

علاوہ بریں ناکافی نشوونما سے بدن، خنازیری مزاج والے بچوں کا مرض سوکھا، حرارت غریزی کا کم ہونا، سردی جھٹ لگ جانا، ٹیکہ لگانے کے برے اثرات مابعد وغیرہ میں بھی اس دوا کے مقتضی ہوتے ہیں۔

## عمومی علامات

ذہنی طور پر مریض اعصابی، چڑچڑا ہوتا ہے، بے چین، پریشان اور حلیم۔

غذائیت کے طور پر جزو بدن نہ بنے۔ بے حد تھکاوٹ اور کمزوری

ناسور مقعد بچے بعد و تخمیہ سینہ کی علامات کے ساتھ (بربیرس)

پستان کی گھنڈی اندر کی طرف کھینچ جائے (سارسا پریلا)

جلد غیر تندرست، ہر چھوٹی سی ضرب پک جائے (گریفائٹیس، ہیپر، مرک، پٹرولیم)

ہاتھوں اور پاؤں کی انگلیوں کے ناخن ٹیڑھے (انٹیم کروڈم)

انگوٹھوں کا ناسور، پاؤں کے ناخن گوشت میں گھس جاتے ہیں، ابھری پھنسیاں جا بجا میں خون ہو کر کاربنکل، سرطان، ناسور، مقعد میں شگاف۔

www.pdfbooksfree.pk

یہ دوا جسمانی ریشوں میں سے غیر جسمانی اشیاء کو خارج کرتی ہیں جیسے مثلاً مچھلی کا کانٹا، سوئیاں، ہڈی کے ٹکڑے۔

زیادتی:۔ ٹھنڈک سے، حیض کے زمانہ میں، نئے چاند کے دنوں میں کپڑا اتارنے سے، خاص کر سر سے کپڑا ہٹانے سے

کمی:۔ گرمی سے، خاص کر سر پر کپڑا لپیٹنے سے، سوائے پیٹ کی علامات کے جملہ دیگر علامات گرمی سے کم ہوتی ہیں البتہ پیٹ کی علامات میں ٹھنڈی اشیاء کھانے پینے سے تخفیف ہوتی ہے۔

معاون:۔ تھوجا، سکوئیلا، گریفائیٹس، فلورک ایسڈ، ہیپر سلفر

مصلح:۔ کیمفر

طاقت:۔ ۳ طاقت سے ۲۰۰ طاقت تک نیز اونچی طاقتیں۔

---

# سمبوکس نائیگرا

**SAMBUCUS NIGRA**

## خصوصی علامات

۱۔ چھوٹے بچوں کا خشک نزلہ۔
۲۔ بچہ اندر سانس کھینچ سکے لیکن باہر نہ پھینک سکے۔
۳۔ بخار، جسم پر کسی قسم کی نمی کے بغیر، جب مریض سوتا ہو۔
۴۔ پسینہ کی زیادتی تمام جسم پر جاگنے کے دوران۔

www.pdfbooksfree.pk

## عام استعمال

یہ دوا خاص طور پر بچوں اور بوڑھوں کے اعضائے تنفس کے عوارض میں مستعمل و مفید ہے۔

## عمومی علامات

بچوں کا خشک نزلہ، ناک بلغم سے بند ہو، بوڑھے افراد کا دمہ، اس دوا کی تکالیف کے ساتھ عموماً پسینہ کی زیادتی ہوتی ہے۔

آواز بیٹھی ہوئی، حلق میں لیس دار بلغم، تشنجی کھانسی آدھی رات کے قریب آئے اور اس کے ساتھ سانس کی تکلیف، کھانسی کے باعث چہرہ نیلا ہو جائے۔

قولنج، متلی، تفخ کے ساتھ اور بار بار نیلا لیس دار پاخانہ۔

ہاتھ، انگلیوں، ٹانگوں اور پیروں کی سوجن، پیر برف کے مانند سرد ہو جانے کی حالت میں کل جسم پر پسینہ۔

زیادتی:۔ آرام کی حالت میں، پھل کھانے کے بعد۔

کمی:۔ بستر پر اٹھ کر بیٹھنے میں، حرکت کرنے سے۔

مصلح:۔ آرسینکم البم، رسٹاکس، کیمفر۔

طاقت:۔ مدر ٹنکچر سے ۳۰ طاقت تک مستعمل ہے۔

www.pdfbooksfree.pk

# سمفائٹم

# SYMPHYTUM

## خصوصی علامات

۱- چبھن والے درد جیسے نوکدار اشیا چبھ رہی ہوں۔
۲- ہڈیوں کے پردے تک پہنچے ہوئے بیرونی زخم۔

## عام استعمال

عام طور پر ٹوٹی ہوئی ہڈیوں سے متعلقہ عوارض میں یہ دوا مستعمل ہے ایسے زخموں کے لیے جو کہ ہڈی کے پردوں تک پہنچ گئے ہوں، یا جب ٹوٹی ہوئی ہڈی جڑتی نہ ہو، یا جب ہڈی کال ہو گئی ہو اور اس کے بعد درد ہوتا ہو یا جب ٹوٹی ہوئی ہڈی کے دونوں سرے درد کرتے ہوں تو یہ دوا کارآمد ہے۔

## عمومی علامات

چوٹ آنے کے باعث ہڈیوں یا ان کے غلاف کی تکالیف، عمل جراحی کے بعد ہڈی کا کٹا ہوا سرا درد کرے اور ہڈی کے غلاف میں چبھن ہو، ٹوٹی ہوئی ہڈی کے سرے پوری طور پر نہ جڑے ہوں، شکستہ ہڈی کا سرا درد کرے۔

چوٹ آنے کے باعث آنکھ میں درد۔

www.pdfbooksfree.pk

طاقت :۔ مدر ٹنکچر ایک سے دس قطرے تک یا ۱x، ۳x، ۳۰ یا ۳۰ طاقت

زخموں اور خراش مقعد کے لیے خارجی طور پر بھی اس کا لوشن مستعمل ہے

(ایک حصہ مدر ٹنکچر اور تین حصے پانی)

---

## سمی سی فیوگا CIMICIFUGA

(دیکھئے اکٹیا ریسی موسیا)

---

## سنگونیریا SANGUINARIA

### خصوصی علامات

۱۔ نوبتی درد سر جسے نیند سے سکون ہو۔

۲۔ درد سر جو گدی سے شروع ہو۔

۳۔ درد سر جو سن یاس کے زمانہ میں عود کر آئے۔

۴۔ چہرہ کا اعصابی درد جس میں بعد دوپہر رخساروں پہ چھکدار سرخی ہو۔

۵۔ دلہنے بازو اور کندھے میں بائی کے درد۔

۶۔ کھانسی خشک جس کے ساتھ گالوں پہ چھکدار سرخی ہو۔

www.pdfbooksfree.pk

# عام استعمال

یہ دوا داہنی طرف کے حصہ جسم پر اثر کرتی ہے۔ خاص کر بلغمی جھلی پر اور وہ بھی سینہ کی بلغمی جھلی پر اثر انداز ہوتی ہے۔

# عمومی علامات

چہرہ کا اعصابی درد، اوپر والے جبڑے سے تمام اطراف میں پھیلے

ان مقامات پر درد جہاں گوشت کم ہو مثلاً پنڈلی، ہاتھوں کی پشت۔

نرخرہ اور غذا کی نال میں جلن۔

حنجرہ میں یا ناک میں بدگوشت (رنگو نیریا نائٹریٹ سوڈیم)

سن یاس کی تکلیفات

دمہ زکام کا ہی کے بعد جس میں زیادتی خوشبو سے ہو۔

نوجوان لڑکیوں یا عورتوں کے چہرہ پر ابھار۔

زیادتی:- میٹھا کھانے سے، دائیں پہلو میں حرکت کرنے سے، چھیڑنے سے۔

کمی:- ترش اشیاء سے، اندھیرے میں۔

معاون:- انٹم ٹارٹ۔

طاقت:- مدر ٹنکچر سر درد میں اور ۶x جوڑوں کی تکالیف میں۔

www.pdfbooksfree.pk

# سورینم

PSORINUM

## خصوصی علامات

۱- مزمن امراض میں اچھی منتخب شدہ ادویہ تسلی بخش فائدہ نہ کریں۔
۲- بعید کمزوری جو حاد امراض کے بعد باقی ہے۔
۳- نہانے کے بعد بھی جسم سے گندی بو آئے۔
۴- جسم کے مختلف حصص جلد موچ یا ضرب کھا جائیں۔
۵- بعید ذکی الحسی ٹھنڈی ہوا سے یا موسم کی تبدیلی سے۔
۶- دورے سے ایک دن قبل غیر معمولی طور پر بہتر محسوس کرے۔
۷- تمام اخراج سڑے ہوئے گوشت کی سی بو والے ہوں۔
۸- بھوک آدھی رات کے وقت ستائے۔
۹- جلد پر خشکی، بے رونق، پسینہ نہ آئے۔ قتل۔

## عام استعمال

یہ دوا سورک مزاج افراد کے لئے خصوصاً مفید ہے۔

## عمومی علامات

کھجلی جس میں گرمی سے زیادتی ہو، کھجلانے سے خون نکل آئے۔
انگلیوں کی گھٹیوں اور جوڑوں میں کھجلی، دانے بار بار پیدا ہوں۔

www.pdfbooksfree.pk

درد سر جس کے دوران بھوک محسوس ہو، کھانے سے متلی ۔
کھوپڑی میں پک جانے والے ابھاروں کے کھرنڈ، جو بیچ میں ٹوٹ جاتا ہو
کان پر تر پھنسی، لیس دار مادے والی (اگزیماٹس)، کان سنسناتا
خارش پیدا کرنے والا سخت متعفن سیلان ۔
کیل ہر قسم کے ۔
حاملہ عورتوں کی متلی جبکہ معدے سے عمدہ دوا فائدہ نہ کرے ۔

**زیادتی :-** قہوہ سے، موسم کی تبدیلی میں، گرم دھوپ میں یا سردی سے، ٹھنڈی ہوا کے جھونکے سے ۔

**کمی :-** گرمی سے، گرم کپڑے پہننے سے، موسم گرما میں بھی گرم کپڑوں سے سکون ملے ۔

**معاون :-** سلفر، ٹیوبر کیولائنم ۔

**مخالف :-** کونیم، بیلے ڈونا، سیپیا ۔

**مصلح :-** قہوہ ۔

**طاقت :-** ۳۰ طاقت سے ۲۰۰ طاقت تک اور اوپر ۔
(جلدی جلدی خوراک دہرانی نہ چاہیئے ۔)

www.pdfbooksfree.pk

# سیانوتھس

CEANOTHUS

## خصوصی علامات

۱۔ تلی کی مزمن یا حاد تکالیف۔

## عام استعمال

یہ دوا بالعموم تلی کے عوارض میں ہی مستعمل ہے۔

## عمومی علامات

تلی بڑھی ہوئی، تلی کا ورم، بائیں جانب درد ہو، جگر اور تلی کی خرابی کے باعث خون کی کمی، بائیں جانب پسلی کے نیچے درد کے باعث بائیں کروٹ لیٹا نہ جا سکے، جگر اور پیٹھ میں درد، تلی کی نئی یا پرانی تکالیف کے باعث چہرہ زرد، بھوک کم، بخار۔

پیشاب تیز، پھینے دار جس میں سلفر اور شکر موجود ہو، پیشاب کی بار بار حاجت۔

اسہال، پیٹ اور مقعد میں بوجھ۔

حیض بکثرت، سیلان الرحم زرد رنگ کا ہو۔

زیادتی، بے حرکت سے اور بائیں جانب لیٹنے سے۔

مصلح:۔ نیٹرم میور

www.pdfbooksfree.pk

طاقت :۔ مدر ٹنکچر اور چھوٹی طاقتیں نیز ۲۰۰ طاقت ۔

---

# سیپیا

SEPIA

## خصوصی علامات

۱۔ دردِ سر جو پیٹھ کی طرف جائے ۔

۲۔ بے حد غمگینی اور رونے کا میلان ۔

۳۔ لاپرواہی ان سے بھی جن سے بہترین پیار ہو ۔

۴۔ دردِ سر حیض کے زمانہ میں سیلان کی کمی کے ساتھ ۔

۵۔ بالوں کا بری طرح گرنا ۔

۶۔ ناک کے اوپر گالوں تک پھیلی ہوئی زردی ۔

۷۔ زبان گندی جس سے بو آئے ۔

۸۔ رحم اور اندام نہانی میں بوجھ اور نیچے کی طرف دباؤ کا احساس جیسے ہر چیز پیڑو سے نکل کر باہر جا پڑے گی ۔

## عام استعمال

سیپیا خواتین کے عام امراض کی مخصوص ترین ادویہ میں سے ہے ۔

www.pdfbooksfree.pk

# عمومی علامات

ذہنی طور پر مریضہ پر گھبراہٹ رہتی ہے، بے خیال، گھر کے کام کاج سے نفرت، از حد مغموم، متفکر اور مایوس، ہر ایک شے سے بیزاری۔

رحم میں درد، پیڑو کے عضلات میں، مُدھال کر دینے کی سی تکلیف نیچے کی طرف شدید دباؤ، رحم بھاری درد بالخصوص بائیں خصیۃ الرحم میں محسوس ہو، رحم ٹلنے کے ساتھ اجتماع خون ہو اور زرد سیلان الرحم آتا ہو، رحم بائیں جانب ٹلا ہوا جس کے باعث بائیں زیریں دھڑ میں غدے اور درد ہو، دائیں جانب لیٹنے سے آرام، فم رحم چھونے سے درد کرے، خون حیض بہت جلد جلد کبھی مقدار میں کم اور کبھی بہت زیادہ، قبل از حیض سیلان الرحم زرد، دودھیا، خراش دار، پیپ کی طرح بدبودار، جائے مخصوص میں دکھن، حیض بے قاعدہ اور درد کے ساتھ، صبح کے وقت جی متلائے۔

زیادتی :- قبل دوپہر، شام کے وقت، نہانے سے، مرطوبیت سے، بائیں جانب ٹھنڈی ہوائیں، آندھی اور گرج سے قبل، پسینے کے بعد۔

کمی :- ورزش سے، دبانے سے، بستر کی گرمی سے، گرم چیز دل کے لگانے سے، اعضاء کھینچنے سے، ٹھنڈے پانی میں نہانے سے، نیند کے بعد۔

معاون :- نیٹرم میور، نیٹرم کارب، نکس وامیکا، سباڈیلا، سلفر۔

مخالف :- برائی اونیا، لیکیسس۔

مصلح :- ایکونائیٹ، اینیٹم کروڈ، اینیٹم ٹارٹ، رسٹاکس، سلفر۔

www.pdfbooksfree.pk

طاقت ۱۲ طاقت سے ۳۰ طاقت تک عام طور پر مستعمل ہے نیز ۲۰۰ طاقت بھی استعمال ہوتی ہے۔

چھوٹی طاقتیں بار بار دہرائی جا سکتی ہیں لیکن زیادہ تر اونچی طاقت کا استعمال زیادہ مفید ثابت ہوتا ہے، لیکن اونچی طاقتیں جلد جلد دہرائی نہ جائیں۔

---

# سیکیل کار

SECALE COR.

## خصوصی علامات

۱- مریضائیں جو دبلی پتلی بیماری سے تباہ شدہ، کمزور ہوں اور جن کے چہرے سے بیماری ٹپکے۔

۲- مستورات ہر چیز ڈھیلی اور کھلی محسوس کریں، خون کی نالیوں میں ڈھیلا پن

۳- پھوڑے، چھوٹے درد بھرے، سبز مواد کے ساتھ۔

۴- جلد چھونے سے ٹھنڈی محسوس ہو تاہم مریض اوڑھنا برداشت نہ کرے۔

۵- دوران وضع حمل ہر چیز ڈھیلی اور کھلی محسوس ہو لیکن باہر نکالنے کا فعل نہ ہو۔

## عام استعمال

یہ دوا ایسے افراد پر مستعمل ہوتی ہے جن کے گوشت میں سکڑن پیدا

www.pdfbooksfree.pk

ہو رہی ہو جھریاں پڑ رہی ہوں، خون کی کمی ہو، سردی بہت محسوس کریں،
اضطراری بوں یا ان میں جھنجھناہٹ یا چیونٹیاں رینگنے کا احساس پایا جائے
اور خون متواتر ہوتا ہے، پتلا بدبودار سیاہ خون نکلے۔

# عمومی علامات

سیلان خون کی طبیعت، معمولی زخم سے بھی ہفتوں خون بہا کرے۔
(دیکھئے سس، فاسفورس)

لیکوریا (سیلان الرحم) سبز، بھورا، متعفن
دست مقدار میں زیادہ، پانی کے سے، متعفن، بھدے (کروٹیلنگ)
پیشاب از خود نکل جائے، بوڑھے آدمیوں کا پیشاب، رکا ہوا۔
جلن جسم کے تمام حصوں میں جیسے آگ کی چنگاریاں ہوں۔
حیض بے قاعدہ، مقدار میں زیادہ، سیاہ مائل پتلے۔
اسقاط حمل کا خطرہ یا اسقاط تیسرے مہینہ میں۔
پستانوں میں دودھ پورے طور پہ نہ بھرے۔

زیادتی:۔ گرمی سے، گرم کپڑا اوڑھنے سے۔
کمی:۔ ٹھنڈک سے، کپڑا اتار دینے سے، ملنے سے، عضو پھیلانے سے۔

مصلح:۔ کیمفر، اوپیم
طاقت:۔ پہلی طاقت سے ۳۰ طاقت تک۔

---

www.pdfbooksfree.pk

# سیلینیم
# SELENIUM

## خصوصی علامات

۱۔ قبض، پاخانہ بڑا اور سخت جسے خارج کرنے کے لئے انگلیاں استعمال کرنی پڑ جائیں۔
۲۔ مسلسل انسیاد گی بغیر شہوت کے، غدود پیکھنچے ہوتے۔
۳۔ آواز زیادہ استعمال کے بعد بیٹھ جائے۔

## عام استعمال

اس دوا کا خاص اثر اعضائے تناسل اور بول پہ ہوتا ہے، سن رسیدہ لوگوں کے ضعف باہ اور اخراج مذی میں کارآمد ہوتی ہے، بڑھاپے میں دماغی اور جسمانی نقاہت جلد ہو جایا کرے۔ یا کسی کمزور کرنیوالے مرض کے بعد کی نقاہت میں بڑی مفید ہوتی ہے۔

## عمومی علامات

ذہنی طور پہ خیالات جماع کی طرف راغب لیکن نامردی ہو۔
بال گر جاتے ہیں سر کے، ابرو کے، مونچھوں کے اور آلات تناسل کے۔
پیشاب سرخ گہرے رنگ کا، مقدار میں کم۔

www.pdfbooksfree.pk

کمزوری، مریض دماغی یا جسمانی محنت سے جلد تھک جائے، لاغری۔
کمزوری کے باعث خودبخود اخراج منی ہوا کرے، جریان، احتلام

زیادتی :۔ سونے کے بعد، گرم موسم میں، کوزمین کھانے سے، گرم
ہوا سے، چائے پینے سے۔

کمی :۔ ٹھنڈک سے، ٹھنڈے موسم سے، طاقت بخش چیز کھانے سے

معاون :۔ کیلیڈیم، نیٹرم کارب، فاسفورک ایسڈ، سٹافی سیگریا۔

مخالف :۔ جائنا، شراب

مصلح :۔ اگنیشیا، پلساٹیلا

طاقت :۔ ۶ طاقت سے ۳۰ طاقت تک مستعمل ہے۔

---

# سینی کولا

SANICULA

## خصوصی علامات

۱۔ لاغری مسلسل بڑھتی رہے، بچہ بوڑھا دکھائی دے، میلا، چکنا اور
بلاؤن نظر آئے۔

۲۔ گردن کے گرد کی جلد پہ بل دار جھریاں پڑ جائیں۔

## عام استعمال

دوسری متعدد ادویہ کی علامات اس دوا میں بھی پائی جاتی ہیں اس لئے

www.pdfbooksfree.pk

کسی کیس میں جب دوسری منتخب دوا کا کام ہے تو حسب علامات یہ دوا مستعمل ہوتی ہے۔

## عمومی علامات

بچہ بہت ضدی، چڑچڑا اور غصیلا۔
کھوپڑی پر، ابرو میں اور داڑھی میں بکثرت بھوسی ہو۔
کان کے پیچھے درد اور کان کے پچھلی طرف کی جڑ سے لیسدار رطوبت خارج ہوتی ہے۔
متلی اور قے گاڑی یا موٹر پر چڑھنے سے۔
پیشاب اور پاخانہ از خود خارج ہو جاتا ہو۔
قبض جس میں پاخانہ کا اخراج بہت مشکل سے ہو۔
دست سڑے ہوئے انڈے کی طرح جھاگدار، دستوں کی نوعیت اور رنگت بدلتی رہتی ہے۔
مقعد کے قریب شگاف جو بڑھ کر آلات تناسل تک پھیل جائے۔
سیلان الرحم مچھلی کی سی بو والا۔ پیڑو اور رحم کے مقام پر کمزوری ایسا لگے جیسے ہر عضو باہر نکل پڑے گا۔
پاؤں کے پسینے انگلیوں کے درمیان اور بعید پھوڑے کا سا درد۔
پاؤں کے تلووں میں جلن

طاقت:۔ ۳۰ طاقت اور اس سے اونچی طاقتیں مستعمل ہیں۔

www.pdfbooksfree.pk

# فاسفورس
PHOSPHORUS

## خصوصی علامات

۱۔ جلن چھوٹی چھوٹی جگہوں پر مثلاً دونوں کندھوں کے درمیان۔
۲۔ دردپسلی کی ہڈیوں کی درمیانی جگہ میں، بائیں جانب کروٹ سے بڑھے۔
۳۔ کمزوری، خالی پن کا احساس تمام شکم میں
۴۔ آنکھوں کے گرد سیاہ حلقے
۵۔ دست، جیسے ہی کوئی مقعد پاخانہ کی نالی میں پہنچے، احساس جیسے مقعد کھل رہا ہو۔
۶۔ کھانسی، بائیں کروٹ لیٹنے سے۔

## عام استعمال

یہ دوا بالعموم لمبے، دبلے، دموی مزاج افراد پر زیادہ مستعمل ہے، جن کی جلد خوبصورت ہو، پلکیں نازک اور بال ملائم اور خوبصورت ہوں۔ ذہنی طور پہ تیز فہم اور بہت ذکی الحس ہوں۔

## عمومی علامات

ذہنی طور پہ مریض کم ہمت، چونک پڑنے کی عادت، کام کرنے

www.pdfbooksfree.pk

کو جی زچا ہے، یادداشت خراب ہو۔
صبح بیدار ہونے پر یا بیٹھے ہوئے اٹھنے پر چکر آئیں، میٹھا میٹھا درد سر۔
آشوب چشم، جلن دار اور کھجلی والا، پپوٹے چپکے رہیں۔
کانوں میں زور کی جھنجھناہٹ، سماعت کم ہو جائے۔
کھانے کے فوراً بعد بھوک، کھانے کے بعد بہت سی خالی ڈکاریں،
کبھی قبض، کبھی دست، جو صبح کو زیادہ ہوں، سبز آؤں کا پاخانہ
یا پتلا، سفید یا خون ملا پاخانہ۔
پیشاب جیسے رنگ کا، نیچے ریت جم جائے۔
مردوں میں جماع کی خواہش ہو رقت سے نہ ٹکے۔
عورتوں میں حیض نہایت جلد اور قلیل ہو، چھیچھڑا لیکوریا۔
کھانسی جس میں زنگ آلود بلغم نکلے۔
ران اور پیر کے انگوٹھوں کا سن ہو جاتا، ہاتھ میں رعشہ۔
بخار لرزہ کے ساتھ۔ سردی بہت محسوس ہو۔

**زیادتی:-** چھونے سے، مشقت سے، گرم غذا سے، موسم کی تبدیلی سے، بھیگ جانے سے، بائیں کروٹ لیٹنے سے، آندھی سے، زینہ چڑھنے سے۔

**کمی:-** اندھیرے میں، داہنی کروٹ لیٹنے سے، ٹھنڈی غذا سے، کھلی ہوا میں، ٹھنڈے پانی میں نہانے سے، نیند سے۔

**معاون:-** آرسنکم البم، ایلیم سیپا، کاربو ویج، آرنیکا۔

**مخالف:-** ایپس، کاسٹیکم

www.pdfbooksfree.pk

مصلح :- آرسنکم البم، کلکیریا کیمفر، کانیا، مکس وامیکا، سیپیا۔
طاقت :- ۳ طاقت سے ۳۰ اور اوپر۔

---

# فائٹولاکا PHYTOLACCA

## خصوصی علامات

۱- ڈفتھیریا، حلق میں جلن جیسے آگ کے انگارے، یا گرم سرخ لوہے سے ہو، خشکی۔
۲- پستانوں میں سخت ہونے کی رغبت، پستان پتھر کے سے سخت اور درد ہے۔
۳- درد پستان کی گلٹیوں میں سے نکل کر تمام جسم میں جاتی۔
۴- پستانوں کے ناسور، مندمل نہ ہونے والے زخم۔
۵- پستانوں کی گلٹیوں میں ذکی الحسی، پھوڑے کا سا درد اور شگاف۔

## عام استعمال

یہ دوا عام طور پر حلق اور پستانوں کے عوارض میں مستعمل ہے۔ علاوہ بریں آتشکی تکالیف، ہڈیوں کے غلاف کے مفاصل درد اور عرق النسا وغیرہ میں بھی نافع و کارآمد ہے۔

www.pdfbooksfree.pk

# عمومی علامات

ذہنی طور پہ مریض زندگی سے مایوس اور غمگین۔

گردن کے غدود سوجے ہوئے، حلق میں جلن جیسے حلق ہوا گول دکھی ہے۔ حلق میں سیاہ رنگ کی جھوٹی جھلی پیدا ہو جائے، حلق میں زخم، حلق کے غدود پھولے ہوئے، گردن کی داہنی جانب کے غدود سخت۔

مبرز میں شگاف، گردے میں میٹھا میٹھا درد اور دکھن، پیشاب کا رنگ سیاہ، بدن میں بھورے رنگ کے دھبے پڑ جائیں۔

سوزاک، آتشک، اعضائے تناسل پہ زخم، پستان میں ورم، سوجن، مواد پڑ جانا۔ پستان کے غدود سخت ہوں اور درد کریں۔

بائیں گھٹنے میں بائی کا درد، انگلیوں کے پور سوجے ہوئے، سخت اور چمکدار ہوں۔ بائیں کولہے میں پرانا بائی کا درد۔

زیادتی :۔ بادل، بجلی، بارش کی تری سے، نمی سے، سرد موسم سے، رات کو، دبانے سے، حرکت سے۔

کمی :۔ گرمی سے، خشک موسم سے، آرام سے۔

مصلح :۔ بیلاڈونا، کالنیا، اگنیشیا، آرس، مرکیورس۔

طاقت :۔ ۳ طاقت سے ۳۰ طاقت تک

www.pdfbooksfree.pk

# فائی سوسٹگما

PHYSOSTIGMA

## خصوصی علامات

۱- غیر معمولی دماغی تیزی، خیالات کی لاانتہائی دَو کو روک نہ سکے۔

## عام استعمال

زیادہ تر آنکھوں کے امراض میں مستعمل ہے۔

## عمومی علامات

آنکھوں کو استعمال کرنے کے بعد ان میں درد، آنکھوں کے سامنے سیاہ دھبے اڑتے دکھائی دیں، آنکھوں کے سامنے بجلی کی چمک، آنکھوں کے پپوٹوں اور آنکھوں کے عضلات میں اینٹھن دار کھچاؤ، آنکھ کے ڈھیلے کا لرزنا یا پھڑکنا۔

عضلاتی نظام کی بے حد کمزوری، حرکت میں کمی آجائے (جلسی میم) کم سن افراد میں دماغی یا جسمانی پراگندگیوں سے لرزہ۔

کمزور اصلی یا چوٹ سے پیدا ہونے والا یا چوٹ سے بڑھ جانے والا کمزور حس میں ذرا سی ہوا سے ہیجان تک کر پاس سے گزرنے والے آدمی کی سانس کی ہوا سے اضافہ ہو۔ اسٹریکنیم، ہائیڈرو فوبنیم، ٹکس وامیکا، سٹر کینیا)

www.pdfbooksfree.pk

زیادتی:۔ عموماً صبح کو ورزش کرنے سے، دماغی محنت سے،
کمی:۔ چلنے سے، کھلی ہوا میں، آنکھ بند کرنے سے، خاموشی سے، گرم کمرہ میں۔

مصلح:۔ اٹروپیا۔

طاقت:۔ مدر ٹنکچر یا ۳x

---

# فلورک ایسڈ

FLUORIC ACID

## خصوصی علامات

۱۔ ان نوعمر افراد کی تکلیفات جو بوڑھے دکھائی دیں۔

## عام استعمال

یہ دوا بوڑھے افراد کے امراض میں کارآمد ہوتی ہے یا ایسے اشخاص جو قبل از وقت بوڑھے ہو گئے ہوں، جن کو جلدی جلدی حرکت کرنے اور ٹھنڈے سے آرام معلوم ہوتا ہو، جلد کمزوری ہو اور لگاتار خارش ہوتی رہتی ہو، ٹھنڈک سے تخفیف ہو اور گرمی سے تکلیفات بڑھیں، بالخورہ اور ناخنوں کے نرم پڑ جانے میں بھی یہ دوا کارآمد ہوتی ہے۔

www.pdfbooksfree.pk

# عمومی علامات

بہت بچے پیدا ہونے پر خواتین کی وریدوں کا پھول جانا، پرانے زخم۔

بڑھے اور ضعیف افراد کے اعضاء کا استسقاء، نظام وریدی کمزور آتشکی زہر سے یا پارہ کے کثرت استعمال سے ہڈیاں گل سڑ رہی ہوں، متاثرہ مقامات سے پتلا، جلانے والا، خون آمیز متعفن مواد خارج ہو۔

آنسوؤں کی تھیلی کا ناسور، آنکھوں کے لئے ہوا ناقابل برداشت۔

دانتوں کا ناسور، دانتوں سے خون آمیز نمکین مواد لگاتار نکلے۔

فوطے متورم، خواہش جماع میں زیادتی۔

تمام مخارج میں خارش جو گرمی سے بڑھے۔

زیادتی:۔ گرمی سے، بوقت صبح۔

کمی:۔ چلنے پھرنے سے، سردی سے۔

معاون:۔ سلیشیا

طاقت:۔ ۳x یا ۶x یا ۳۰ طاقت

www.pdfbooksfree.pk

# فیرم میٹیلیکم

FERRUM METALLICUM

## خصوصی علامات

۱۔ چہرے کی زردی، بلغمی جھلیوں کا پیلا پن جو ذرا سے درد، تحریک، اکساہٹ یا محنت سے تمتما اٹھیں اور سرخ ہو جائیں۔

۲۔ چکر بہتے پانی کو دیکھنے پر۔

۳۔ خون حیض پیلا، پانی کا سا، کمزور کرنے والا۔

۴۔ قے آدھی رات کے فوراً بعد۔

۵۔ دست آئے جب مریض کچھ کھائے یا پیئے۔

## عام استعمال

یہ دوا زیادہ تر کمی خون والے نوجوان، کمزور افراد پر مستعمل ہے جن کو جلد سردی لگ جاتی ہو، پاؤں سرد رہتے ہوں، بہت زیادہ ذکی الحس ہوں، سخت محنت کے بعد تکلیفات بڑھ جاتی ہوں۔

## عمومی علامات

نوچنے اور تسکین کا درد سر، چہرہ تمتمایا ہوا، چکر آئیں۔

آنکھوں میں پانی جما ہوا یا سرخی اور جلن، ناک سے خون بہے۔

چہرہ زرد جو ذرا سی بات سے سرخ ہو جائے۔

www.pdfbooksfree.pk

کھانے سے ذائقہ کڑوا، رات کو کھانے کے بعد غذا قے ہو جائے۔
نیلے دست پانی کے سے، جلن دار، چکنی آؤں یا خون والے۔
مردوں میں نامردی اور احتلام۔ عورتوں میں حیض بار بار کثیر المقدار اور وہ نمک جیسے والا درد کے ساتھ، سیلان الرحم دودھیا پانی جیسا۔
کھانسی جو صرف چلنے یا حرکت کرنے سے عود کر آئے۔
رات کو ٹانگوں کی ہڈیوں میں، یا کولہے سے ران تک یا پنڈلیوں اور ٹانگوں میں درد۔
بخار میں چہرہ سرخ، ہاتھ پیر ٹھنڈے، پسینہ بکثرت جس کے ساتھ متلی ہو۔
زیادتی:۔ رات کو، آرام کرنے سے، خاموش بیٹھنے سے، کھانے سے۔
کمی:۔ آہستہ آہستہ چلنے پھرنے سے، موسم گرما میں۔
معاون:۔ الیومنا، چائنا، ہیمے میلس۔
مخالف:۔ ایسٹک ایسڈ۔
مصلح:۔ آرنیکا، آرسینکم البم، بیلاڈونا، ہیپر سلف، اپیکاک، پلسا ٹیلا۔
طاقت:۔ ۶ طاقت سے ۳۰ طاقت تک اور اوپر۔

---

www.pdfbooksfree.pk

# کاربالک ایسڈ
# CARBOLIC ACID

## خصوصی علامات

۱۔ درد بہت تیز ہو یکایک آئے۔
۲۔ بجائے بھاری پیشانی کے درد جیسے ربڑ کی پٹی پیشانی پر کس کر باندھ دی گئی ہو
۳۔ تبخیر جس کے ساتھ سانس میں سخت ترین تعفن ہو (ایپی گیسٹریم)

## عام استعمال

یہ دوا اس وقت کام آتی ہے جبکہ کسی حصہ جسم سے بدبودار سڑا ہوا مواد خارج ہوتا ہے، کمزوری بہت ہوتی ہے اور ضعف و نقاہت بدرجہ کمال ہو۔ تمام جسم پر پسینہ سے تر بتر ہو۔

## عمومی علامات

قوت شامہ یعنی سونگھنے کی قوت بہت تیز ہو جاتی ہے، سانس و پاخانے نہایت بدبودار ہوں، قبض، سرطان، ذیابیطس، ریاح، پیچش اسہال۔

کام کرنے کو جی نہ چاہے، آنکھ کے گرد حلقہ میں درد۔

انفلوئنزا، منہ اور حلق میں زخم، بدبودار رال نکلے، حلق سے کچھ نگلا نہ جا سکے۔ پیٹ میں نفخ، متلی، حاملہ عورتوں کی متلی۔

www.pdfbooksfree.pk

قبض میں نہایت بدبودار ریاح خارج ہوں۔ پیٹ میں اینٹھن، اسہال مستورات سے حیض یا سیلان الرحم نہایت بدبودار۔

مخالف:۔ کاربالک ایسڈ سے جلی ہوئی جگہ پر گلیسرین یا نباتاتی تیل ہرگز نہ لگائیں۔

طاقت:۔ ۳ طاقت سے ۳۰ طاقت تک۔

---

# کاربوانیمالس CARBO ANIMALIS

## خصوصی علامات

۱۔ بوجھ اٹھانے سے جلد موچ آجائے۔

۲۔ حیض نمودار ہونے کے بعد مریضہ اس قدر کمزور ہوجائے کہ بول بھی نہ سکے۔

## عام استعمال

یہ دوا زیادہ تر خنازیری مزاج والے افراد میں مستعمل ہے جن کی وریدیں پھول جاتی ہوں، رطوبتی جھلیوں کا رنگ ارغوانی ہو، غدود سخت ہوگئے ہوں، سوجے ہوئے ہوں اور ان میں بڑا سخت درد ہوتا ہو۔

www.pdfbooksfree.pk

# عمومی علامات

معدہ کا فعل بہت سست، غذا کے ڈکار دیر تک آئیں،
مریض کچھ کھاتے تو اس کا جی متلانے لگے۔
چہرے پر تانبے کے رنگ کی پھنسیاں، کاہلی اور نقاہت
بہت ہو۔

دردِ سر شدید، مریض رات بھر سر پکڑ کر بیٹھا رہے۔
خون کا دورہ کمزور، حرارت غریزی نہایت کم ہو گئی ہو۔
بڑھاپے کے امراض جبکہ وریدیں پھول گئی ہوں، رخسار اور
ہونٹ نیلے پڑ گئے ہوں اور سخت نقاہت ہو۔

زیادتی:۔ مجامعت کے بعد، جسم سے قیمتی رطوبتوں کے اخراج
کے بعد، نیم شب کے بعد، خفیف چھونے سے۔

معاون:۔ کلکیریا فاس۔

مخالف:۔ کاربو ویج۔

مصلح:۔ آرسینکم البم، کیمفر، کافیا، لیکیسس، نکس وامیکا،
سرکہ۔

طاقت:۔ پہلی طاقت سے ۳ طاقت تک معدے کی تکالیف میں۔
۳۰ طاقت سے اوپر پرانی تکالیف اور سرطانی میں۔

www.pdfbooksfree.pk

# کاربو ویج

CARBO VEG.

## خصوصی علامات

۱۔ تکلیفات بہت زیادہ گرم ہو جانے سے۔

۲۔ مردوں کا سا چہرہ، سرد چہرہ ٹھنڈے پسینے کے ساتھ۔

۳۔ ہاضمہ کی کمزوری، سادہ سے سادہ غذا بھی موافق نہ آنے۔

۴۔ عروق شعریہ میں دوران خون کی کمی کے باعث مسلسل پنکھا جھلنے کی خواہش کرے۔

۵۔ رات کے وقت اکثر جاگ اُٹھے، گھٹنے ٹھنڈے ہو جانے کے باعث۔

۶۔ بیماری کے آخری مرحلہ میں ٹھنڈے پسینے، ٹھنڈی سانس، ٹھنڈی زبان اور آواز کے نہ ہونے کے ساتھ۔

## عام استعمال

شدید کمزوری ہو چکی ہو، رطوبات کے اخراج میں زیادتی معہ نزش کے ہو، پیٹ اور آنتوں میں خاص کر ناف سے اوپر کے حصہ میں ریاح جمع رہیں تو یہ دوا کارآمد ہوتی ہے۔ مریض کے جانبر ہونے کی امید ختم ہو رہی ہو تو بسا اوقات یہ دوا جان بچانے میں کامیاب ہو جاتی ہے۔

www.pdfbooksfree.pk

# عمومی علامات

شدید طور پر کمزور کر دینے والی بیماریوں یا رطوبات زندگی کے ضائع ہو جانے کے اثرات ہوں۔

ناقص غذاؤں مثلاً سڑی ہوئی مچھلی، گوشت یا چربیلی غذا کے لئے پیدا شدہ تکلیفات۔

کمزور اور گری ہوئی صحت میں کسی مخرج سے سیلان خون ہو۔

معدہ اور آنتوں میں ریح کا اجتماع جس کی زیادتی لیٹنے سے ہو۔

آواز بیٹھ جائے شام کے وقت، شام کی مرطوب ہوا سے یا گرم مرطوب موسم میں۔

دست، بار بار، از خود مردہ کی سی بو والے جس کے بعد جلن ہو۔

مردوں میں خواہش جماع بالکل دب جائے، جریان منی ہو، پاخانہ کے وقت مذی خارج ہو، مباشرت میں جلد اخراج۔

عورتوں میں حیض کثیر المقدار اور سیلان الرحم سفید دودھ کا سا پتلا اور گاڑھا جو صبح کو زیادہ ہو۔

**زیادتی:۔** چربیلی غذا سے، صبح کے وقت، تبدیلی موسم میں خاص کر گرم اور مرطوب موسم میں۔

**کمی:۔** پنکھا کرنے سے، سرد ہوا سے، ڈکاروں سے۔

**معاون:۔** کالی کارب، چائنا۔

**مصلح:۔** آرسینکم البم، کافیا، لیکیسس، کیمفر۔

**طاقت:۔** معدہ کے بگاڑ میں ۳ طاقت سے ۳۰ طاقت تک اور کمزوری کے لئے ۲۰۰ طاقت وغیرہ زیادہ طاقت میں کارآمد ہے۔

www.pdfbooksfree.pk

# کاسٹیکم

# CAUSTICUM

## خصوصی علامات

۱۔ بہت زیادہ زرد اور زردی مائل رنگت والے افراد۔

۲۔ چبھن یا زخم کا سا درد جسم کے کسی حصہ میں۔

۳۔ قبض صرف کھڑے ہونے کی صورت پاخانہ بآسانی خارج ہو۔

۴۔ کھانسی، سینہ میں چبھن اور پھوڑے کے سے درد کے ساتھ۔

۵۔ کھانسی سانس باہر نکالنے پر۔

۶۔ آواز بیٹھ جائے حلق میں چبھن کے ساتھ۔

۷۔ حیض صرف دن کے وقت۔

۸۔ فالج، واحد حصہ کا جیسے آلات نطق، زبان، چہرے، جبڑے، بازو، ٹانگیں یا مثانہ۔

## عام استعمال

اس کا اثر حرام مغز اور حلق کے اعصاب پر ہوتا ہے حلق اور ہوا کی نالی میں یا جسم کے کسی دوسرے چھوٹے واحد حصہ کا فالج ہو تو یہ دوا نافع ہوتی ہے۔

www.pdfbooksfree.pk

# عمومی علامات

ذہنی طور پر مریض غمگین، مایوس، آنکھوں میں آنسو، بے چین۔

بچوں میں دانت نکلنے کے زمانہ میں تشنج، دودت اسٹانم،

آنکھوں کے اوپر والے پپوٹے کھلے نہ رہ سکیں بلکہ نیچے والے پپوٹوں پر گر پڑیں۔ نظر دفعتاً کمزور ہو جاتی ہے۔

بچے چلنا دیر میں سیکھیں یا لڑکھڑا کر چلتے ہوں، بآسانی گر جاتے ہیں۔

پیشاب از خود، کھانسی سے، چھینکنے سے یا چلنے سے۔

پرانی چوٹیں پھر ابھر آتی ہیں۔

فالج عموماً داہنی طرف ٹھنڈی ہوا لگ جانے سے۔

زیادتی:۔ ٹھنڈی خشک ہوا میں، صاف موسم میں، گاڑی کی حرکت سے۔

کمی:۔ مرطوب ہوا یا مرطوب موسم سے، گرمی سے، بستر کی گرمی سے۔

معاون:۔ کاربو ویج۔

مخالف:۔ فاسفورس، کافیا۔

مصلح:۔ گوائیکم، نکس وامیکا۔

طاقت:۔ ۳ سے ۳۰ تک (زنانہ اور پرانے امراض میں اونچی طاقتیں)

www.pdfbooksfree.pk

# کافیا کروڈا

COFFEA CRUDA

## خصوصی علامات

۱- دماغ اور جسم کی غیر معمولی چستی اور فعالیت۔
۲- زیادہ خوشی کی حالت میں علامات بڑھ جائیں۔
۳- یکا یک جذباتیت یا خوشی یا غم کی خبروں کے اثرات مابعد۔

## عام استعمال

حد سے زیادہ ذکی الحسی کے باعث اگر مختلف قویٰ غیر طبعی طور پر بہت تیز ہو جائیں مثلاً بینائی، سماعت، سونگھنے، چکھنے یا چھونے کی قوت، تو یہ دوا مفید ثابت ہوتی ہے۔

## عمومی علامات

ذہنی طور پر مریض خیالات کی یورش کا شکار جس کے باعث سونا بھی مشکل ہو۔ مختلف کام بہت جلد کرنا چاہے۔
درد سر، زیادہ دماغی محنت، سوچ بچار یا بولنے کی زیادتی سے۔
دانت کا درد جسے ٹھنڈک سے سکون ہو۔
زیادتی:۔ یکا یک دماغی جذبات سے خصوصاً خوشی سے، نشات سے۔

www.pdfbooksfree.pk

کمی :۔ گرمی سے، لیٹ جانے سے، منہ میں برف رکھنے سے۔

معاون :۔ اکونائیٹ

مخالف :۔ کینتھرس، کاسٹیکم، کاکولس، اگنیشیا۔

طاقت :۔ ۳ طاقت سے ۲۰۰ طاقت تک

---

# کالچیکم

COLCHICUM

## خصوصی علامات

۱۔ سونگھنے کی قوت میں تیزی، کھانا پکنے خصوصاً مچھلی، انڈے، مرغن گوشت کی خوشبو سے متلی اور غشی۔

۲۔ پیٹ نفخ سے بے حد ابھرا ہوا۔

۳۔ معدہ اور شکم میں جلن یا برف کی سی ٹھنڈک۔

## عام استعمال

بائی کے اور گٹھیاوی دردوں (وجع المفاصل) وغیرہ میں یہ دوا بہت زیادہ مستعمل و مفید ہے۔

## عمومی علامات

ماتھے، سر یا کان یا چہرے کی جلد میں کھنچاہٹ محسوس ہو،

www.pdfbooksfree.pk

دانت یا تالو میں درد، رال بکثرت۔
پاخانہ قلیل نہایت درد کے ساتھ اسہال ہو، آؤں آمیز، کانچ نکلنا۔
پیشاب بار بار، جلن پیشاب کی نالی میں، پیشاب مقدار میں تھوڑا۔
ہاتھ، پیر کی انگلیوں میں ٹیس اور جھنجھناہٹ۔

زیادتی:۔ حرکت سے، محنت سے، غروب آفتاب سے طلوع آفتاب تک، نیند اچاٹ ہونے یا خواب دیکھنے سے،

کمی:۔ جھکنے سے یا سکون کے ساتھ لیٹنے سے۔

مخالف:۔ ایسی ٹک ایسڈ۔

مصلح:۔ بیلاڈونا، کیمفر، لیڈم پال، کوکولس، نکس وامیکا، پلساٹیلا، سپائی جیلیا، شہد اور شکر۔

طاقت:۔ ۳ طاقت سے ۳۰ طاقت تک۔

---

# کالمیا

KALMIA

## خصوصی علامات

ا۔ درد گول گنے کے سے جن کا رخ اوپر سے نیچے کی طرف ہو۔ (کنکنگس)

www.pdfbooksfree.pk

## عام استعمال

یہ دوا شدید اعصابی درد، بائی کے درد یا گٹھیا کی تکلیفات میں کارآمد ہوتی ہے۔

## عمومی علامات

قلبی تکلیفات جو بائی کی وجہ سے پیدا ہوں یا بائی کے ساتھ ہی یکے بعد دیگرے ہوں۔

درد چبھنے والے، تیر لگنے کے سے، دبانے والے۔

بائی کے درد جو ایک جوڑ سے دوسرے جوڑ میں منتقل ہوا کریں جوڑ گرم اور متورم ہوں۔

داہنی آنکھ اور آنکھ کے گڑھے میں شدید درد جو سورج کے چڑھنے کے ساتھ ساتھ بڑھے اور زوال کے ساتھ کم ہو۔

زیادتی :۔ آگے کی طرف جھکنے سے، نیچے دیکھنے سے، حرکت کھلی ہوا میں۔

معاون :۔ بنزوک ایسڈ، سپائی جیلیا۔

مصلح :۔ ایکونائیٹ، بیلاڈونا۔

طاقت :۔ مدر ٹنکچر سے ۳۰ طاقت تک۔

www.pdfbooksfree.pk

# کالن سونیا

COLLINSONIA

## خصوصی علامات

۱۔ پرانی خونی بواسیر، درد والی۔

۲۔ پاخانہ سخت درد کے ساتھ اور بہت ریاح کے ساتھ۔

## عام استعمال

خصوصی طور پر خونی بواسیر میں مستعمل ہے۔

## عمومی علامات

پیشانی میں درد، بواسیر کا خون رک جانے سے مزمن نزلہ۔ نہایت شدید قبض، بواسیر جس میں درد ہو اور مسّے سوجے پڑے ہوں۔ مقعد میں لکڑی کے ٹکڑے بھرے ہوتے معلوم ہوں، حاملہ عورتوں کا قبض۔

زیادتی :۔ سردی سے، دماغی جذبات کی وجہ سے۔

کمی :۔ گرمی سے۔

مُصلح :۔ نکس وامیکا۔

طاقت :۔ مدر ٹنکچر سے ۳ طاقت تک

(دل کی تکالیف میں اونچی طاقتیں مستعمل ہیں)

www.pdfbooksfree.pk

COLOCYNTH.

# کالوسنتھ

## خصوصی علامات

۱- پیٹ میں شدید قولنجی درد جس سے مریض دوہرا ہو جائے۔
۲- پیٹ کے درد کو دبانے سے سکون ہو۔
۳- چکر سر کو گھمانے پر خصوصاً بائیں طرف۔

## عام استعمال

درد قولنج کی خصوصی دوا ہے۔

## عمومی علامات

پیٹ کا درد جو کھانے پینے سے بڑھ جاتے ہیں شرمندگی سے یا غم سے یا غصہ سے رک جاتے ہیں میں شدید درد شکم۔

عرق النسا کا اینٹھن والا درد، متاثرہ جانب لیٹنے سے زیادہ ہو گولی کے سے درد بجلی کے جھٹکوں جیسے، بائیں ٹانگ میں اوپر سے نیچے تک آتی۔

زیادتی:- غصہ سے، بے عزتی سے۔

کمی:- گرمی سے، سر کو آگے جھکا کر لیٹنے سے۔

معاون:- مرکیوریس، کیمومیلا، سٹافی سیگریا۔

www.pdfbooksfree.pk

مصلح:- کیمفر، کاسٹیکم، کیموملا، کانیا، اوپیم، سٹرونشئس۔
طاقت:- ۳ طاقت سے ۲۰۰ طاقت تک اور اوپر۔

# کالوفائلم

# CAULOPHYLLUM

## خصوصی علامات

۱۔ سیلان الرحم، چھوٹی لڑکیوں میں (کلکیریا)
۲۔ تشنجی سختی رحم کے منہ میں جس کے باعث وضع حمل جلد نہ ہو۔

## عام استعمال

یہ دوا خواتین کے عوارض کے لئے مستعمل ہے جو حمل کے دوران
یا وضع حمل کے وقت یا دودھ پلانے کے زمانہ میں لاحق ہوں۔

## عمومی علامات

عورتوں میں چھوٹے جوڑوں کے درد جو جگہ بدلتے رہیں، درد نوبتی
اور تشنجی ہوں۔
لیکوریا، جلن دار اور کمزور کرنے والا۔
استقاط حمل کا میلان رحم کی کمزوری کے باعث۔
جھوٹے درد زہ وضع حمل کے آغاز میں۔

www.pdfbooksfree.pk

کمزوری کی بنا پر یا جلد وضع حمل ہو جانے سے یا اسقاط کے بعد مسلسل سیلان خون ہو۔

وضع حمل کے بعد کے درد، نفاس عرصہ تک جاری رہے۔

**زیادتی:-** کھلی ہوا میں، قہوہ سے۔

**کمی:-** کمرے میں۔ پاخانہ پھرنے سے۔

**مصلح:-** کافیا۔

**طاقت:-** مدر ٹنکچر سے ۳ طاقت تک عام طور پر مستعمل ہے۔

---

# کالی بائیکرام

KALI BICHROM

## خصوصی علامات

۱۔ بلغمی جھلیوں کی تکالیف، رطوبت سخت، گاڑھی تاردار جو جسم کے حصص کے ساتھ چپک جائے اور تاروں کی صورت میں کھنچ سکے۔

۲۔ درد چھوٹے چھوٹے مقامات میں جو ایک جگہ سے دوسری جگہ جلد جلد منتقل ہو جائیں۔

۳۔ ناک کی جڑ میں دبانے والا درد، ناک سے پپڑیاں یا کھرنڈ۔

۴۔ کوا پھولا ہوا جیسے ہوا بھری ہو۔

www.pdfbooksfree.pk

۵۔ کروپ کھانسی، کھرکھری، دھات کے مزہ کی حس کے ساتھ سخت بلغم یا صبح سویرے جاگنے پر ربڑ کی طرح لچکدار بلغم سانس میں وقت کے ساتھ نکلے۔

۶۔ درد سر، حملہ کے قبل بینائی میں دھندلا پن یا بینائی جاتی ہے۔

۷۔ تکالیف بالعموم موسم گرما میں ہوں۔

۸۔ اعصابی درد ہر روز ایک ہی وقت پر آئیں (اچاٹنم سلف)

## عام استعمال

یہ دوا عام طور پر فربہ اور موٹے تازے افراد یا بچوں پر مستعمل ہے جو اس دوا کے بالمثل نزلاوی، آتشک والی یا سوزاکی تکالیف میں مبتلا ہوتے ہیں یا جن کو کروپ کھانسی یا خناق کے عوارض لاحق ہوں۔

## عمومی علامات

کھلی ہوا میں زکام حاصل کرنے کا میلان۔

بائی کے درد جو یکے بعد دیگرے آلات ہضم کے عوارض کے ساتھ چھ چھ ماہ کے وقفہ سے ہوں۔

ناک کی درمیانی دیوار میں زخم، خون ملی رطوبت کے ساتھ۔

کھانسی شدید کھڑاہٹ والی حلق میں تاردار بلغم والی۔

تالو میں گھرے، گوشت کھا جانے والے زخم، اکثر آتشکی

زیادتی :۔ صبح کے وقت، کپڑے اتارنے سے، دبانے سے، گرم اشیاء سے، چھونے سے گہرا سانس لینے سے۔

www.pdfbooksfree.pk

کمی :۔ جلدی علامات ، سرد موسم میں آرام پاتی ہوں ، گرمی ، کھلی ہوا سے ، جھکنے سے ، شام کو ، کھانے کے بعد ، کھانے سے ، تھوڑی نیند سے ، قے کرنے سے ۔

مصلح :۔ آرسینکم البم ، لیکے سس ، پلساٹیلا ۔

طاقت :۔ ۳ طاقت سے ۳۰ طاقت تک اور اوپر ۔

بیرونی طور پر استعمال کے لیے آٹھ اونس پانی میں ایک گرین خالص یعنی کروڈ کالی بائیکرام ملا کر لوشن بھی تیار کیا جاتا ہے ۔

---

# کالی برومیٹم

KALI BROM.

## خصوصی علامات

۱۔ قوت حس جاتی رہے ۔

۲۔ اعصابیت ، ہاتھ اور انگلیاں مسلسل حرکت میں رہیں ، ہاتھ مسلسل حرکت کرے ۔

۳۔ حافظہ جواب دے جائے ، بھول جائے کہ بات چیت کیسے کرے ۔

۴۔ بچے رات کو ڈر جایا کریں ۔ (کالی فاس)

## عام استعمال

مرگی ، شدید قسم کے تشنج ، حافظے کی خرابی ، حد سے بڑھی ہوئی اعصابیت

www.pdfbooksfree.pk

کلنت، نیز احتلام میں عام طور پر مستعمل ہے۔

# عمومی علامات

ذہنی طور پر مریض کو ڈرنے اور سخت ترین غم کے توہمات کے دورے پڑیں جن پر مریض قابو نہ پا سکے۔ پیٹ خشکی، بے چینی، بیخوابی۔ تالو، حنجرہ، پیشاب کی نالی وغیرہ میں بے حسی ہونے کی کیفیت۔ لڑکھڑاہٹ۔

بچہ حالت خواب میں ڈرے، چیخے چلائے، سوتے میں چلے پھرے (سلیشیا)

تشنجی دورے، دانت نکالنے کے زمانہ میں، کالی کھانسی میں، بحالت ورم گردہ۔

مرگی پیدائشی یا آتشکی حیض سے ایک دن پہلے یا نئے چاند پر کیل، چہرے پر، سینہ پر یا کندھوں پہ۔

زیادتی:۔ اپنے عوارض کے بارے میں سوچتے رہنے سے۔

کمی:۔ جب دماغ یا جسم مختلف مشاغل میں مصروف رہے۔

مصلح:۔ کیمفر، جیلوناتس، ہمس وامیکا، زنکم۔

طاقت:۔ ۳ طاقت سے ۳۰ طاقت تک۔

www.pdfbooksfree.pk

# کالی کارب

KALI CARB.

## خصوصی علامات

۱۔ درد سوئیاں چبھنے کے سے، تیر لگنے کے سے۔
۲۔ درد، متاثرہ جانب لیٹنے سے۔
۳۔ چھوا جانا برداشت نہ کرے۔
۴۔ اکیلا ہونے سے سخت نفرت ہو۔
۵۔ اوپر کے پپوٹوں اور ابرو کے درمیان تھیلی کا سا ورم۔
۶۔ آنکھوں کی کمزوری جماع کے بعد۔
۷۔ دانت کا درد صرف اس وقت جب کچھ کھاتا ہو۔
۸۔ کمر میں درد۔
۹۔ کھانسی، ابکائیوں اور غذا کی قے کے ساتھ۔
۱۰۔ حیض سے ایک ہفتہ قبل مریضہ بدتر محسوس کرے۔

## عام استعمال

کمی خون، عام کمزوری، نزلی کیفیتوں، مسلسل درد کمر، بچوں کے نمونیا، بوڑھوں کے عوارض، جگر کے پرانے امراض، استقاط، رحم سے اخراج خون، صفراوی پتھری، احتباس حیض وغیرہ میں مستعمل ہے۔

www.pdfbooksfree.pk

# عمومی علامات

معدہ تنا ہوا اور غذ کی الحس، ہر غذا ایسے میں تبدیلی ہوتی محسوس ہو۔
سردی یا زکام حاصل کرنے کی بے حد رغبت۔
دمہ میں سکون ہو جب اٹھ کر بیٹھ جائے یا آگے کی طرف جھکے۔
نکلتے وقت نرخرہ میں چبھن والا درد یا پیٹھ میں درد۔
قبض، پاخانہ سے ایک دو گھنٹہ قبل سوئیاں چبھنے کے سے قولنج درد۔

قلب اچرلی آنے کی رغبت

زیادتی:۔ جماع کے بعد، ٹھنڈے موسم میں، قہوہ سے، صبح تین بجے بائیں یا ماؤف کروٹ لیٹنے سے۔

کمی:۔ گرم موسم میں چاہے مرطوب ہو، دن میں، حرکت کرنے سے

معاون:۔ کالیو میلیج اور نکس وامیکا۔

مصلح:۔ کیمفر، کافیا۔

طاقت:۔ ۳۰ طاقت اور اوپر۔

www.pdfbookstree.pk

CROTON TIG.

# کروٹن ٹگ

## خصوصی علامات

۱۔ دست، جیسے ہی مریض کچھ کھاتا یا پیتا ہو، دست زرد پانی کے ساتھ۔

۲۔ سینہ میں کھینچنے والا درد، پستان سے شروع ہو کر کندھے تک۔

## عام استعمال

دستوں کو روکنے کے لئے عام طور پر استعمال ہوتی ہے۔

## عمومی علامات

پانی سے پتلے دست، مقدار میں زیادہ، مسلسل پاخانہ کی حاجت جس کے بعد یکایک پاخانہ آتا ہے جو مبرز سے گولی کی طرح نکلتا ہے۔

پانی سے قبل آنتوں میں پانی چھلکتا محسوس ہو۔

جلد میں یا آلات تناسل پر شدید خارش، تمام جسم پر کھجلی۔

تکیہ پہ سر رکھتے ہی تشنجی کھانسی دورے وار شروع ہو جائے، لیکن خشک ہو۔

**زیادتی:۔** ذرا سی غذا سے کوئی چیز پینے سے، نہانے سے، موسم گرما میں۔

**مصلح:۔** کالا نیم۔

www.pdfbooksfree.pk

مصلح :- انا کارڈیم ، انٹم ٹارٹ ، کلیمٹیس ، رسٹاکس ، رینس کولس ۔
طاقت :- ۶ طاقت سے ۳۰ طاقت تک ۔

---

# کروکس سٹائیوا CROCUS SATIVA

## خصوصی علامات

۱۔ احساسات میں متواتر تبدیلیاں گھڑی میں بہید خوش گھڑی میں بہید مایوس ۔
۲۔ مریض کو یکایک ہنسی پہ پیار آئے اور پھر یکایک شدید غصہ ۔
۳۔ سیلانِ خون ، گاڑھا سیاہ جس کے لمبے لمبے تار لٹک جائیں ۔
۴۔ دردِ سر جس میں ماہواری کے مقررہ دو تین روز میں زیادتی ہو ۔
۵۔ نکسیر ، ہر قطرہ لمبے تاگے کی صورت میں خارج ہو ۔

## عام استعمال

یہ دوا زیادہ تر سیلانِ خون کو روکنے کے کام آتی ہے ۔

## عمومی علامات

دردِ سر سنِ یاس کے زمانہ میں یا ماہواری کے دنوں میں ۔
آنکھوں میں احساس جیسے ان میں دھواں لگ رہا ہے ، یا ٹھنڈی ہوا لگ رہی ہے ، زور سے بھینچنے پہ آرام محسوس ہو ۔

www.pdfbooksfree.pk

نکسیر، پیشانی پہ ٹھنڈے پسینے کے ساتھ، چمکدار سرخ خون کی (کاربوویج)

بچوں میں جو بہت بڑھ رہے ہوں۔ (کلکیریا فاسفورس)

جسم کے اندر کسی حصہ میں زندہ چیز کی حرکت کا احساس۔

کوریا، ہسٹیریا، واحد عضلات میں تشنجی سکڑن۔

زیادتی:۔ لیٹ جانے سے، گرم موسم میں، گرم کمرے میں، صبح کے وقت، بھوک کی حالت میں۔ ناشتہ سے قبل، کسی چیز پہ نظر جما کر دیکھنے سے۔

کمی:۔ کھلی ہوا میں۔

معاون:۔ چائنا، نکس وامیکا، پلساٹیلا، سلفر۔

طاقت:۔ مدر ٹنکچر سے ۳۰ طاقت تک۔

---

# کریازوٹ

KREOSOTUM

## خصوصی علامات

۱۔ مریض اپنی عمر کی مناسبت سے زیادہ لمبا ہو۔

۲۔ بچے بوڑھے نظر آئیں، جھریاں پڑی ہوئی۔

۳۔ مستورات میں سن یاس کی تکلیفات۔

۴۔ بچوں میں جونہی دانت ظاہر ہوں گلنے سڑنے لگیں۔

۵۔ حیض کا زیادہ سیلان جب مریضہ لیٹی ہو۔

www.pdfbooksfree.pk

۶۔ حیض بار بار رک کر جاری ہو۔
۷۔ پیشاب صرف لیٹی ہوئی حالت میں آسانی سے آئے۔
۸۔ بچہ کا پیشاب پہلی نیند کی حالت میں نکل جائے۔
۹۔ لیکوریا جس میں زیادتی دو حیضوں کے درمیان ہو۔

## عام استعمال

یہ دوا عام طور پر ایسے اشخاص پر مستعمل ہے جو اپنی عمر کی نسبت زیادہ بڑے معلوم ہوں یا ایسے جھریوں والے بچے جو اپنی عمر سے زیادہ بڑے نظر آئیں۔

## عمومی علامات

بچوں کے دانتوں میں درد، مسوڑھے سیاہی مائل سرخ یا نیلے، دانت بوسیدہ۔

مزمن برانکائی ٹس یا مرضِ سل جس میں بلغم بدبودار اور بکثرت ہو۔

ابکائیاں، غذا کھانے کے کئی گھنٹے بعد قے، معدہ میں دکھن۔

پیشاب بدبودار، اندام نہانی میں خارش

خارش شام کے وقت بہت شدید۔

زیادتی: کھلی ہوا میں، سردی میں، آرام کرتے وقت، لیٹنے پر، حیض کے بعد۔

کمی: گرمی سے، حرکت سے، گرم خوراک سے۔

مخالف: کاربوویج، چائنا۔

www.pdfbooksfree.pk

مصلح :- ایکونائیٹ ، فیرم ، نکس وامیکا۔
طاقت :- ۳ طاقت سے ۳۰ طاقت اور اوپر۔

---

# کریٹیگس CRATAEGUS

## خصوصی علامات

۱- دل کی کمزوری اور دل کے فعل کی بے قاعدگی۔
۲- شریانوں کی دیواروں کا سخت ہو جانا۔
۳- ذیابیطس خاص کر بچوں میں۔
۴- قلبی استسقاء
۵- خفیف مشقت سے بھی سانس پھول جائے لیکن نبض کی رفتار زیادہ نہ بڑھے۔
۶- دل کا پھیل جانا ، دھڑکن کی پہلی آواز کمزور ہو۔
۷- نبض بے قاعدہ ، مدھم ، ضربیں چھوڑ چھوڑ کر چلے۔
۸- دل کے مقام پر خاص کر بائیں ہنسلی کی ہڈی کے نیچے درد۔

## عام استعمال

یہ دوا خاص کر دل کے عوارض میں مستعمل ہے۔

www.pdfbooksfree.pk

# عمومی علامات

مریض عصبی مزاج اور چڑچڑا ہو، کمر، گردن اور سر میں درد، ذہنی طور پہ کند ہو، آنکھوں میں سوزشی کیفیت اور ناک سے رطوبت کا اخراج۔

شاہ رگ کی بیماری، کھانسی، نبض تیز چلے اور بے قاعدہ ہو، دل میں درد ہو، جلد پہ ٹھنڈک محسوس کرے، ہاتھوں کی انگلیاں یا پاؤں کے پنجے نیلگوں، تمام علامتیں مشقت سے یا جذباتیت سے بڑھیں۔

قلب کی مزمن بیماری جس کے ساتھ شدید کمزوری ہو، شریانوں کی دیواروں کا سخت ہو جانا۔ یہ دوا شریانوں کی اندرونی سطح پہ جمے ہوتے مادوں کو تحلیل کرنے کی تاثیر رکھتی ہے۔

جلد پہ پسینے کی کثرت، جلد پہ ابھار نکلیں۔

شاہ رگ کے مریضوں کی جیوا بی۔

زیادتی:۔ گرم کمرے میں۔

کمی:۔ تازہ ہوا سے، سکوت اور استراحت سے۔

تعلق:۔ سٹروفنتھس، ڈیجی ٹیلس، ناجا، کیکٹس۔

طاقت:۔ مدر ٹنکچر ایک سے پندرہ قطرے، کم نی خوراک۔

(تسلی بخش نتائج حاصل کرنے کے لئے کچھ عرصہ تک اس کا استعمال جاری رکھنا ضروری ہے)

www.pdfbooksfree.pk

# کلکیریا آرس

CALCAREA ARS.

## خصوصی علامات

۱۔ معمولی سی جذباتیت دھڑکن ٹھہر جائے۔

## عام استعمال

بلغمی سوزاک، دق، مستورات کی سن یاس کی شکایات میں مستعمل ہے۔

## عمومی علامات

ذہنی طور پر بے حد مضمحل۔
دورانِ خون سر کی طرف یا سینہ میں بائیں جانب۔
دل کی بیماریوں سے پیدا شدہ مرگی۔
شرابیوں میں شراب ترک کرنے پر مختلف تکالیف۔
موٹی خواتین میں سن یاس کے عوارض۔

زیادتی :۔ معمولی محنت سے اور موسم سرما میں۔
کمی :۔ مکمل آرام سے، گرمی سے، گرم کمرے میں۔
مصلح :۔ کاربوویج، گلونائین، پلساٹیلا۔
طاقت :۔ ۳ طاقت سے ۲۰۰ طاقت تک۔

www.pdfbooksfree.pk

# کلکیریا فاس

CALCAREA PHOS.

## خصوصی علامات

۱۔ بچے دبلے پتلے اور کمزور، بمشکل کھڑے ہو سکیں، دیر میں چلنا سیکھیں۔

۲۔ ہڈیاں نرم، پتلی پتلی اور بآسانی ٹوٹ جانے والی، تالو بہت دیر تک کھلے رہیں، یا مل جائیں اور پھر کھل جائیں۔

۳۔ مریض جب تکالیف کے بارے میں سوچے تو تکلیف زیادہ محسوس کرے۔

۴۔ پیٹ میں درد کھانے کی ہر کوشش پر۔

## عام استعمال

ہڈیوں کی کمزوری اور خون کی کمی میں عام استعمال ہوتا ہے۔

## عمومی علامات

دبلے پتلے افراد میں خون کی کمی۔

بچوں میں دانت نکالنے کے زمانہ میں دست اور ریاح۔

ننھے بچوں کی ناک سے خون آمیز رطوبت کا اخراج۔

ہڈیوں کی کمزوری، ریڑھ کا ستون کمزور، ٹیڑھے ہونے کا میلان، جسم کا بوجھ سہارنا دشوار ہو، ٹوٹی ہڈی بمشکل جڑے۔

مہاسے والی نوجوان لڑکیوں کے چہرہ پر کیل۔

www.pdfbooksfree.pk

مقعد میں ناسور کے بعد دیگرے سینہ کی تکالیف کے ساتھ ادل بدل

زیادتی :- مرطوب ٹھنڈے موسم میں ، برف پگھلتے وقت ۔

کمی :- موسم گرما میں ، گرم اور خشک ہوا میں ۔

معاون :- ہیپر ، تھوجا ، فلکم ، سٹیلیکم ، سلفر ۔

طاقت :- چھٹی طاقت سے ۲۰۰ طاقت تک اور اوپر ۔

---

# کلکیریا کارب

CALCAREA CARB.

## خصوصی علامات

۱۔ فربہ ہونے کا میلان ۔

۲۔ بچوں میں جلد زکام ہونے کا میلان ۔

۳۔ سر میں جبکہ پسینہ خوب ستاتا ہو ۔ رسلیشیا ، جھینی کولا ۔

۴۔ بحالت بیماری یا بیماری کے بعد انڈوں کی نہ رکنے والی خواہش ۔

۵۔ معمولی عمر کی لڑکیوں میں جلد بڑھنے کا میلان ۔

۶۔ حیض بہت جلد ، مقدار میں زیادہ اور بہت دنوں تک ہے ۔

۷۔ مستورات میں پاؤں ٹھنڈے اور نم دار رہیں ، بستر میں مسلسل سرد ۔

۸۔ ذرا سی تحریک خون حیض کو دوبارہ زیادہ مقدار میں جاری کر دے ۔

۹۔ امراض جو غذا کے جزو بدن نہ بننے سے پیدا ہوں ، ہڈی کے نظام کی نشوونما کی خرابی ۔

www.pdfbooksfree.pk

۱۰۔ جسم کے واحد حصص پہ ٹھنڈک۔

۱۱۔ زخم کا جلد تنگ جانے سے بے حد سیلان۔

## عام استعمال

فتور نشوونما سے متعلقہ عوارض و تکالیف میں عام طور پہ مستعمل ہے۔

## عمومی علامات

مریض بلغمی مزاج ہو، رنگ گورا، فربہ ہونے کا میلان۔

بچوں میں سر اور پیٹ بڑا ہو، تالو کھلے ہوئے، ہڈیاں نرم اور آہستہ آہستہ بڑھیں۔

ہڈیوں میں خم خصوصاً ریڑھ کی اور لمبی ہڈیوں میں۔

بچوں کے دانت دیر میں اور مشکل سے نکلیں، چلنا دیر میں سیکھیں۔

آلات ہضم میں تیزابیت، کھٹے ڈکار، کھٹی قے اور کھٹے پاخانے۔

جلد جلد بڑھنے والے افراد میں پھیپھڑے کے عوارض۔

پسینہ جسم کے واحد حصص کا۔

زیادتی:۔ دماغی محنت سے، زینہ چڑھنے سے، ہر قسم کی سردی سے، پانی سے، نہانے سے، مرطوب ہوا یا موسم سے، پورے چاند میں، کھڑے ہونے سے۔

کمی:۔ خشک آب و ہوا اور موسم میں، درد والی جانب لیٹنے سے

معاون:۔ رسٹاکس، بیلاڈونا، لائیکوپوڈیم، سلیشیا۔

www.pdfbooksfree.pk

مخالف :۔ بریٹا کارب ، برائی اونیا ، کالی بائیکرام ، نائٹرک ایسڈ ، سلفر ۔
مصلح :۔ برائی اونیا ، چائنا ، کیمفر ، ہیپر ، آئیوڈیم ، اپیکاک ، سپیا ، نکس وامیکا ۔
طاقت :۔ ۲ طاقت سے ۳۰ طاقت تک اور اوپر ۔

---

# کوکا COCA

## خصوصی علامات

۱۔ مالیخولیائی کیفیت عصبی تھکن سے ، شرمیلا پن ۔
۲۔ تنگی تنفس کھلاڑیوں میں ، سانس چھوٹی ۔

## عام استعمال

یہ دوا عام طور پر ایسے افراد پر استعمال ہوتا ہے جو کہ شاہ زوری کے کرتب اور کھیل دکھاتے ہوں یا پہاڑوں پر چڑھتے ہوں اور کوتاہ دمی اور نیز دھڑکن کے شاکی ہوں یا ایسے افراد جو بہت زیادہ دماغی یا جسمانی مشقت کے باعث دماغی اور اعصابی تھکن کا شکار ہو جائیں ۔

## عمومی علامات

اعصاب کے فعل میں نقص اور ساتھ ہی ہاضمہ کی خرابی ۔

www.pdfbooksfree.pk

سر میں چکر، سر کی پشت اور گردن میں درد یا درد شقیقہ خاص کر اگر یہ عوارض تھکاوٹ اور ماندگی کی وجہ سے ہوں، سر درد سے پہلے روشنی کی لہریں آنکھوں کے سامنے پھریں اور ساتھ ہی چکر آئیں۔

پھیپھڑوں سے خون کا اخراج سل کا پہلا درجہ۔

دل کی دھڑکن جو کہ شکم میں ہوا کے رک جانے کے باعث یا زیادہ محنت کرنے کے سبب بڑھ گئی ہو۔

دانتوں کا گھستے سڑنا۔

آواز کے بیٹھ جانے کی صورت میں اس دوا کے پانچ پانچ قطرے ہر نیم گھنٹہ کے بعد استعمال کرنے سے دو گھنٹہ میں آواز ٹھیک ہو جاتی ہے۔

زیادتی :۔ اوپر چڑھائی چڑھنے سے۔

کمی :۔ شراب سے، سواری سے، کھلی ہوا میں، تیز چلنے سے۔

مصلح :۔ جلسیمیم۔

طاقت :۔ مدر ٹنکچر سے ۳ طاقت تک۔

www.pdfbooksfree.pk

# COCCULUS

# کوکولس

## خصوصی علامات

۱۔ گاڑی، کشتی یا ریل گاڑی میں سواری سے متلی یا قے یا چلتی ہوئی کشتی کو دیکھنے سے متلی یا قے ہو۔

۲۔ وقت بہت جلد جلد گذرتا محسوس ہو۔

۳۔ اثرات بد، بے خوابی سے، دماغی تحریک سے، اور راتوں کو جاگنے سے۔

۴۔ حیض کے دوران مریضہ اتنی کمزور ہو کہ کھڑی نہ ہو سکے۔

## عام استعمال

ہسٹیریا، عصبی عوارض، مرگی، تشنجی یا فالجی امراض میں مستعمل ہے۔

## عمومی علامات

مریضہ یا مریض ایسا جس کی طبیعت سست ہو۔

سر کا درد، گردن کے پچھلے حصّہ میں اور گدی میں جو ریڑھ کی طرف جائے، ساتھ ہی متلی ہو، چت لیٹنے سے زیادتی، درد سر متلی اور قے کے ساتھ کسی قسم کی سواری سے۔

بھوک نہ ہو، منہ کا ذائقہ دھات کا سا (مرکیوریس)

www.pdfbooksfree.pk

جسم بیحد سست، کھڑے ہونے کے لئے بھی کافی قوت درکار ہو۔
بازوؤں اور ٹانگوں کا تحریک سے یا درد سے کانپنا۔
شکم میں احساس جیسے تیز چھرا آپس میں رگڑ رہے ہوں یا
شکم کو کاٹ رہے ہوں۔
لیکوریا، بجائے حیض کے یا دو حیضوں کے درمیان، گوشت
کے دھوون کی طرح پتلا، سوزشی، خون ملا، دوران حمل میں۔
ناف کا ہرنیا

زیادتی :- کھانے سے، نیند خراب ہونے سے، کھلی ہوا میں،
تمباکو نوشی سے، گاڑی میں چلنے سے، تیرنے سے، چھونے
سے، شور وغل سے، جھٹکے سے، بعد دوپہر، دوران حیض جذبات
میں پراگندگی سے۔

معاون :- کیموملا، اگنیشیا، رسٹاکس۔

مخالف :- کاسٹیکم، کافیا۔

مصلح :- کیمفر، کیموملا، کیوپریم، اگنیشیا، نکس وامیکا، سٹرومونیم
کافیا۔

طاقت :- ۳ طاقت سے ۲۰۰ طاقت تک اور اونچی۔

www.pdfbooksfree.pk

# کونیم

CONIUM

## خصوصی علامات

۱۔ دوران سر خاص کر جب لیٹا ہو یا بستر میں کروٹ بدلے۔ بائیں جانب سر گھمانے سے (کالوسنتھ)

۲۔ کھانسی، زیادتی جب لیٹا ہو۔

۳۔ پیشاب رک رک کر آئے۔

۴۔ حیض کمزور، رکا ہوا۔ ٹھنڈے پانی میں ہاتھ ڈالنے سے رک جائے۔

۵۔ لیکوریا، حیض کے دس دن کے بعد (بوریکس، بووسٹا)

۶۔ خواہشات نفسانی یا حیض کے دب جانے کے اثرات بد۔

۷۔ پسینہ جونہی سوئے یا جونہی آنکھیں بند کرے۔

## عام استعمال

آلات تناسل کے عوارض کے علاوہ انفلوئنزا، کالی کھانسی، خنازیر، رمد چشم، معدہ یا جگر کا سرطان، بوڑھے افراد کے امراض بول اور فالج وغیرہ میں مستعمل ہے۔

## عمومی علامات

ذہنی طور پر سست، بے حس لاپرواہ، کسی کام، کاروبار یا مطالعہ سے دلچسپی

www.pdfbooksfree.pk

نہ ہو۔

حافظہ کمزور، کوئی دماغی محنت برداشت نہ ہو۔

خصیوں کے یا پستانوں کے غدود بے حد سخت و دردکریں۔

کھانسی حنجرہ میں ایک ہی مقام پر خشکی سے تشنجی دورے کی صورت میں۔

حیض بہت دیر میں، مقدار میں کم، تھوڑے وقت رہے۔ جسم پر چھوٹے چھوٹے دانے جن کے باعث ماہواری رک جائے۔ (ڈنکا مارا)

لیکوریا، سوزشی، خون ملا، دودھ کا سا، مقدار میں زیادہ، گاڑھا رک رک کر بہنے والا۔

جماع نہ کرنے سے یا کثرت جماع سے برے اثرات مابعد۔ روشنی سے ذکی الحسی، آنکھوں میں ورمی کیفیت نہ ہونے کے باوجود مصنوعی روشنی سے تکلیف ہو۔

فالج، پہلے زیریں دھڑ مفلوج ہو اس کے بعد اوپر کا جسم۔

زیادتی :۔ شب کو لیٹنے پر، کروٹ بدلنے یا اٹھنے پر، بستر میں کنوارپن میں، جسمانی یا طبعی ریاضت سے، حیض کے دوران، سردی لگ جانے سے، مصنوعی روشنی سے، بازو اوپر اٹھانے سے، دودھ پینے سے، زمین پر زور سے قدم رکھنے سے۔

کمی :۔ تاریکی میں، روزہ رکھنے سے، اعضاء کو لٹکانے سے، حرکت اور دبانے سے۔

معاون :۔ آرنیکا، آرسینکم البم، بیلاڈونا، کلکیریا، نکس وامیکا،

www.pdfbooksfree.pk

لائیکو پوڈیم، فاسفورس، پلسا ٹیلا، سٹرامونیم، رسٹاکس۔

مصلح :- ڈیکا تیا، ڈلکا مارا، نائٹرک ایسڈ، نائٹر سپرٹ ڈلسس۔

طاقت :- ۳۰ طاقت عام طور پر مستعمل ہے لیکن گومڑوں و دیگر اس قسم کے عوارض میں بہت اونچی طاقتیں جلد دہرائے بغیر مستعمل ہیں۔

---

# کیپسی کم

**CAPSICUM**

## خصوصی علامات

۱۔ مریض بلغمی مزاج اور سست، ذرا سی محنت سے جان جائے۔

۲۔ بچے کھلی ہوا سے ڈریں، ہمیشہ سردی محسوس کریں، بھدے، موٹے، میلے کچیلے بچے۔

۳۔ علالت، یادِ وطن چہرے پر سرخی کے ساتھ۔

۴۔ سکڑن تالو کی، حلق کی، ناک کے پچھلے عضلی نسوں کی، سینہ میں، مثانہ میں، پیشاب کی نالی میں یا مبرز میں۔

۵۔ احساس جلن اور چھیلن کا حلق میں یا جسم کے دوسرے حصوں میں۔

۶۔ حلق میں سکڑن جلن کے ساتھ۔

۷۔ جلن دار درد حلق میں جس میں نگلتے وقت زیادتی ہو۔

www.pdfbooksfree.pk

۸۔ کھانستے وقت درد ہو، درد والے مقامات میں مثلاً شانہ، گھٹنے
ٹانگیں، کان۔

## عام استعمال

ایسے عوارض میں بالعموم مستعمل ہے جن میں جسم کے کسی حصہ کی
دلدلاتی جھبکیوں میں مرچیں لگنے کی سی جلن پائی جائے۔

## عمومی علامات

ذہنی طور پر مریض میں متوالا پن، دہشت کی طرف طبیعت
مائل، چڑچڑا، زود رنج، تمام محسوسات تیز ہو جاتی۔
سر کا درد ایک کن پٹی میں یا ماتھے میں خاص کر سر کو ہلاتے
ہوتے یا چلتے ہوئے زیادہ محسوس ہو، آرام کرنے کی کمی۔
آنکھوں میں جلن، سرخی، پانی بہے، چیزیں سیاہ دکھائی دیں۔
کان کے پردے میں یا گہرائی میں کھجلی اور درد، ناک سے خون
بہے۔
منہ میں جلن دار آبلے، حلق میں دکھن اور جلن، منہ میں بلغم، ذائقہ
میٹھا۔
پیٹ پھیلا ہوا، ریاحی قولنج، پیٹ میں جلن۔
ریاحی قولنج کے بعد پاخانہ ہو، پیچش آؤں اور خون والی، خونی بواسیر،
مبرز میں جلن۔
مثانہ میں اینٹھن، پیشاب کرنے میں جلن ہو، پیشاب میں خون۔

www.pdfbookstree.pk

تنگی تنفس، سینہ میں درد۔

زیادتی :- کھاتے وقت، گرمی سے، کھلی ہوا میں، کپڑا اتارنے سے، ہوا کے چھونے سے۔

معاون :- نیٹرم میور۔

مصلح :- کیمفر، چاینا، کیسیڈیم، ساتھا، سلفیورک ایسڈ۔

طاقت :- ۳ طاقت سے ۶ طاقت تک۔

---

# کیکٹس گرینڈی فلورس

# CACTUS GRANDIFLORUS

## خصوصی علامات

۱۔ موت کا خوف، یقین کرے کہ مرض لا علاج ہے۔

۲۔ تمام جسم میں یہ احساس ہو جیسے اسے پنجرے میں بند کر دیا گیا ہے یعنی بھینچ دیا ہے اور پنجرے کا تار لمحہ بہ لمحہ زور زور سے بھنچتا جاتا ہے۔

۳۔ قلب میں احساس جیسے کوئی لوہے کا پنجہ ڈال کر بھینچ رہا ہے اور ڈھیلا کر رہا ہے۔

www.pdfbooksfree.pk

## عام استعمال

یہ دوا عام طور پہ دل کے عوارض میں مستعمل ہے۔

## عمومی علامات

ذہنی طور پہ مریض غمگین، مایوس، موت سے خوف زدہ، درد کے باعث چلا اٹھے۔

سر میں درد، چندیا پہ بوجھ پڑا ہوا محسوس ہو، سر کی شریان پھولی ہوئی نظر دھندلی، دور سے آنے والی نظر کا کمزوری۔

اجتماع خون کے باعث اونچا سنائی دے یا کانوں میں دریا کی روانی جیسا شور۔

ناک سے نکسیر پھوٹے جو جلد ہی بند ہو جائے۔

حلق میں دم گھٹنے والے دورے جن کے ساتھ دل میں درد ہو۔

چہرہ نیلا، سرد پسینہ، زرد تمتمایا ہوا ہو، مزمن عصبی درد منہ سے صبح کو بدبودار تنفس

صبح کو متلی، خون کی قے، یا تیز کھٹی قے، معدہ میں جلن، ناف کے مقام پہ درد۔

پاخانے سیاہ اور سخت، بواسیر مسّے سوجے ہوئے اور درد کریں

امعاء سے جریانِ خون جس کے ساتھ دل کی علامات بھی ظاہر ہوں۔

مثانہ سے جریان خون، گردن مثانہ میں رکاوٹ محسوس ہو، پیشاب بند۔

www.pdfbooksfree.pk

رحم کے مقام پہ اور خصیۃ الرحم میں رکاوٹ اور جکڑن ہو، وقت حیض اندام نہانی میں سوزش، خون حیض جلد جلد اور گہرے رنگ کا۔

تشنجی کھانسی، سیڑھیوں پہ چڑھنے سے سانس لینے میں دقت ہو، نزلی کھانسی، لیسدار بلغم نکلے، سانس دقت اور تکلیف سے، دم درد سے گھٹتا ہو، نبض کمزور، سینہ میں اجتماع خون کے باعث لیٹنا مشکل ہو، دل دھڑکتا ہو۔

ایسا معلوم ہو کہ دل فولادی بندھن میں جکڑا ہوا ہے جس کے باعث حرکت میں فرق آ گیا ہے، ہیجن وادر درد جس کی وجہ سے سانس لینے میں دقت ہو، بائیں کروٹ لینا مشکل ہو، نبض تیز مضبوط اور سخت چلتی ہو، مدھم بھاری درد جو دبانے سے زیادہ ہو، تنفس رک رک کر چلتا ہو، چہرہ نیلگوں اور پھولا ہوا بالخصوص بایاں حصہ، بائیں ہاتھ پہ اور بائیں ٹانگ پہ سوجن، نبض بے قاعدہ، درد گولی کی طرح دل کی چوٹی سے شروع ہو کر بائیں انگلی کے سروں تک جاتے ہوں، اذن قلب بڑھ گیا ہو، دل کے نقورسے ابتدائی درجہ میں یہ دوا بہت مفید ہے۔

ہاتھ پاؤں پھولے ہوئے، ٹھنڈے اور سن ہوں۔

جلد پہ خارش کے بغیر خشک بھوسی کی طرح پھنسیاں، پہلے بائیں گھٹنے کے عقبی جانب، پھر دائیں کہنی کے بیرونی طرف پھر دائیں گھٹنے کے عقبی جانب اور آخر میں بائیں کہنی کے باہر کی جانب پھنسیاں نکلیں۔

بےخوابی، جسم کے مختلف حصوں میں خشکی کے باعث خوفناک خواب آتے رہیں۔

www.pdfbooksfree.pk

سینا نہ ہر روز وقت مقررہ پہ ، کمر میں سردی لگے ، اس کے ساتھ جریان خون ہو، سردی بہت لگے ، سرد پسینہ ، سخت گھبراہٹ ۔

زیادتی :۔ بائیں جانب لیٹنے پہ ، چلنے سے ، سیڑھیوں پہ چڑھنے سے ، صبح کو گیارہ بجے اور رات کو گیارہ بجے ، کھانا کھانے کے بعد ، رات کو آوازیں سننے سے ۔

کمی :۔ شام کو ، نیند سے ، سکون سے ، تازہ و کھلی ہوا سے ۔

معاون :۔ ڈیجی ٹیلس ، نکس وامیکا ، یوپیٹوریم پرف ، لیکے سس ، سلفر ۔

مصلح :۔ اکونائیٹ ، کیمفر ، چائنا ، یوپیٹوریم پرف ۔

طاقت :۔ ۳ طاقت سے ۲۰۰ طاقت تک ۔

ڈاکٹر روبینی شدید سوجن دل کے عضوی امراض میں اس کا مدر ٹنکچر استعمال کرنے کی سفارش کرتے ہیں ۔

---

# کیلنڈولا CALENDULA

## خصوصی علامات

۱۔ بچہ کو دودھ پینے کے فوراً بعد بھوک لگ جاتی ہو ۔

۲۔ بہرا پن ، لیکن مریض ریل گاڑی پہ یا دور کی آواز سمجھ یا سن سکے ۔

www.pdfbooksfree.pk

۳۔ بہت جلد ٹھنڈ لگ جاتی ہو، خاص کر مرطوب آب وہوا میں۔
۴۔ غیر معمولی بھوک، کلیجہ جلتا ہوا، معدہ پھیلا ہوا محسوس ہو۔
۵۔ اندام نہانی کے منہ پہ مسّے ہوں۔

## عام استعمال

زخموں یا جل جانے کے کٹے یا سرخباد وغیرہ میں عام طور پہ خارجی طور پر مستعمل ہے۔ علاوہ ازیں خوردنی طور پہ مذکورہ ذیل کیفیات میں مستعمل و مفید ہے۔

## عمومی علامات

پرانے ناسور یا نئے زخم جو مندمل ہونے میں نہ آئیں (خارجی طور پہ اس کا استعمال زخموں کو بہت جلد مندمل کرتا ہے)

ذہنی طور پہ مریض اعصابیت کا شکار ہو، بہت بھوک، سر میں پھاڑنے والے درد، دماغ بوجھل، نچلے جبڑوں کے غدود سوجے ہوئے جنہیں چھونے سے درد ہو، گردن کے دائیں طرف درد، کھوپڑی پہ پکے ہوئے زخم۔

آنکھوں میں چوٹ لگنے سے پیپ بننے کا میلان، آنکھ پہ عمل جراحی کے بعد کی تکالیف، آنسو وَں کی تھیلی کا قرحہ۔

بہراپن جو مرطوب ماحول میں یا انگیز یا کی کیفیات کے ساتھ بڑھ جائے۔ ریل گاڑی میں سفر کرتے وقت یا دور کی آواز بخوبی سن سکے۔

زکام جو صرف ایک نتھنے سے بہے، اخراج سبز رنگ کا ہو۔

www.pdfbooksfree.pk

بچوں میں دودھ پلانے کے فوراً بعد ان کو دوبارہ بھوک لگ جاتی ہے۔
غیر معمولی بھوک، معدہ کی جلن، سینہ میں متلی محسوس ہوتی ہے،
طبیعت شدید طور پر گرتی چلی جاتی ہے۔ معدہ پھیلا ہوا۔
کھانسی، سبز رنگ کے اخراج ہوں، آواز بیٹھ جائے۔ کھانسی
جس کے ساتھ جبڑے کے چھلے کے پھیلاؤ کی علامت بھی موجود ہو۔
خواتین میں اندام نہانی کے منہ پر مسّے، ماہواری کھانسی کے ساتھ
دب جاتی ہے، بچہ دانی کی گردن کی مزمن اندرونی سوزش، رحم پھیلا
ہوا، پیڑو میں بوجھ اور بھراؤ محسوس ہو، جوڑوں میں احساس کھچاوٹ،
دفعتاً حرکت سے درد ہو، حیض بکثرت آئے۔
جلد پر بیرونی زخم، گوشت زرد رنگ کا نظر آتا ہے۔ یہ دوا پیپ
پڑنے کے میلان کو بہت حد تک کم کر کے زخم کو جلد مندمل کرتی ہے۔
جلد کا جل جانا یا سوزش، سرخباد ان عوارض میں خارجی استعمال ہوتا ہے۔
بخار، ٹھنڈک، کھلی ہوا سے ذکی الحسی، کمر میں کپکپاہٹ، جلد
چھونے سے گرم لگے، شام کے وقت حدت محسوس ہو۔

**زیادتی :۔** مرطوب، بوجھل یا ابر آلود موسم میں۔

**معاون :۔** ہیپر سلف۔

**مخالف :۔** کیمفر۔

**مصلح :۔** آرنیکا۔

**طاقت :۔** ۳ طاقت سے ۳۰ طاقت تک

(بیرونی طور پر آپ کیلنڈولا، یا اس کے ٹنکچر اور پانی کی آمیزش سے
بنا ہوا لوشن زخموں کو مندمل کرنے کے کام آتا ہے۔ اس کے علاوہ جلی

www.pdfbooksfree.pk

ہوئی جلد، پھوڑوں، پھنسیوں، شقاق یا خراش وغیرہ کے لئے اس کا مرہم مستعمل ہے۔

---

# کیلیڈیم

CALADIUM

## خصوصی علامات

۱۔ نامردی، عضو ڈھیلا، خواہش جماع اور تحریک کے ساتھ۔ (لائیکوپوڈیم، لیکیسس)

۲۔ خواتین کی شرمگاہ میں خارش جس سے خواہش جنسی پیدا ہو۔ (اوری جینیم، زنکم)

۳۔ سو جائے شام کو بخار کی حالت میں اور بخار اترنے پر بیدار ہو۔

۴۔ پسینہ میں شکر کا اخراج جس پر مکھیاں جمع ہو جاتی ہیں۔

۵۔ مریض کو حرکت سے نفرت ہو۔

## عام استعمال

یہ دوا عورتوں کے اعضائے تناسل کی کھجلی میں بہت زیادہ مستعمل ہے۔ علاوہ بریں مردوں کے جنسی عوارض میں بھی کارآمد اور مفید ہے۔

www.pdfbooksfree.pk

# عمومی علامات

ذہنی طور پہ مریض نسیان کا شکار ہو، دماغ یکسو نہ کر سکے، ماتھے میں درد، متلی، ہچکی، کان میں پھڑکن ہو۔

متلی خاص کر صبح کو اٹھنے پہ، معدہ میں پھڑکن، کڑوی قے، پاخانے کے بعد مبرز میں جلن۔

مردانہ اعضائے تناسل میں کھجلی، حشفہ سرخ ہو، عضو پہ سوجن اور ڈھیلا، سرد اور لمبا معلوم ہو۔ نیند میں ایستادگی مگر بیدار ہونے پہ ایستادگی غائب، نامردی، احتلام، صحبت کرنے کی کوشش میں ایستادگی نہ ہو یا منی نہ خارج ہو۔

خواتین میں اندام نہانی کی کھجلی، عضو کی کھجلی، حمل کے ایام کی، رحم میں آدھی رات کے بعد تشنجی درد ہو، کھجلاتے کھجلاتے عورت کو جماع کی خواہش ہونے لگے۔

جلد پہ میٹھا پسینہ آئے جس پہ مکھیاں چپکیں، نرخرہ اور حلق ایسا خشک کہ سانس لینا مشکل ہو۔ نزلہ کا دمہ، مریض ہوا سے گھبرائے، جسم پہ دانے نکلنے اور دمہ کے زور کے دو لیے کے بعد دیگرے ہوا کریں۔

زیادتی:۔ گرمی سے، ٹھنڈے پانی سے، لکھنے پڑھنے سے اور سوچنے سے۔

کمی:۔ ٹھنڈے پانی کے ساتھ نہانے سے، پسینہ کے بعد، دن کو سونے کے بعد۔

www.pdfbooksfree.pk

معاون :۔ نائٹرک ایسڈ، پلساٹیلا، اکوناٹیٹ، کینتھرس، سیپیا۔
مخالف :۔ آرم ٹرائی فلم۔
مصلح :۔ کیمپسی کم، کاربو ویج، ہیو سمس، اگنیشیا، مرکیوریس، زنجبیر۔
طاقت :۔ ۳ طاقت سے ۲۰۰ طاقت تک۔

---

# کیمفر

CAMPHOR

## خصوصی علامات

۱۔ چوٹ کے اثرات بد، سطح جسم ٹھنڈی، چہرہ پیلا، نیلا، ہونٹ نیلے، بعید کمزوری۔
۲۔ جسم چھونے سے ٹھنڈا تاہم ڈھانکنا نہ چاہے (میڈورینیم، سیکیل کار)
۳۔ زبان سرد ہو۔
۴۔ ناک ٹھنڈی اور نوکیلی، جلد اور سانس سرد (ویریٹرم، جٹرو فا)
۵۔ سطح جسم ٹھنڈی، یکایک مکمل کمزوری، اور طاقت سلب ہو جانے کے بعد۔
۶۔ خسرہ اور سرخ بخار، چہرے پر زردی یا نیلا پن، چہرہ ٹھنڈا اور مردوں کا سا۔

www.pdfbooksfree.pk

۷۔ خسرہ کے تمام اثرات دافع ہے۔

## عام استعمال

ہیضہ میں تشنجی دورے، مرگی، زہرباد، سوزاک، دل کا مرض، انفلوئنزا، خسرہ، نیند نہ آنا، سانپ کا ڈسنا، تمباکو کھانے کی عادت اور لُو لگ جانے کے عوارض میں مستعمل و مفید ہے۔

## عمومی علامات

آنکھیں اندر کو دھنسی ہوئی، پتلیاں پھیلی ہوئی، تمام اشیاء چمکیلی محسوس ہوں!

ناک بند ہو، چھینکیں آئیں، موسم کی اچانک تبدیلی سے زکام، ناک سرد اور بھینچی ہوئی، نکسیر لگاتار بہتی ہو۔

چہرہ زرد، اترا ہوا، حیران، بدلا ہوا، نیلا اور سرد ہو۔

معدہ کی گہرائی میں دبانے والا درد، سرخی کے بعد جلن ہو۔

پاخانے سیاہ بلا ارادے آتے ہوں، ہیضہ کے ساتھ رانوں میں تشنج ہوتے ہوں، جسم سرد، گھبراہٹ، سخت نقاہت، کمزوری ہذیان اور منہ سرد ہو۔

پیشاب جل کر اور دقت سے آتا ہو، مثانہ کی گردن میں کو نشتن، مثانہ پیشاب سے بھرا ہوا اور پیشاب بند ہو۔

مردوں میں خواہش جماع بڑھی ہوئی، ایستادگی بہت ہو، شب کو احتلام ہو جائے۔

www.pdfbooksfree.pk

دل میں تکلیف محسوس ہو، دم گھٹنے کے سے دورے، دمہ، خشک
کھانسی، دل دھڑکتا ہو، سانس سرد ہو، سانس رک کر چلتا ہو.
بخوابی کے ساتھ اطراف جسم سرد ہوں، اعصاب کو جھٹکے لگتے ہوں.
اور ازحد بیقراری ہو۔
کندھوں کے درمیان مفاصل درد، حرکت میں دقت ہو، خدر یعنی
سن ہو جانا، سستی اور سردی، جوڑ کڑکڑاتے ہوں، پٹھے کھنچے ہوئے
پاؤں برف کی طرح سرد، مڑکتے ہوں جیسے موچ آگئی ہو۔
بخار میں نبض چھوٹی کمزور اور آہستہ چلے، تمام جسم برف کی
طرح سرد، ٹھنڈے پسینے، سردی جس میں اجتماع خون ہو، زبان سرد ہوئی
اور کانپے۔
جلد سرد، زرد، نیلی، بدن پہ کپڑا لینا گوارا نہ ہو۔

**زیادتی**:۔ حرکت سے، شب کو، چھونے سے، سرد ہوا لگنے سے،

**کمی**:۔ گرمی سے۔

**معاون**:۔ کینتھرس۔

**مخالف**:۔ کالی ناٹریکم، کیلنڈولا۔

**مصلح**:۔ اوپیم، فاسفورس، کینتھرس، ڈلکامارا۔

**طاقت**:۔ مدر ٹنکچر اور چھوٹی طاقتیں۔

---

www.pdfbooksfree.pk

# کیموملا

# CHAMOMILLA

## خصوصی علامات

۱۔ نوزائیدہ بچے اور دانت نکلنے کے زمانہ کی تکلیفات، بچہ بدمزاج ہو۔
۲۔ بچہ بہت چڑچڑا، غصہ ور، صرف گود میں اٹھا کر چلنے پھرنے سے چپ رہے۔
۳۔ درد، ماؤف حصص میں سُن ہونے کے احساس کے ساتھ۔
۴۔ دست، غصہ یا پریشانی سے یا دانت نکلنے کے زمانہ میں یا زچگی میں۔
۵۔ پاخانہ، گرم، سبز متعفن، سڑے ہوتے انڈوں کی طرح۔
۶۔ ماں پر غصہ کے دورے کے بعد دودھ پینے سے بچہ کو تشنج دورے۔

## عام استعمال

چھوٹے بچوں کے عوارض کی خصوصی دوا ہے۔ علاوہ بریں غصہ کے برے نتائج اور کھوکھلے دانت کے درد کے لئے بھی بہت نافع ہے۔

## عمومی علامات

درد سر جو سوتے ہوئے بھی محسوس ہوتا ہے، چکر لیٹنے کے بعد

www.pdfbooksfree.pk

آنکھوں کی پتلیوں کی سکڑن ، پپوٹوں کے کنارے خشک لیکن صبح کو چپک جائیں ، آنکھوں میں جلن ۔

کانوں میں بھنبھناہٹ اور پھاڑنے والا درد ۔

منہ کا ذائقہ کڑوا ، ترش یا پھیکا ، منہ سے گندی بو ، دانت کا خاص کر کھوکھلے دانت کا درد جو بالخصوص رات کو ہو ، گال پھولے ہوئے ، کھانے پینے سے درد بڑھے خاص کر گرم اشیاء سے ، منہ خشک ، زبان سرخ چٹخی ہوئی ۔

بھوک نہ لگے ، غذا سے نفرت ، ریاح بکثرت ، پیٹ میں درد بعض دفعہ غذا اور صفرا کی قے ہو جائے ، ٹھنڈے پانی کی پیاس ۔

دست عموماً رات کو اور درد کے ساتھ ۔

وضع حمل کے بعد عورتوں کے اعضائے تناسل میں درد اور جلن ، زرد رطوبت کا اخراج ، سیاہ پھٹکیاں خون کی خارج ہوں ۔

سینہ کی لمبی نلی اور نرخرہ میں بلغم ہونے کے باعث گھڑگھڑاہٹ کھانسی ، سانس کی تکلیف ، بچوں کو سوتے ہوئے خشک کھانسی آئے ۔

پنڈلیوں میں اینٹھن ، گھٹنے چلنے میں آواز دیں ، ہاتھ پیر ٹھنڈے ۔

دن کو نیند آئے رات کو بے چینی رہے ۔

بخار لرزہ کے ساتھ ، ایک گال سرخ اور ایک گال زرد ۔

جلد نا تندرست ، ریتان ۔

**زیادتی :-** شام کو آدھی رات کے قبل ، گرمی سے ، غصہ سے ، کھلی ہوا سے ۔

**کمی :-** فاقہ کرنے سے ، گرم تر موسم میں ، لیکر گھومنے سے ۔

www.pdfbooksfree.pk

معاون :- بیلاڈونا، پلساٹیلا، میگنیشیا کارب۔

مصلح :- ایکونائٹ، بورکس، ایلیومنا، کیمفر، کالمیا، کوکولس انڈیکا، کریئم، اگنیشیا، نکس وامیکا، پلساٹیلا، ویلیریانہ۔

طاقت :- ۳ طاقت سے ۳۰ طاقت تک۔

---

# کینابس انڈیکا CANNABIS INDICA

## خصوصی علامات

۱۔ بہت زیادہ بھول جانے والا۔

۲۔ بولتے ہوئے ایک جملہ شروع کرے اور پھر بھول جائے کہ آگے کیا کہنا ہے۔

۳۔ عجیب و غریب تصورات اور خیالات میں مستغرق رہنا۔

۴۔ ہر معمولی سے لفظ پر جو بولا جائے بے تحاشہ ہنسے۔

۵۔ دماغ میں ایسے صدمات جیسے پٹاخے چل رہے ہوں۔

۶۔ وقت اور فاصلے میں بہت زیادہ مبالغہ کرے، چند لمحے بھی عمریں معلوم ہوں اور چند گز بھی کئی میل محسوس ہوں۔

## عام استعمال

حواس کی رکاوٹ حد سے بڑھ جائے اور دل میں ہر قسم کے توہمات

www.pdfbooksfree.pk

اور تصورات جاگزیں ہوں تو حسبِ علامات یہ کارگر و مفید دوا ثابت ہوتی ہے۔

## عمومی علامات

دردِ شقیقہ، سر درد جو پیشاب کی خرابی کے باعث ہو، درد نہایت شدید ہو جو مریض کو بے ہوش کر دے، سر کی چوٹی کھلنے یا بند ہونے کا احساس، یا ایسا معلوم ہو کہ اوپر کو اٹھایا جا رہا ہے، سن یاس کی بیماری جس کے ساتھ بے چینی ہو، مالیخولیا، اعصابی درد اور نصف سر کا درد۔

آنکھوں میں اعصابی تکالیف، تمباکو یا شراب کے کثرت استعمال سے آنکھ میں تارا پھیل جائے، بوقت مطالعہ حروف درست نظر نہ آئیں، سوزاک یا خنازیر کے باعث ہو جانے والا آشوبِ چشم۔

معدہ میں فتور ہو لیکن پھر بھی بھوک زیادہ لگے، معدہ میں درد اور نفخ۔

سوزاک، پیشاب کی نالی میں جلن ہو، پیشاب قطرہ قطرہ آئے۔ مقام گردہ میں چیرنے والا درد ہو۔

مردوں میں سوزاک کے باعث جریان، دائمی شہوت ہو اور بعد از مباشرت کمر میں درد محسوس ہو، عورتوں میں دوران حیض میں اختناق الرحم ہو اور خواہش جماع حد سے بڑھی ہوئی، سل ظہری، شدید درد اور ادھرنگ کے رعشہ کو دور کرنے کے لیے بہترین دوا ہے، خوفناک خوابوں کا آنا یا رات کو خوف سے چونک پڑنا اس کے استعمال سے دور ہو جاتے ہیں۔

www.pdfbooksfree.pk

زیادتی :۔ صبح کے وقت، چائے یا تمباکو نوشی سے، دائیں جانب لیٹنے سے۔

کمی :۔ تازہ ہوا سے، سرد پانی اور آرام سے۔

طاقت :۔ مدر ٹنکچر سے ۳ × تک۔

---

# کینابس سٹائیوا

CANNABIS SATIVA

## خصوصی علامات

۱۔ احساس جیسے پانی کے قطرے واحد حصص سے واحد حصص پہ گر رہے ہیں۔ سر پہ، مقعد سے، معدے، دل سے،

۲۔ تنگی تنفس، مریض صرف کھڑے ہو کر ہی سانس لے سکے۔

۳۔ سوزاک کا پہلا درجہ

## عام استعمال

مرض سوزاک کے پہلے درجہ کے لئے یہ مخصوص ترین دوا ہے۔ اگر اس مرض کے لئے کوئی دوسری دوا منتخب کرنا دشوار ہو جائے تو یہی دوا استعمال ہو سکتی ہے۔ اس دوا کے لئے سوزاک کی خاص علامت یہ ہوتی ہے کہ پیشاب کی نالی کو چھونے جانے سے یا دبانے سے بے انتہا درد ہوتا ہے جس کے باعث مریض ٹانگیں

www.pdfbooksfree.pk

پھیلا کر چلتا ہے۔ اس دوا کے استعمال سے مواد گاڑھا اور سبز ہو جائے تو مرکیوریس سال فینے سے پورا فائدہ ہو جاتا ہے اور اگر کینابس سٹائیوا کے بعد مواد سبز اور گاڑھا ہو اور ساتھ ہی جلن کی زیادتی باقی ہو تو مرکیوریس کا دینا مناسب ہوگا۔ نیز اگر پیلا، سفید یا گاڑھا مواد ہو تو پلسا ٹیلا کی ضرورت ہوگی۔ پرانے سوزاک میں سلفر کی بھی ضرورت ہوتی ہے۔

## عمومی علامات

سر میں چکر، ایسا محسوس ہو کہ سر پہ پانی ٹپک رہا ہے۔ ناک کی جڑ پہ بوجھ۔

آنکھوں میں عصبی خرابی یا شراب اور تمباکو کے کثرت استعمال سے جالا پڑ جائے۔ نگاہ کے سامنے دھندلاہٹ، سوزاک کی وجہ سے آشوب چشم، غذائی مادے کی وجہ سے آنکھ کی تکالیف۔

پیشاب رکا ہوا، اس کے ساتھ تشنج، پیشاب کی حاجت، اس کے ساتھ درد، پیشاب کرنے میں کئی دھاریں نکلیں، پیشاب کی نالی میں چبھن، پیشاب کرتے وقت جلن جو کہ مثانہ تک ہو، کھولتا ہوا پیشاب ہو، شدید سوزاک، پیشاب کی نالی میں سخت جلن، مریض ٹانگیں پھیلا کر چلے، خصیوں میں کھنچاؤ، ایستادگی، پیشاب کی نالی مواد کے باعث بند ہو جائے۔

سانس کی تکلیف اور دھڑکن جس کے باعث اٹھ کر بیٹھنا پڑے، سینے میں بوجھ، سانس لینے میں گھڑگھڑاہٹ، کھانسی سے

www.pdfbooksfree.pk

سالق سبز یا خون ملا ہوا بلغم نکلے۔ ایسا معلوم ہو کر دل سے پانی کے قطرے ٹپکتے ہیں، دھڑکن ہو۔

رات کو خواب بہت آئیں، صبح کو تھکاوٹ زیادہ ہو، دن میں نیند آئے۔

موچ لگنے کے بعد انگلیوں میں کھنچاؤ، زینہ چڑھنے سے گھٹنے کی ہڈی اکڑ جائے۔ زینہ چڑھنے پر پیر بھاری معلوم ہوں، پیر کے انگوٹھے کے نیچے تلووں کی تکلیف۔

زیادتی :۔ لیٹ جانے سے، زینہ چڑھنے سے۔

مخالف :۔ کیمفر

مصلح :۔ کیمفر، رسٹاکس

طاقت :۔ مدر ٹنکچر سے ۲ طاقت تک اور ۳۰ طاقت

---

# کینتھرس

CANTHARIS

## خصوصی علامات

۱۔ درد جلن دار، چھوٹے کے سے جسم کے حصے میں۔

۲۔ پیشاب کی مسلسل خواہش یا پیشاب کی یکایک حاجت۔

۳۔ پیشاب کی نال میں شدید خارش۔

۴۔ پیشاب کے قبل، دوران اور بعد ناقابل برداشت حاجت

www.pdfbooksfree.pk

۵۔ پیشاب کرتے وقت پیشاب کی نالی میں جلن اور کاٹنے والے درد۔
۶۔ پاخانے کے ساتھ ایسی آؤں جیسے آنتوں کے ٹکڑے ہوں۔
۷۔ تمام درمی تکالیف میں جلن والا درد اور پیشاب کی ناقابل برداشت حاجت۔

## عام استعمال

آلات تناسل، پیشاب کے اعضاء نیز آلات ہضم، آلات تنفس اور آنتوں کی رطوبتی جھلیوں میں دکھن اور جلن والے عوارض اس دوا کے طالب ہوتے ہیں۔

## عمومی علامات

ذہنی طور پر مریض بزدل، پست ہمت، رو دینے والا اور غضب ور ہوتا ہے۔
سر میں چکرآنا، سر کے نیچے کوچنا، بھیجے میں جلن اور دکھن، درد سر گردن کی طرف سے اوپر چڑھے، کن پٹیوں میں ٹیکیں۔
آنکھوں میں جلن اور دکھن، آنکھیں زرد، چیزیں زرد معلوم ہوں۔
مزمن زکام اور نزلہ، ناک سے بلغم نکلے، سرخی اور جلن۔
چہرہ زرد جس سے کہ تشویش اور فکر ٹپکتی ہو، چہرہ پہ سرخی اور جلن یا آبلے جن میں کھجلی اور جلن ہو۔
منہ میں آبلے پڑے ہوں، حلق میں یا حلق کے غدود میں سوجن اور جلن پانی پینے سے زیادہ ہو، مسوڑھے میں ناسور ہوگیا ہو، منہ

www.pdfbooksfree.pk

سے مائل ہے۔

ہونٹوں کی خشکی کے باعث پیاس مگر پانی سے نفرت ہو،
بھوک بالکل نہ ہو، معدہ میں جلن اور ورم، ورم جگر، متلی اور قے۔

قبض، سخت پاخانہ ہو، پیچش میں سفید یا زرد سرخی مائل آؤں
نکلے، ایسا معلوم ہو کہ آنتیں کھنچی جاتی ہیں، سبز خون ملی آؤں، پاخانہ
سے قبل تولنجی درد، پاخانہ کے دوران مبرز پر جلن ہو، بعد پاخانہ کے
مبرز میں اینٹھن، جلن دار اور نیش زنی کا سا درد۔

پیشاب بمشکل خارج ہو، پیشاب کی سخت حاجت ہو مگر قطرہ
قطرہ جلن کے ساتھ نکلے، گردہ میں ورم، جلن اور نیش زنی ہو،
سوزاک کی وجہ سے پیشاب کی نالی میں جلن ہو اور خون نکلے، مثانہ
کے مقام پر چھونے سے سخت درد ہو۔

خواہش جماع زیادہ ہو، عرصہ تک ایستادگی رہے مگر درد
کے ساتھ جریان ہو، عورت کو حیض بہت جلد اور بکثرت ہو اور
سیاہ خون خارج ہو، سیلان رحم چھیلنے والی رطوبت خارج ہو،
پیشاب کرنے میں جلن، خواہش مباشرت بڑھ جائے۔

زیادتی :- چھونے سے، پیشاب سے، ٹھنڈے پانی یا قہوہ
پینے سے۔

کمی :- ملنے سے

معاون :- کیمفر

مخالف :- کافیا

مصلح :- اکونائٹ، ایپس، کیمفر، پلساٹیلا، لارو سیراسس،

www.pdfbooksfree.pk

ڈیوم، سمفائٹم۔
طاقت :۔ ۶ طاقت سے ۳۰ طاقت تک۔

# کیوپرم میٹیلیکم

CUPRUM METALLICUM

## خصوصی علامات

۱۔ تشنج یا اینٹھن کی کیفیت نوبتی طور پر بیک وقت کئی ایک مقامات پر۔
۲۔ جاگتے رہنے سے ناقابل برداشت پریشانی کے دورے۔
۳۔ ابھاروں کے دوبارہ اندر چلے جانے کے نتائج بد، خاص کر تشنجی دورے۔
۴۔ تشنجی دورے جو ہاتھوں اور پیروں کی انگلیوں سے شروع ہوں۔
۵۔ کھانسی سے گڑگڑاہٹ کی آواز جیسے بوتل سے پانی نکل رہا ہو۔
۶۔ کالی کھانسی جس سے دم گھٹے، سانس نہ آئے، چہرہ نیلا پڑ جائے، جسم سخت ہو جائے یا اکڑ جائے، مسلسل تین حملے (سٹانم)۔

## عام استعمال

مختلف عوارض کے ساتھ اگر تشنج اور مروڑ پڑنے کی علامات ہی

www.pdfbooksfree.pk

موجود ہوں تو یہ مستقل و مفید ہوتی ہے۔

## عمومی علامات

ذہنی طور پر مریض غم واندوہ کا شکار ہو، سرسام کا میلان۔

سر چکرائے، مریض محسوس کرے کہ آگے کی طرف گر پڑے گا۔

سر میں پاگل بنانے والا بوجھ اور چاند پہ جھنجھناہٹ۔

آنکھ میں درد، بے چینی کی وجہ سے آنکھیں گھما رہی ہیں، شہایت شدید زکام جس کی وجہ سے نتھنے بند ہوں، چہرہ زرد، ہونٹ نیلے۔

دانت میں درد، جو کہ کن پٹی تک ہو، منہ میں جھاگ، زبان پہ سفید میل، ذائقہ میٹھا۔

ہچکی، متلی، قے کرنے کو جی چاہے، صفرا کی قے ہو، معدہ میں تشنج، دست اور دورے، معدہ میں تکلیف، وہ بوجھ جو کہ چھونے اور حرکت کرنے سے زیادہ ہو، یکایک درد اور دورہ ہو اور اس کی وجہ سے چیخے۔

سخت اسہال و دست آنا، بار بار اور تھوڑا تھوڑا پیشاب ہو۔

خشک کھانسی، دم گھٹنے والے دورے کے ساتھ، سینہ کے درد کے ساتھ، آلات تنفس کا سکڑنا اور اس میں تشنج ہونا۔

ہیضہ شکم اور پنڈلیوں میں اینٹھن کے ساتھ۔

تشنجی دورے، چہرہ نیلا پڑ جائے اور انگوٹھے ہتھیلیوں میں جکڑ جائیں گے۔

بازوؤں اور ٹانگوں میں اینٹھن، درد تلوؤں میں، پنڈلیوں اور اعضا

www.pdfbooksfree.pk

ہیں بیحد تھکاوٹ کے ساتھ ۔

بحالت حمل، ولادت کے بعد تشنجی دورے۔

زبان کا فالج، لڑکھڑاہٹ والی نامکمل گفتگو۔

مرگی، شعلہ گھٹنوں سے شروع ہو اور اوپر کو جائے۔ زیادہ تر رات کے وقت، نیند کی حالت میں (بیوقوف) نئے چاند کے قریب باقاعدہ وقفوں پر، سر کے بل گرنے سے یا سر کو چوٹ لگنے سے۔

زیادتی :۔ دایاں جانب چھونے سے، حرکت سے، لیٹنے سے، دبانے سے، جھٹکنے سے، قے کرنے سے، حیض سے قبل۔

کمی :۔ بحالت پسینہ ٹھنڈا پانی پینے سے، گرمی سے، پاخانہ آنے سے، پسینے کے دوران۔

**معاون :۔** کلکیریا۔

**مصلح :۔** اورم، بیلاڈونا، کیموملا، چائنا، کونیم، سائیکیوٹا، ڈلکامارا ہیپرسلف، مرکیوریس، اپیکاک، نکس وامیکا، پلسٹیلا، ویریٹرم۔

**طاقت :۔** ۶ طاقت سے ۳۰ طاقت تک اور اوپر۔

www.pdfbooksfree.pk

# گریفائٹیس

# GRAPHITES

## خصوصی علامات

۱۔ مریضہ غم زدہ اور مایوس سی ہے، گانے سن کر روئے۔
۲۔ آلات تناسل کے بیجا استعمال سے کمزوری۔
۳۔ لیوکوریا، دن اور رات کئی بار شدت سے بہے۔
۴۔ جلد کی خرابی، ہر چوٹ پک جائے (ہیپر سلف)
۵۔ اجیار کانوں پر جن سے پانی کا سا شفاف چپکدار مواد یا رطوبت رسے۔
۶۔ مریض شور و غل میں بہتر طور پر سن سکے۔
۷۔ دیرینہ قبض، پاخانہ سخت بڑا خارج ہو (سلفر)

## عام استعمال

اس دوا کے خاص اثرات جلد پہ ہوتے ہیں۔ تر چھپے والے، اگزیما، جلد میں شگاف پڑ جانے وغیرہ علامات والے عوارض میں مستعمل و مفید ہے۔

## عمومی علامات

ذہنی طور پہ مریض غم زدہ اور بد مزاج ہو، ذرا ذرا سی بات سے چڑ

www.pdfbooksfree.pk

جائے، کام کرنے کو جی نہ چاہے۔

سر میں نشہ کی سی کیفیت محسوس ہو، صبح کے وقت جاگنے پر درد، سر ایک جانب تے کرنے کو جی چاہے، درد دانتوں اور گردن تک جائے، چاند پر جلن، سر پر تر اور چیپے بدبودار دانے۔

آنکھوں کے پپوٹے سرخ اور سوجے ہوئے، پپوٹے خشک، پپوٹوں پر زخم۔

کان کے اندر خشکی، کان کے پیچھے تری ہو اور دانے نکلے ہوئے ہوں۔ کم سنائی دے، منہ چلانے میں کان میں پھٹ پھٹ ہو (سلیشیا جیلیمیم لیکے سس) کان میں گویا بندوق چھوٹے۔

دوران حیض صبح کے وقت معدہ کی خرابیاں، معدہ بوجھل، پیٹ میں جلن اور بھوک معلوم ہو، پیٹ پھولا ہوا اور سخت جیسا کہ ریح کی وجہ سے ہوتا ہے۔

کبھی قبض بڑے سدوں والی، کبھی دست بھورے رنگ کے، غیر ہضم شدہ نہایت بدبودار، مبرز میں شگاف۔

مردوں میں خواہش جماع زیادہ مگر قوت مباشرت کم ہو جائے۔ قبل اس کے کہ کافی ایستادگی ہو منی خارج ہو جائے، فوطوں کا درد، فتق۔

مستورات میں اندام نہانی میں دکھن، خصیۃ الرحم میں ورم، حیض بہت دیر میں اور قلیل ہو۔

سانس کی نالی میں کھرکھراہٹ، دمہ، دل میں دھڑکن، پستان کی گھنڈی میں شگاف۔

www.pdfbooksfree.pk

انگلیوں کے جوڑوں میں موچ کا سا درد، ناخن اندر کی طرف بڑھیں، ٹانگوں کے دانوں سے شہد کا سا مواد نکلے۔

جلد کے غدودوں میں ورم جہاں اعضاء کی شکن ہو، زخم جن سے بدبودار یا چپچپا مواد نکلے۔ جلد ناتندرست، جلد پک جایا کرے۔

زیادتی :- سردی سے یا سرد ہو جانے سے، رات کو دورانِ حیض میں، اس کے بعد، کھانے کے بعد۔

کمی :- ڈکاروں سے، کھلی ہوا میں چلنے سے۔

معاون :- کالکیریا، ہیپر سلف، لائیکوپوڈیم۔

مصلح :- آرسینکم البم، نکس وامیکا۔

طاقت :- ۶ طاقت سے ۳۰ طاقت تک۔

---

# گلونائن

GLONOINE

## خصوصی علامات

۱۔ سر کی تکلیفات، چولہے کی گرمی یا دھوپ میں پھرنے سے (ایکیسس، نیٹرم کارب)

۲۔ سن سٹروک (لو لگنا) یا دھوپ سے پیدا شدہ دردِ سر۔

۳۔ دماغ بہت بڑا، بھرا ہوا اور پھٹتا محسوس ہو، سر جھٹکے، ہچکولے، قدم یا نبض کی ہر ضرب پہ دماغ میں تپکن محسوس ہو۔

www.pdfbooksfree.pk

۴۔ حیض کی بجائے سر میں درد شروع ہو جائے۔

۵۔ دردِ سر جس کے ساتھ سر میں اجتماعِ خون کی علامت بھی موجود ہو۔

## عام استعمال

گرمی یا سردی کی کثرت کے باعث یا آگ کی تیز تپش کے قریب کام کرنے سے یا شدید دھوپ سے یا حیض کی خرابیوں سے دورانِ خون دل و دماغ کی طرف بڑھ جانے سے جو عارض ہوں ان میں یہ دوا کارآمد ہے۔

## عمومی علامات

سر میں الجھن، چکر، سر کو شدید گرمی لگ جانا، لو لگنا، سر بھاری ہو لیکن تکیہ پر نہ رکھا جا سکے، سر کے گرد گرمی برداشت نہ ہو سکے، تپکن والا دردِ سر، سر کو کھلا رکھنے سے دردِ سر، دھوپ کے باعث دردِ سر، حیض کے بجائے دردِ سر، حاملہ مستورات کے سر کی طرف دورانِ خون، ورمِ دماغ۔

آنکھوں کو ہر چیز نصف روشن اور نصف تاریک معلوم ہو، حروف چھوٹے چھوٹے معلوم ہوں، آنکھ کے سامنے تارے معلوم ہوں، کان میں تپکن، دل کی رفتار اپنے کانوں میں خود سنائی دے۔ دانت میں تپکن والا درد، گردن بھاری محسوس ہو، کالر ڈھیلا کرنے کی خواہش، چہرہ سرخ۔

www.pdfbooksfree.pk

پیٹ میں درد، متلی و قے، پیٹ میں گھڑ گھڑ ہو، قبض یا اسہال، بواسیر میں کھجلی اور درد، خفیف مشقت سے دل و دماغ کی طرف دوران خون بڑھ جائے۔

مستورات کے حیض میں دیر ہو یا یکایک بند ہو جائے اس کے باعث دماغ میں اجتماع خون۔

زیادتی :۔ دھوپ سے، آفتاب سے، آگ یا گیس کے سامنے، جھکنے سے، بال کٹانے سے، صبح سے بارہ بجے دوپہر تک۔

کمی :۔ برانڈی سے۔

معاون :۔ بیلاڈونا۔

مصلح :۔ ایکونائٹ، کیمفر، کافیا، نکس وامیکا

طاقت :۔ ۶ طاقت سے ۳۰ تک

---

## گوسی پیم

GOSSYPIUM

### خصوصی علامات

۱۔ بیضتہ الرحم میں رہ رہ کر ہونے والا درد۔

۲۔ ایسا محسوس ہو کہ حیض جاری ہو گا مگر جاری نہ ہو۔

www.pdfbooksfree.pk

# عام استعمال

رحمی خرابی کے اثر معکوس سے لاحق ہونے والے عوارض میں یہ دوا عام طور پہ مستعمل و مفید ہے۔ حیض کو جاری کرنے کے لئے یہ دوا مدر ٹنکچر کی صورت میں استعمال ہوتی ہے۔ دیگر عوارض میں ہومیوپیتھک طریق پہ ۶ طاقت تک مستعمل ہے۔

# عمومی علامات

عصبی مزاج، دراز قامت اور کمی خون والی مریضاؤں کی تکالیف حیض۔

سر میں درد جس کے باعث مریضہ سر کو پشت کی جانب جھکانے پہ مجبور ہو۔

متلی، صبح کو ناشتہ سے پہلے قے ہونے کا میلان۔

اندام نہانی کے لب سوجے ہوئے اور کھجلاتے ہوں۔

حیض بالکل بند ہو۔

پستان میں درسول ہو۔

حیض پانی جیسے ہوں، کمر میں درد، پیڑو میں کھچاؤ اور بوجھل پن۔

رحم میں درسول جس کے ساتھ معدہ کا درد اور کمزوری۔

طاقت :۔ مدر ٹنکچر سے ۶ طاقت تک۔

# لائی سین (ہائیڈروفوبینم) LYSSIN

## خصوصی علامات

۱- پانی کو دیکھنے سے، چلتے پانی کی آواز سے یا صراحی سے پانی کے نکلنے کی آواز سے تمام تکالیف بڑھ جائیں۔
۲- زخم سبز ہو جائیں (ریکیسس)
۳- دھوپ یا سورج کی گرمی برداشت نہ ہو سکے۔
۴- درد سر، زیادہ چمکدار روشنی سے یا چلتے پانی سے۔
۵- چلتے پانی کو دیکھنے پر مسلسل پیشاب کی خواہش (کنیتھرس)

## عام استعمال

باؤلے کتے یا دوسرے عام کتے کے کاٹنے کے علاج میں عام طور پر مستعمل اور مفید ہے۔

## عمومی علامات

باؤلے کتے کے کاٹنے سے باؤلے پن کا اندیشہ ہو۔
تکلیفات جو خواہش جماع کی زیادتی سے پیدا ہوں (خواہش جماع کو روکنے سے تکلیفات ہوں تو کونیم)
ذہنی جذباتیت یا بے عزتی سے تکلیفات میں اضافہ ہو۔

www.pdfbooksfree.pk

تشنجی دورے کسی چیز سے منعکس ہو کر آنے والی تیز روشنی سے یا چوندھیا دینے والی روشنی سے (سٹرامونیم)، کسی سیال چیز کا خیال آنے پر، چھوئے جانے سے یا ہوا کے جھونکے سے۔

درد سر، باؤلے یا دوسرے کتے کے کاٹنے سے۔

تھوک، تار دار، لیس دار، سخت، جھاگ دار منہ میں اور حلق میں مسلسل تھوکنے کے ساتھ (ہائیڈرا سٹس)

حلق میں درد مسلسل نگلنے کی خواہش کے ساتھ (لیک کینینم، مرک)

نگلنے میں دشواری، غذا کی نال میں سیال چیزوں کو نگلنے سے اینٹھن، پانی نگلتے وقت گلا گھٹتا ہوا محسوس ہو۔

رحم کا اپنی جگہ سے گرنا، شرمگاہ میں فرج کی حسّی۔

زیادتی :- پانی کو دیکھنے یا پانی کی آواز سے، چمک دار، چوندھیا دینے والی روشنی سے (سٹرامونیم) گاڑی کی سواری سے (کوکولس)، سورج کی گرمی سے، جھکنے سے۔

مصلح :- انگنیس کاسٹس، بیلاڈونا، سیڈرن، فنگیس سلواٹیکا، ہائیوسیامس، لیکےسس، سٹرامونیم۔

طاقت :- ۳۰ طاقت اور اوپر۔

www.pdfbooksfree.pk

# لائیکوپوڈیم

LYCOPODIUM

## خصوصی علامات

۱۔ گہری ترقی کرنے والی اور دیرینہ بیماریاں۔

۲۔ درد، جس میں زیادتی چار بجے شام سے آٹھ بجے رات تک ہو۔

۳۔ داہنی جانب ماؤف ہو جائے یا درد دائیں سے بائیں کو جائیں۔

۴۔ نتھنوں کی حرکت پنکھے کی سی (انٹیم ٹارٹ)

۵۔ نزلہ خشک، ناک رات کے وقت بند ہو جائے۔ منہ سے سانس لینا پڑے۔

۶۔ ڈفتھیریا، جھلی دائیں غدود سے بائیں کو جائے۔ زیادتی ٹھنڈی چیزیں پینے کے بعد ہو۔

۷۔ ہاضمہ کی خرابیاں، ریاح بے حد مجتمع ہو جائیں۔

۸۔ بھوک اچھی لیکن چند ہی لقموں کے بعد محسوس ہو کہ گلے تک بھر گیا ہے۔

۹۔ پیٹ میں اونچی آواز سے گڑگڑاہٹ ہو۔

۱۰۔ پیشاب میں سرخ ریت۔

۱۱۔ بچہ پیشاب سے پہلے چلائے (بوریکس)

۱۲۔ بوڑھے افراد کی نامردی، بے حد خواہش جماع کے ساتھ لیکن ایستادگیاں نامکمل ہوں، دوران جماع سو جائے، انزال قبل از وقت

www.pdfbooksfree.pk

۱۳۔ مستورات میں شرمگاہ میں خشکی۔

## عام استعمال

عام طور پہ نظامِ ہضم کی خرابیوں اور جنسی کمزوری اور ضعف باہ میں مستعمل ہے۔ علاوہ بریں حسب علامات مذکورہ ذیل کیفیات میں کارآمد ہے۔

## عمومی علامات

ذہنی طور پہ مریض مغموم، رو دینے والا اور لاپرواہ ہو۔

سر میں درد، آنکھوں پہ گوہانجنی، کانوں میں کھجلی، مواد، بہرا پن سرد ہوا سے کان میں درد، سونگھنے کی قوت نہایت تیز، نکسیر حلق کے غدود کا ورم جو داہنی طرف سے شروع ہو کر بائیں جانب کو جائے۔

ہاضمہ کمزور، معدہ میں سٹرن اور گڑگڑاہٹ، پاخانہ اور پیشاب مقدار میں کم۔ پیشاب کرنے سے قبل درد۔

مردوں میں خواہش جماع بہت کم، عضو تناسل چھوٹا، ٹھنڈا اور ڈھیلا ہو جائے۔ مستورات کے حیض جلد اور بکثرت ہوں، فرج سے ہوا کا اخراج، کثرتِ سیلانِ رحم مع درد کے داہنی طرف سے بائیں طرف۔

خشک کھانسی، دق، سل مع کھانسی کے۔

گردن کی جکڑن، کمر میں ریڑھ کے قریب درد۔

www.pdfbooksfree.pk

انگلیوں کے جوڑ اور سرے پہ درد اور ورم، کولہے میں، رانوں میں،
ایڑی میں اور پیر کے انگوٹھے میں درد، پاؤں سرد۔
بخار لرزہ کے ساتھ ہو۔
جلد پہ کھجلی تر یا ناسور۔

زیادتی :۔ چار بجے شام سے آٹھ بجے تک، کھانا کھانے کے بعد،
ٹھنڈا کھانے پینے کے بعد، نمکین کھانے کے بعد۔

کمی :۔ ٹھنڈک پانے پہ، کپڑا اتار دینے سے، گرم کھانے یا پینے پہ،
کپڑا ڈھیلا کرنے پہ۔

معاون :۔ جیلیڈونیم، آئیوڈیم، اگنیشیا، ایپکاک، کالی آئیوڈائیڈ،
پلساٹیلا، کاربوویج۔

مخالف :۔ کافیا، نکس موسکاٹا، اسلفر کے بعد لائیکوپوڈیم کا استعمال
نامناسب ہے۔

طاقت :۔ ۶ طاقت سے ۲۰۰ طاقت تک نیز زیادہ اونچی طاقتیں۔

---

## LILIUM TIG. — للیم ٹگ

### خصوصی علامات

۱۔ سر کی چوٹی یعنی چاند پر وحشت کا احساس۔
۲۔ بے حد بے حوصلگی۔

www.pdfbooksfree.pk

۳۔ اپنے آپ کو کام میں مشغول رکھے تا کہ خواہش نفسانی دبی رہے۔
۴۔ بے مطلب تیز حرکات (اور خلیم ناٹرکیم)
۵۔ بار بار حاجت پیشاب کی۔
۶۔ نیچے دبانے والے احساس شکم میں اور پیڑو میں۔
۷۔ حیض، اودار، صرف اس وقت ہو جب مریضہ حرکت کرتی ہو۔
۸۔ احساس جیسے دل شکنجہ میں جکڑا گیا ہے (لیکیسس)

## عام استعمال

اسہال، پیچش، آنکھ و دل کے امراض، ہسٹیریا کی دھڑکن، تولید کی تکالیف، اندام نہانی کی کھلی، امراض رحم، پیشاب زیادہ آنا، دھڑکن، درد دل وغیرہ کے امراض میں مفید ہے۔ جسم کے بائیں جانب اس دوا کا اثر زیادہ ہوتا ہے جیسا کہ لیکیسس میں بھی ہوتا ہے۔

## عمومی علامات

ذہنی طور پر مریض پست ہمت ہو، رو دینے کو طبیعت چاہے بغیر دیے رہا نہ جائے، یادداشت خراب، بے چینی، درد سر خاص کر رحمی تکالیف کے باعث۔ کبھی بائیں طرف کبھی داہنی طرف، درد سر چاند پر بوجھ، جب رحمی تکالیف کم ہوں تب دماغی شروع ہوں، گدی میں درد، خاموش نہ رہ سکے، خواہش نفسانی کو دبانے کے لیے کسی کام میں مشغول رہنا پڑے، تنہا رہنے سے گھبراہٹ ہو۔

نگاہ دھندلی، پڑھنے لکھنے کے بعد نظر کی کمزوری، ناک بند ناک کو

www.pdfbooksfree.pk

زور سے ملے، داہنے کان میں درد، سونے کے وقت کان میں آواز بند۔
گرمی کی وجہ سے چہرہ تمتمایا ہوا، داہنی طرف کی گال کی ہڈی میں درد اور داہنا نتھنا بند ہو، دانت سے لے کر کان تک درد ہو، زبان پر زرد میل، رال بکثرت، داہنی طرف کی حلق کی گلٹی پھولی ہوئی۔

ہچکی، متلی، پیٹ میں کچھ سخت چیز گھومتی معلوم ہو، پیٹ پھولا ہوا گڑگڑاہٹ، ایسا بوجھ معلوم ہو کہ ہر ایک چیز اندام نہانی کی طرف نکل جائے گی۔ پیڑو میں تھرتھراہٹ، ایسا معلوم ہو کہ پیڑو میں سے کچھ لٹکا پڑتا ہے یا یہ کہ پیڑو کے تمام اعضا باہر نکل جائیں گے۔ (میوریکس، سیپیا، لیک کینینم)

مقعد پر بوجھ، متواتر پاخانہ کی حاجت، صبح کو اسہال، اس کے ساتھ خروج رحم، قبض سخت پاخانہ، پیشاب بار بار ہو اور پیشاب کی نالی میں چمک ہو، صبح کو پیشاب دودھیا ہو، خصیۃ الرحم اور پیڑو کے ریشوں میں کمزوری جس کے باعث رحم اپنی جگہ سے ٹل جائے (ہیلونیاس، سیپیا)

حیض جلد، مقدار میں کم، سیاہ متعفن، نلوں میں درد اور جلن نلوں کا درد رانوں تک جائے، خواہش جماع زیادہ۔

سینہ میں کساوٹ، داہنے پھیپھڑے میں درد، دل میں پھڑپھڑاہٹ دل کی رفتار بڑھی ہوئی تقریباً ۱۵۰ سے ۱۷۰ تک ہو۔

ہاتھ، پیر، کمر، گردن وغیرہ میں جلن، درد اور تشنج۔

زیادتی:- گرم مکان میں، دلجوئی سے۔

کمی:- تازہ ہوا میں۔

www.pdfbooksfree.pk

مصلح :- ہیلونائس ، جکس وامیکا ، پلساٹیلا ، پلاٹینا ،
طاقت :- ۳۰ اور اوپر

---

# لوبیلیا انفلاٹا LOBELIA INFLATA

## خُصوصی علامات

۱- بیحد متلی اور قے ۔
۲- کالی کھانسی ، جس کے ساتھ سانس میں تنگی ہو اور دم گھٹنے کا اندیشہ ہو ۔
۳- قے ، جس کے ساتھ چہرہ پسینہ سے شرابور ہو جائے ۔
۴- حمل کے دوران تھوک کی زیادتی اور مزمن قے کی تکلیف اچھی خاصی بھوک کے ساتھ ، متلی قے کے ساتھ اور پسینہ کی زیادتی کے ساتھ ۔
۵- سینہ میں بوجھل پن اور ورم کا احساس جس میں کمی تیز چلنے سے ہو ۔
۶- کمر میں بیحد ذکی الحس ، ذرا سا چھونا یا نرم تکیہ بھی برداشت نہ ہو سکے ۔

## عام استعمال

یہ دوا تمباکو ، شراب اور چائے کے کثرت استعمال کے اثرات بد

www.pdfbooksfree.pk

کو دور کرتا ہے۔ نیز ہاضمہ کی خرابی جو فم معدہ کی کمزوری پر مشتمل ہو یا شدید قسم کی متلی، قے، نقاہت، زرد رنگ، ٹھنڈے پسینے اور تھوک کی کثرت، استسقاء الدم، بدہضمی کے باعث درد سر اور دمہ کو نافع ہے۔

## عمومی علامات

خشک دمہ جس کے باعث سینہ میں بوجھ اور رکاوٹ محسوس ہو، سینہ میں اجتماع خون ہو، تکلیف پھیپھڑے کے قاعدے میں شدت سے ہو، دل کی حرکت میں رکاوٹ۔

چوتڑ کی ہڈی ذکی الحس ہو اور مریض جھک کر بیٹھنے کے لیے مجبور ہو۔

پیشاب گاڑھا سرخ رنگ کا ہو۔

جلد پر خارش سے امتلاء پیدا ہو۔

زیادتی:۔ تمباکو نوشی سے، سرد پانی سے، غسل اور حرکت سے،

کمی:۔ تیز چلنے سے، گرمی سے اور شام کو۔

طاقت:۔ عموماً ۳۰ طاقت تک مستعمل ہے۔

www.pdfbooksfree.pk

# لیڈم پال

LEDUM PAL.

## خصوصی علامات

۱۔ بائی کے درد یا گٹھیا نیچے سے شروع ہو اور اوپر کو چڑھے۔

۲۔ درد، چبھنے والے، بستر کی گرمی سے اور کپڑا اوڑھنے سے بڑھیں۔ (مرکیوریس) کمی ہو جب پاؤں کو برف کے پانی میں رکھا جائے۔ (سیکیل)

۳۔ تکلیفات ان لوگوں کی جو ہر وقت سردی محسوس کرتے ہوں۔ ہمیشہ سردی اور جاڑا محسوس کریں۔

۴۔ زخمی حصص چھونے سے ٹھنڈے معلوم ہوں۔

۵۔ سرخ پھنسیاں یا گانٹھیں پیشانی اور رخساروں پر۔

۶۔ چوٹیں لگنے کے بعد مدت مزید تک بدرنگی قائم رہے یا سبز نشان بن جائے۔

## عام استعمال

درد، کیڑوں مکوڑوں کا ڈنک مارنا یا کاٹنا، پھنسیاں، بھڑ، اکوتہ، چہرے پر مہاسے، پیروں میں درد گٹھیا، گرمی لگنے، وجع مفاصل، بسہری، زخم وغیرہ میں مفید ہے۔

www.pdfbooksfree.pk

# عمومی علامات

دوران سر، درد سر، ٹوپی پہننے سے تکلیف بڑھ جاتی ہے۔
آنکھ میں درد اور خون جاری ہو، مفاصل دردوں کے ساتھ موتیابند
رخساروں پہ سرخ دھبے اور پھنسیاں، چہرہ پر ڈنک کا احساس۔
پاؤں کے تلووں اور ایڑیوں میں سردی سے یا بھیگ جانے سے
زخم، نوک دار آلات سے زخم، خارجی طور پہ مچھروں، کھٹملوں کے
کاٹنے کے لئے بہترین دوا ہے۔
زیادتی:۔ رات کو، بستر کی گرمی سے۔
کمی:۔ سردی سے
معاون:۔ سیپیا
مخالف:۔ چائنا
مصلح:۔ کیمفر، رسٹاکس
طاقت:۔ ۳ طاقت سے ۳۰ طاقت تک اور اوپر۔

www.pdfbooksfree.pk

# LACHESIS لیکیسس

## خصوصی علامات

۱۔ سن یاس کی تکلیفات

۲۔ بائیں جانب خصوصاً ماؤف ہو جائے ۔ تکلیفات بائیں جانب شروع ہوں اور داہنی جانب جائیں۔

۳۔ بعید ذکی الحس چھونے سے ۔

۴۔ تمام علامات خصوصاً دماغی بڑھ جائیں ، نیند کے بعد ، یا تکلیفات کی زیادتی سے بیدار ہو جائے اور پھر تکلیف کی زیادتی میں ہی سو جائے ۔

۵۔ مریض بے حد باتونی ، ایک ایک لفظ سے کوئی نئی کہانی لے بیٹھے ۔

۶۔ قبض ، مقعد کے چھلے میں سکڑن کا احساس۔

۷۔ حیض ٹھیک وقت پر ہوں اور حیض کے دوران دوسری تکالیف میں کمی ۔

۸۔ پنکھا ہلائے جانے کی خواہش لیکن آہستہ اور ذرا دور سے ۔

۹۔ پھوڑے ، کاربنکل ، سیاہ بینگنی یا نیلے رنگ کے ۔

۱۰۔ خناق ، جس میں زبان کانپے یا باہر نکالتے وقت نچلے دانتوں میں پھنس جائے ۔

www.pdfbooksfree.pk

۱۱- ڈنٹھیریا بائیں جانب سے شروع ہو کر دائیں جانب کو جائے، گرم چیز پینے سے زیادتی، ثقیل اشیاء کی نسبت رقیق اشیاء نگلنے میں زیادہ درد اور تکلیف ہو۔

## عام استعمال

حیض دقت سے یا درد کے ساتھ، ٹانسلائٹس، ہذیان، بائیں جانب کا فالج، اکھگندیہ، یرقان، پھوڑے، خناق، خون کا زہریلا پن، دمہ، ہیضہ اور حلق کی سوزش وغیرہ میں مستعمل و مفید ہے۔

## عمومی علامات

مریض غمگین، پست حوصلہ اور کاہل الوجود ہو۔

درد ہر جسم میں زیادتی حرکت سے، دبانے سے، جھکنے سے، لیٹنے سے یا نیند کے بعد۔

دماغی اکساہٹ، قریب الہامی اور پیغمبری دعوے۔

بواسیر حیض کی کمی کے ساتھ یا سن یاس میں، مسوں میں درد۔

سیلان خون کا میلان، چھوٹے چھوٹے زخموں سے جلد تر اور مقدار میں زیادہ، خون سیاہ جو منجمد نہ ہو۔

بخار نوبتی طور پر ہر سال آئے۔

مثانہ میں گیند لڑھکنے کا احساس۔

زیادتی:- نیند کے بعد، نیند کے دوران، بائیں جانب، موسم بہار میں گرم غسل سے، دباؤ یا سکڑنے سے، گرم چیزیں پینے سے، آنکھیں

www.pdfbooksfree.pk

بند کرنے سے۔

کمی :۔ رطوبات کے یا حیض کے جاری ہونے سے۔

معاون :۔ ہیپر سلف، لائیکو پوڈیم، آئیوڈیم، کالی آئیوڈائیڈ، نائٹرک ایسڈ۔

مخالف :۔ ایسیٹک ایسڈ، امونیا کارب، سیپیا، ٹوبیکا ماراء، سوڈیم، کاربالک ایسڈ۔

مصلح :۔ آرسینکم، بیلاڈونا، نکس وامیکا، فاسفورک ایسڈ۔

طاقت :۔ ۱۲ طاقت سے ۲۰۰ تک اور اوپر۔

---

# ماسکس

MOSCHUS

## خصوصی علامات

۱۔ ہسٹیریا اور اعصابیت جس کے ساتھ غشی کے دورے ہوں۔

۲۔ مریض کو غصہ پر قابو نہ ہو۔

۳۔ تشنج اور عصبی نوعیت کی ہچکی کے دورے۔

۴۔ مردوں میں خواہش جماع بہت بڑھی ہوئی۔

۵۔ دمہ بے حد بے چینی کے ساتھ، بہت زیادہ کھانسنے کے بعد بھی بلغم خارج نہ کی جا سکے۔

www.pdfbooksfree.pk

## عام استعمال

یہ دوا دردِ دل، ذیابیطس، ذات الجنب، مرگی، دمہ، غشی، دل کی حرکت رک جانا، ہچکی، ہسٹیریا اور نامردی وغیرہ میں مستعمل و مفید ہے۔

## عمومی علامات

سر میں چکر اور درد
آنکھوں سے پانی بہے، آنکھیں اور پٹھیں ہوتی، کانوں میں گڑگڑاہٹ ناک سے خون جاری ہو۔
دورے کی حالت میں منہ خشک، چہرے کے عضلات میں تشنج۔
پیٹ میں درد، اپھارہ، متلی، پیڑو پر بوجھ اور دباؤ۔
نامردی، ایستادگی کے بغیر احتلام، مستورات میں خواہش جماع زیادہ، حیض جلد اور بکثرت، حیض کے وقت درد اور غشی۔
سانس کی تکلیف، ہسٹیریا کے ساتھ تنگیٔ تنفس، سینہ میں درد، تشنج، دل کی دھڑکن، دل کے حوالی میں لرزہ کی سی کیفیت، مریض کو موت نظر آئے۔
مختلف اعضاء میں تشنج، کھنچاؤ اور درد

**زیادتی:** ٹھنڈک سے، ذرا سی بھی ٹھنڈی ہوا بہت سرد محسوس ہو۔
**کمی:** کھلی ہوا میں، ٹہلنے سے۔

**معاون:** ایمبرا گریشیا۔

www.pdfbooksfree.pk

مصلح :- کیمفر، کافیا۔
طاقت :- پہلی طاقت سے ۳ طاقت تک۔

---

# مرکیوریس

# MERCURIUS

## خصوصی علامات

۱- ہڈیوں کی بیماریوں میں درد رات کے وقت بڑھے۔
۲- نزلہ جس میں زیادتی مرطوب موسم سے ہو۔
۳- منہ سے تھوک تانبے یا دھات کے سے ذائقے کا۔
۴- ڈفتھیریا مقدار میں زیادہ اور متعفن تھوک کے ساتھ۔
۵- ڈفتھیریا میں مسلسل خواہش نگلنے کی۔
۶- پیچش میں پاخانہ چیچپا اور خون آمیز۔
۷- لیکوریا درد، جلن اور خارش جس میں ہمیشہ زیادتی رات کے وقت ہو۔

## عام استعمال

ہڈیوں کے عوارض، نزلاوی تکالیف، دانتوں کا درد یا بوسیدہ ہونا، سانس، تھوک یا جسم بدبودار ہو، ڈفتھیریا، پیچش سیلان الرحم مسوڑھوں کے زخموں وغیرہ کی صورت میں مستعمل و مفید ہے۔

www.pdfbooksfree.pk

اگر چھوٹی طاقت میں دیا جائے تو ورموں کو جلد پکا دیتا ہے۔ مگر تحلیل نہیں کرتا۔

## عمومی علامات

مریض بات چیت بہت تیزی سے اور جلدی جلدی کرے معمولی سی محنت سے بے حد کمزوری اور لرزہ ہو جائے۔

ہڈیوں کی بیماریاں، ٹھنڈے ورم، وہ دنبل جو پکنے میں بہت مدت لیں۔

ہر تکلیف میں پسینہ کی زیادتی ہو، لیکن پسینہ سے بھی سکون نہ ملے۔

نزلہ بہت چھینکوں کے ساتھ، سوزشی، چھیل دینے والا، زردی مائل سبز، متعفن، مواد کی سی رطوبت، ناک کی ہڈیاں متورم۔

دانت کا شدید درد جس میں کمی رخساروں کو ملنے سے ہو، دانتوں کا اوپر کا حصہ بوسیدہ اور جڑیں ٹھیک ہوں۔

زبان بڑی موٹی جس میں دانتوں کے نشان بن جائیں۔

ٹل فنفیریا کی جھلی موٹی، سلیٹی رنگ کی، دھجی دار کنارے۔

پیچش، اینٹھن اور کمزوری کے ساتھ، پاخانہ کے بعد بھی سکون نہ ہو۔ زیادہ تر خون کا زیادہ اخراج۔

زیادتی :۔ رات کے وقت، مرطوب موسم میں، موسم خزاں میں، گرم اور ٹھنڈی مرطوب راتوں میں، داہنی جانب لیٹنے سے، پسینہ سے۔

کمی :۔ آرام سے، جماع سے، رفع سے۔

www.pdfbooksfree.pk

معاون :۔ بڈیاگا۔
مصلح :۔ آرسینکم ایبم، کاربو ویج، کاسٹیکم، ہایوسیامس، لائیکوپوڈیم۔
طاقت :۔ ۳ سے ۲۰۰ تک اور اوپر۔

# مرکیوریس بن آئیوڈائیڈ

MERCURIUS BINIODIDE

## خصوصی علامات

۱۔ ڈفتھیریا اور اس سے متعلقہ تکالیف۔

## عام استعمال

ڈفتھیریا میں خناق کی مخصوص ترین ادویہ میں شامل ہے۔

## عمومی علامات

ڈفتھیریا اور غدودوں کی تکالیف، خاص کر بائیں جانب کی بیماری میں مستعمل ہے۔

تالو سیاہی مائل اور سرخ ہو، ثقیل اور رقیق دونوں قسم کی اشیاء

www.pdfbooksfree.pk

نگلنا مریض کے لئے دشوار ہوتا ہے۔ خناق کی جھلی بہت ہلکی ہوتی ہے جسے آسانی سے اتارا جا سکتا ہے۔

وبائی سرخ بخار کے مریض جن کو تالو اور حلق کے غددوں پر زخم ہوں، غدود بڑھے ہوئے، نزخرہ سے یا حلق میں اوپر سے سخت، سیفہ بلغم یا بلغم کے لوتھڑے۔ سانس کی نالی میں دق کا ورم ہو۔

طاقت:۔ ۲× سے ۳۰ تک اور اونچی طاقتیں۔

# مرکیوریس پروٹو آئیوڈائیڈ

# MERCURIUS PROTO IODIDE

## خصوصی علامات

۱۔ ڈفتھیریا اور اس سے متعلقہ عوارض۔

## عام استعمال

ڈفتھیریا یعنی خناق میں عام طور پر استعمال کی جاتی ہے۔

## عمومی علامات

ڈفتھیریا یعنی خناق اور حلق کی بیماریاں جبکہ گردن کے غددوں میں

www.pdfbooksfree.pk

بہت ورم ہو۔
ڈفتھیریا کی جھلی کی ابتداء پہلے دائیں جانب ہو یا اس جھلی کی زیادتی
دائیں جانب ہو۔
گرم چیزوں کے پینے سے یا حلق کو نگلنے والے انداز پر حرکت
دینے سے تکلیف میں شدت ہوتی ہے۔
زبان موٹی، جڑ کی طرف زرد میل کی تہ ہو (کالی بائیکرام) سونے
جیسے زرد رنگ کی تہ ہو۔ (نیٹرم فاس) زبان کی جڑ میں میلی یا سبزی مائل
سلیٹی میل کی تہ ہو (نیٹرم سلف)
زبان کی نوک اور کنارے سرخ ہوں، حلق اور گردن کی داہنی جانب
مرض کا زیادہ اثر ہو۔
آتشک جس میں دوسرے درجہ کی علامات ظاہر نہ ہوں کنج ران
کے غدودوں میں ورم جس میں پکنے کا میلان نہ ہو۔
طاقت:۔ ۲x تا ۳۰ اور اونچی طاقتیں۔

## مرکیوریس سال MERCURIUS SOL.

### خصوصی علامات

۱۔ ناک سے سوزش پیدا کرنے والی رطوبت خارج ہو۔
۲۔ نکسیر، رات کے وقت، نیند کے دوران، ناک سے سیاہ منجمد
تار بنکر جاتی۔

www.pdfbooksfree.pk

۴۔ سوزاک، سبز مواد کا اخراج، جو رات کو زیادہ ہو۔

## عام استعمال

آتشکی عوارض، سوزاک، بیچش، نزلہ کا دوسرا درجہ اور پیپ والے عوارض وغیرہ میں مستعمل و مفید ہے۔ علاوہ بریں جن عوارض میں مرتبے رال بکثرت بہنے کی علامت پائی جائے ان میں بھی بیحد کارآمد ہے۔ مسوڑھوں میں پیپ پڑنے کا میلان ہو تو یہ دوا بہت مفید ثابت ہوتی ہے۔

## عمومی علامات

کان سے خون ملی بدبودار رطوبت کا اخراج اور شدید درد، کان کے بیرونی مخرج پر مسّے کی شکل کا بدگوشت پیدا ہونا۔

سوزاک، پیشاب کی نالی کے اگلے حصہ میں جلن، حشفہ گرم، متورم پھولا ہوا اور چھونے سے ذکی الحس ہو جو تند سست ہونے میں نہ آئے۔

بد کے نکلنے یا پک جانے کا اندیشہ

آتشکی بد کا ابتدائی درجہ، زخم گہرے، گول جو عضو کے اگلے حصہ یا حشفہ کو کھاتے جائیں، خون بہے اور درد ہو، زردی مائل بدبودار رطوبت خارج ہو۔

جلد پر شدید خارش جب رات کو بستر کی گرمی سے زیادتی ہو۔

زیادتی:۔ رات کو، مرطوب ٹھنڈی ہوا میں، کپڑا اتارنے سے، داہنی طرف لیٹنے سے، پسینہ آنے سے، بستر کی گرمی سے،

کمی:۔ کھلی ہوا میں، تیزی سے چلنے میں، کام کرنے میں، بستر

www.pdfbooksfree.pk

پہ آرام کرنے میں۔

معاون :۔ بیڈ یاگا۔

مخالف :۔ سلیشیا۔

مصلح :۔ کیمفر، بیلاڈونا، کاربو ویج، سلفر، آرسنک، نکس وامیکا سلیشیا، آئیوڈیم، لائیکوپوڈیم، فاسفورس، لیکیسس۔

طاقت :۔ ۳ طاقت سے ۳۰ طاقت تک اور اونچی طاقتیں۔

---

# مرکیوریس سائی

## MERCURIUS CYANIDE

### خصوصی علامات

ڈفتھیریا اور اس سے متعلقہ امراض۔

### عام استعمال

یہ دوا بھی ڈفتھیریا خناق کی مخصوص دواؤں میں شامل ہے۔

www.pdfbooksfree.pk

## عمومی علامات

شدید قسم کا خناق یعنی ڈفتھیریا، جس میں فوری اور حد سے زیادہ مشابہت بھی ہو جائے، بے حد تیز نبض، مرض کی ابتداء ہی میں کمزوری غضب کی ہو جائے اور کولیپس (حالت کمال ضعف و مشابہت) کی کیفیت ابتداء ہی میں پیدا ہو جائے۔ اول اول حلق میں سفید رطوبت پیدا ہو۔ جو بعد میں سیاہی مائل ہو، تنفس بدبودار، ناک سے جریان خون۔ بھوک ندارد اور لعاب دہن پیدا ہو۔

طاقت:۔ ۶x سے ۳۰ ہر دو گھنٹے بعد۔

# مرکیوریس کار MERCURIUS CORR.

## خصوصی علامات

۱۔ انیٹھن اور مروڑ مبرز میں، پاخانہ کرنے کے باوجود آرام نہ ہو۔
۲۔ پاخانہ مقدار میں کم، خون آمیز، چپچپا، بدبودار۔
۳۔ سوزاک دوسرا درجہ، سبزی مائل مواد کا اخراج۔
۴۔ غدودی ورم کان کے درمیانی حصے کا۔
۵۔ کان کی نالی بند، بہرا پن۔

www.pdfbooksfree.pk

## عام استعمال

پیچش کی خصوصی ادویہ میں سے ہے ۔ علاوہ بریں آتشک، سوزاک، خنازیری رمد چشم، حمل کے دوران درد گردہ، سوزش باریطون وغیرہ جن امراض میں مرکیوریس سال کار آمد ہے، انہی عوارض کی علامات نسبتاً زیادہ شدید ہوں تو مرکیوریس کار کی طالب ہونگی ۔

## عمومی علامات

آتشکی عوارض، سوزشی مواد والے زخم، گردہ کی بیماریاں ۔

پیچش اور موسم گرما میں لاحق ہونے والے آنتوں کے عوارض ۔

پاخانہ مروڑ کے ساتھ، گرم، آنتوں کی بلغمی جھلیوں کے ریزے جمع ہوں اور ساتھ ہی شدید قولنجی درد ہو ۔

مثانہ میں تشنج اور پیشاب کی نال میں شدید جلن کے ساتھ پیشاب آئے ۔ گرم جلن دار، مقدار میں کم، قطرہ قطرہ، خون آمیز، البیومن ملا ۔

آنکھوں اور کانوں کی بلغمی جھلیاں نزلاوی عوارض کا شکار ہوں ۔

بچوں کے دست سبزی مائل، پھٹے ہوئے انڈے جیسے

زیادتی :۔ رات کو، شام کو، تیزابی اشیاء سے، کھلی ہوا میں، بیرونی دباؤ سے، نگلنے سے، گہرا سانس لینے سے، حرکت سے

کمی :۔ دوہرا ہونے سے، لیٹنے سے، گرم پسینہ سے ۔

مصلح :۔ سلیشیا، ہیپر سلف، نائٹرک ایسڈ ۔

طاقت :۔ آلاتِ انہضام کے مزمن نزلہ اور پیچش میں ۲x یا ۳x

مستعمل و مفید ہے۔

دیگر عوارض میں ۶ طاقت سے ۳۰ تک۔

---

# ملی فولیم

MILLEFOLIUM

## خصوصی علامات

۱۔ چوٹ آنے کے بعد زخم سے بکثرت سیلانِ خون۔
۲۔ سیلانِ خون جسم کے کسی مخرج سے، درد کے بغیر۔
۳۔ حیض بکثرت ہو اور زیادہ دنوں جاری رہے۔

## عام استعمال

عام طور پر سیلانِ خون کو روکنے کے لیے مستعمل ہے۔

## عمومی علامات

ادوارِ خون ناک سے، منہ سے، پاخانے سے، بواسیر سے، آنتوں سے۔

حیض بہت جلدی، بکثرت اور بہت دیر تک رہے۔

پیشاب کے راستے سے خون جاری ہو۔

سل میں منہ سے خون جاری ہو، کھانسی میں خون آئے۔

www.pdfbooksfree.pk

نکسیر زور سے بہے۔

بواسیر کا خون رک جانے پر منہ سے خون آنے لگے۔

زیادتی :۔ شام کے وقت، رات کے وقت۔

مخالف :۔ کافیا۔

مصلح :۔ آرم میکولیٹم۔

طاقت :۔ مدر ٹنکچر سے ۲۰۰ طاقت تک۔

---

# میڈورینم

# MEDORRHINUM

## خصوصی علامات

۱۔ بے حد اعصابیت اور شدید تھکن اور نقاہت کے باعث تمام جسم پر لرزہ۔

۲۔ ضعف اور ناتوانی کی کیفیت۔

۳۔ بات بات پر رو دینے کا میلان۔

۴۔ مختلف اشیاء خورد و نوش کی بے جا لگنے والی خواہش۔

۵۔ ٹانگوں اور پاؤں میں شدید بے چینی اور رعشہ (لرزہ)

۶۔ ہاتھوں اور پاؤں میں جلن (جیسے سُن، سلفر)

۷۔ بڑی بڑی پھولی ہوئی گانٹھوں سے انگلیاں بدوضع ہو جائیں۔

www.pdfbooksfree.pk

## عام استعمال

مزمن سوزاک یا دبے ہوئے سوزاک کے باعث لاحق ہونے والے عوارض کے لئے مخصوص ترین دوا ہے۔

## عمومی علامات

سوزاکی مادہ کے باعث جوڑوں کی مزمن سوزش، وجع المفاصل، نقرس اور امراض نخاع۔ نیز سوزاک کی زہر سے خواتین کے پیڑو میں پلنے عوارض۔

قرحہ جیسے تمام ناگمزہ میں دکھن ہو۔

رکٹس کے شکار پستہ قامت بچے جن کے جسم و دماغ کی نشوونما صحیح طور پر نہ ہو سکی ہو۔

حافظہ کمزور، وقت آہستہ آہستہ گذرتا محسوس ہو۔

بخار میں متواتر پنکھے کی ہوا کی خواہش، چہرے اور گردن سے حرارت کی لہریں اٹھیں، رات کو پسینے آئیں، دق کا بخار۔

**زیادتی:۔** اپنے مرض کا خیال آنے پر، صبح سے شام تک، خشکی پر، آندھی اور طوفان سے، خفیف حرکت سے۔

**کمی:۔** ساحل سمندر پر، معدہ کے بل لیٹنے سے، مرطوب آب و ہوا میں۔

**معاون:۔** سلفر

**مصلح:۔** اپیکاک

**طاقت:۔** صرف اونچی طاقتیں مستعمل ہیں لیکن جلد جلد اور بار بار

www.pdfbooksfree.pk

نہ دہرائی جائیں۔

---

# میزیریم

MEZEREUM

## خصوصی علامات

۱۔ چیچک کے ٹیکے کے اثرات مابعد کے علاوہ پیپ آلود اور خارش والے ابھار۔

۲۔ سر پہ موٹے چھلکے کا سا کھرنڈ جس کے نیچے گاڑھا مواد جمع ہو۔

## عام استعمال

یہ دوا آتشک و خنازیری علامات میں کام آتی ہے خصوصاً جبکہ پردۂ استخوان اور جلد جسم مبتلائے مرض ہوں۔

## عمومی علامات

مریض مراق اور مایوسی کا شکار، لاپرواہ، بات بات پہ غصہ اور پھر پشیمانی۔

آتشک میں پارے کے بیجا استعمال سے پردۂ استخوان کی سوزش یا جوڑوں کے درد، ہڈیوں پہ گلٹیاں۔

بوسیدہ دانتوں میں درد، رات کو درد زیادہ ہو۔

www.pdfbooksfree.pk

زخموں کے اوپر سفید موٹی پپڑیاں جن کے نیچے زرد پیپ جمع ہو۔
بچہ کے چہرے پر تر پھنسیاں جن میں رات کو شدید کھجلی ہو۔
چہرہ سرخ اور سوجا ہوا۔

زیادتی :۔ سرد ہوا میں، رات کو، شام سے لے کر نیم شب تک
گرم تکڑے، چھونے سے، حرکت کرنے سے۔

کمی :۔ گرم ہوا میں۔

مصلح :۔ ایکونائیٹ، کلکیریا، بلاڈونا، کیمفر، کالی آیوڈائیڈ،
مرکیوریس، ہیکس، ولامیکا۔

طاقت :۔ ۶ طاقت سے ۲۰۰ تک اور سادہ۔

---

# میلی لوٹس MELILOTUS

## خصوصی علامات

۱۔ اجتماع خون جس کو سیلان خون سے سکون ہو۔
۲۔ شدید ورمی یا اعصابی دردِ سر جسے نکسیر پھٹنے سے سکون ہو۔
۳۔ نکسیر سے قبل چہرہ پر شدید ترین سرخی، تمتماہٹ اور کنپٹیوں
میں چمکن۔
۴۔ کسی عضو سے سیلان خون سے قبل چہرہ پر شدید سرخی۔

www.pdfbooksfree.pk

## عام استعمال

یہ دوا عام طور پر ایسے اجتماع خون میں نافع ہے۔ جیسے خون کے جاری ہو جانے سے فائدہ ہوتا ہے۔

## عمومی علامات

کسی حصہ یا کسی عضو کی خون کی نالیوں میں اجتماع خون، بھراؤ یا ورم، تشنجی دورے دانت نکلنے کے زمانہ میں، اعصابی بچوں میں، چھوٹے بچوں میں اینٹھن اور مرگی کے دورے۔

قبض، مقعد میں سکڑن، درد اور پاخانہ دقت سے ہو، تپکن، بھراؤ۔ حاجت ندارد تا آنکہ پاخانہ کافی مقدار میں اندر اکٹھا نہ ہو جائے۔

زیادتی:۔ برسات و تبدیلی موسم میں طوفان کی آمد پر، حرکت سے، چار بجے شام کو۔

طاقت:۔ ۶ ایک سے ۳۰ قطرے تک۔

# میورکس

MUREX

## خصوصی علامات

۱۔ آلات تناسل کو ذرا سا چھو دینے سے شدید شہوانی تحریک

www.pdfbooksfree.pk

۲۔ رحم میں چھوٹے کا سا درد۔

## عام استعمال

عام طور پر مستورات کے عوارض گردن رحم کی خرابیاں، اسقاطِ حمل، حیض درد کے ساتھ ہونا، حیض کثرت سے ہونا، سیلان الرحم، ذیابیطس، مستورات میں خواہش جماع نہایت زیادہ، دوران حمل کی تکالیف اور خروجِ رحم وغیرہ میں مستعمل ہے۔

## عمومی علامات

مریضہ زود رنج اور غمگین ہو۔
شام کے وقت پیٹ خالی معلوم ہو (سیپیا)
سن یاس کے زمانہ کی تکالیف (لیکیسس، سیپیا، سلفر)
رحم میں زخم جیسی دکھن، دھڑکن، شانہ اور کہنی میں درد، تھکاوٹ
ٹانگوں میں کمزوری، جلد میں خشکی، حیض بے قاعدہ، سیلان رحم تناسلی اعضاء لٹکے پڑتے ہیں جیسے باہر نکل پڑیں گے۔

زیادتی :۔ خفیف چھونے سے۔
طاقت :۔ نیچے طاقت میں مستعمل ہے۔

www.pdfbooksfree.pk

# ناجا

NAJA

## خصوصی علامات

۱۔ ذہنی خرابی، خودکشی پر مائل ہے۔

۲۔ دل کی تکالیف جن کے ساتھ خشک کھانسی ہو۔

۳۔ بائیں خصیۃ الرحم میں عصبی درد کے ساتھ دھڑکن تیز ہو۔

## عام استعمال

یہ دوا عام طور پر دل کے عوارض میں مستعمل ہے۔

## عمومی علامات

دل کا بڑھ جانا، خشک خراش دار کھانسی کے ساتھ، دل کی اندرونی جھلی میں سوجن ہو اور ساتھ ہی وجع المفاصل کی تکلیفات۔

دل میں شدید چبھن کی دردیں، دھڑکن بہت تیز، دم گھٹتا ہو اور بولنا دشوار ہو۔

درد سر نزلی۔ بعض اوقات اس کے ساتھ ریڑھ میں بھی درد، دل کی دھڑکن تیز، چہرہ نیلگوں ہو۔

www.pdfbookstree.pk

زیادتی :۔ غشیات کے استعمال سے۔

کمی :۔ کھلی ہوا میں، سیر کرنے یا سواری کرنے سے۔

مصلح :۔ اموینا، نکس وامیکا

طاقت :۔ ۶ طاقت سے ۳۰ طاقت تک۔

---

# نکس موسکاٹا NUX MOSCHATA

## خصوصی علامات

۱۔ جسم پر خشکی، پسینہ شاذونادر آئے۔

۲۔ تمام تکالیف میں غنودگی اور نیند کا غلبہ یا غشی کا میلان۔

۳۔ تکالیف غنودگی یا نیند کا غلبہ پیدا کردیں۔

۴۔ منہ میں بے حد خشکی، زبان اس قدر خشک کہ تالو سے چپک جائے۔

## عام استعمال

یہ دوا ان عوارض میں کامیاب ہوتی ہے جن کے ساتھ غنودگی، نیند یا غشی کا میلان پایا جائے اور مختلف اعضاء میں بے حد خشکی ہو۔

## عمومی علامات

ذہنی طور پر مریض کمزور، خیالات منتشر، گھڑی میں خوشی اور

www.pdfbooksfree.pk

گھڑی میں غم زدہ، مزاج یکایک تبدیل ہوتا ہے۔

ہر غذا کے بعد پیٹ تن جائے، آنتوں میں جلن اور خراش، منہ اور گلا خشک، ہر چیز ریاح بن جائے۔

حیض قبل از وقت اور بکثرت، خون گاڑھا اور سیاہ، نیند کے بعد گلا خشک اور کمر میں درد ہو، حیض کی جگہ سفید سیلان۔

خشک ہسٹیریکل کھانسی جب یکایک گلا بیٹھ جائے۔

آنکھیں، منہ، گلا، زبان بےحد خشک۔

اسہال، موسم گرما میں یا موسم خزاں کے وبائی دست یا بچوں میں دانت نکلنے کے زمانہ میں یا خواتین کو حمل کے دوران دست۔

گاڑی میں سواری سے کمر درد، جس پہلو لیٹے اس پہلو میں درد ہو، جسم پر بستری زخم ہوں۔

بخار لرزہ کے ساتھ اور پیاس کے بغیر، پسینہ نہ آئے۔

زیادتی :- ٹھنڈی تر ہوا سے، سردی کھانے سے، سرد پانی سے دھونے سے، درد والی کروٹ لیٹنے سے، حرکت سے۔

کمی :- گرمی سے، خشک موسم سے۔

مصلح :- کیمفر، جلسی میم، نکس وامیکا، اپیکاک، ویلیریانہ، زنکم۔

طاقت :- پہلی طاقت سے ۳۰ طاقت تک نیز ۲۰۰ طاقت

www.pdfbooksfree.pk

# نکس وامیکا

NUX VOMICA

## خصوصی علامات

۱۔ مریض جھگڑالو، کینہ ور اور بد خواہ ہو یا دبلا پتلا، غصہ ور اور اعصابی طبیعت والا ہو۔

۲۔ بے حد ذکی الحس بیرونی اثرات، شور، خوشبویات، روشنی یا راگ رنگ سے (نکس موسکاٹا)

۳۔ معمولی تکلیفات بھی ناقابل برداشت ہوں (کیموملا)

۴۔ جو مریض پہلے ایلوپیتھک دوا استعمال کر چکے ہوں، ان کا علاج شروع کرنے کے لئے یہ ایک کارآمد دوا ہے، بشرطیکہ بالمثل بھی ہو۔

۵۔ تشنجی دورے ہوش وحواس کے ساتھ جذباتیت سے، چھونے سے یا حرکت سے

۶۔ دردِ زہ شدید دورہ والے جو پاخانہ پیشاب کی حاجت پیدا کریں۔

## عام استعمال

یہ سب سے بڑی روزمرہ کی دوا ہے کیونکہ اس کی بہت

www.pdfbookstree.pk

سی علامات بیشتر تمام امراض میں پائی جاتی ہیں۔

## عمومی علامات

سر میں چکر کھانے کے دوران یا کھانے کے بعد، دردِ سر اور اس کے ساتھ متلی خاص کر کھانے کی خرابی کے باعث۔

صبح کو آنکھوں کے پپوٹے چپک جاتیں، صبح سے دوپہر تک روشنی برداشت نہ ہو اور سہ پہر کو مریض مزے سے دیکھے۔

صبح کے وقت کانوں میں گڑگڑاہٹ اور درد۔

زکام ناک سے دن میں بہتا ہے اور رات کو خشک ہو جائے۔

دانتوں، مسوڑھوں اور چہرہ کی ہڈیوں میں درد۔

کھانسی جو ٹھنڈی ہوا سے یا محنت مشقت سے زیادہ ہو۔

منہ کا ذائقہ کڑوا، صبح کو کڑوے کھٹے ڈکار، بھوک ہو مگر کھانے کو جی نہ چاہے، کھانے کے بعد متلی، حاملہ کی متلی، معدہ میں دبانے سے درد، پیٹ میں جلن، حوالی جگر میں کوچن۔

دائمی قبض، اجابت نامکمل ہو، پیچش، ناف کے نیچے درد، مقعد پر جلن، پاخانہ میں خون اور آؤں ہو، بواسیر بادی یا خونی۔

پیشاب کم یا جلتا ہوا، درد کے ساتھ، دردِ گردہ جو اعضائے تناسل اور ٹانگ تک ہو۔

خرطہ میں درد داہنی جانب، حیض بے قاعدہ، کبھی جلدی، کبھی

www.pdfbooksfree.pk

دیر سے کبھی بہت کم کبھی بکثرت، سفید سیلان، رحم درد کے ساتھ، اوپر اٹھنے یا دباؤ ڈالنے سے خروجِ رحم۔

خشک کھانسی آدھی رات کے بعد

ہاتھ پیروں کی یکایک ناطاقتی صبح کے وقت، یا سُن ہو جائیں، چلنے میں گھٹنے آواز دیں۔

بخار لرزہ کے ساتھ، بخار کے دوران نم معدہ پر کچھ حصّہ چھونے سے سرد معلوم ہو۔

**زیادتی:۔** صبح کے وقت، دماغی محنت سے، کھانے سے یا زیادہ کھانے کے بعد، مصالحہ دار، منشی اشیاء، چھو جانے سے، شور و غل سے، خشک موسم سے۔

**کمی:۔** شام کو، آرام سے، لیٹنے سے، نم اور نرم موسم سے

**معاون:۔** کلکیریا، کالی کارب، سیپیا، سلفر۔

**مخالف:۔** ایسٹک ایسڈ، اگنیشیا، زنکم، سٹینم۔

**مصلح:۔** ایکونائٹ، کیمفر، کیموملا، کافیا، اگنیشیا، پلساٹیلا۔

**طاقت:۔** ۳ طاقت سے ۲۰۰ تک اور اوپر

نازک مزاج افراد کو یہ دوا صبح کو نہار منہ نہ دینا چاہیئے۔ اور نہ ہی کھانا کھاتے یا دماغی محنت کے فوراً بعد دینا چاہیئے۔ اس کے استعمال کے بعد ہی کچھ کھانا پینا یا دماغی کام دو گھنٹے کے وقفہ سے ہونا چاہیئے۔ اس کے استعمال کا بہترین

www.pdfbooksfree.pk

وقت سونے سے کچھ پہلے یا چار گھنٹہ قبل ہے۔

---

# نیٹرم سلف NATRUM SULPH.

## خصوصی علامات

۱۔ تکالیف جو موسم کی یا ماحول کی مرطوبیت سے پیدا ہوں یا بڑھیں۔

۲۔ مریض پست حوصلہ ہو، خوش کن گانے سے بھی غم زدہ ہو جائے۔

۳۔ دماغی چوٹیں۔

۴۔ پھوڑوں پر چھوٹے چھوٹے آبلوں کی طرح دانے۔

۵۔ دست، پہلی بار اٹھنے پر یا پاؤں پر کھڑا ہونے پر۔

۶۔ سوزاک، سبزی مائل زرد اور بے درد۔

۷۔ بچوں میں تر دمہ جو ہر مرطوب موسم کی تبدیلی کے ساتھ آ جائے۔

۸۔ سائیکوٹک نمونیہ، بائیں پھیپھڑے کا نچلا حصہ متاثر ہو۔

۹۔ ورم دماغ کے باعث دماغ کی جڑ میں شدید کھچنے اور نوچنے والے درد۔

www.pdfbooksfree.pk

## عام استعمال

مرطوب آب و ہوا یا مرطوب مکان و نم دار جگہ میں رہنے سے یا صفراوی اثرات سے جو عوارض لاحق ہوں ان کے لئے خصوصی طور پر مستعمل و مفید ہے، مریض کو موسم برسات برا لگتا ہے۔

## عمومی علامات

اسہال جو علی الصبح زیادہ ہوں، پیٹ میں گڑگڑاہٹ ہو اور ریاح بولتے ہوں، تھوڑا چلنے پھرنے سے اسہال زیادہ ہوں، دست آنے کے ساتھ، ریح کے باعث پٹ پٹ کی آواز پیدا ہو۔

اسہال یا دمہ کی تکالیف موسم برسات میں زیادہ ہوں۔

مزمن دمہ میں تر کھانسی ہو، سینہ کے بائیں جانب دکھن ہو، جس کے باعث مریض کو اٹھ کر بیٹھنا پڑے۔

زیادتی :۔ بائیں طرف لیٹنے سے، نمی سے، نم دار موسم سے۔

کمی :۔ خشک موسم سے، دبانے سے، پہلو بدلنے سے۔

معاون :۔ آرسینکم البم، تھوجا، بیلاڈونا، نیرم مسلیکم، فاسفورس، نیٹرم میوریم۔

طاقت :۔ ۳ طاقت سے ۲۰۰ طاقت تک

www.pdfbooksfree.pk

# نیٹرم میور

NATRUM MUR.

## خصوصی علامات

۱- کمیٔ خون اور بگڑی ہوئی مزاجی کیفیت رطوبات زندگی کے ضائع ہونے سے۔
۲- بے حد لاغری، باوجود اچھی غذا کھانے پینے کے۔
۳- درد سر طلوع آفتاب سے غروب آفتاب تک۔
۴- درد سر جو آنکھوں میں دھندلا پن کے ساتھ شروع ہو۔
۵- زبان پر نقشہ سا یا سُرخ بکھرے ہوئے چھٹے۔
۶- اثرات نمک کے زیادہ استعمال کے۔
۷- بخار کے آبلے موتیوں کی طرح۔

## عام استعمال

خون کی کمی، نوبتی بخار، شدید قبض، مزمن درد سر، منہ ہونٹوں یا زبان کی خشکی یا سن ہو جانا، اچھی سے اچھی غذا جسم کو طاقت نہ پہنچائے، ہاضمہ اور پیٹ کی خرابیاں یہ کیفیات ہوں تو مستقل مفید ہے۔ مالیخولیا، وہم، مایوسی

www.pdfbooksfree.pk

استسقا، سیلان الرحم وغیرہ میں بھی حسب علامات نافع ہے۔

## عمومی علامات

طبیعت گری رہنا، بدمزاجی، ذرا ذرا سی بات پر ناراض ہو، سر چکرائے، ذہن میں الجھاؤ، سر کے بال گریں۔

پپوٹوں میں بے حد سرخی اور دکھن، آنکھوں سے پانی گرے۔

کانوں میں درد اور کوچین، جھنجھناہٹ، گنگناہٹ، کان سے لے کر گردن اور کندھے تک درد۔

ناک کی ہڈی میں درد، ناک پر دانے۔

ہونٹ سوجے ہوئے، آبلے پڑے ہوئے، ہونٹ پھٹے ہوئے، زبان بھاری اور آبلہ دار، جلندار، نصف زبان سُن اور جکڑی ہوئی۔ مسوڑھوں سے خون آئے۔

دانت میں درد جو ہوا لگنے سے بڑھے۔

ہاضمہ خراب، خم معدہ میں دکھن۔

پاخانہ سخت قبض کے ساتھ یا پھر پتلے دست پانی جیسے۔

مردوں میں خواہش جماع زیادہ مستورات میں حیض کی خرابیاں اور سیلان الرحم۔

خشک نزلہ، صبح کو بلغم گرے۔

پیٹھ، ہاتھ، پیر یا کرلھوں میں کمزوری سوجن جکڑان یا درد۔ عرصہ تک رہنے والے سخت لرزہ کے ساتھ بخار۔

زیادتی:۔ دس یا گیارہ بجے صبح گرمی سے، سمندری ہوا

www.pdfbooksfree.pk

سے ، بات چیت یا مشقت سے۔
کمی :۔ کھلی ہوا میں ، ٹھنڈے پانی سے دھونے سے بیٹھنے سے ، فاقہ کرنے سے۔

معاون :۔ ایپس ، کیپسی کم ، سیپیا ، اگنیشیا۔

مصلح :۔ آرسینکم البم ، کیمفر۔

طاقت :۔ ۳ سے ۳۰ ، ۲۰۰ اور اوپر۔

# نیفالیم GNAPHALIUM

## خصوصی علامات

۱۔ عرق النسا ( لنگڑی کا درد ) جب متاثرہ حصہ جسم میں سُن ہونے کا میلان ہو۔

۲۔ پیڑو بھرا بھرا اور بوجھل محسوس ہو۔ حیض وقت سے آ جائے۔

۳۔ کولہے سے لے کر ٹخنے تک کے عصب میں شدید درد ، یکے بعد دیگرے سُن ہونے اور درد کا میلان۔

## عام استعمال

یہ دوا خصوصی طور پر عرق النسا اور وجع المفاصل میں مستعمل ہے۔

www.pdfbooksfree.pk

# عمومی علامات

عرق النسا رجیکر عضو ماؤف میں درد کے ساتھ سُن ہو جانا بھی ہو، وجع المفاصل اور صبح کے اسہال۔

دونوں طرف رخساروں کی ہڈی میں رہ رہ کر درد ہو۔

پیٹ کے مختلف حصّوں میں قولنجی درد، بچوں میں ہیضہ کی قسم کے دست اور قے، مثانہ کی غدود میں اشتعال۔

مستورات کے پیڑو میں ایسا معلوم ہو کر بھرا ہوا ہے اور بوجھ ہو، حیض درد اور کمی کے ساتھ۔

کمر میں مزمن درد، پیٹھ کی طرف سہارا لگانے سے درد کم ہو۔ کمر میں درد اور سُن ہو جانا، پیڑو کے نچلے حصّہ پر بوجھ، بستر میں لیٹنے پر پنڈلیوں، ٹانگوں اور پیر میں تشنجی درد ہو، ٹخنوں کے جوڑ اور ٹانگوں میں وجع مفاصل۔ پنڈل اور پیر میں بار بار درد ہوں، پاؤں کے نیچے میں گٹھیا وی درد، ٹانگیں پیٹ کی طرف سکیڑ لینے سے افاقہ محسوس ہو، گٹھیا کے باعث ہڈی کا بڑھ جانا، ران کے اندرونی جانب عصبی درد، جوڑوں میں درد جیسے ان میں روغنیت کا نقدان ہو، کمر اور گردن کے پٹھوں میں مزمن مفاصلی درد۔

طاقت:- ۳ سے ۳۰ طاقت تک مستعمل ہے۔

---

www.pdfbooksfree.pk

# وربسکم

VERBASCUM

## خصوصی علامات

۱۔ نزلہ و زکام جس کے ساتھ نوتی درد اعصابہ ہو۔
۲۔ چہرے کے عصبی درد جیسے متاثرہ حصے کچلے جا رہے ہوں۔
۳۔ آواز کا بیٹھ جانا۔
۴۔ پیشاب کا غیر ارادی طور پر اخراج۔
۵۔ ٹانگوں کے جوڑوں میں سختی اور دکھن۔

## عام استعمال

یہ دوا کانوں، نظام تنفس اور مثانہ سے تعلق رکھنے والے اعصاب کے عوارض میں مستعمل ہے۔

## عمومی علامات

چہرے کی ہڈیوں میں اعصابی درد، ایسا معلوم ہو کہ کسی نے ہڈیوں کو کچل دیا، بولنے، چھینکنے اور حرارت کی تبدیلی سے درد زیادہ ہو، کان میں درد، بہرا پن، بواسیر، آواز بیٹھی ہوئی، رات کو کھانسی آئے، دمہ، پیشاب قطرہ قطرہ ٹپکا کرے۔

www.pdfbooksfree.pk

درد سر، خشک کھانسی، آواز بیٹھ جانے میں مفید ہوتی ہے۔
مسوڑوں کے اوپر درد، لڑکوں کا مزمن نزلہ اور کھانسی، دمہ میں
بھی مفید ہوتی ہے۔ اسے مولین آئیل کی شکل میں بہرے پن کے
لئے استعمال کرتے ہیں۔

ہاتھ کے انگوٹھے کی جڑ میں موچ کا درد، کھڑے ہونے میں داہنے
پیر کے تلوے میں تشنج بوجہ جوکر چلنے سے غائب ہو جائے۔

کھانا کھانے کے بعد پیشاب بہت آئے، بچے بستر پہ پیشاب
کر دیا کریں۔

داہنے پیر میں، ٹخنے اور تلوے میں دکھن، ٹانگیں بھاری،
انگوٹھے سُن ہوں۔

**زیادتی :۔** موسمی ٹمپریچر (درجہ حرارت) کی تبدیلی سے، گفتگو سے،
چھینکنے سے، دانت بھینچنے سے، ۹ بجے صبح سے ۴ بجے شام
تک۔

**طاقت :۔** مدر ٹنکچر اور چھوٹی طاقتیں۔

---

www.pdfbooksfree.pk

# VERATRUM ALBUM ویریٹرم البم

## خصوصی علامات

۱۔ امراض جن میں قوت حیات اور دوسرے جسمانی قویٰ جلد جلد کم ہوتے جاتے ہوں، مکمل نقاہت مردنی کی سی۔

۲۔ قریباً تمام تکالیف کے ساتھ پیشانی پہ ٹھنڈا پسینہ۔

۳۔ چاند پہ برف کے ڈھیلے کا احساس ٹھنڈک کے ساتھ (سیپیا)

۴۔ چہرہ پیلا، نیلا، آنکھیں اور چہرہ کھنچ جاتے اور مردہ کی سی شکل بن جاتی ہے۔

۵۔ ترش اور فرحت بخش اشیاء کی خواہش۔

۶۔ جسم کے کسی حصہ کی برف کی سی ٹھنڈک۔

۷۔ شدید قے زیادہ مقدار میں دستوں کے ساتھ۔

۸۔ ورمی یا فاسد ملیریا بخاروں میں، بے حد سردی اور پیاس کے ساتھ چہرہ ٹھنڈا اور مردوں جیسا۔

## عام استعمال

ہیضہ کا پہلا اور دوسرا درجہ، نمونیہ، دمہ، برانکائٹس، تپ محرقہ، ملیریا وغیرہ میں ہونے والی مردنی کی سی نقاہت اور

www.pdfbooksfree.pk

ٹھنڈے پسینے نیز جنون، برسوق، دیوانگی وغیرہ متعدد عوارض میں حسب علامات مفید ہے۔

## عمومی علامات

ذہنی طور پر دیوانگی کی کیفیت، ہر چیز کو کاٹنا چاہتے، مراق۔

درد سر متلی اور قے کے ساتھ، دماغ کے اندر جلن لیکن سر پہ سرد پسینہ، چاند پہ سردی، سر کا بھاری پن، دبانے سے افاقہ ہو۔

آنکھیں اندر دھنسی ہوئی، پپوٹے مفلوج، دوہری نگاہ، دھندلی نظر، آنکھوں کے سامنے سیاہ نکتے اور چنگاریاں گھومیں۔

چہرہ سرد، اترا ہوا، نیلگوں، بدشکل، پیشانی پہ سرد پسینہ۔

زبان سرخ، سوجی ہوئی یا سیاہ کھنچی ہوئی، حلق میں رکاوٹ یکایک نیز جلن اور کھرکھراہٹ۔

ٹھنڈے مشروب نیز ترش اور مفرح اشیاء مثلاً پھل وغیرہ کی خواہش۔

متواتر متلی اور قے، جس کے ساتھ پتلے دست نہایت کمزور کرنے والے، معدہ میں جلن۔

قبض مقعد کے فعل نہ کرنے سے، بچوں میں پتلے دست یا سبز سیاہی مائل پاخانہ جس کے ساتھ چہرہ زرد ہو اور ٹھنڈے پسینے آئیں۔

پیشاب سبزی مائل یا سرخی مائل تھوڑا تھوڑا۔

www.pdfbooksfree.pk

حیض کے وقت درد، قے اور دست مع سرد پسینہ کے۔

دفعتہً کھانسی دم گھٹنے والی

بخار لرزہ کے ساتھ جو دیر تک رہے۔ اندرونی جلن اور باہر

چہرہ، ہاتھ، پیر سرد اور ساتھ ہی ٹھنڈا لیس دار پسینہ۔

مرض خواہ کچھ بھی ہو اگر ساتھ سردی کمزوری اور سرد لیسدار پسینہ

موجود ہو تو ویریٹرم البم کا خیال کرنا چاہیے۔

**زیادتی:۔** حرکت سے، پینے سے، حیض سے قبل اور دوران میں،

پاخانہ کے وقت، پسینہ کے وقت، ڈر سے۔

**معاون:۔** آرنیکا

**مصلح:۔** ایکونائیٹ، آرسینکم، کیمفر، چائنا، سٹافی سگریا،

کافیا۔

**طاقت:۔** ۶ طاقت سے ۳۰ طاقت تک۔

---

# ویریٹرم ویرائیڈ

# VERATRUM VIRIDE

## خصوصی علامات

۱۔ ورم اور اجتماع خون دماغ کی جڑ میں، سینہ میں، ریڑھ

اور معدہ میں۔

۲۔ ورمی سکتہ میں نبض مدھم، بھری ہوئی لوہے کی طرح سخت۔

www.pdfbooksfree.pk

۳- ورم دماغ کے ساتھ تشنجی دورے۔

۴- ریشہ اور دماغ کے ورم کے ساتھ ٹھنڈا چپچپا پسینہ۔

۵- زبان سفید یا زرد اور بیچ میں سرخ لکیر۔

۶- نبض بے قاعدہ، مدھم، نرم، کمزور۔

## عام استعمال

حاد امراض جیسے شریانوں میں خون کا جوش ہو یا اجتماع خون ہو، نبض تیز اور بھری ہوتی، اکثر پسینہ، ابکائیاں اور قے بھی ہو تو یہ دوا کارآمد اور مفید ہوتی ہے۔

## عمومی علامات

دماغ میں اجتماع خون، سر پھٹتا ہوا محسوس ہو، خواہ یہ اجتماع خون کثرت خون کے باعث یا لُو لگنے اور ورم دماغ کے سبب۔

سرسام کا ابتدائی درجہ، ابکائیاں، قے۔

نمونیہ جس کے ساتھ معدہ کی اکساہٹ شامل ہو، پسینہ بکثرت۔

خسرہ میں بھی اس دوا کا نمایاں اثر ہوتا ہے۔

شدید برانکائٹس اور دمہ، بخار تیز، ابکائی، قے۔

پرسوت میں پردہ صفاق کی یا خصیۃ الرحم کی سوزش، ورم رحم، تشنج چہرہ نیلا، ہذیان، متلی۔

ذات الجنب، سوزش جگر، ورم گردہ، سوزش مثانہ کا ابتدائی

www.pdfbooksfree.pk

درجہ:۔

بخار، صبح کو حرارت کم شام کو تیز، گھٹتا بڑھتا بار بار۔

زیادتی:۔ حرکت سے، صبح جاگنے پر، شام کے وقت۔

کمی:۔ کھٹنے سے، دبانے سے۔

طاقت:۔ ۳ طاقت سے ۳۰ طاقت تک

---

# ویریولینم VARIOLINUM

## خصوصی علامات

۱۔ چیچک کا حملہ یا اندیشہ

## عام استعمال

چیچک کے علاج کے لئے یا چیچک سے بچاؤ کے لئے مستعمل ہے۔

## عمومی علامات

چیچک کا حملہ ہو چکا ہو یا اس کا احتمال ہو۔

گدی میں درد، پھیپھڑے سوجے ہوئے، نمونیا، غرض نزلہ، بدن پر آبلے۔

www.pdfbooksfree.pk

سانس لینے میں تکلیف، حلق بند محسوس ہو اگر یں سخت درد
بے چینی، درد کمر سے ہٹ کر پیڑو میں چلا جائے۔
کلائی میں بائی کا درد، ٹانگوں میں درد، تھکن، تیز بخار، مواد بھر
جانے، بدبودار پسینہ۔

مصلح :۔ انٹیم ٹارٹ، میلنڈریم، فقوجا، وکسینم
طاقت :۔ ۳۰ طاقت سے ۲۰۰ طاقت تک اور اوپر۔

---

# ہائپریکم

HYPERICUM

## خصوصی علامات

۱۔ زخمی ہو جانے پر جھٹکا کا اندیشہ۔
۲۔ بہت زیادہ حساس اعصاب کے مقام پر چوٹ یا زخم۔

## عام استعمال

اعصابی ضرب یا زخم وغیرہ کے درد کے لئے مستعمل ہے۔

## عمومی علامات

چوٹ لگ جانے کی وجہ سے اعصاب کو سخت نقصان پہنچ جائے

www.pdfbooksfree.pk

ریڑھ اور دماغ میں ضرب آنے کے اثرات مابعد۔

کسی کیل، کانٹے یا نوکیلی چیز سے انگلیوں وغیرہ پہ زخم ہو۔

ورم عصب کے ساتھ جلن اور درد

کسی ضرب کے باعث دردِ سر یا ورم دماغ۔

جلد پہ پسینہ بکثرت، ضربات کے باعث بالخصوص۔

زیادتی :۔ بند کمرے میں، کھرچنے سے۔

کمی :۔ سر پیچھے کی طرف جھکانے سے۔

مصلح :۔ آرسینکم البم، کیمومیلا۔

خوراک :۔ پہلی طاقت سے ۶ طاقت تک۔

---

# ہائیڈراسٹس HYDRASTIS

## خصوصی علامات

۱۔ تار دار رطوبتوں کے اخراج۔

۲۔ معدہ میں کمزوری کا احساس۔

۳۔ ہاضمہ اور جگر کی خرابیوں، کمزوری اور لاغری۔

## عام استعمال

ہاضمہ کی خرابیوں، انزلاری کیفیات، لیکوریا اور کینسر میں مستعمل ہے۔

www.pdfbooksfree.pk

# عمومی علامات

نتھنوں سے زرد رنگ گاڑھی رطوبت کا بکثرت اخراج جس میں تار موجود ہوں۔

نزلاوی رطوبت دماغ سے حلق میں گرتی محسوس ہو، حلق یا تالو سے کھنکارنے پر زرد رنگ کا تاردار بلغم خارج ہو، آتشکی حلق یا پارہ اور سلفیٹ آف پوٹاشش وغیرہ کے استعمال کے اثراتِ بد۔

شراب کے بکثرت استعمال سے صحت تباہ ہونے پر ہاضمہ اور جگر کی خرابیاں۔

لیکوریا یعنی سیلان الرحم، تاردار، گاڑھا، لیس دار، زرد جو شرمگاہ کے منہ سے لمبے لمبے تاروں کی طرح لٹک جاتے (کالی بائیکرام) شرمگاہ میں کھجلی۔

کینسر سخت، جلد میں چپکی ہوتی گانٹھ، جلد پر داغ اور دھبے، جلد سکڑی ہوتی، درد چاقو کے سے تیز کاٹنے والے۔

مستورات میں سرپستان اندر دھنسے ہوئے، دودھ پلانے والی عورتوں کا منہ آجاتے، زبان بڑی جس پر دانتوں کے نشان ہوں۔

زیادتی:۔ رات کی گرمی سے، نہانے سے، خشک تیز ہوا سے،

کمی:۔ دبانے سے

مصلح:۔ سلفر

طاقت:۔ مدر ٹنکچر سے ۳۰ طاقت تک۔

www.pdfbooksfree.pk

# ہائیڈروکوٹائیل HYDROCOTYLE

## خصوصی علامات

۱۔ جذام کے اثرات

۲۔ مختلف جلدی عوارض

## عام استعمال

متعدد جلدی تکالیف میں عام طور پر مستعمل ہے۔

## عمومی علامات

ذہنی طور پر مریض مغموم ہے، سر میں بھاری پن، تھکن اور طبیعت کا گرے رہنا۔

غذا سے نفرت، پیٹ میں ریاح (نفخ)، جگر کی خرابی۔

مستورات کو اندام نہانی کے اندر گرمی معلوم ہو اور یہ کھجلی اور کرچن ہو۔

جلد پر زہر باد کی سی سرخی، سرخ چکتے، جلد موٹی ہو گئی ہو، جلد پر سفنے ٹہنگے ہوں، سفید دانے نکلیں، تلووں میں ناقابل برداشت کھجلی، آتشکی مادہ ہو، کوڑھ یا نیل پا کا مادہ۔

www.pdfbooksfree.pk

یہ دوا ٹیں یا، کوڑھ، اکزیما، جلد کا موٹا ہو جانا وغیرہ میں بہت کامیابی سے استعمال کی گئی ہے۔

طاقت:۔ مدر ٹنکچر اور ۶ طاقت۔ نیز ۲۰۰ طاقت بھی بہت مفید ثابت ہوتی ہے۔

---

# ہائیوسیامس

HYOSCYAMUS

## خصوصی علامات

۱۔ امراض جن میں دماغی چستی بڑھ جائے، لیکن کسی قسم کی ورمی کیفیت موجود نہ ہو۔

۲۔ جسم کے ہر عضلہ میں آنکھوں سے پاؤں کے انگوٹھے تک تشنج

۳۔ خوف اشک ہو کسی سازش کے ہونے کا۔

۴۔ شہوانی جنون، بے حیائی، کپڑا نہ پہنے، ننگا رہے، یا ننگا ہو جائے۔

۵۔ کھانسی جو لیٹنے پر بڑھ جائے اور اٹھ کر بیٹھنے سے کم ہو۔

۶۔ شدید ہیجان، چڑچڑے اور غصیلے انسانوں کی، جو کاروباری پریشانیوں کے باعث ہو۔

۷۔ بخار جو جلد ہی ٹائیفائڈ بن جائے۔

www.pdfbooksfree.pk

# عام استعمال

اس دوا کا اثر اعصاب پر ہوتا ہے، مریض مالیخولیا کی مجسم تصویر ہو، طبیعت جھگڑالو، مخبوط الحواس، بے شرم اور بے حیا ہو، پٹھوں میں اینٹھن، سرسامی حالت اور اعصاب کی کمزوری سے متعلق عوارض میں مستعمل و مفید ہے۔

# عمومی علامات

بچوں میں تشنجی دورے، خوف یا آنتوں میں کیڑوں کے باعث ہسٹیریا یا لرزہ والا ہذیان، مریض بے چینی کے ساتھ بستر سے کود پڑے اور بھاگنے کی کوشش کرے۔ سوالات کا جواب بالکل مہمل اور بے تکا دے، خیال کرے کہ وہ غلط مقام پر ہے، خیال کاموں کے متعلق بات چیت کرے۔

خوف، اکیلا ہونے سے، زہر دیئے جانے کا، کاٹے جانے کا۔

اثرات بد محبت ناکام ہونے کے، حسد، غصہ، بے تکی بات چیت اکثر اس کے بعد مرگی ہو۔

شہوانی جنون، ننگا پڑا رہے اور بک بک کرے۔

فالج مثانہ، وضع حمل کے بعد، پیشاب کے رک جانے کے ساتھ۔

بخار میں سرسامی کیفیت، ہوا میں اڑتے ذرات کو پکڑے یا بستر کو نوچے۔

www.pdfbooksfree.pk

زیادتی :۔ رات کو حیض کے دوران، کھانے کے بعد، لیٹنے سے۔

کمی :۔ جھکنے سے۔

مصلح :۔ ایسیٹک ایسڈ، بیلاڈونا، چائنا، سٹرامونیم۔

طاقت :۔ ۶ طاقت سے ۲۰۰ طاقت تک۔

## ہیپر سلفر

HEPAR SULPH.

### خصوصی علامات

۱۔ ذرا سی چوٹ بھی پک جائے۔

۲۔ پیشاب کی دھار بہت آہستہ آہستہ بغیر زور یا طاقت کے نکلے۔

۳۔ ذکی الحسی جسمانی اور دماغی۔

۴۔ حد سے زیادہ ذکی الحسی ٹھنڈی ہوا سے۔

۵۔ جلد میں ذکی الحسی چھونے سے یا کپڑا مس ہونے سے۔

### عام استعمال

جہاں پیپ خارج کرنی مقصود ہو، یہ دوا پیپ بننے کو روکتی

www.pdfbooksfree.pk

بھی ہے۔ مگر جب پیپ پڑگئی ہو تو اسے جلد خارج کر کے زخم کو مندمل کرتی ہے۔ نزلی دردِ سر، نمونیہ، خناق، سرخ بخار کے بعد استسقاء ہو، لوزتین کا بڑھ جانا، پرانے آتشکی عوارض، جگر کا بڑھ جانا، بواسیر آنکھوں کے امراض غدودوں کے عوارض اور پارے کے استعمال کے برے اثرات مابعد وغیرہ کے لئے مستعمل و مفید ہے۔

## عمومی علامات

مریض شام کے وقت افسردہ ہو، معمولی سی بات سے رنجیدہ ہو جائے۔ رونے پہ آمادہ ہو۔

سر میں خاص کر داہنی کن پٹی میں میخ ٹھونکنے کا سا درد، ناک کی جڑ میں درد، سر کے بال گر کر گنج ہو رہا ہو، سر پہ کھجلی والے دانے آنکھوں میں ورم اور درد۔

کان سے بدبودار پیپ خارج ہو۔

چہرے کی ہڈیوں میں چھونے سے درد ہو، زہر بادی چھالے باچھوں میں۔

مسوڑھوں سے بآسانی خون نکل پڑے، دانت میں درد جو گرم کمرے میں یا دبانے سے زیادہ ہو۔

ترش اور مصالحہ دار اشیاء کی رغبت، مرغن اشیاء سے نفرت پیٹ میں ریح کا اجتماع، ران کے غدود میں سوجن۔

پتلا پاخانہ بھی دقت سے خارج ہو، دست پتلے، غیر منہضم شدہ،

www.pdfbooksfree.pk

سفید یا مٹی کے رنگ کے پاخانے۔ پیشاب جلن کے ساتھ آئے، پیشاب جلن کے ساتھ آئے، پیشاب کی نالی کا منہ متورم اور پیپ آئے۔

خشک کھانسی ۔ ذات الجنب میں کھانسی صبح کو زیادہ ہو۔

بسہری کا ابتدائی درجہ ، بغل کی گلٹیوں کا پکنا۔

لرزہ وتپ پیاس کے بغیر یا پیاس کے ساتھ، ذرا سی حرکت پر پسینہ آجائے۔

جلد ناتندرست ، خفیف چوٹ بھی پک جائے۔

زیادتی :۔ درد کے پہلو لیٹنے سے، ٹھنڈی ہوا سے، کپڑا اتارنے سے، چھونے سے۔

کمی :۔ گرمی سے، کپڑا لپیٹنے سے خاص کر سر کو، کھانے کے بعد۔

معاون :۔ کیلنڈولا

مصلح :۔ ایسٹیک ایسڈ، بیلاڈونا، کیمومیلا، سلیشیا۔

طاقت :۔ ۱ سے ۲۰۰ تک (چھوٹی طاقتیں پھوڑوں کو پکاتی ہیں۔ اور بڑی طاقتیں بٹھاتی ہیں۔)

---

www.pdfbooksfree.pk

# ہیکلا لاوا HECLA LAVA

## خصوصی علامات

۱۔ ہڈیوں کی سوزش، ابھار یا سرطان۔
۲۔ دانتوں اور مسوڑھوں کی تکالیف۔

## عام استعمال

جبڑوں، مسوڑھوں اور دانتوں کے عوارض میں عام طور پر مستعمل ہے اور مفید بھی۔

## عمومی علامات

مسوڑھوں کے پھوڑے، ہڈی کا غیر معمولی ابھار، دانت نکلنے کی تکلیف، ہڈیوں کا تحجر یعنی سخت ہو جانا، ہڈیوں کی سوزش، ہڈیوں کے سرطان اور ہر قسم کی رسولیاں۔

ناک کی ہڈی میں زخم، کھائے ہوئے دانت کی وجہ سے چہرہ میں عصبی درد ہوتے ہوں۔ دانت درد کے ہمراہ جبڑے کے قریب سوزش ہو،

www.pdfbooksfree.pk

جبڑے کی ہڈی شدہ گئی ہو، مسوڑھوں میں پھوڑا ہو، گردن کے غدود بڑھے ہوئے اور سخت ہوں۔

طاقت :۔ چھوٹی طاقتیں ہی عام طور پہ مستعمل ہیں۔ اس کا منبع ہی بنا کر استعمال کیا جاتا ہے۔

# ہیمامیلس

# HAMAMELIS

## خصوصی علامات

۱۔ وریدوں میں ورم آنے کا میلان، ماؤفہ حصص میں چوٹ لگنے کا سا اور پھوڑے کا سا درد۔

۲۔ چوٹوں سے آشوب چشم، آنکھوں میں شدید پھوڑے کا سا درد۔

۳۔ سیاہ رنگ کا سیلانِ خون جسم کے کسی مخرج سے۔

## عام استعمال

جسم کے کسی بھی مخرج سے وریدی (سیاہ) سیلانِ خون ہو تو یہ دوا مستعمل و مفید ہوتی ہے۔ علاوہ بریں استقاطِ حمل کے سیلانِ خون کو روکنے کے لئے اور خونی بواسیر کے لئے بہت کارآمد ہے۔

www.pdfbooksfree.pk

# عمومی علامات

سر میں درد جس کے ساتھ غفلت ہو، گردن، ماتھا اور سر بوجھل معلوم ہو، آنکھ کے پردے پہ خون کا اجتماع۔

ناک سے خون کا بکثرت استعمال، جس سے دماغ ہلکا ہو۔

حلق کے غدود دکھتے ہوئے ہوں، مسوڑھے سوجے ہوئے ہوں، جن سے خون نکلے۔

پیشاب سے خون جاری ہو، گردوں میں اجتماعِ خون، فوطہ کا ورم، فوطہ کی رگ میں درد ہو جو فوطے سے ران تک ہو۔

حیض جھیک دار خون والا جو جم نہ سکے۔

پھیپھڑوں سے خون آنا، کھانسی کے ساتھ خون جیسے ذائقہ والا بلغم خارج ہو۔

رگوں کا اجتماعِ خون سے پھول جانا اور ان سے ادرارِ خون، بواسیر، دکھن اور درد والی، خونی بواسیر۔

زیادتی :- گرم ہوا سے، تر ہوا سے، لیٹنے سے، دوپہر کے بعد، آگے جھکنے سے۔

کمی :- شام کو، گھر سے باہر۔

معاون :- فیرم میٹلیکم

مصلح :- آرنیکا، کیفیا، چائنا، پلساٹیلا۔

طاقت :- مدر ٹنکچر سے ۳۰ طاقت تک

www.pdfbooksfree.pk

# یوپٹوریم پرف
EUPATORIUM PERF.

## خصوصی علامات

۱۔ شرابیوں کی صحت کی تباہ شدہ کیفیت۔
۲۔ تمام جسم میں چوٹ کا سا احساس یا ایسا معلوم ہو کہ تمام جسم ٹوٹا پڑا ہے۔
۳۔ ہڈیوں کے درد، پیٹھ میں، سر میں، سینہ میں۔
۴۔ آنکھوں کی پتلیوں میں درد بجائے پھوڑے کا سا درد۔
۵۔ زکام جس کے ساتھ ہڈی ہڈی میں درد ہو۔
۶۔ بخار، جس کے ساتھ ہڈیوں میں درد ہو۔

## عام استعمال

نقرس، انفلوئنزا، ایسے عوارض کے لئے مستعمل و مفید ہے جن میں ہڈیاں اور پسلیاں درد کریں، پسینہ بہت کم یا بالکل نہ آتا ہو۔

www.pdfbooksfree.pk

# عمومی علامات

بوڑھے آدمیوں کی تکلیفات۔
صفراوی یا ملیریا بخاروں کے لمبے یا مسلسل حملوں سے پیدا شدہ تکلیفات کے لئے بھی مفید ہے۔

یہ دوا آلات ہضم و جگر، ریشہ جات، و بلغمی جھلیوں پر اثر کرتی ہے۔

سر، آنکھ، ناک، درد سر، اندر دکھن، ہوا میں نکلنے سے زیادہ ہو، روزانہ صبح کو متلی اور درد سر ہو، آنکھ کے ڈھیلے میں دکھن (برائیونیا، سمی سی فیوگا) روشنی برداشت نہ ہو (ایکونائیٹ بیلاڈونا، مرکیوریس) زکام چھینکیں (ایکونائیٹ، سنگونیریا) ہڈیوں میں سخت درد۔

ٹھنڈے پانی کی پیاس (ایکونائیٹ، آرسینکم البم، برائیونیا) متلی اور غذا کی قے (اپیکاک) صفرا کی قے ہو (آرسینکم البم، ہاڈوفائلم) قے کے قبل پیاس ہو، ہر دفعہ پانی پینے کے بعد قے ہو (فاسفورس، سلیشیا)

گلا پڑا ہو (کاربوریج، ہیپر، فاسفورس) شام کو ہک ہک کرنے والی کھانسی، کھانسی کے ساتھ سینہ میں دکھن۔

گردن پیٹھ، ہاتھ، پیر، گردن اور گدی میں درد (جیلیڈوئیم) کمر میں چوٹ کا درد (آرنیکا) کل جسم میں ایسا شدید درد کہ گویا کوٹا پیٹا گیا ہے (آرنیکا) کلائی میں ایسا درد کہ گویا اکھڑ گئی ہے (برائیونیا، کلکیریا، رسٹاکس)

بخار، سردی کم لگے پھر بھی لرزہ بہت ہو، کمر اور اعضا میں دکھن (رسٹاکس) لرزے کے بعد قے، لرزہ کے بہت پہلے پیاس شروع ہو اور لرزہ اور

www.pdfbooksfree.pk

تپ میں برابر جاری رہے۔ کپکپی اور بدن کی دکھن زیادہ ہو، پسینہ ندارد۔
یہ دوا انفلوئنزا میں، لرزہ والے بخار میں انتہائی دکھن، نزلہ وغیرہ کی حالت میں بہت مفید ہے۔

لرزہ والا بخار جو کہ روزانہ ۷ بجے سے ۹ بجے تک آئے اور دوسرے روز دوپہر کو آئے، جسم میں درد اس قدر زیادہ ہو کہ کل جسم کوٹا پیٹا ہوا محسوس ہو جیسے ہڈی ہڈی ٹوٹی جاتی ہے، لرزہ کے اختتام پر اور بخار سے پہلے قے ہو، درد سر شدید ہو، پسینہ بہت کم آئے یا بالکل نہ آئے۔ انفلوئنزا یعنی نزلہ والا بخار جس میں کہ بدن میں سخت درد ہو، آنکھ کے ڈھیلے میں دکھن، سر میں تپکن، گدی میں درد، پیاس، متلی اور صفرا کی قے، ہچکی، زکام، چھینکیں، گلا پڑا ہوا، کھانسی اور سینہ میں دکھن، رات کو کھانسی زیادہ ہو، کمر، ہاتھ اور پیر الغرض کل جسم کے گوشت میں درد ہو۔

زیادتی :۔ نوبت تیسرے یا ساتویں دن بائیں جانب۔
کمی :۔ بات چیت سے، ہاتھوں اور گھٹنوں کے بل ہونے سے
طاقت : مدر ٹنکچر سے ۳۰ طاقت تک۔

www.pdfbooksfree.pk

# یوفریشیا
EUPHRASIA

## خصوصی علامات

۱۔ تیز سوزش پیدا کرنے والے آنسو، بہنے والے زکام کے ساتھ۔
۲۔ آنکھ سے ہر وقت پانی بہے۔
۳۔ جیفش درد بھرے جو صرف ایک گھنٹہ رہیں۔
۴۔ کھانسی کے دوران آنکھوں سے آنسوؤں کی زیادتی، کھانسی صرف دن کے وقت۔ (قیرم، نیٹرم میور)

## عام استعمال

آلات تنفس کی بلغمی جھلی اور آنکھ اور ناک کی رطوباتی جھلیوں سے رطوبت کثرت سے جاری ہو، نزلہ، زکام کی کیفیت ہو نیز آنکھوں کی مختلف تکالیف میں مستعمل و مفید ہے۔

## عمومی علامات

آنکھ میں جلن اور پانی بہنا، آنکھوں سے پانی نکلے جو جلد کو کاٹتا

www.pdfbooksfree.pk

ہو محسوس ہو، آنکھوں میں کھجلی اور جلن (مرکیوریس اور سلفر) نگاہ دھندلی ہو، ایسا معلوم ہو کہ آنکھ کے سامنے پردہ پڑا ہے (کاسٹیکم، مرکیوریس، پٹرولیم، پلساٹیلا، سلفر) ایسا معلوم ہو کہ آنکھ کے کناروں پر کیچڑ بھرا ہوا ہے۔ جس کی وجہ سے نگاہ دھندلی ہو جائے اور مجبوراً پلکوں کو دبانا پڑے۔ (کروکس، پلساٹیلا) ایسا معلوم ہو کہ آنکھ پر بال لٹکا ہوا ہے۔ جس کو ہٹانا چاہئے۔ روشنی کی طرف دیکھا نہ جا سکے۔

شدید زکام، گاڑھی رطوبت بکثرت ناک سے خارج ہو (آرسینکم البم مرکیوریس) اس کے ساتھ جلتے آنسو آنکھ سے بہیں۔ روشنی کی طرف دیکھا نہ جا سکے۔ شام اور رات کو تکلیف زیادہ ہو، زکام کے بغیر ہی بہت چھینکیں آئیں۔ (کیمومیلا)

نزلہ کی وجہ سے آواز بگڑی ہوئی (ایکونائیٹ، کاربوویج، ہیپر سلفر، فاسفورس) صبح کو اٹھنے پر کھانسی ہو اور کثرت سے بلغم نکلے سینے کے بیچ کی ہڈی کے نیچے درد۔

جاگنے میں اور کھلی ہوا میں جمائیاں آئیں۔ ہیرنگ صاحب کے آزمودہ علامات کے پڑھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ دوا آنکھ کے ہر قسم کے امراض میں خواہ جلد ہوں یا مزمن ہوں، مفید ہے۔ خاص علامات یہ ہیں۔

آنکھوں سے پانی بہتا ہو، آنکھوں میں چیچپا کیچڑ جمع ہو، آنسو اور جلن، زکام میں درد سر، آنکھوں سے پانی بہے، زکام اور نزلہ میں آرسینکم اور مرکیوریس سے مشابہ ہے۔ انفلوئنزا میں بہت کارآمد ہوتی ہے۔ ایلیم سیپا اور یوفریشیا کے زکام میں یہ فرق ہے۔ کہ

www.pdfbooksfree.pk

یوفریشیا میں آنکھ سے خراش پیدا کرنے والی رطوبت خارج ہوتی ہے۔
لیکن ناک محفوظ رہتی ہے۔ اس کے برعکس ایلیم سیپا میں ناک سے
خراش پیدا کرنے والی رطوبت خارج ہوتی ہے۔ اور آنکھ بچی
رہتی ہے۔

قبض، حیض درد کے ساتھ قلیل، صرف ایک گھنٹہ یا ایک دن
رہے۔ اس کے ساتھ آشوب چشم بھی ہو، کھانسی، کالی کھانسی
خسرہ کی بیماری کا ابتدائی درجہ جس میں آنکھ کی تکلیف ہو۔

زیادتی :۔ صبح کو شام کو، مکان کے اندر، گرمی سے، روشنی سے
کمی :۔ قہوہ سے، اندھیرے میں کھانا کھانے سے، مکان کے باہر
گھومنے سے، سو کر اٹھنے کے بعد۔

معاون :۔ ایکونائیٹ، کلکیریا، کونیم، نکس وامیکا، فاسفورس،
پلساٹیلا، رسٹاکس، سلیشیا۔

مصلح :۔ کیمفر، کاسٹیکم، پلساٹیلا۔

طاقت :۔ ۳ سے ۳۰ طاقت تک۔

## ادارے کی نئی طبی اور جدید کُتب

### آرٹ آف ہومیوپیتھی
**Art Of Homoeopathy**

### سیلیکٹ میٹریا میڈیکا (انگریزی)
ایلن، پی، کمپو، بوگر، بورک، کینٹ

### آکوپریشر سے علاج

### آکوپنکچر سے علاج
(چینی طریقہ علاج)

### عابد کینٹ گائیڈ


تقسیم کار
شیخ محمد بشیر اینڈ سنز
ناشران و تاجران کتب
اردو بازار لاہور۔
Ph # 042-7660736


www.pdfbooksfree.pk